قیمت فی شمارہ 50/- روپے

باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

ماہنامہ عبقری لاہور ®

197

اکتوبر 2022ء ربیع الاول 1444 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

12 ربیع الاول کی شفائیہ بہاریں تسبیح خانہ میں گزاریں

موئے مبارک کی زیارت اور موئے مبارک سے مس شدہ شفائیہ پانی لے جائیے!

تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر پڑھنا ہرگز نہ بھولیے!

شیخ الوظائف کی سکھر آمد

(روحانی محفل درس و ذکر الٰہی)

مورخہ 30 دسمبر 2022ء بروز جمعۃ المبارک

بعد نماز جمعہ 1:30 بجے

بمقام: لب مہران پارک سکھر

مزید تفصیلات صفحہ نمبر 61

شیخ الوظائف کی کراچی آمد

5 مارچ 2023ء

بروز اتوار صبح 10 بجے ہوگی

مزید تفصیلات صفحہ نمبر 64

پہلا سپارہ، گیارہ دن اور ہر مراد پوری! درویش کا بتایا کامیاب عمل

خواتین کی بے جان دکھتی کمر بالکل ٹھیک! ذائقہ دار ٹانک

انار کا رس آنکھوں میں ڈالیں، بینائی بحال! انوکھا فارمولہ

دو منٹ کا عمل اور رب کی مدد فوراً حاضر!

شکر، ٹوٹا چاول اور باجرہ سے کروڑپتی بننے کا فارمولہ پائیے

روٹی بھگو کر کھائیے، ہڈیوں سے بخار ختم، انوکھا مشاہدہ

70 منٹ میں حاجت پوری! آئیے! خوشیاں پالیں!

جَو کا دلیہ، شہد اور زیتون، پھر کمال دیکھیں قدرت کا

فقیر کی پُڑیا نے کمال کر دیا! نسخہ آپ بھی بنا سکتے ہیں!

دروازے پر یہ نام لکھ کر حفاظت، کفایت پائیے!

تِل اور گُڑ کے لڈو نے ڈھلتی جوانی کو سنبھال لیا

آزمودہ دم، لاجواب رزلٹ، آپ کو بھی اجازت

عبقری گروپ آف میڈیا ★ ماہنامہ عبقری ★ عبقری ویب چینل ★ کرائم پوسٹ نیوز

+92 332 755 2382, +92 321 434 3500

ubqari | ubqariofficial1 | ubqari

UbqariTasbeehKhana | www.ubqari.org

سالہاسال کی بواسیر!
خاندانی بواسیر!
عبقری
بواسیر کورس
لاعلاج خونی وبادی بواسیر کالاجواب علاج
دافع جراثیم، دافع سوزش
مقامی جلن، خارش اور درد کو دور کرے
عبقری
معجون مراد
مردوں کی بے پناہ طاقت کیلئے قیمتی
نایاب جڑی بوٹیوں مغزیات اور
جواہرات کا مرکب جس کی ایک ایک
خوراک طاقت کو بے مثال بنائے
Majoon Murad
عبقری
جوہر شفا مدینہ
معدہ و جگر کی ہر تکلیف سے نجات
دل کے امراض میں طاقتور دوا
کھانسی، بلغم ریشہ اور اکسیر
خونی و بادی بواسیر کیلئے لاجواب
IFA-E-MADINA
عبقری
بے بی ٹانک
بلغم
ٹانسلز
موشن
نمونیہ
تمام جملہ امراض
ریشے، چھینکیں، بچوں کے ہاضمے کیلئے لاجواب ٹانک
چھینکوں کا طوفان ختم نظر کی کمزوری کا علاج
عبقری
بنفشی قہوہ
• دائمی ریشہ • بلغم • کیرا • منہ میں چھالے
بنفشی قہوہ کے ساتھ شفائے حیرت کا استعمال سونے پر سہاگہ ہے!
بالوں کا قبل ازوقت سفید ہوجانا
شفائے حیرت سیرپ
گلے کی سوزش، ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے!
بدلتے موسم اور سموگ کی وجہ سے ہونے والے نزلہ زکام، گلے کی خراش سر درد اور بخار سے یقینی تحفظ! بس صبح وشام ایک کپ نوش فرمائیں۔
شفائے حیرت کے ساتھ بنفشی قہوہ کا استعمال ضرور کیجئے
بچوں، بوڑھوں، نوجوانوں اور خواتین کیلئے یکساں مفید
Shifa-E-Herat
0322-4688313

شمارہ نمبر 04 | جلد نمبر 17 | اکتوبر 2022ء ربیع الاول 1444 ہجری

قیمت فی شمارہ -/50 روپے | سالانہ ممبر شپ (ڈاک رجسٹرڈ) 1260 روپے بیرون ملک سالانہ 64US$

فہرست مضامین

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

ایڈیٹر کا مختصر تعارف: شیخ الوظائف اب تک مختلف موضوعات پر تقریباً 291 سے زائد کتب تالیف کر چکے ہیں۔ یہ کتب صوفی ازم، روحانیت ٗعملیات ٗوظائف ٗطب اور نفسیاتی مسائل جیسے موضوعات ومسائل پر مشتمل ہیں۔ آپ کو 1991ء میں سنچری ایوارڈ دیا گیا۔ آپ نے ''ہربل ہیلتھ'' کے عنوان پر تحقیقات کرکے امریکہ سے P.H.D کی ڈگری حاصل کی۔ شیخ الوظائف کو تصوف کے تمام سلاسل میں اب تک 25 بزرگانِ دین سے خلافت حاصل ہے۔ آپ نے روحانیت، تصوف (صوفی ازم) وامنِ عالم، باہمی رواداری کی ترویج وترقی کیلئے پاکستان کے مختلف شہروں میں درج ذیل روحانیت کے مراکز قام کیے ہیں جہاں سے دکھوں کے مارے لاکھوں لوگ فیض پا رہے ہیں:۔

تسبیح خانہ لاہور (قاری ہیوری)	گلشن آل عباس لاہور	درود محل سگیاں پل لاہور
قرآن محل جی ٹی روڈ لاہور	دارالتوبہ لاہور	ہجویری محل، لاہور شیخوپورہ روڈ
روحانی منزل بھوربن مری	عبقری حویلی احمد پور شرقیہ	گوشہ درود وسلام، کراچی

ستاروں کی گردش

کیا آپ کو ستاروں کی گردش نے تباہ کر دیا ہے۔۔؟

تو پریشان نہ ہوں!!!!

نیا سلسلہ! اسی شمارہ کے صفحہ نمبر 26 پر ملاحظہ فرمائیں!

شیخ الوظائف سے ملاقات کے ٹوکن کیلئے 0322-4688313

تجاویز وشکایات کے لیے 0343-8710009

گھر بیٹھے عبقری کتب وادویات منگوانے کیلئے 0332-4091206 0332-7552382

عبقری آفیشل واٹس ایپ گروپ جوائن کرنے کیلئے +92-332-7552382 +92-321-4343500

شیخ الوظائف کے اسسٹنٹ سے طبی وروحانی مشاورت کیلئے 042-37597605-37552384-37425801-3

اکابر پر اعتماد (عبقری وظائف کے مستند حوالہ جات جانیے) واٹس ایپ گروپ جوائن کریں
+92-332-7552382 +92-321-4343500

فون کے اوقات: پاکستانی وقت کے مطابق صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک

پریشان نہ ہوں! باری کا انتظار کیجئے!

الحمدللہ! لاکھوں قارئین پڑھتے اور پھر لکھتے ہیں ٗہم آپ کی تحریریں باری آنے پر ضرور شائع کریں گے۔ اگر کسی وجہ سے ڈاک ہم تک نہ پہنچی تو مجبوری ہے۔ تحریر پر اپنا موبائل یا فون نمبر ضرور لکھیں۔

نوٹ: شیخ الوظائف کی ڈاک کے ساتھ جوابی لفافہ لازماً لگائیں تاکہ جواب دیا جاسکے

ایڈیٹر آپ کا شکر گزار!

ایڈیٹر کی کتابیں ٗرسالہ آپ کی نظر سے گزرا حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے ٗبشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں ہم آپ کے بے حد شکر گزار ہوں گے ایڈیٹر کی کتابیں دراصل تالیفات ہیں جس کیلئے دوسری کتب ٗرسائل ٗجرائد سے استفادہ کیا گیا ہے ٗوضاحت کرنا لازم سمجھتے ہیں ٗمؤلف کا ان کے تمام نظریات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ بطور حوالہ مختلف لوگوں کی تحریریں اور نظریات شائع کیے گئے ہیں۔

خط وکتابت کا پتہ: ''عبقری'' عالمی مرکز روحانیت وامن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور عبقری اسٹریٹ کے آخر میں عبقری کا دفتر ہے۔ عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے

گوگل میپ پر لکھیں Ubqari Dawakhana

محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریتی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى حَبِيْبِكَ الْمُصْطَفٰى وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ۔

اگر کسی شدید قسم کی بیماری میں مبتلا مریض کے سرہانے اس درود پاک کو سو مرتبہ پڑھا جائے اور اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے واسطہ سے اللہ تعالیٰ سے اسکی بیماری کی صحت یابی کے لئے انتہائی عاجزی سے دعا کریں تو اللہ بحُرمت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دعا قبول فرمائیں گے۔ اگر کوئی اس درود پاک کا ورد ہر نماز کے بعد رکھے گا وہ ذلت سے نکل کر عظمت میں آجائے گا۔ اگر کسی حاکم یا کسی افسر کے پاس جائے گا تو وہ عزت کرے گا۔ اس کے علاوہ کوئی پریشانی' مشکلات' امتحانات' رزق کی تنگی' قرض حتیٰ کہ کوئی مسئلہ ہے' اس مسئلہ کا سخت تصور کرتے ہوئے اس درود پاک کو پڑھا جائے تو رب کریم ضرور کرم فرماتے ہیں۔

جہنم سے بچنا ہے تو لوگوں پر سختی نہیں رحم کیجئے

1۔ اے اللہ کے بندو! آپس میں قطع تعلق نہ کرو' بغض نہ رکھو' ایک دوسرے پر حسد نہ کرو اور بھائی بھائی ہو کر رہو جیسا کی اللہ تعالیٰ نے تم کو حکم دیا ہے۔ 2۔ جو شخص جہنم کے سایہ سے بچنا اور اللہ تعالیٰ کے سایہ میں آنا چاہے اس کو چاہیے کہ مسلمانوں پر سختی نہ کرے بلکہ ان پر رحم کرے۔ 3۔ اس دن پر آنسو بہا جو تیری زندگی سے کم ہو گیا اور تو نے اس دن کوئی نیکی نہ کی۔ 4۔ بد بخت ہے وہ شخص جو مر جائے مگر اس کا گناہ نہ مرے (یعنی وہ کوئی ایسا برا کام کر جائے جو اس کے مرنے کے بعد بھی جاری رہے)۔ (اقوال: امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

جس نے جھکنا سیکھ لیا وہی علم والا ہے!

1۔ اپنے اعمال کو تولتے رہو اس سے پہلے کہ تمہارے اعمال تولے جائیں۔ 2۔ اپنے آپ کو (اللہ کے سامنے) بڑی پیشی کے لیے تیار کر لو جس دن تمہاری کوئی برائی پوشیدہ نہ رہے گی۔ 3۔ اپنا محاسبہ کرتے رہو اس سے پہلے کہ تمہارا محاسبہ کیا جائے۔ 4۔ ہر چیز کا ایک حسن ہوتا ہے اور نیکی کا حسن یہ ہے کہ جلدی کی جائے۔ 5۔ فتح امید سے نہیں بلکہ علم اور خدا پر بھروسہ سے حاصل ہوتی ہے۔ 6۔ جس نے رب کے لیے جھکنا سیکھ لیا وہی علم والا ہے کیوں کہ علم کی پہچان عاجزی ہے اور جاہل کی پہچان تکبر ہے۔ (اقوال: امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

ایڈیٹر کے قلم سے جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

حالِ دل

سیانے کے بول موتی تول

پڑھنے سے پہلے یادداشت اور حوصلہ سنبھال کر بیٹھیں!

میرے ایک قریبی رشتہ دار کو میں نے ان کو آخری عمر اور بڑھاپے میں دیکھا' وہ چادر دھوتی باندھتے تھے وہ جب بھی چادر دھوتی باندھتے تھے اپنی چادر کے کونے میں اوپر کے حصہ میں گرہ دیتے تھے ایک اس کونے میں ایک دوسرے کونے میں۔ ایک دفعہ اپنا راز بتانے لگے کہ ایک پرانا ہندو تھا بوڑھا' تجربہ کار' اس نے مجھے کہا تھا کہ تمہیں کچھ تجربات' کچھ نصیحتیں اور کچھ باتیں بتاتا ہوں زندگی میں کبھی نہ بھولنا ہمیشہ یاد رکھنا۔ 1۔ دھوتی کو گرہ۔ 2۔ ایک پیسہ۔ 3۔ چھوٹی چارپائی۔ 4۔ بغیر منڈیر کے چھت۔

دھوتی کو گرہ دینے کی اصل وجہ

1۔ دھوتی کو گرہ: کہنے لگے میں اپنی دھوتی باندھتے ہوئے ادھر بھی گرہ دیتا ہوں ادھر بھی گرہ دیتا ہوں پھر دھوتی باندھتا ہوں اس کی وجہ مجھے ہندو نے کہا تھا کبھی اپنی بیوی کو اپنی پوری آمدنی نہ بتانا' اس کا خرچ بڑھ جائے گا مطالبات بڑھ جائیں گے' یہ چیز یاد کیسے رہے جب بھی دھوتی باندھا کر دونوں طرف گرہ دے دیا کر' کہنے لگے: میں نے اس کو آزمایا ہمیشہ کمال ہی کمال پایا۔

امیر بننے کا نسخہ ایک بوڑھے ہندو سے ملا

2۔ ایک پیسہ: کہنے لگے تمہاری آمدن جتنی کم سے کم ہو' لیکن اپنی آمدنی میں سے ایک پیسہ آدھا پیسہ ایک آنہ ضرور بچا بچا کر رکھنا۔ اس بچے ہوئے پیسے سے تمہیں بہت زندگی کے نفع ملیں گے' کوئی جائیداد' کوئی مکان' کوئی فصل' کوئی زمین یا کوئی سواری خرید لینا۔ یہ تمہیں بہت فائدہ دے گا اور یہ تمہیں بہت نفع دے گا اور کہا ہمیشہ میں نے اس کا فائدہ اور نفع پایا۔

چھوٹی چارپائی پر سونے والا پاگل

3۔ چھوٹی چارپائی: کہنے لگا: اس ہندو نے مجھے ایک اور نصیحت کی کبھی ایسی چارپائی پر نہ سونا جس پر تمہارے پاؤں لٹکے ہوئے ہوں۔ اگر پاؤں لٹکے ہوئے ہوں گے تو تم پانچ بیماریوں میں مبتلا ہو جاؤ گے۔ 1۔ پاگل، ذہنی' نفسیاتی امراض' ڈیپریشن' ٹینشن میں مبتلا ہو جاؤ گے۔ 2۔ سر درد پرانا کبھی جان نہیں چھوڑے گا۔ 3۔ یادداشت ختم ہو جائے گی۔ 4۔ آنکھوں سے اندھے' نابینا اور نظر کمزور ہو جائے گی۔ 5۔ جوڑ' کمر' ٹانگیں ختم ہو کر معذور ہو جاؤ گے۔

4۔ بغیر منڈیر کے چھت: اگلی نصیحت جو اس ہندو نے کی' کبھی ایسی چھت پر نہ سونا جس کے آگے دیوار منڈیر نہ ہو' آڑ نہ ہو' رات کو کبھی تم اٹھو یا تمہاری اولاد اور وہ اچانک نیچے گرے' نیند کی غنودگی میں یا بعض اوقات بعض لوگوں کو رات کو نیند میں چلنے کی عادت بھی ہوتی ہے۔ وہ رات کو اگر چلے اور اچانک اٹھے اور نیند کی غنودگی میں چھت سے نیچے گر جائے۔ وہ پرانے بزرگ مجھے کہنے لگے زندگی کی یہ نصیحتیں یہ باتیں آج تک میں نے کبھی بھولنے کی کوشش نہیں کی' نہ میں بھول سکا اور شاید میں کبھی نہ بھولوں گا اور مجھے ہمیشہ نفع اور فائدہ ہوا ہے۔

آئیں! ہم بڑوں کی قدر سیکھیں

قارئین! چھوٹی چھوٹی چیزیں اور چھوٹے چھوٹے موتی یہ ایسے ہوتے ہیں کہ جو ہماری زندگی میں نفع مند ثابت ہوتے ہیں اور ہماری زندگی میں فائدہ ہی فائدہ ہوتا ہے۔ بڑوں کے تجربات مسلسل زندگیاں کھپانے کے بعد اور نقصان کرنے کے بعد ایسے حاصل ہوتے ہیں کہ انسان گمان نہیں کر سکتا۔ آئیں ہم بڑوں کی قدر سیکھیں' بڑوں کے پاس بیٹھنا اپنی زندگی کا سرمایہ بنائیں اور بڑوں کو عزت دیں اور بڑوں کی بات کو قدر وقار اور شان و شوکت دیں۔ بڑوں سے بہت نفع ملتا ہے اور بڑوں سے بہت فائدہ ملتا ہے۔ بڑوں کے قدموں میں برکت بھی ہے اور تجربات بھی۔

آقا دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت ہوئی تو کائنات کے اندھیرے چھٹ گئے، اس مبارک محفل میں آنے سے آپ کی زندگی سے اندھیرے چھٹ جائیں گے۔ (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

کالے جادوگر کی نسلیں کیسے برباد ہوتی ہیں؟ حیران کن انکشافات (حصہ ہشتم)

بغداد کی بابرکت سرزمین پر شیخ الوظائف نے ساڑھ ستی کے راز کھول دیئے!

کالا جادو‘ بندش‘ سفلی عمل جب اپنی انتہا پر پہنچ جاتا ہے وہ ساڑھ ستی کہلاتا ہے اور یہ بعض اوقات نسل در نسل بندش کی شکل میں چلتا ہے اور زندگی کا ہر نظام تنگ‘ مشکلات‘ مسائل‘ ناکامیاں پریشانیاں مقدر بن جاتی ہیں۔ آئیے! خود اور اپنی نسلوں کو ساڑھ ستی سے بچانے کے لیے شیخ الوظائف سے یہ راز جانیے‘ سمجھیے‘ ان پر عمل کیجئے اور پرسکون زندگی گزاریئے!

منہ مانگی رقم دی مگر کچھ نہ ہوا

(گزشتہ سے پیوستہ) ادھر چھوٹا بھائی پڑھائی تیز کرتا‘ ادھر وہ ہنومان اور زیادہ تکالیف دینا شروع کر دیتا اور وہ ایسی ایسی خباثتیں اور بدتمیزیاں کرتا کہ میں الفاظ میں بیان نہیں کرسکتا۔ چھوٹا بھائی آکر مجھے بتاتا تھا کہ بڑا بھائی آکر میرے پاس چیختا ہے‘ پھر مائی حنیفاں کے پاس بھاگتا‘ مائی کہتی میرے بس کا کام نہیں ہے۔ اس دوران مجھے پتا چلا کہ اس کا بڑا بھائی اور کئی عاملوں پیروں کے پاس گیا‘ انہوں نے وعدے کیے۔ عامل کہتے وہ کون ہوتا ہے؟ ہم تجھے کر کے دکھاتے ہیں‘ اتنی رقم لیں گے۔ اس نے کہا میں دوں گا‘ منہ مانگی رقم دینے کے باوجود کچھ بھی نہ ہوا۔

بدمعاش کی بدمعاشی نکل گئی!

پھر ایک دن اس کا بڑا بھائی میرے پاس بے بس ہوکر آیا اور میری منتیں کرتا رہا‘ وہ اپنی ساری محنتیں کر چکا تھا، میرا مطالبہ وہی تھا کہ اپنے چھوٹے بھائی کو اس کا حق دو اور سالہا سال جو تو نے اس کی زندگی اذیت بنائے رکھی اس کا ازالہ کرو۔ پھر آخر میرے پاس اپنی برادری کا ایک بڑا لایا اور مجھ سے کہنے لگا: آپ اس سے بات کریں وہ بڑا کہنے لگا اس کے چھوٹے چھوٹے بچے ہیں‘ برباد ہوگیا ہے۔ واقعی اس نے اپنے بھائی کے ساتھ ظلم اور زیادتی کی ہے لیکن آپ اسے معاف کردیں اور ہنومان کو واپس کردیں۔ میں نے کہا بالکل ٹھیک ہے، اور جائیداد کا فیصلہ؟ کہا میں ذمہ دار ہوں، میں نے کہا تیری ذمہ داری کیا ہے؟ تو کیا ذمہ داری دے گا۔ کہنے لگا: آپ واپس کر لیں‘ میں جائیداد اس کو دلوا دوں گا میں نے کہا ٹھیک ہے۔ ایک دوسرے کی عدالت میں جا کے اس کو رجسٹری کروا دیں‘ ایک ایک حصہ جو کھا چکا ہے اس کا حق دے دے جو بیچ چکا ہے اس کا حق دے دے پھر ہنومان واپس ہوگا۔ اس کے ساتھ جو خاندان کا بڑا آیا تھا وہ بدمعاش تھا‘ مجھ سے کہنے لگا: آپ کا میرا تعارف نہیں ہے‘ میں نے کہا بڑی اچھی طرح تعارف ہے۔ خیال کر ہنومان تیرے گھر میں آجائے گا اور یہ تیرے ساتھ کیا کرے گا؟ جس کے ساتھ آیا ہے اس سے پوچھ! میں نے جلال میں کہا جا آج یہ تیرے گھر آجائے گا۔ کہنے لگا نہ پیر صاحب آپ میری بات کو سمجھے نہیں میرا کہنے کا مطلب یہ نہیں تھا۔ میں نے کہا جا تیرے گھر رات پھیرا لگائے گا۔ ایک دفعہ پھیرا لگائے تو تجھے پتا چلے۔ اچھا قدرت کا نظام میں کون ہوتا ہوں، اس رات ہنومان اس کے گھر چلا گیا اور وہ خباثت اور بدتمیزی جو کچھ وہ کرتا تھا وہ اس کے گھر جا کر اس نے شروع کر دیا اب اس کی چیخیں تھیں۔

حق والے کو حق ملے

اب صبح بڑے بھائی کا سارا خاندان اور اس وڈیرے کا سارا خاندان اور جو ان کے خاندان کا بھی بڑا تھا اور بڑا بدمعاش تھا۔ مجھے آکر انہوں نے بتایا کہ جی وہ تو بندوں کو مارنا اس کے لیے کوئی مسئلہ نہیں ہے وہ کہتا ہے عدالت تھانہ کچھ نہیں ہے۔ میرا ایک مطالبہ تھا کہ حق والوں کو حق ملے۔ آخرکار وہ راضی ہوا‘ میں نے اس کو کہہ کہ کاغذ پر بیٹھ کر لکھو‘ ترتیب بناؤ‘ تقسیم بناؤ‘ اس کا کیا حق بنتا ہے۔ مزید بڑے بھائی نے جو کچھ بیچا ہے وہ بھی چھوٹے بھائی کو کیسے ملے گا؟ اور یوں بالآخر چھوٹے بھائی کو اس کا حق مل گیا۔ مزید بڑے بھائی نے یہ بھی وعدہ کیا تھا کہ میں اپنی بیٹی کا رشتہ اپنے چھوٹے بھائی کے بیٹے کو دوں گا‘ مگر میں نے یہ رشتہ خود نہیں ہونے دیا۔ اس کی ایک وجہ ہے، کینہ اتنا بڑھ گیا تھا‘ نفرتیں اتنی بڑھ گئیں تھیں کہ خدانخواستہ خطرہ تھا کہ یہ نفرتیں نسلوں تک نہ چلی جائیں۔ مجھے اگلے نظام کا بھی خطرہ تھا کہ ان کی طلاق ہوجانا تھیں‘ مزید دشمنی پیدا ہونا تھی۔

میرا ٹارگٹ جادوگرنی حنیفاں تھی

میں نے گزشتہ بار بھی عرض کیا تھا کہ میرا ٹارگٹ وہ جادوگرنی مائی حنیفاں تھی‘ سچ پوچھیں میں اندر ہی اندر کھول رہا تھا مائی حنیفاں تک میرا ہاتھ پہنچے‘ مائی حنیفاں کے بارے میں تھا کہ وہ بوڑھی ہے‘ کالا منتر کرتی ہے‘ اس کا تایا کالا علم جانتا تھا‘ اس نے تایا کی خدمت کی تھی‘ تایا جاتے جاتے اسے کچھ چیزیں دے کر گیا تھا اور اس میں کوئی چیز الو تنتر کی تھی کہ الو بولتا ہے اور ہر وقت کالی چیزیں اس کے پاس ہوتی ہیں۔

کالے جادوگر کی اولاد کیوں مرجاتی ہے؟

کالی چیزوں کی بات آئی تو لاہور میں جہاں تسبیح خانہ ہے وہاں اس کے ساتھ الیکٹرانکس کی بڑی مارکیٹ ہے۔ وہاں کے ایک صاحب میرے پاس آئے‘ بالکل کالے سیاہ ہو چکے تھے اور مجھ سے کہنے لگے میرا جو بچہ بھی پیدا ہوتا ہے وہ کالا ہو جاتا ہے اور کالا ہو کر مر جاتا ہے۔ میں بے موسمی پھل کھلاتا ہوں‘ بے موسمی چیزیں کھلاتا ہوں‘ کالا جادو میرے پاس ہے۔ بیوی ساتھ تھی اور مجھے کہنے لگی کہ مجھے اولاد چاہیے میرے شوہر آپ کے ہاتھ پر توبہ کرنے آئے ہیں اور اللہ نے اس کو توبہ کی توفیق دی اور اس نے توبہ کی۔ میں نے اس سے پوچھا کہ مجھے کچھ بتاؤ۔ (جاری ہے)

شب جمعہ محفل کی برکت سے دکان مل گئی

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے معاشی حالات شادی سے پہلے ہی خراب تھے۔ والد صاحب کے انتقال کے بعد میرے بھائیوں نے میری شادی کروادی۔ شادی کے بعد میرے حالات مزید خراب ہونا شروع ہوگئے۔ میرے ان کمزور معاشی حالات کی وجہ سے رشتہ دار بیوی کو بھی طعنے دیتے تھے۔ میں نے فیصلہ کیا کہ لاہور شفٹ ہوجاؤں۔ میرا سسرال بھی لاہور میں تھا۔ میں اپنی بیوی کو لے کر لاہور شفٹ ہوگیا۔ میرے سسرال والے ہر جمعرات تسبیح خانہ میں ہونے والی محفل میں شامل ہوتے تھے‘ انہوں نے مجھے بھی ترغیب دی‘ میں بھی اپنی اہلیہ کے ساتھ جانا شروع ہوگیا‘ ان دنوں سورۂ اخلاص کی گیارہ جمعراتوں کا عمل جاری تھا‘ میں نے (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

کنگھی کرنا سنت عمل ہے، اس عمل کے دوران اگر کچھ مبارک لفظ پڑھ لئے جائیں تو اس کی انوکھی تاثیر آپ کے جسم سے بیماریوں الجھنوں کو جڑ سے نکال باہر کرے گی (مزید صفحہ نمبر 65)

نام حضرت عمرؓ کے فوائد و کمالات صدیوں سے آزمودہ، آج بھی اتنے ہی مؤثر، صرف چند واقعات ملاحظہ فرمائیں!

بڑے بڑے اولیاء اللہ کا آزمودہ عمل

حضرت شاہ ولی اللہؒ کا ایک خاص عمل جو انہیں روح کی دنیا سے حاصل ہوا پھر انہوں نے اپنے مریدین اور شاگردوں کو دیا کہ کبھی کسی مشکل پریشانی میں پھنس جاؤ' چاہے مصیبت کے پہاڑ ہوں حضرت عمرؓ کی روح مبارک کو سورۃ اخلاص پڑھ کر ہدیہ کر دیا جائے تو اللہ کی ایسی رحمت متوجہ ہوتی ہے کہ سارے مصائب' مشکلات ٹل جاتی ہیں' جب بھی کوئی ظلم کرے یا کام اٹکا ہو اور کام نہ بن رہا ہو' جتنا بھی بڑا کام ہو' جیسی بھی مشکل ہو اس عمل کے سامنے کوئی حیثیت نہیں ہے، روحانی دنیا میں ابدال، قطب اور قطب الاقطاب سب اس عمل کی بہت قدر کرتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ، کی خاص توجہات اور ان کی شان و شوکت عظمت جیسے ان کی حیات طیبہ میں تھی ایسے ہی ان کی برکات اور ان کے نام کی برکات قیامت تک جاری رہیں گی۔ بڑے سے بڑا ظلم، فتنہ، ضد اور خباثتوں کو لمحوں میں توڑ کر رکھ دیتا ہے' ریزہ ریزہ کر دیتا ہے۔ میں کچھ ساتھیوں کے ساتھ وہاں موجود تھا جب یہ باتیں مجھے ایک درویش نے بتائی تو ہم نے اس عمل کو بہت جگہوں پر آزمایا اور سو فیصد مجرب پایا۔ (حافظ عبدالرحمٰن سہروردی)

نقش کی برکت سے سخت ترین پریشانی ٹل گئی

میرے ایک پرانے دوست کی مجھے کافی عرصے بعد اچانک کال آئی' میں دیکھ کر چونک گیا' میں نے حیرانگی سے پوچھا خیریت تو ہے اتنا عرصہ غائب رہے۔ وہ کہنے لگے کہ باقی باتیں بعد کی ہیں' ابھی فی الحال میرے اوپر بہت سخت پریشانی آگئی ہے، میں بتا نہیں سکتا آپ میرے لئے خصوصی دعا کریں کہ میری یہ پریشانی ختم ہو جائے۔ میں نے کہا میں دعا بھی کروں گا لیکن آپ ایک کام کریں وہ یہ کہ عبقری کے پچھلے ماہ کے رسالے میں حضرت عمرؓ کے نام مبارک کا نقش ہے' جو کہ صدیوں سے بڑی بڑی ہستیوں کا بہت آزمودہ ہے، آپ فوراً وہ رسالہ خرید کر اس نقش کو اپنی مشکل' پریشانی کے حل کے لئے لکھی گئی ترتیب سے پُر کریں۔ میں نے مزید اس نقش کے فضائل جو تسبیح خانہ میں سنے تھے وہ انہیں بتائے تو انہیں تسلی ہوئی۔ چند دن بعد انہوں نے فون کیا بہت پُرجوش انداز میں بتانے لگے کہ بھائی اللہ نے میری پریشانی کو ایسے ختم کر دیا جیسے مکھن میں سے بال نکلتا ہے۔ میرے اوپر بہت سخت وقت تھا لیکن آپ کی دعا اور اس نقش کی برکت سے میری پریشانی ختم ہوگئی۔ (شہباز احمد، چکوال)

نام عمر دل پر لکھنے کی کرامت

میں نے بارہا آزمایا ہے کہ اپنے دل پر نام عمر لکھنے سے وسوسے آنا ختم ہو جاتے ہیں' نیند کی حالت میں ناپاکی سے بچنے کے لئے میں نے اپنے پیٹ پر انگلی سے عمر اس طرح لکھا کہ عمر کی ''م'' ناف پر آئے۔ الحمدللہ اس کی برکت سے نیند میں کبھی ناپاکی نہیں ہوتی۔ (حسن جبار، فیصل آباد)

لفظ عمر کی تکرار کی اور لڑائی ختم ہوگئی

یہ بات حقیقت ہے کہ تسبیح خانہ سے جڑا ہر فرد انسانیت کے لئے نفع مند ثابت ہوتا ہے۔ پانچ سال سے میرا تعلق بھی تسبیح خانہ سے ہے' میں نے تسبیح خانہ میں شیخ الوظائف کی محفل میں سنا تھا کہ جہاں کہیں کوئی لڑائی جھگڑا ہو رہا ہو' اس جگہ نام عمرؓ کی بار بار تکرار کرنے کی برکت سے لڑائی جھگڑا ایسے ختم ہوتا ہے' جیسے آگ پر پانی ڈال دیا جائے۔ ایک بار میں اپنے دوست کے ساتھ ایک ہوٹل پر بیٹھا تھا کہ نزدیک سے شور کی آواز آئی۔ دیکھنے پر معلوم ہوا کہ کچھ لڑکوں میں جھڑپ ہوگئی ہے۔ میں نے فوراً درود شریف پڑھ کر عمر عمر پڑھنا شروع کر دیا۔ میں نے اس نام کی وجاہت کو محسوس کیا' لڑائی اور جھگڑے کی جلالی کیفیت کے سامنے میں نے بھی وجد میں حضرت عمرؓ کا نام پڑھا تو چند منٹوں میں ہی سارا معاملہ ٹھنڈا پڑ گیا اور لڑائی ختم ہوگئی۔ (محمد عقیل، لاہور)

یورپ کی فضا میں نامِ عمرؓ کا نور اور کمالات

میرا تعلق پاکستان سے ہے' میں تقریباً ایک ماہ پہلے اٹلی آیا' یہاں کا ماحول بالکل مختلف تھا' ایمان کی حفاظت کرنا بھی مشکل تھا لیکن ہماری ایسی تربیت ہوئی تھی کہ مجھے اپنے ایمان کی فکر تھی۔ میں نے یوٹیوب پر ایک محفل میں شیخ الوظائف سے سنا کہ دل پر لفظ ''عمر'' لکھنے سے وساوس نہیں آتے' شیطانی حملے نہیں ہوتے اور دل میں ایمان مضبوط ہوتا ہے۔ میں نے اپنے دل پر لفظ عمر لکھنا شروع کر دیا' مجھے جب بھی یاد آتا میں یہ عمل کر لیتا' حیرت انگیز طور پر میرے دل کی کیفیات ہی بدل گئیں اور میرا ایمان اتنا مضبوط ہو گیا کہ میری توجہ غلط چیزوں کی طرف نہیں جاتی۔ (عثمان شبیر، سیالکوٹ)

نقش پُر کیا اور آمدن دوگنا ہوگئی

موجودہ حالات میں مہنگائی اور آمدن کم ہونے کی وجہ سے بہت زیادہ پریشانی کا سامنا تھا۔ اخراجات اٹھانا مشکل ہو رہا تھا۔ میں ہر ماہ عبقری رسالہ ضرور خرید کر پڑھتا ہوں اس میں بہت نفع مند چیزیں ملتی ہیں۔ جولائی کے رسالے میں حضرت عمرؓ کا ستر حاجات کا نقش چھپا' میں نے وہ نقش پُر کیا' اضطراب کی کیفیت تھی کی اللہ کوئی راستہ بنا دے کہ میری تنخواہ بڑھ جائے۔ اللہ کی کرنی ایسی ہوئی کہ ہماری کمپنی کو ایک اور پراجیکٹ مل گیا' مجھے پرانا اور تجربہ کار ہونے کی بنیاد پر اس پراجیکٹ کا ذمہ دار بنایا گیا اور میری تنخواہ دوگنا ہوگئی۔ یہ نقش حضرت عمر کی کرامت ہے۔ (آصف مجید، لاہور)

70 حاجات کا تعویذ جولائی 2022 کے رسالہ میں شائع ہوا۔ لاکھوں لوگوں نے اس تعویذ میں اپنی حاجات لکھیں اور مرادیں پائیں۔ اگر آپ نے ابھی تک یہ تعویذ کا عمل نہیں کیا تو آج ہی قریبی بک سٹال یا عبقری ایجنسی ہولڈر سے جولائی کا رسالہ طلب فرمائیں اور تعویذ میں اپنی حاجات لکھیں۔

11 خالی خانوں کا خاص عمل: یکم محرم صبح دس بجے عبقری سوشل میڈیا پر لائیو پروگرام میں شیخ الوظائف نے اس تعویذ کا خاص عمل عطا فرمایا۔ اس تعویذ میں کل 70 خانے ہیں، 11 خانے ایسے ہیں جن کے سامنے کوئی حاجت نہیں لکھی گئی وہ خالی ہیں۔ ہر ماہ چاند کی پہلی تاریخ کو دن میں کسی بھی وقت ایک خانے میں اپنی وہ تین حاجات لکھیں جو ناممکن ہوں۔ جیسے خانہ نمبر 1 میں یکم صفر کو اپنی حاجتیں لکھیں۔ خانہ نمبر 2 میں ربیع الاول کو۔ خانہ نمبر 3 میں ربیع الثانی کو۔ خانہ 9 میں جمادی الاول کو۔ خانہ 10 میں جمادی الثانی کو۔ خانہ 16 میں رجب کو۔ خانہ 17 میں شعبان کو۔ خانہ 22 میں رمضان کو۔ خانہ 38 میں شوال کو۔ خانہ 46 میں ذی القعد کو۔ خانہ 51 میں ذی الحج کو۔ نوٹ: اگر آپ تک یہ تعویذ تاخیر سے پہنچا ہے اور خانہ پُر کرنے کا وقت گزر چکا ہے تو پریشان نہ ہوں۔ شیخ الوظائف کی طرف سے خصوصی اجازت ہے۔ پورا سال جب چاہیں تعویذ پُر کر سکتے ہیں۔ جتنے چاہیں اتنے تعویذ لے کر پُر کر سکتے ہیں۔ جتنے زیادہ تعویذ پُر کریں گے اتنی جلد مرادیں ملیں گی۔ 70 حاجات کے تعویذ سے جو فوائد حاصل ہوں، ہمیں لکھ کر ضرور بھیجیں صدقہ جاریہ ہے۔

 (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

کام کاج اور مشقت سے پرہیز حاملہ خواتین کو لے بیٹھا

(ڈاکٹر کائنات گائنا کالوجسٹ، کراچی)

گو کہ حمل ایک قطعی نارمل اور قدرتی عمل ہے، پھر بھی یہ ماں پر بہت زیادہ اثر انداز ہوتا ہے، اپنے اندر ایک نئی زندگی کو پروان چڑھانے کے لیے ماں کے جسم کے نظام کا ہر حصہ نارمل سے پچاس فیصد زیادہ کام کرتا ہے۔ بہت سی خواتین کے لیے یہ ایک محبت بھری تھکا دینے والی مشقت ہوتی ہے۔ بدقسمتی سے عمر کے ساتھ ساتھ ہمارے جسم کے مختلف نظام بھی کمزور ہوتے جاتے ہیں' اس لیے دوران حمل جسمانی دباؤ بہ نسبت کم عمر ماں کے بڑی عمر کی ماں کے لیے زیادہ ہوتا ہے۔ گو کہ عمر کے ساتھ ساتھ عقل وشعور اور سمجھ بوجھ بڑھ جاتی ہے مگر اس کے ساتھ ساتھ جسمانی عارضے ہونے کے خطرات بھی بڑھ جاتے ہیں جو کہ حمل کی راہ میں رکاوٹ بنتے ہیں۔ مثلاً ذیابیطس، ہائی بلڈ پریشر اور موٹاپا وغیرہ۔ لہٰذا 35 سال یا اس سے زیادہ عمر کی ماؤں میں استقاط حمل، قبل از وقت ولادت بچے کی پیدائش کے درد کا زیادہ دیر تک ہوتے رہنے کے خطرات زیادہ ہوتے ہیں اور عام طور پر آپریشن کے ذریعے ہی بچے کی پیدائش ہوتی ہے۔ درحقیقت ہر چار میں سے ایک 35 سال یا اس سے زیادہ عمر کی ماں کو آپریشن کے عمل سے گزرنا پڑتا ہے جبکہ 35 سال سے کم عمر ماؤں میں یہ مسئلہ کم ہوتا ہے۔

موٹاپا! حاملہ خواتین کے لئے خطرناک

اگر آپ کا وزن آپ کے معیاری جسمانی وزن سے 20 فیصد زیادہ ہے تو آپ موٹاپے کا شکار ہیں۔ اگر آپ واقعی بہت زیادہ موٹی ہیں تو بہتر یہی ہے کہ حمل کیلئے ذہنی طور پر تیار ہونے سے قبل اپنے جسمانی وزن کو بھی عمر اور قد کی مناسبت سے متوازن معیار پر لے آیا جائے۔ اب سوال یہ ہوتا ہے کہ آپ یہ کیسے جان سکیں گی کہ وزن متوازن ہے یا نہیں؟ عام طور پر غذائی ماہرین متوازن معیاری وزن کے لیے (BMI) mass index body کا فارمولا استعمال کرتے ہیں۔ یعنی اگر آپ کا (BMI) بیس اور پچیس کی درمیان ہے تو آپ کا وزن نارمل ہے۔ اگر یہ پچیس سے تیس کے درمیان ہے تو آپ کا وزن نارمل سے زیادہ ہے۔ یعنی آپ قدرے فربہ ہیں مگر موٹی نہیں کہلائیں گی لیکن اگر 30 سے زیادہ ہے تو پھر آپ کا شمار موٹوں لوگوں میں ہوتا ہے۔ موٹاپا حمل کو مشکلات میں گھیر لیتا ہے۔ سب سے پہلے اس کی وجہ سے ماں کو دو خطرناک مسئلوں یعنی ذیابیطس اور ہائی بلڈ پریشر کا خطرہ ہوتا ہے جو کہ ماں کی صحت کو بہت زیادہ متاثر کرنے کے ساتھ ساتھ بچے پر بھی برے اثرات مرتب کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ موٹے لوگوں کا بلڈ پریشر عام طور پر زیادہ رہتا ہے۔ چنانچہ اگر حاملہ ماں موٹاپے کا شکار ہے تو یہ اندازہ لگانا مشکل ہوجاتا ہے کہ آیا یہ بلڈ پریشر حمل کی وجہ سے زیادہ ہے یا ماں کا اپنا بلڈ پریشر رہتا ہی زیادہ ہے۔ اگر خدانخواستہ حمل کی وجہ سے بلڈ پریشر زیادہ ہو تو اس کا بچے کی تشکیل پر بہت برا اثر پڑتا ہے۔ بچے کی زندگی کو خطرہ لاحق ہوجاتا ہے اور جب تک اس بات کا پتہ چلتا ہے اس وقت تک بچہ شدید دباؤ میں آچکا ہوتا ہے۔ موٹاپے کی وجہ سے دوران حمل جسم پر سوجن کا پتہ چلانا بھی مشکل ہوجاتا ہے۔ سوجن جسے طب کی زبان میں Swelling یا Oedeima کہا جاتا ہے، حمل کی ایک مہلک بیماری Preeclampsi کی ایک اہم علامت ہے جس کا اگر بروقت پتا نہ چل سکے تو ماں اور بچے دونوں کی جانوں کو خطرہ لاحق ہوتا ہے۔

بیڈریسٹ کے غلط اثرات

موٹاپے کی وجہ سے جسمانی معائنہ کرکے بچے کی جسمانی حالت کو جانچنا مثلاً بچے کی دل کی دھڑکن، بچے کا سائز اور پیٹ میں اس کی پوزیشن کا اندازہ کرنا تقریباً ناممکن ہوجاتا ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ خواتین کو اپنی غذا اور روزمرہ کے ایسے کاموں میں خود کو مشغول رکھے جس سے اس کو موٹاپا نہ ہو اور اگر پہلے سے اس کا شکار ہیں تو خواتین کو چاہیے کہ گھر کے کام کاج میں خود کو زیادہ سے زیادہ مصروف رکھیں اور ایسی غذاؤں کا استعمال کریں جس سے صحت میں تندرستی ہو مگر جسم میں چربی کا باعث نہ بنے۔ خواتین جتنا زیادہ کام کریں گی' بھاگ دوڑ کریں گی' اتنا ہی زیادہ ان کا حمل محفوظ رہے گا۔ آج کل جو ایک غلط روایت چل چکی ہے جسے حاملہ کے لئے بیڈ ریسٹ کہتے ہیں' یہ رواج خواتین کے لئے بہت خطرناک ہے۔ جس کی وجہ سے اکثر ڈلیوری کے لئے آپریشن ہوتے ہیں۔ اس بیڈریسٹ کی وجہ حاملہ خواتین کی چربی بڑھ جاتی ہے' وین کا منہ بند ہوجاتا ہے اور بہت سے مسائل ہائی بلڈ پریشر' کولیسٹرول اور ایسے کئی مسائل جنم لیتے ہیں۔ پہلے دور میں حاملہ خواتین گھر کے کام کاج کرتی تھیں، کپڑے دھوتی تھیں اور بڑے بڑے صحن میں جھاڑو بھی دیتی تھیں۔ جس کی وجہ سے گھروں میں نارمل ڈلیوری عام بات تھی۔ آج نارمل ڈلیوری نہ ہونے کی بنیادی وجہ حاملہ خواتین کا گھر کے کام کاج اور مشقت سے پرہیز کرنا ہے۔ جس کا نقصان سب سے زیادہ عورت کو ہی ہوتا ہے۔

نارمل ڈلیوری کے لئے آسان اور سستا نسخہ

اس ضمن میں حضرت حکیم طارق محمود صاحب کی کتاب ''میرے طبی رازوں کا خزانہ'' میں سے ایک نسخہ پیش خدمت ہے جس کو بے شمار حاملہ خواتین نے استعمال کیا اور اس کے زبردست نتائج ملے۔ وہ نسخہ بہت ہی آسان' سادہ اور سستا ہے۔ وہ نسخہ یہ ہے کہ دودھ میں دس قطرے بادام روغن کے ملا کر حاملہ خواتین کو پلا دیں۔ اس نسخہ کی وجہ سے حاملہ خواتین کو ڈلیوری میں بہت آسانی ہوتی ہے۔ خواتین کی صحت اور معدہ بہتر ہو جاتا ہے۔ خواتین میں خون کی کمی نہیں ہوتی' جسم کی نڈھالی' کمزوری اور اکثر اوقات اس کمزوری کی وجہ سے ہسپتالوں میں خواتین کے جو چکر لگتے ہیں اور پھر ڈرپیں لگتی ہیں۔ صرف اس چھوٹے سے ٹوٹکے کی وجہ سے ان تمام امراض سے شفاء مل جاتی ہے۔ ڈلیوری کے بعد بچہ اور ماں دونوں کی صحت لاجواب رہتی ہے۔ قارئین! بظاہر یہ چھوٹا سا نسخہ لیکن ایک نسخے سے بڑھ کر یہ ایک قیمتی راز ہے جو طب وصحت کے اندر ایک کمال درجہ رکھتا ہے۔ اس چھوٹے سے نسخے کو استعمال کروایا جائے اور رواج میں لایا جائے۔ جن خواتین کا ڈلیوری کے لئے آپریشن ہو چکا ہے وہ اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ آپریشن کروانے کے بعد خواتین بالکل کھوکھلی ہوجاتی ہیں یا پھر ان کا جسم مختلف بیماریوں کا گڑھ بن جاتا ہے۔

بچوں کے امراض کا علاج

روغن بادام کا یہ نسخہ خواتین ضرور استعمال کریں۔ حاملہ خواتین حمل کے بعد بھی اس نسخہ کو استعمال کرسکتی ہیں یعنی چاہیں تو ڈلیوری کے بعد بھی اس نسخہ کو استعمال کرسکتی ہیں۔ اس سے ماں حیرت انگیز طور پر صحت مند ہوتی ہے' دودھ بڑھتا اور صحت بہترین ہوتی ہے۔ بادام روغن کا یہی نسخہ بچوں کو بھی استعمال کروائیں' اس کے حیرت انگیز نتائج ملتے ہیں۔ جس بچے کے دودھ میں دس قطرے بادام روغن کے تیل کے ملا کر دیئے جائیں تو اس سے بچے کو قبض نہیں ہوتی' الٹی نہیں آتی اور اس کے علاوہ بے شمار بیماریوں سے بچہ محفوظ رہتا ہے۔

خواتین اپنے گھریلو مسائل سے پریشان ہیں، شوہر تنگ کرتا ہے، کمائی میں برکت نہیں ہے، اولاد نافرمان ہے، بس اس اسم کا ساتھ لے لیں۔ ہر کام موافق ہوگا۔ (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

پہلا سپارہ گیارہ دن اور ہر مراد پوری! درویش کا بتایا کامیاب عمل

(ع۔ل، لاہور)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! مجھے روحانی علم سیکھنے کا بہت شوق ہے اور میں نے اس میں بہت محنت بھی کی تاکہ میں بھی روحانیت میں کمال اور ترقی حاصل کروں اور مجھے کچھ حد تک اس میں کامیابی بھی ملی مگر کچھ حاسدین نے جادو کروایا جس کی وجہ سے میں بیمار ہوگئی اور میرا یہ روحانیت کا سفر بھی رک گیا۔ اس کے علاوہ میری صحت بھی اس سے متاثر ہوئی۔ اس سے پہلے مجھے یہ معلوم نہ تھا کسی اللہ والے کے ساتھ روحانی نسبت ہونا کتنا اہم ہے۔

روحانی رازوں کا انکشاف

میں نے آپ کی ایک محفل سنی جس میں آپ نے روحانیت کے انوکھے رازوں کا انکشاف کرتے ہوئے روحانی حصار سورۃ اخلاص کا حفاظتی و روحانی کڑا کے بارے میں بتایا۔ جس میں سوتے وقت پہلے دائیں طرف چہرہ کر کے تین بار سورۃ اخلاص پڑھیں، اس کے بعد بائیں جانب اپنا چہرہ کر کے تین بار سورۃ اخلاص پڑھ لیں اور پھر آخر میں آسمان کی طرف چہرہ کر کے تین بار سورۃ اخلاص پڑھ لیں۔ اس سے پہلے مجھے اس حصار کے بارے میں معلوم نہ تھا کہ روحانی دنیا میں حفاظتی حصار کس قدر اہم ہے۔ اس کا اندازہ تب ہوا جب مجھ سے سب چھن چکا تھا۔ آپ سے نسبت کے بعد یہ بات سمجھ میں آئی۔ کچھ حاسدین بعض نہیں آتے، مجھے پریشان کرنے کے لئے اب بھی جادو کرواتے رہتے ہیں مگر اب روزانہ یہ حفاظتی حصار کر کے سوتی ہوں اور اس روحانی حفاظتی حصار کی وجہ سے مجھے یہ فائدہ ہوتا ہے کہ میں ہر قسم کے نقصان سے بچ جاتی ہوں۔

روحانی وجسمانی رزق میں برکت کے لئے

ایک درویش نے مجھے رزق، دولت، علم جو خواہش ہو سب کچھ پانے کا ایک عمل بتایا تھا وہ عمل آپ کی نظر کرتی ہوں، عمل یہ ہے۔ 11 بار درود پاک پھر ایک بار پہلا سپارہ، پھر 11 بار درود پاک پڑھیں۔ 11 دن ایسا ہی کرنا ہے، 11 دن میں 11 بار پہلا سپارہ پڑھ لیں، پھر 30 دن بعد یہی عمل کریں، اس عمل کی برکت اتنی ہے کہ لکھنا مشکل ہے۔ بس اتنا کہوں گی جو بھی یہ عمل کرے گا، 11 دن میں کمال دیکھے گا، جو بھی خدا سے مانگے گا، سوچے گا، مل جائے گا۔ جو قرآن پاک نہیں پڑھ سکتے وہ روز پہلا سپارہ سن لیا کریں تب بھی اس عمل کی برکت ملے گی جس نے یہ عمل بتایا تھا ان کو اس عمل کی برکت سے اللہ نے بہت نوازا ہے۔ یہ بہت ہی مجرب اور کمال کا عمل ہے۔

برکت بے بہا، میرا آزمودہ قرآنی عمل

کچھ اور وظائف آپ کی نظر کر رہی ہوں۔ صبح اذان فجر سے پہلے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ۔ یہ تسبیح صبح اذان فجر سے پہلے کریں اول و آخر 3، 7 یا 11 مرتبہ درود پاک پڑھیں پھر 101 بار یا 313 بار یہی کلمات دوبارہ پڑھیں۔ پھر نماز فجر کے بعد ایک بار سورۃ مزمل اور سورۃ یٰسین پڑھیں، اول و آخر 3 بار درود پاک، رزق میں بے بہا برکت ہوتی ہے۔

حاسدین کے وار ختم

اس سے پہلے بھی میں مختلف روحانی اعمال کرتی تھی مگر مجھے ان میں استقامت نہیں ملتی تھی۔ اگر کوئی فائدہ ہو بھی جاتا تو مجھ پر کچھ حاسدین کی طرف سے وار ہوتے تھے تو اس وجہ سے میری وہ ساری محنت ضائع ہو جاتی اور میری صحت بھی کئی دن تک بری طرح متاثر ہو جاتی تھی۔ لیکن جب سے آپ کی نسبت ملی ہے یہ رکاوٹیں ختم ہوگئی ہیں آپ کے بتائے اعمال کرتی ہوں جس سے بہت فیض ملتا ہے۔

سورۃ رحمٰن کے دم شدہ پانی سے دل کی بیماریوں کا علاج

جس کے دل میں درد ہو تو وہ روزانہ پانی میں سورۃ الرحمٰن پڑھ کر پانی دم کر کے چند روز پیئے تو کبھی دل میں درد نہیں ہوگی۔ اس کے علاوہ خونی بواسیر کے لیے ایک ٹوٹکہ جو میرا آزمودہ ہے۔ مجھے 8 سال سے خونی بواسیر تھی، بہت علاج کروائے آرام نہیں آیا، پھر کسی نے مجھے یہ ٹوٹکہ بتایا ایک پیالی دہی لے کر اس میں چھوٹا ایک چمچ روغن بادام ڈال کر صبح خالی پیٹ کھالیں، پھر ایک گھنٹے بعد ناشتہ کریں، مجھے 3 دن میں آرام آ گیا، جسم کی خشکی اور قبض سے بھی نجات مل گئی۔ میں نے یہ ٹوٹکہ بہت لوگوں کو بتایا سب کو فائدہ ہوا اور بہت لوگوں نے اس ٹوٹکے کو پایا اور مجرب پایا ہے۔ (لاہور)

ابن زیب بھکاری

اسلام اور رواداری

قسط 171

اسلام کا غیر مسلموں سے رواداری کا پیغام

بحیثیت مسلمان ہم جس با اخلاق نبی ﷺ کے پیروکار ہیں ان کا غیر مسلموں سے کیا مثالی سلوک تھا، آپ نے سابق اقساط میں پڑھا اب ان کے غلاموں کی روشن زندگی کو پڑھیں۔ سوچیں! فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔

بادشاہ عالمگیرؒ کا ہندو کے ساتھ حسن سلوک

بادشاہ اورنگزیب عالمگیرؒ کی جنگ شیواجی سے ہو رہی تھی کہ شیواجی کا راشن ختم ہوگیا۔ شیواجی نے اپنے بڑوں سے مشورہ کیا کہ کیا کروں، انہوں نے تجویز دی کہ بادشاہ عالمگیرؒ سے مشورہ کرو۔ شیواجی نے حیران ہو کر جواب دیا وہی تو دشمن ہے۔ کہا کہ دشمن تو ہے مگر دین کا پابند ہے۔ مسلمانوں کے دین میں ہے اَلْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ (مشکوٰۃ) مشورہ صحیح دیا جائے۔ اس لئے وہ مشورہ صحیح دے گا۔ چنانچہ مشورہ کیا کہ راشن ختم ہوگیا کیا کروں؟ بادشاہ اورنگزیب نے فرمایا: ''صلح کرلو، پھر تیاری کرو، جب تیاری ہو جائے اس کے بعد جنگ کرنا، اس نے آگے سے ڈرتے اور ہچکچاتے ہوئے پوچھا کیا آپ صلح کرلیں گے؟ (باقی صفحہ نمبر 59)

چند پرانے صفحات آپ کی زندگی سے دکھ مٹا دیں

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے، وہاں سالہا سال سے ادارہ عبقری کا شعبہ ''عبقری خدمت خلق'' لوگوں کی پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً استعمال شدہ کپڑے، برتن، جوتے، فرنیچر، رضائیاں، اپنی زکوٰۃ، صدقات، عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے، اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے۔ یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے ''عبقری'' کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں، شکریہ! سامان بھیج کر اطلاع کیجئے: 0343-8710009

اپنی نقدی، سامان، صرف دفتر عبقری ٹرسٹ پہنچائیں کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں۔

آقا نبی کریم ﷺ کے موئے مبارک کی زیارت، جس نے بھی ادب کے ساتھ زیارت کی اس کی جھولیاں بھر گئیں، مرادیں پوری ہوئیں! (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

آئیے دماغ کو روشن بنانے کی چند تدبیریں جانتے ہیں!

پروفیسر کامران اشتیاق، اسلام آباد

کامیاب زندگی کے لیے جسمانی صحت کی طرح صحت مند دماغ بھی ضروری ہے۔لیکن یہ ضروری نہیں کہ جسمانی صحت رکھنے والا ہر فرد ذہنی طور پر بھی توانا ہو۔ ذہنی صحت کے لیے اسی طرح توجہ ضروری ہے جیسے جسمانی صحت کے لیے، بلکہ بعض صورتوں میں اس کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔ اس لیے کہ ذہن پر اثر انداز ہونے والے عوامل بلا واسطہ طور پر کام کرتے ہیں، جسمانی صحت کی خرابی کی طرح دماغ پر مرتب ہونے والے اثرات اس انداز سے ظاہر نہیں ہوتے کہ توجہ حاصل کر پائیں۔ اچھی یادداشت، تخلیقی صلاحیتیں، فوری اور مناسب ردعمل جیسے ذہنی اعمال ذہنی صحت کی عکاسی کرتے ہیں۔ جسمانی صحت کی طرح ماہرین نے ذہنی صحت پر بھی خصوصی تحقیق کی ہے اور اس طرح وہ مفید باتیں سامنے آئی ہیں، جو ہر صنف، عمر اور ماحول سے تعلق رکھنے والوں کے لیے رہنما ہیں۔ یہ رہنمائی خصوصی طور پر نئی نسل کے لیے زیادہ مفید ہے، جسے اپنی صلاحیتوں سے بہترین فائدہ اٹھانے کیلئے ذہنی صحت کو یقینی بنانا چاہیے۔

دماغ کا عدم استعمال انتہائی نقصان دہ

جسمانی صحت کے لیے غذائی توازن کے ساتھ "ورزش" بے حد ضروری ہے۔ دماغ کی متاثر کن کارکردگی کے لیے بھی غذا اور ورزش خاص اہمیت رکھتی ہے، جس طرح کاہلی اور بے عملی جسمانی ساخت کو بے ڈول بنا دیتی ہے، اسی طرح دماغ کا عدم استعمال بھی نقصان دہ ہے۔ دماغ کے لیے تو کہا جاتا ہے کہ اسے استعمال کریں، ورنہ آپ اسے گنوا دیں گے۔ دماغی صلاحیتوں پر اثر انداز ہونے والا سب سے نمایاں عامل "ماحول" ہے۔ ذہنی دباؤ، انتشار، ڈپریشن اور دیگر عوارض کا سبب اردگرد کے حالات ہی بنتے ہیں۔ محرومیاں، ناآسودگیاں، اپنے دکھ، زمانے کے غم سب ہی ذہن پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ ان ساری باتوں کے پیش نظر ضروری ہے کہ ذہنی صحت پر بھی توجہ دی جائے۔ نئی نسل کو وہ باتیں بتائی جائیں جو اس کی ذہنی صلاحیتوں کے فروغ کے لیے ضروری ہیں۔ خیال رہے کہ "انفرادی اختلافات" کے باعث ذہنی صلاحیتیں مختلف ہوسکتی ہیں، لیکن کچھ باتیں ایسی ہیں جن پر عمل ہر صاحب صلاحیت فرد کے لیے بہتری کا باعث بنتا ہے۔

ذہن کا استعمال اس کو صحت مند رکھتا ہے

حالات سے گھبرانے والے لوگ ذہنی طور پر صحت مند نہیں ہوتے۔ ایسے لوگ حالات کے جبر اور ماحول کی سختیوں کے سامنے ہتھیار ڈال دیتے ہیں۔ حالات کا مقابلہ کرنے والے نہ صرف جرأت مند بلکہ ذہنی طور پر بھی صحت مند ہوتے ہیں۔ یہ لوگ ذہن کو استعمال کرنا جانتے ہیں اور ان کے مشاغل اس بات کی تصدیق کرتے ہیں۔ یہ لوگ عام حالات میں بھی ایسے مشاغل اپناتے ہیں، جو ایک طرح سے چیلنج ہوتے ہیں۔ مثلاً کوئی نئی زبان سیکھنا، اشعار یاد کرنا، مطالعہ، ذہانت کی آزمائش، معمے حل کرنا۔ ایسے کھیل کھیلنا جن میں ذہانت اور یادداشت آزمائی جارہی ہو، اسی ذیل میں آتے ہیں۔ یہ لوگ ایسے کھیلوں میں دلچسپی لیتے ہیں، جن میں اصولوں کی پابندی کرنی پڑتی ہو۔ اس اعتبار سے پہلا اصول یہ ہوا کہ نوجوان اپنی تعلیمی مصروفیات کے ساتھ تفریحی طور پر ایسے مشاغل اپنائیں، جن میں ذہن کا زیادہ استعمال ہو، آپ جب بھی باقاعدہ طور پر ایسا کوئی مشغلہ اپنائیں گے، جلد ہی اس کے حیران کن نتائج سامنے آئیں گے۔

اچھی غذا دماغی صحت کیلئے انتہائی مفید

جسمانی صحت سے غذا کا تعلق تو سب ہی سمجھتے ہیں۔لیکن یہ حقیقت ہے کہ غذا ذہنی صلاحیتوں پر بھی اثر انداز ہوتی ہے۔ غذا پر تحقیق کرنے والے ماہرین کے مطابق غذائی اشیاء ذہنی قوتوں کو فعال بنانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ غذا نہ صرف جسمانی ضرورت ہے بلکہ یہ ذہن پر بھی اثر انداز ہوتی ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق صبح ناشتہ نہ کرنے والے بچے سکول کے آخری گھنٹوں میں سست اور تعلیم سے عدم دلچسپی کا شکار ہوجاتے ہیں۔ غذا سے ہمیں ایسے اجزاء اور وٹامنز وغیرہ ملتے ہیں، جو ہمیں جسمانی توانائی کے ساتھ دماغی قوت بھی فراہم کرتے ہیں یا اس کا ذریعہ بنتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق دماغی فعالیت کیلئے پروٹین، لیکن اس کی اثر انگیزی کے لیے "وٹامن بی" ضروری ہے، کیونکہ وٹامن بی کی کمی اعصابی کمزوری کے علاوہ مختلف نفسیاتی عوارض کا سبب بنتی ہے۔ اور وٹامن بی (1) کی کمی تھکن پیدا کرتی ہے۔ اسی طرح وٹامن سی بھی مختلف انداز سے فعالیت میں اضافہ کرتا ہے۔ دماغ کے لیے تمام تر ضروری اجزاء غذا سے حاصل ہوتے ہیں، لہٰذا غذائی توازن" دماغی صحت کے لیے بھی اہمیت رکھتا ہے۔ "متوازن غذا" کا انتخاب فرد کی جسمانی ساخت، روزمرہ کی مصروفیات اور دیگر مشاغل کے لحاظ سے کیا جاتا ہے۔ خیال رہے کہ آپ مختلف غذائی اجزاء مصنوعی طریقوں (ادویات کی صورت میں) سے بھی حاصل کرسکتے ہیں۔ لیکن اس کا بہترین "ذریعہ" غذا ہی ہے۔ غذا کے ذریعے حاصل ہونے والی توانائی جسمانی صحت کے لیے بھی مفید ہے اور دماغ کے لیے بھی۔

ورزش کیوں ضروری ہے؟: جدید ترین تحقیقات ہر فرد کے لیے ورزش کو ضروری قرار دیتی ہیں لیکن عام طور پر لوگ ورزش کی اصل اہمیت اور افادیت نہیں جانتے۔ اس کا ایک ثبوت تو یہ ہے کہ لوگوں کی بڑی تعداد ورزش نہیں کرتی۔ کچھ لوگ ماہرین کی ہدایات کے مطابق مختلف امراض یا خرابیوں سے نجات کے لیے ورزش کرتے ہیں مگر بہتر محسوس ہوتے ہی اسے ترک کردیتے ہیں۔ یقیناً ورزش موٹاپے سے نجات دلاتی ہے، دل کے عارضوں سے محفوظ رکھتی ہے لیکن اس سے صرف جسمانی فوائد ہی حاصل نہیں ہوتے، یہ دماغی صحت کو بھی یقینی بناتی ہے۔ ذہن کو بھی فعال رکھتی ہے۔ ورزش باقاعدہ طور پر کی جائے تو یاسیت، افسردگی اور ذہنی دباؤ سے نجات ملتی ہے۔ ذہانت میں اضافہ ہوتا ہے۔ یادداشت بہتر ہوتی ہے، نیز فرد کی اہلیت میں اضافہ ہوتا ہے۔ ورزش کرنے والے حالات کے جبر کے اثرات سے محفوظ رہتے ہیں، ایسے لوگ جسمانی طور پر مستعد ہونے کے علاوہ ذہنی طور پر بھی فعال رہتے ہیں دن بھر کی ان تھک مصروفیات کے بعد چہل قدمی، پیراکی، ہوا خوری، یا سائیکلنگ وغیرہ تھکاوٹ دور کرکے ذہن کو پرسکون بناتی ہے۔ ورزش کا ایک بنیادی اور اہم فائدہ یہ ہے کہ اس سے جسم کے تمام نظام توازن میں آجاتے ہیں اور آدمی مختلف جسمانی خرابیوں کے امکانات سے محفوظ رہتا ہے۔

ڈپریشن نئے عہد کا سنگین ترین مسئلہ

ڈپریشن نئے عہد کا سنگین ترین مسئلہ ہے۔ روزانہ مناسب انداز سے چہل قدمی یا جاگنگ ڈپریشن سے نجات دلاتی ہے۔ دماغ کو بھی جسم کے دیگر اعضاء کی طرح آکسیجن کی ضرورت ہوتی ہے اور خون دماغ کو آکسیجن کے ساتھ دیگر ضروری اجزاء بھی فراہم کرتا ہے۔

(باقی صفحہ نمبر 59 پر)

جو کا دلیہ شہد اور زیتون پھر کمال دیکھیں قدرت کا

سفید آٹے کے پراٹھے

موسم سرما ہو یا چھٹیوں کے دن آئیں تو ہم سفید آٹے کے پراٹھے کھاتے ہیں۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ سفید آٹے میں سے بھوسی نکال لی جاتی ہے، اسی طرح پراٹھے تو بڑے شاندار بن جاتے ہیں مگر صرف شکلاً خوبصورت ہوتے ہیں غذائیت ان میں نام کو نہیں ہوتی۔

بہت کم لوگ جانتے ہیں کہ آٹے کو بھی ایک کیمیائی مادے (Clorox) سے بلیچ کیا جاتا ہے۔ یہ ہر کیمیائی عنصر کی طرح زہریلا ہوتا ہے۔ یہ آٹا فورٹیفائیڈ کہلاتا ہے۔ اس آٹے کو معدنیات اور وٹامنز کی اضافی خوبیوں سے بھرپور کہا جاتا ہے۔ غذائیت کے یہ ماہرین فورٹیفائیڈ آٹے میں سرطانی مادے Carcinogenic جیسے عنصر کو شامل کرتے ہیں۔ بہتر یہی ہے کہ ایسے محلول پر مشتمل کوئی خوراک استعمال کرنے سے گریز کیا جائے۔

پیٹ کی بے شمار بیماریوں کی ایک وجہ فائبر کی کمی ہوتی ہے، فائبر یعنی ریشے کو آٹے میں موجود بھوسی Bran کے ذریعے حاصل کیا جاتا ہے۔ جدید تحقیق بتاتی ہے کہ آٹے کے چھان (بھوسی) قبض اور پیٹ کی دیگر بیماریوں کے لیے بہترین دوا ہے۔ یہ ذیابیطس اور بلڈ پریشر کے مریضوں کے لیے انتہائی مفید ہے۔ اس سے ریشے (فائبر) کے علاوہ وٹامن بی کی وافر مقدار موجود ہوتی ہے جو جسمانی طاقت کا باعث ہوتی ہے، کوشش کریں کہ اعلیٰ معیار کی گندم سے قدرتی پتھر والی چکیوں پر پسائی کیا جانے والا آٹا خریدیں تاکہ اس کے اجزاء دوران پسائی ضائع نہ ہوں۔

گڑ کو دقیانوسی زمانے کی پیداوار نہ سمجھئے!

اسی طرح ری فائن شوگر کے استعمال کو طرز زندگی میں شامل کر لیا گیا ہے اور ہم گڑ یا براؤن شوگر کو دقیانوسی زمانے کی پیداوار سمجھنے لگے ہیں۔ یہ ری فائن شکر تو قوت مدافعت کو زائل کرتی ہے۔ دل کی شریانوں کو سکیڑتی اور خون میں خرابی کا باعث بنتی ہے۔ یہ بڑھتے ہوئے بچوں کے لیے انتہائی مضر صحت اس لیے ہے کہ ان کے دانتوں کی جڑوں کو کھوکھلا کرنے لگتی ہے۔ ہر طرح کی ٹافیز اور بسکٹس کے علاوہ چاکلیٹ میں ری فائنڈ شوگر استعمال ہوتی ہے۔ اسی لیے کھانے کی اشتہا کے وقت دل سے نہیں دماغ سے فیصلہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے کہ کھایا جائے یا چھوڑ دیا جائے۔

کھانے کے فوراً بعد پھلوں کا جوس پیجئے!

کچھ بچے اور کئی بڑے بھی سافٹ ڈرنکس کے ساتھ کھانا پسند کرتے ہیں۔ شادیوں کی تقاریب میں کولڈ ڈرنکس نہ ہوں تو لوگ بور ہونے لگتے ہیں۔ آیئے ہم آپ کو بتائیں کہ کاربونیٹیڈ سافٹ ڈرنکس میں غذائی اجزاء کی کیا تراکیب شامل ہوتی ہیں۔ مثلاً نوچمچ شکر، نائٹروجن اور بینزین (ایک نامیاتی کیمیا جو ڈیزل آئل جلانے کے کام آتا ہے) کھانوں کے مختلف رنگ ایمونیا اور گلوکوز کی ایک مقدار شامل کی جاتی ہے۔ صرف بینزین ایسا مادہ ہے جو ہمارے اعصابی نظام کو خرابی کی جانب لے جاتا ہے اور اگر ہر کھانے کے ساتھ سافٹ ڈرنک استعمال کیا جائے تو گویا ہم غذائی اجناس اور خوراک کی بنیادی حیاتین آپ ہی آپ مارنے پر تلے بیٹھے ہیں۔ ایک سافٹ ڈرنک کا گلاس آٹھ گھنٹوں تک جسم میں بگاڑ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ کیا اس سے بہتر پھلوں کے عرقیات نہیں؟ مگر ہمارا طرز زندگی اس قدر مصنوعی اور خطرناک حد تک غیر سائنسی ہو چکا ہے کہ ہم تعلیم یافتہ ہو کر بھی رنگوں اور ذائقوں کے پیچھے لپکتے ہیں اور سوچتے نہیں کہ کیا کیا کچھ غلط قسم کی خوراکیں کھا رہے ہیں۔ ایسی غذائیں جسمانی افعال کو درہم برہم کرنے کے سوا کچھ نہیں کرتیں، پھر آج اپنی پلیٹ بنائیے ذرا احتیاط انداز سے!

اس مضمون کا یہ عنوان چونکانے کے لیے نہیں محتاط رویہ اختیار کرنے کے لیے لکھا گیا ہے۔ ہوتا دراصل یہ ہے کہ ہم پرکشش رنگوں کی پڑیا میں لپٹی خوراکوں کو غذائیت بخش سمجھ کر استعمال کر لیتے ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ ایسی معلوماتی تحریریں شائع کی جائیں جو آپ اور آپ کے اہل خانہ کے لیے سود مند ثابت ہوں، اسی لیے خوراک کے انتخاب میں ذہانت کا استعمال ضروری قرار دیا جاتا ہے۔

بدہضمی کا علاج فطری غذاؤں سے کیجئے

ڈاکٹر خالد غزنوی

بدہضمی ایک عام سی بیماری ہے جسے لوگ اکثر سنجیدگی سے نہیں لیتے۔ پیٹ میں بوجھ یا کھانے کے بعد بوجھ' کھٹے ڈکار' پیٹ میں ہوا کا رہنا بھی بدہضمی کی عمومی علامات ہیں۔ اس مرض کی وجہ سے خاص طور پر ٹانگوں اور کمر کے پٹھے درد کرتے ہیں۔ اس مرض میں اکثر لوگ سافٹ ڈرنکس اور کسی چورن وغیرہ کا استعمال کرتے ہیں جس سے وقتی فائدہ ہوتا ہے لیکن پھر ایک وقت ایسا آتا ہے کہ ان چیزوں سے افاقہ ہونا بھی ختم ہو جاتا ہے۔ اطباء کا کہنا ہے کہ بھرے پیٹ کھانا کھانے' کھانے کے درمیان زیادہ پانی پینے' چاول اور ٹھنڈی چیزوں کا کثرت سے استعمال کرنا بدہضمی کے مرض کو جنم دیتا ہے۔ اس مرض میں مبتلا افراد کو چاہیے کہ پانی کے ساتھ سکنجبین کا استعمال کرے۔ اگر مریض کو قے کی شکایت ہو تو املی والے پانی کے ساتھ سناء مکی دے کر مریض کو استعمال کروایا جائے۔ بدہضمی کا ایک بنیادی علاج شہد بھی ہے۔ شہد کا استعمال کروانے سے معدہ اور آنتوں میں جلن ختم ہو جاتی ہے جس سے مریض کو سکون محسوس ہوتا ہے اور کچھ ہی دیر میں جسم میں جو بوجھ محسوس ہوتا ہے وہ بھی کم ہو جاتا ہے۔ اگر کھانے کے بعد جسم پر بوجھ زیادہ محسوس ہو تو 3 سے 4 دانے خشک انجیر چبا لینے سے فائدہ ہوتا ہے۔ پیٹ میں اگر السر نہ ہو تو انجیر کو کچھ عرصہ لگاتار کھانا مفید رہتا ہے۔ یہ فائدہ پتہ کی سوزش میں بھی جاری رہتا ہے۔ معدہ میں کینسر یا زخم کی صورت میں زیتون کا تیل ایک شافی علاج ہے۔ اکثر مریضوں میں جو کا دلیہ شہد میں ملا کر دینا مفید رہتا ہے۔ کیونکہ جو کی لیس جلن کو ختم کرتی ہے اور یہ قبض کشا ہے۔ اس کے علاوہ جسمانی کمزوری میں بھی فائدہ دیتی ہے۔ سونف وٹامنز اور منرلز سے بھرپور ہوتی ہے جو ان خراب بیکٹیریا کو ختم کرتے ہیں جو کھانا ہضم نہ کرنے، گیس وغیرہ کا باعث بنتے ہیں اور معدہ خراب کرتے ہیں۔ کھانے کے بعد اس کی کچھ مقدار کا استعمال کریں یا گیس کی تکلیف ہونے کی صورت میں استعمال کیجئے۔ اس سے معدہ تندرست اور ہاضمہ بہترین ہوتا ہے۔

عمل مختصر لیکن نفع زیادہ! آئیے ربیع الاول میں نفع کمالیں!

ماہ ربیع الاول بڑا متبرک اور فضیلت والا مہینہ ہے۔ اسی مہینہ محبوب کائنات حضرت محمد ﷺ کی ولادت مبارک ہوئی۔ اس ماہ مبارک کی 8 تاریخ کو حضور نبی کریم ﷺ نے مکہ سے مدینہ ہجرت کی اور اسی ماہ کی 10 تاریخ کو آپ ﷺ کا عقد حضرت خدیجۃ الکبریٰ سے ہوا اور پھر اسی ماہ میں آپ ﷺ کی وفات ہوئی۔

جنت کی بشارت والے نوافل

جواہر غیبی میں ہے کہ جو کوئی شخص ماہ ربیع الاول میں 12 روز تک درج ذیل طریقے سے نوافل کا ثواب نبی کریم ﷺ کی روح مبارک ہو ہدیہ کرتا رہے تو ان نوافل کی بہت سی فضیلت و برکات اس شخص کو حاصل ہوں گی۔ کیونکہ صحابہ، تابعین اور تبع تابعین رضوان اللہ علیہم اجمعین ان نوافل کا ثواب نبی کریم ﷺ کی روح مبارک کو ہدیہ کرتے تھے۔ **طریقہ نوافل:** دو رکعت نفل پڑھیں اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد 21'21 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں۔ اسی طرح کل 20 نفل روزانہ پڑھیں۔ اگر کسی مجبوری کے تحت ماہ ربیع الاول میں پہلے 12 دن تک یہ نوافل نہیں پڑھ سکیں تو ربیع الاول کی دوسری اور بارہویں تاریخ کو ضرور بیس رکعت اسی ترکیب کے ساتھ پڑھ کر اس کا ثواب نبی کریم ﷺ کی روح کو ان نوافل کا ہدیہ کردیں۔ ان نوافل کے پڑھنے والے کو حضور نبی کریم ﷺ نے خواب میں جنت کی بشارت دی ہے۔

سات سو برس کی عبادت کا ثواب

ماہ ربیع الاول کی پہلے تین دن دو رکعت نفل نماز رات کے وقت اور دو رکعت نفل صبح کے وقت پڑھیں، ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد 7 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے تو پروردگار عالم اس شخص کو سات سو برس کی عبادت کا اجر عطا فرمائے گا۔

زیارت رسول مقبول ﷺ کے لئے خاص عمل

کو شخص ماہ ربیع الاول میں روزانہ عشاء کی نماز کے بعد یہ درود پاک 1125 مرتبہ پڑھے گا تو ان شاء اللہ سرور عالم ﷺ کی زیارت مبارک نصیب ہو گی۔ وہ درود شریف یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌo

جب ربیع الاول کا چاند نظر آئے تو اسی رات میں نماز عشاء کے بعد دو دو رکعت کر کے کل سولہ رکعت نماز نفل پڑھیں۔ ہر رکعت سورۃ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں۔ جب 16 نوافل مکمل ہو جائیں تو اسی جگہ بیٹھ کر 1000 مرتبہ درج ذیل درود شریف پڑھیں اور پھر بغیر کسی سے بات کئے سو جائیں تو ان شاء اللہ ضرور حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہو گی۔ یہ عمل 12 ربیع الاول تک روزانہ جاری رکھنا چاہیے۔ درود شریف یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ رَحْمَۃُ اللہِ وَ بَرَکَاتُہٗ۔ اس درود پاک کی فضیلت کا بہت سی کتابوں میں ذکر آیا ہے۔ اس درود کا ورد کرنے کے اور بھی بہت سے فیوض و برکات حاصل ہوتے ہیں۔

ربیع الاول میں حاجت روا عمل

جو کوئی شخص ماہ ربیع الاول کے آخری چہارشنبہ کو دو رکعت نفل نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک بار سورۃ مزمل پڑھے اور پھر جب سلام پھیر لیں تو اس کے بعد فوراً سجدے میں جا کر تین مرتبہ اللہ تعالیٰ سے ان الفاظ میں دعا کرے۔ یَاغَفُوْرُ تَغَفَّرْتَ بِالْغُفْرِ وَالْغُفْرُ فِیْ غُفْرِ غُفْرِكَ یَاغَفُوْرُo اس کے بعد جو بھی دل میں التجا یا دعا ہو وہ صدق دل کے ساتھ اور خلوص نیت کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے جائز حاجت مانگے۔ ان شاء اللہ، مراد پوری ہو گی۔

بات طلاق تک پہنچ چکی ہے یا کاروبار ختم! یہ لمحات ضائع نہ کیجئے

ماہانہ روحانی محفل

اپنا روحانی آپریشن خود کیجئے!

آپ پریشان ہیں، سالہا سال سے بیمار ہیں، یا آپ کا کوئی عزیز زندگی سے عاجز اور خودکشی کرنے پر مجبور ہے! کاروباری بندش ہے یا گھریلو الجھنیں، جھگڑے، بات طلاق تک پہنچ چکی ہے۔ گھبرائیے مت! اس ماہ کی یہ مقبول گھڑیاں آپ کیلئے خوشیوں، خوشحالیوں اور برکتوں کا پیغام لائی ہیں:۔

اس ماہ کی روحانی محفل

9 اکتوبر بروز اتوار صبح 9 بجکر 19 منٹ سے لے کر 10 بجکر 13 منٹ تک۔ 21 اکتوبر بروز جمعہ عصر تا مغرب۔ 31 اکتوبر بروز پیر رات 9 بجکر 11 منٹ سے لے کر 10 بجکر 9 منٹ تک فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپ کے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا، اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں، ان شاء اللہ آپ کی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہوں گی۔

ہر محفل کے بعد صدقہ ضرور کریں (اس ماہ کا صدقہ 41 روپے)

(نوٹ:) 1- روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کر لیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر)

روحانی محفل ہرگز روحانیت والمن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

خاندان میں بے اولادی ہے۔ ڈر اور خوف ہے کہ ہماری نسل ختم نہ ہو جائے۔ ربیع الاول کی مبارک گھڑیوں میں تسبیح خانہ تشریف لائیں۔ انشاء اللہ فیصلے کروا کر لوٹیں گے۔ (مزید صفحہ نمبر 65)

حضرت داؤد بن احمد درانی کے مستند روحانی وظائف

اکیس دن کا عمل؛ بیماری؛ نقاہت ختم

بعض مرتبہ تھوڑے عرصہ کے بعد صحت بگڑتی رہتی ہے اور انسان بہت زیادہ کمزوری محسوس کرتا ہے۔ اس کمزوری اور طرح طرح کی بیماریوں کے دفعیہ کیلئے یہ عمل تیر بہدف ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ صحت بحال ہوجائے گی اور ہر قسم کی کمزوری دور ہوجائے گی وہ عمل یہ ہے:۔ باوضو سورۂ یٰسین شریف اس ترکیب سے پڑھیں کہ ہر مُبِین کے لفظ پر سات بار سورۂ فاتحہ پڑھیں اسی طرح سورۂ یٰسین شریف پڑھ کر ختم کرلیں اور ایک بوتل میں پانی بھر کر اس پر دم کردیں پھر اس پانی کو صبح نہار منہ اور سوتے وقت ایک ایک گھونٹ پی لیا کریں۔ اکیس روز مسلسل یہ پانی استعمال کریں انشاء اللہ تعالیٰ کمزوری دور ہوجائے گی۔ اگر اکیس دن میں یہ بیماری اور کمزوری دور نہ ہو تو دوبارہ اسی طرح پڑھ کر اکیس دن پھر استعمال کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بیالیس دن کے استعمال پر ہر قسم کی بیماری سے نجات حاصل ہوگی اور جسم کی کمزوری اور نقاہت ختم ہوکر بدن میں چستی اور پھرتی پیدا ہوجائے گی۔

دُبلے پن کا علاج

بعض مرتبہ بہت دُبلا پن اور کمزور آدمی سب کی تضحیک اور ہنسی کا باعث بنتا ہے۔ جسمانی کمزوری دور کرنے کیلئے یہ عمل مجرب ہے۔ دُبلے پتلے آدمی اپنے نام کے اعداد کے برابر روزانہ سوتے وقت یَاقَوِیُّ پڑھا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند دن اس عمل کی پابندی کرنے سے جسم موٹا اور فربہ ہوجائے گا اور دُبلا پن ختم ہوکر بدن میں چستی پیدا ہوگی۔

تعلیم سے دل اُچاٹ ہونے کا علاج

بعض مرتبہ کسی بچے یا بڑے کا تعلیم سے دل اُچاٹ ہوجاتا ہے۔ کتنا ہی مارو پیٹو، سزا دو وہ پڑھنے پر آمادہ نہیں ہوتا اور گھر سے بھاگنے لگتا ہے۔ اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ ایک بوتل میں پانی پر باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں درمیان میں تین سو تیرہ مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر دم کرکے رکھ لیں اور روزانہ سوتے وقت تین گھونٹ پانی بچے کو پلادیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس دن پانی پلانے کے بعد اس کو تعلیم کا شوق پیدا ہوگا اور بُری عادتوں سے بھی نجات حاصل ہوگی۔

دعائیں قبول کروانے کا کامیاب عمل

اگر کوئی ایسا مسئلہ اٹک گیا ہے کہ اس کا حل ہونا ضروری ہے ورنہ بے عزتی ہوگی تو اس کیلئے بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر اسم الٰہی یَامُجِیْبُ ایک ہزار مرتبہ ایک ہی نشست میں پڑھے، پڑھنے کے دوران نہ اٹھے نہ کسی سے بات کرے بلکہ پوری توجہ اور یکسوئی سے عمل کرے۔ اس کے بعد اپنے مسئلہ کے حل کی دعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دعا ضرور قبول ہوگی اور مسئلہ حل ہوجائے گا۔

چند لمحات کا عمل اور بہترین روزگار

اگر کوئی شخص بے روزگار ہو اور اسے اس کی مرضی کا کام نہ ملتا ہو یا نوکری سے نکال دیا گیا ہو تو اس کیلئے روزانہ بعد نماز فجر سورج طلوع ہونے سے پہلے پہلے اسم الٰہی یَاوَاسِعُ ستر مرتبہ باوضو پڑھے اور سورج نکلنے کے بعد اشراق کی نماز پڑھ کر روزگار کی تلاش میں نکل جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند دن عمل کرنے کی برکت سے جلد ہی اچھے روزگار کا انتظام ہوجائے گا اور اگر نوکری سے نکال دیا گیا ہے تو نوکری پر بحال ہوجائے گا۔

آپس کی ناراضگی ختم کرنا

اگر دو آدمیوں کی آپس میں سخت ناراضگی ہو اور وہ ایک دوسرے سے بات چیت نہ کرتے ہوں تو اس کیلئے اول گیارہ بار درود پڑھے اس کے بعد اسم الٰہی یَاوَدُوْدُ ایک سو ایک مرتبہ پڑھے، اس کے بعد درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور کسی میٹھی چیز پر دم کرکے دوسرے ناراض شخص کو کھلادے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دونوں میں مثالی محبت پیدا ہوجائے گی اور وہ ایک دوسرے کا خیال رکھنے لگیں گے۔ یہ عمل چند دن برابر کرتا رہے اور کچھ صدقہ خیرات بھی کرتا رہے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے صغیرہ و کبیرہ گناہوں کی معافی مانگتا رہے۔

نافرمان اولاد کی اصلاح کیلئے

اگر اولاد نافرمان ہو چاہے وہ لڑکا ہو یا لڑکی اس کی اصلاح و ہدایت کیلئے روزانہ نماز فجر کے بعد باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر ایک سو اکتیس بار اسم الٰہی یَاوَلِیُّ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور پانی پر دم کرکے بچوں کو پلادے تو اس عمل کی برکت سے بچے نیک اور فرمانبردار بن جائیں گے۔

جیب خالی نہ رہے گی، سارا قرض ادا! آسان ترین عمل

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا قرض جلد ادا ہوجائے اور اس کو جلد از جلد اس بوجھ سے نجات مل جائے اور اس کی آمدنی اور رزق میں بھی اضافہ ہوجائے تو اس کو چاہئے کہ اسم الٰہی "یَا اَللّٰہُ" روزانہ بعد نماز فجر ایک سو ایک (101) مرتبہ باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل برابر کرتا رہے چھٹی ناغہ نہ کرے بلکہ عمل کی پابندی کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل کو ہمیشہ پابندی کے ساتھ کرنے کی برکت سے کبھی جیب خالی نہ رہے گی اور سارا قرضہ جلد ہی ادا ہوجائے گا۔ انتہائی آسان اور تیر بہدف عمل ہے۔

ہر ماہ تین پرندے آزاد کیجئے! کامیابیاں سمیٹ لیجئے

بعض مرتبہ حکیم، ڈاکٹر، وید، عامل ہر طرح سے باکمال اور اپنے فن کے ماہر ہوتے ہیں لیکن ان کے ہاتھ میں شفاء نہیں ہوتی۔ وہی دوائیں جو یہ حکیم، ڈاکٹر، وید تجویز کرتے ہیں کوئی دوسرا کرے تو مریض صحت یاب ہوجاتا ہے لیکن ان کا سارا کمال دھرا کا دھرا رہ جاتا ہے۔ ہاتھ میں شفاء کے لیے یہ عمل مجرب ہے۔ سب سے پہلے معالج جسمانی ہو یا معالج روحانی، تکبر اور غرور نہ کرے اور بدنیت نہ بنے اور اپنے گناہوں سے توبہ کرے۔ نماز کی پابندی کرے۔ اللہ تعالیٰ سے ہر وقت اس کی رحمت اور ہاتھ میں شفاء کی دعا کرتا رہے اس کے بعد صدقہ، خیرات اور غرباء کی مالی امداد کرتا رہے۔ ہر ماہ تین پرندے، طوطے، چڑیا خرید کر آزاد کرے۔ ان شاء اللہ چند ماہ اس طرح کرنے سے شفاء کا سلسلہ شروع ہوجائے گا اور لوگ ہر طرف سے آنے لگیں گے اور حکمت و ڈاکٹری کی خوب شہرت ہوجائے گی۔

انار کا رس آنکھوں میں ڈالیں بینائی بحال! انوکھا فارمولہ

(ایڈیٹر کے قلم سے)

جنت کا تحفہ اور دنیا کی لازوال نعمت عظمیٰ ہے اس کی چاشنی لذت اور ذائقہ کام ودھن کے لیے لذیذ اور پرتکلف ہوتا ہے۔ کیا اس کو کھاتے ہوئے کبھی اس کے وسیع فوائد کے بارے میں سوچا؟ اگر نہیں سوچا تو تو پھر ذیل کی سطور قارئین کے افادہ کے لیے پیش خدمت ہیں صلہ صرف اور صرف ہر فرض نماز کے بعد اخلاص کی دعا بس!!!

امراض چشم:۔ میٹھے انار کا رس نکال کر سبز رنگ کی بوتل میں ڈال کر دھوپ میں لٹکا دیں، چالیس یوم کے بعد اس پانی کو ڈراپر میں ڈال کر آنکھوں میں ڈالیں، امراض چشم کے لیے لاجواب ہے، جتنا پانی پرانا ہوتا جائے گا اتنا ہی اس کے فوائد میں اضافہ ہوتا جائے گا۔ آنکھوں کی خارش، سرخی، رات کو نظر نہ آنا، کمزوری ضعف بصارت وغیرہ کے لیے ازحد مفید آزمودہ ہے۔ ایک صاحب کو آنکھ میں ناسور تھا بہت علاج کرائے آپریشن بھی، لیکن ہر وقت گوشہ چشم سے پیپ بہتی رہتی اس کو آب انار شریں سبز رنگ کی بوتل والا ڈراپر میں ڈال کر دیا گیا اور تاکید کی گئی کہ اس پانی کو مسلسل 40 یوم تک صبح دوپہر شام آنکھ میں ڈالے، الحمدللہ مریض تندرست ہوگیا۔ **امراض قلب:۔** ضعف قلب یعنی دل کی کمزوری، دھڑکن، دل ڈوبنا وغیرہ تمام علامات کے لیے انار اعلیٰ درجہ کا مفید ہے۔ خفقان اور ہائی بلڈ پریشر میں اس کا شربت بہت مفید ہے، اگر کھانے کے بعد کھٹ میٹھا یعنی قندھار سرخ انار کھالیں تو یہ دل کے عوارضات کے لیے مجرب ہے۔

چہرے کی بے رونقی اور تبخیر معدہ

بعض مریض چہرے کی بے رونقی کی شکایت کرتے ہیں مسلسل کریمیں استعمال کیں، ٹانک کھائے لیکن بے رونقی مسلسل رہی، جب ان سے انار ہر کھانے کے بعد کھانے کو کہا گیا تو چہرے پر رونق لوٹ آئی، سیاہ حلقے ختم ہوگئے پچکے ہوئے گال بھر گئے، دھنسی ہوئی آنکھیں بارونق ہوگئیں۔

تبخیر معدہ:۔ یہ عالمی مرض ہے جتنا آج تک اس مرض کی دوائیں کھائی گئی ہیں یا بنائی گئی ہیں یا بیچی گئی ہیں، اتنا شاید کسی اور مرض کے لیے خرچ نہ کیا گیا ہو۔ آدمی تبخیر معدہ کا مریض ہے۔ امراض قلب کے ڈاکٹرز کے پاس پچانوے فیصد تبخیر کے مریض ہوتے ہیں جو معدے سے بے خبر دل کو تھامے ای۔سی۔جی لیے پھر رہے ہوتے ہیں۔ لیکن جب ہی تبخیر کے مریض کو ہر کھانے کے بعد کھٹ میٹھا یعنی قندھاری انار استعمال کرایا گیا اس کی صحت قابل رشک ہوگئی۔

انگلینڈ کے ڈاکٹر کا مسئلہ انار سے حل

ایک ڈاکٹر صاحب انگلینڈ میں پریکٹس کرتے ہیں، فرمانے لگے کہ آپ کے مضامین باقاعدگی سے پڑھتا ہوں، لیکن میرے پاس تبخیر کے مریض آتے ہیں، اس کا بھی علاج ہے؟ میں نے عرض کی کہ آپ کے گھر پر موجود ہے۔ فرمانے لگے کیا چیز؟ جب انہیں انار قندھاری ہر کھانے کے بعد کھانے کو عرض کیا گیا تو فرمانے لگے کہ اس میں صرف آئرن ہوتا ہے کوئی دوائی بتاؤ، میں نے پھر اسی پر اصرار کیا کہ دو ماہ مسلسل اسی کو استعمال کریں، جب انہوں نے اس ترکیب کو استعمال کروایا تو ان کے بے شمار مریض مستفید ہوئے۔

بے شمار مریض بھی مستفید ہوگئے ہیں

حاملہ کی متلی:۔ حاملہ کی قے، متلی اور ابکائی کو دور کرنے کے لیے قندھاری انار کا رس چوسنا بہت ہی مفید ہے۔ عام حالات میں حاملہ کے علاوہ بھی مفید تر ہے۔

خون کا سرطان:۔ خون کا سرطان جس میں ہیموگلوبن، سرخ خلیے کم ہوگئے ہوں بہت زیادہ مفید ہے، قندھاری انار استعمال کرائیں۔ اس کے علاوہ خون کی کمی خون کا پتلا ہونا تمام عوارضات کے لیے قندھاری انار مفید اور مؤثر ہے۔

ہاتھ پاؤں کی جلن:۔ جگر میں صفراء کی زیادتی، گرمی اور حرارت خون کی خرابی ودیگر عوارضات کے لیے انار کا استعمال بہت مفید ہے۔ اس کا شربت، جوارش انارین وغیرہ بہت مفید ہے۔

پیچش سنگرہنی:۔ پرانی سے پرانی پیچش کے لیے انار کا رس، اس کے اوپر والے چھلکے کا سفوف جوارش انارین، بہت زیادہ مفید ہے۔ بعض اوقات مریض کو پاخانے سے خون آتا ہے، مروڑ اٹھتے ہیں اور بار بار اجابت ہوتی ہے، ایسی تمام تکلیفات کے لیے انار کا رس، اس کے خشک چھلکے کا سفوف بہت زیادہ مفید ہے۔

خون کا اخراج:۔ اگر خون بواسیر کا ہو یا حیض کے خون کی زیادتی ہو، ہر دو کے لیے سفوف قشر (چھلکا) انار ہمراہ شربت یا رس انار یا شربت انجبار، بہت ہی مفید ترکیب ہے۔

کانچ نکلنا:۔ بعض کمزور بچوں کو حاجت کے علاوہ کانچ نکل آتی ہے، ایسی کیفیت میں سفوف انار کھلائیں اور اس سفوف میں انار کے پتوں کا پانی ملا کر بندھوائیں دو ہفتے سے نمایاں فائدہ ہوگا۔

پیٹ کے کیڑے:۔ پیٹ کے کیڑے جسم وجاں کے لیے سم قاتل سے کم نہیں اس کے لیے ایک منفرد مجرب ترکیب عرض ہے۔ پوست بیخ انار 40 گرام، 800 گرام پانی میں جوش دے کر چھان کر پلائیں اس طرح صبح وشام یہی پانی پلائیں ایک ہفتے تک استعمال کرانے سے بہت زیادہ فرق پڑ جاتا ہے اور پاخانہ کے راستے بے شمار کیڑے نکلتے ہیں۔

بندہ کی ہمہ وقت یہی کاوش ہوتی ہے کہ قارئین تک بالکل صحیح اور آسان نسخہ جات پہنچائے جائیں جس سے مخلوق کو نفع ہو اور ان کے روزمرہ زندگی کے مسائل اور الجھنیں حل ہوں باقی شفاء کا تعلق حکم ربی کے ساتھ ہے۔

پروسٹیٹ کینسر میں انار کے رس سے فائدہ

امریکہ میں کی گئی ایک تازہ ترین تحقیق میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ روزانہ آٹھ اونس والے گلاس میں بھر کر انار کا رس پینے سے پروسٹیٹ کینسر کی افزائش کی رفتار سست ہوجاتی ہے اور معمر افراد میں اس کے فوائد اتنے زیادہ دیکھے گئے ہیں کہ وہ اس مہلک مرض سے شفایاب ہوسکتے ہیں۔ تحقیق کرنے والوں نے کہا ہے کہ انار میں ایسے کیمیائی مادے موجود ہوتے ہیں جو خلیے کی تباہی کی شرح کم سے کم کردیتے ہیں، بالخصوص کینسر کے خلیات تباہ کردیتے ہیں۔ لاس اینجلس کی کیلی فورنیا یونیورسٹی میں کی گئی یہ تحقیق کلینیکل کینسر ریسرچ کے جرنل میں شائع ہوئی ہے۔

اس سے پہلے چوہوں پر انار کے جوس کا تجربہ کیا گیا تھا اور یہ دیکھا گیا تھا کہ ان کے پروسٹیٹ کینسر میں انار کے رس سے فائدہ حاصل ہوا ہے۔ تازہ ترین تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ انسان بھی انار کی اس خوبی سے مستفید ہوسکتے ہیں۔ یوسی ایل اے کی ٹیم نے اپنی توجہ ان 50 افراد پر مرکوز کی تھی جو پروسٹیٹ کینسر میں مبتلا ہونے کے بعد یا تو سرجری کے مرحلے سے گزرے تھے یا تابکاری سے ان کا علاج کیا گیا تھا لیکن پھر یہ دیکھا گیا کہ ان کی بیماری بہت (باقی صفحہ نمبر 59)

تھک چکے! ایک دم راستے بند ہو گئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک دم سارے راستے بند ہو جاتے ہیں۔ ہر قدم پر رکاوٹ ہو جاتی ہے۔ میری بیٹی جس کی عمر 33 سال ہو چکی ہے۔ اس کی بھی ابھی تک شادی نہیں ہو سکی۔ حکیم صاحب ہم ان مسائل پریشانیوں سے بہت تھک چکے ہیں۔ اس کا کوئی حل بتائیں۔ (ج، راولپنڈی)

جواب: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ وَ صَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَ الْمُسْلِمَاتِ۔ اس درود پاک سے دوستی کرلیں، اس کی برکت سے آپ کے تمام مسائل بہت آسانی سے حل ہو جائیں گے۔ روزانہ کم از کم ایک ہزار مرتبہ سب گھر والے یہ درود پاک پڑھیں پھر اپنی زندگی میں نعمتوں کی بارشیں دیکھیں۔

کپڑے کٹ جاتے ہیں، غیبی مخلوق گلا دبا دیتی ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرض ہے کہ مجھ پر جادو کے اثرات ہیں۔ سوتے ہوئے جیسے کوئی چیز میرا گلا دباتی ہے، اس وقت بولنے کی سکت ختم ہو جاتی ہے۔ کبھی احساس ہوتا ہے جیسے پیچھے کوئی کھڑا ہے۔ جسم میں بہت درد ہوتا ہے خاص کر کمر اور گھٹنوں میں شدید درد ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے میں کھڑے ہو کر نماز نہیں پڑھ سکتی، دل پر بوجھ رہتا ہے، بے سکونی سی ہے۔ کپڑے بھی کٹ جاتے ہیں۔ (پوشیدہ، ملتان)

جواب: آپ تہجد کے وقت اٹھ کر اچھی طرح وضو کریں، خوشبو لگا کر دو نفل پڑھیں، جائے نماز پر بیٹھ کر ایک تسبیح سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ کی پڑھیں۔ دن میں چلتے پھرتے بھی یہ وظیفہ پڑھتے رہیں۔ یہ مسنون تسبیح ہے، اس کی برکت سے تمام جادوئی اثرات ختم ہو جائیں گے۔

سفلی عمل! چار سال ہو گئے اولاد سے محروم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا ایک مسئلہ ہے مجھے امید ہے وہ بھی آپ کے ذریعے حل ہو جائے گا۔ حضرت صاحب میری شادی کو ساڑھے چار سال ہو گئے ہیں، میں ابھی تک اولاد کی نعمت سے محروم ہوں۔ حضرت صاحب میرا مسئلہ یہ ہے کہ جن دنوں میں ملنا ہوتا ہے ان دنوں میں مجھ پر کوئی نہ کوئی بیماری آجاتی ہے۔ یا پھر آپس میں جھگڑا ہو جاتا ہے اور جب سے میری شادی ہوئی ہے۔ تب سے مجھے ڈراؤنے خواب آتے ہیں۔ ہم دونوں میاں بیوی بہت پریشان ہیں۔ (ا۔ع، لاہور)

جواب: آپ صبح فجر اور شام عصر کی نماز کے بعد یا قَهَّارُ کی گیارہ تسبیحات اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں، چند دن یہ عمل کریں آپ پر جو بندش ہے ختم ہو جائے گی۔ نہایت توجہ دھیان اور یکسوئی سے اور عمل کے یقین کے ساتھ کریں، تمام بندشیں ختم ہو جائیں گی۔ اس کے علاوہ سارا دن کوئی سا بھی درود شریف وضو بے وضو لازم پڑھتے رہیں۔

رزق کی تنگی نے بے بس کر دیا اور سر پہ قرض ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں تنگی معاش کا شکار ہوں، قرض سر پر بہت زیادہ ہے، بہت مشکل حالات ہیں۔ آخر ان حالات کی وجہ کیا ہے، نیز ان حالات سے نکلنے کی تدابیر کیوں کارگر نہیں۔ (مبشر علی، حیدر آباد)

جواب: محترم اللہ پاک نے کسب حلال کے لئے محنت کو لازم قرار دیا ہے، اس لئے محنت بھی کریں اور اس کے ساتھ برکت والے اعمال کو اپنی زندگی میں شامل کریں تاکہ فیصلے آپ کے حق میں ہوں۔ کسی کی آہ کی نظر کسی کی حسرت کی نظر ہوتی ہے جو ہمیں لگ چکی ہوتی ہے لیکن احساس نہیں ہوتا، ان سب چیزوں کا حل قرآن اور مسنون اعمال میں موجود ہے۔ آپ سورۃ المائدہ کی آیت نمبر ۱۱۴ گیارہ مرتبہ پڑھ لیا کریں، دن میں چند بار یہ عمل کریں۔ بہت رحمت اور برکت ملے گی۔

شوہر کے دل میں محبت جگائیں

میرے شوہر کی طرف سے بہت پریشانی ہے۔ مالی طور پر تو بہت تعاون کرتے ہیں لیکن اخلاقی طور پر بالکل نہیں۔ 25 سال شادی کو ہو گئے ہیں۔ میں نے ہر طرح سے گھر کو بنائے رکھا، ہر طرح کی ان کی باتیں برداشت کیں۔ اب بچے جوان ہو گئے ہیں۔ ان کے سامنے بھی کوئی لحاظ نہیں کرتے۔ قصور نہ بھی ہو تو وہ بہت کچھ کہہ جاتے ہیں کہ بس میں صرف رو سکتی ہوں اور بات بالکل بھی نہیں سنتے۔

جواب: میرے پاس میاں بیوی کے جھگڑوں کے کیس بہت زیادہ آرہے ہیں، شیطان زیادہ خوش اس وقت ہوتا ہے جب میاں بیوی میں لڑائی اور جھگڑا کروانے میں کامیاب ہو جائے، دلوں میں وساوس ڈالتا ہے۔ اس معاملے میں ایک عمل کی تاثیر بہت زیادہ مشاہدے میں آئی ہے۔ ایک تسبیح درود ابراہیمی کی پڑھ کر اپنے خاوند کے دل کو ہدیہ کریں، دل میں وساوس نہیں آئیں گے اور دل میں محبت پیدا ہوگی۔

یہ وظیفہ سب کام بنا دے گا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا بھائی لندن گیا ہوا ہے۔ اس نے وہاں ویزہ کے لیے بہت پیسے دیئے ہیں لیکن مسئلہ حل نہیں ہو رہا، بھائی وہاں پردیس میں پریشان ہے اور ہم یہاں' ہم اپنا گھر بنا رہے ہیں اس میں بہت مشکلات کا سامنا ہے۔ براہ مہربانی ان مسائل کیلئے وظیفہ عنایت فرمادیں جس سے بھائی کی پریشانی بھی دور ہو جائے اور ہمارا یہ مسئلہ بھی حل ہو جائے۔ (ش، لاہور)

جواب: آپ یَا بَاسِطُ کا ورد بہت کثرت سے کریں۔ اللہ اپنے غیب کے خزانوں سے ایسے اسباب بنا دے گا کہ آپ کے تمام انکے کام بن جائیں گے۔ مزید اپنے بھائی سے کہیے کہ وہ بھی اس وظیفہ کا کثرت سے ذکر کرے اور ہر نماز کے بعد ایک تسبیح درود ابراہیمی لازم پڑھے۔

جس کام میں ہاتھ ڈالیں تو سونا ہو جائے، اگر ایسا برکت والا مقدر اور نصیب چاہتے ہیں تو اپنے نام کے اعداد کے حساب سے اسم اعظم لے لیجئے۔ (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

شوگر کی وجہ سے پاؤں سن رہتے ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! 2015ء سے عبقری سے رابطہ ہوا ہے، آج میں اپنے کچھ مسائل لے کر حاضر خدمت ہوں، اللہ تعالیٰ سے بہت پر امید ہوں کہ تسلی بخش علاج تجویز کریں گے۔ حکیم صاحب! میری عمر اس وقت 71 سال ہے، کافی عرصہ سے میرے پاؤں سن رہتے تھے، پہلے تو میں نے سوچا کہ کھلی جوتی پہننے کی وجہ سے ہے لیکن بعد میں معلوم ہوا کہ شوگر کی وجہ سے ہے۔ چلتے ہوئے کئی دفعہ چپل بھی نکل جاتی ہے۔ مہربانی کر کے اس کا کوئی علاج مکمل وضاحت کے ساتھ بتادیں۔

مشورہ: محترم شوگر کی وجہ سے جسم میں قوت مدافعت کم ہوجاتی ہے۔ اس لئے علاج کے ساتھ غذا کی بہت احتیاط کریں، آپ پر شوگر کی بیماری کا اثر بہت کم ہے، اس کے بہتر علاج سے آپ اس مرض سے مکمل چھٹکارا پا سکتے ہیں۔ آپ عبقری دواخانہ کا عرق شوگر شفاء اور روحانی پھکی مسلسل کچھ عرصہ استعمال کریں۔ ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

ایک بیٹا بے اولاد ہے

اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا احسان ہے کہ میرے پانچ بیٹے اور تمام شادی شدہ ہیں۔ چار بیٹے صاحب اولاد ہیں، درمیانے بیٹے کے بچے نہیں ہیں۔ ایک دفعہ امید ہوئی تھی لیکن بقول ڈاکٹر میری بہو ماں نہیں بن سکتی۔ اسے ایک بھائی نے اپنا بیٹا دیا ہے۔ میری خواہش ہے اللہ تعالیٰ انہیں بھی اولاد کی نعمت سے نوازے۔ (غلام مصطفیٰ خلجی عارف والا)

مشورہ: یہ اللہ پاک کا نظام ہے جسے چاہے اولاد دے اور جسے چاہے نہ دے، ہم صرف دعا اور علاج کر سکتے ہیں۔ ایک بہت مجرب نسخہ ہے یہ استعمال کروائیں ان شاء اللہ اولاد کی نعمت پائیں گے۔ **ھوالشافی:** چھوٹی الائچی، سرمہ سفید، ماجو، طباشیر انڈیا، کمرکس، مائیں، موصلی سفید انڈیا ہر ایک 100 گرام۔ گری، منقی اور خشخاش ہر ایک 250 گرام۔ چاول سرخ اور بادام مغز ہر ایک 125 گرام۔ سپاری 5 تولہ، مغز پستہ، زیرہ سفید، گوند کیکر، گوند کتیرا اور مصری ہر ایک آدھا کلو۔ تمام اشیاء ملا کر کوٹ پیس لیں۔ ایک بڑا چمچہ دودھ کے ہمراہ صبح و شام مرد و عورت دونوں استعمال کریں۔ چند دن، چند ہفتے مستقل مزاجی سے استعمال کیجئے۔ اچھا رزلٹ ہے۔

موٹاپے کی وجہ سے عمر بھی زیادہ لگتی ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 15 سال ہے لیکن میری جسامت بڑی عمر کی لڑکیوں جیسی لگتی ہے۔ میں بہت موٹی ہوگئی ہوں۔ میرا رنگ بھی کالا ہوتا جارہا ہے۔ اس کا کوئی حل بتادیں۔ میری والدہ مجھے دیکھ کر بہت فکرمند ہیں۔ (زہرہ نذیر راولپنڈی)

مشورہ: میتھرے کے بیج (جو اچار میں ڈالتے ہیں)، کلونجی، سبز چائے اور چھلکا اسپغول ہموزن باریک کرکے آدھا چمچ میں دوائی دن میں چار بار پانی کے ہمراہ چند ماہ استعمال کریں۔ چند دن استعمال کرکے چھوڑیں مت بلکہ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔

بچپن سے سانس اور دمہ کا مسئلہ ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے پیدائشی سانس اور دمہ کا مسئلہ ہے جس کی وجہ سے سانس لینے میں اکثر دشواری ہوتی ہے۔ مجھے انہیلر استعمال کرنا پڑتا ہے۔ ذرا سی بدپرہیزی ہوجائے تو سانس میں سیٹی کی آواز آتی ہے۔ کچھ عرصہ بعد میری شادی ہے۔ مہربانی فرما کر مجھے میرے اس مسئلے کا کوئی حل تجویز کردیں۔ میں بہت پریشان ہوں، اگر میرا یہ مسئلہ حل نہ ہوا تو ڈر ہے کہ کہیں میری شادی نہ رہ جائے۔ کیونکہ لڑکی والوں کو میری اس بیماری کا علم نہ ہے۔ (حسن رضا گوجرہ)

مشورہ: عناب ولائتی بیس دانہ، سپستان ساٹھ دانے، گوند کتیرا ساڑھے دس ماشہ، صمغ عربی ساڑھے دس ماشہ، بہی دانہ ڈیڑھ تولہ، اصل السوس (مقشر) دو تولہ، تخم خطمی دو تولہ، نیلوفر دو تولہ، گل بنفشہ دو تولہ، برگ اڑوسہ آدھ سیر۔ گوند کتیرا کے علاوہ تمام ادویہ کو پانی میں جوش دے کر مل کر چھان لیں اور قوام بنا لیں۔ اس میں آدھ سیر شکر ملا لیں۔ بعد ازاں گوند کتیرا کا سفوف کر کے وہ بھی قوام میں شامل کرلیں۔ شربت تیار ہونے پر بوتل میں بھر لیں۔ دو چمچ یہ شربت ایک گلاس پانی میں ہلکا گرم کر کے دن میں تین بار استعمال کریں۔ آپ اس مرض میں عبقری دواخانہ کا شربت اعجاز بھی استعمال کرسکتے ہیں۔ دمہ اور سانس کے مسائل میں بہت مفید ہے۔

چھ سال کی بیٹی کے گردوں کا مسئلہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیٹی کی عمر ساڑھے چھ سال ہے اور اس کے گردوں کا مسئلہ بن گیا ہے۔ مسلسل ڈائیلائسز کروا رہے ہیں۔ ہم نے ہر طرح کا علاج کروایا مگر یہ مرض بڑھتا ہی جارہا ہے۔ ڈاکٹروں کے مطابق یہ لاعلاج ہے۔ ہم تمام گھر والے بہت پریشان ہیں، ہمارا رو رو کر برا حال ہوجاتا ہے۔ براہ مہربانی مجھے اس مسئلے کا کوئی حل بتادیجئے۔ (رحمہ کی والدہ)

مشورہ: آپ بیٹی کو عبقری دوا خانہ کی گردے فیل شفاء استعمال کروائیں، خالص قدرتی اجزاء سے تیار شدہ یہ دوا گردوں کی بیماری کے لئے بہت کامیاب تریاق ہے۔ ڈائیلائسز کروا رہے ہیں تو اچانک مت رکوائیں، دوا استعمال کرنے سے آپ کو خود بہتری محسوس ہوگی، اس کے مطابق ڈائیلائسز کا دورانیہ بڑھاتے جائیں۔ ان شاء اللہ مکمل شفاء ملے گی۔ بے شمار مریض صحت یاب ہوچکے ہیں۔

آپ کے مسائل کا حل لیکن پہلے مجھے پڑھ لیں!

اس صفحہ پر امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام، موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

قاتلانہ سوچ ختم اور خیر خواہی کا جذبہ اجاگر! عبقری تیرا شکریہ!

قارئین! حضرت جی کے درس، موبائل (میموری کارڈ)، نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں، انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہو جاتی ہیں، آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں، روز سنیں، آپ کے گھر، گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کر دیئے گئے ہیں، کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہو گی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ پر اور آپ کے ساتھیوں پر کروڑوں رحمتیں نازل فرمائے اور آپ کا سایہ ہمارے سروں پر دیر تک قائم رکھے۔ میں عرصہ تین سال سے تسبیح خانہ آ رہا ہوں تسبیح خانہ آنے کی برکت سے آپ کی صحبت سے زندگی کا رخ ہی بدل گیا ہے، میرے جذبات بدل گئے ہیں، مجھے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی محبت ملی اور اولیاء کا عشق ملا، تسبیح خانہ آنے سے پہلے میرے جذبات ہی اور تھے۔

میں مسلک اور فرقہ واریت کی کشمکش میں مبتلا تھا۔ اپنے علاوہ دوسرے مسالک کا ادب، احترام بالکل بھی نہ تھا۔ اگر میرا سامنا کسی طرح سے کسی ایسے شخص سے ہو جاتا جو کسی اور مسلک کا ہوتا تو میں اس سے بہت برے طریقے سے پیش آتا تھا۔ غیر مسلموں کے لئے رواداری کا جذبہ بالکل بھی نہ تھا۔ دراصل میں نے 14 اگست 1947 میں مسلمانوں پر ہونے والے مظالم کی ایک کتاب پڑھی تھی جس میں ہندوؤں اور سکھوں کے بہت ہی خطرناک مظالم تھے۔ جو انہوں نے مسلمانوں پر کئے تھے جس کی وجہ سے میرے دل میں ان کے لئے ان کی اتنی نفرت تھی کہ میں ہر وقت ان کے خلاف سوچتا تھا کہ کسی طرح کوئی ہندو چہرہ میرے سامنے آئے اور میں اسے کیسے مار دوں۔

فکر رسول ﷺ اور خیر خواہی کا جذبہ

میری زندگی انہیں نفرتوں میں گزر رہی تھی۔ ہر وقت ایسے ہی انتشاری خیالات کی آگ میں جلتا رہتا تھا۔ میں اپنے انہی نظریات کے ساتھ زندگی جی رہا تھا اور سب سے اہم بات یہ کہ مجھے اس بات کا احساس تک بھی نہ تھا کہ ہمیں اسلام نے جو رواداری اور اللہ کے بندوں سے محبت کا پیغام دیا ہے میں اس کے بالکل برعکس چل رہا ہوں۔ میرے انہی نظریات کی وجہ سے بہت سے لوگ مجھ سے دور رہتے تھے اور میرے قریب آنا گوارا نہ کرتے تھے۔

اللہ کا یہ مجھ پر خاص کرم ہوا کہ مجھے تسبیح خانہ مل گیا۔ تسبیح خانہ میں آپ کی روحانی محافل میں شامل ہونے کے بعد اس بات کا احساس پیدا ہوا کہ میں کن غلط راہوں پر چل رہا ہوں۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کی زندگی سے ہمیں اچھے اخلاق، مسلمانوں کی آپس میں محبت اور بالخصوص غیر مسلموں سے اچھے حسن سلوک اور رواداری کی تعلیم دی گئی ہے۔ آپ کی محافل سننے کے بعد مجھ میں فکر رسول ﷺ بیدار ہوا کہ اصل میں فکر رسول ﷺ یہی ہے کہ ساری امت کے لئے دل میں خیر خواہی کا جذبہ ہو۔ اپنی ذات کے محور سے باہر نکل انسانیت کے لئے آسانیاں پیدا کرنے کی کوشش کی جائے یا کم از کم تمام انسانیت کی خیر اور بھلائی کے لئے اللہ سے مانگا جائے۔

میرے جذبات اور کیفیات بدل گئیں

الحمدللہ میری کیفیات اور جذبات ہی بدل گئے ہیں۔ پہلے کوئی شخص غلط لگتا تھا اس کے لئے بد دعائیں کرتا تھا۔ اب کوئی شخص کیسا ہی گنہگار اور خطار کار حتیٰ کے غیر مسلم ہی کیوں نہ ہو اس کی ہدایت اور خیر کے لئے دعائیں کرتا ہوں اور اکثر اوقات میری کیفیات ایسی ہو جاتی ہیں کہ رو رو کر اللہ سے تمام امت کے لئے دعا مانگتا ہوں۔

زندگی میں پہلے اعمال نام کی چیز نہیں تھی لیکن اب میری زندگی میں عبادات کا معمول بن گیا ہے۔ میں آپ کے بتائے ہوئے رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا والے نوافل پڑھتا ہوں جس میں 41 مرتبہ یہ دعا اس طرح پڑھنی ہے کہ پہلی تین رکعات میں سورۃ فاتحہ کے بعد دس دس مرتبہ اور چوتھی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ یہ دعا پڑھنی ہے، اس عمل سے مجھے بہت نفع ہوا ہے۔ میرے بہت سے کام اس عمل کی وجہ سے بنے ہیں۔ ایک سال سے سورۃ الم نشرح روزانہ 21 مرتبہ پڑھتا ہوں۔ اعمال کرنے کی بدولت میرے معاملات اتنے اچھے ہو گئے ہیں کہ مشکل سے مشکل کام بھی میرے لئے آسان ہو جاتا ہے، تسبیح خانہ آنے کے بعد میری زندگی میں بہت سی مثبت تبدیلیاں آگئی ہیں۔ میں ہر وقت دوسروں کے لئے دعائیں کرتا ہوں اور خیر خواہی کا جذبہ دل میں رکھتا ہوں۔

لاجواب حافظہ کا آزمودہ عمل

میں بہت کند ذہن تھا، میرے ذہن میں کچھ نہیں بیٹھتا تھا اور میرے دوست لائق تھے، FSC میں سب نے A اور A+ گریڈ لئے جبکہ میں دو پیپروں میں فیل ہو گیا۔ میں بہت شرمندہ تھا اور اپنے دوستوں کے ساتھ سامنے سے ہچکچاہٹ ہوتی تھی۔ آپ نے شب جمعہ کی محفل حضرت علیؓ والا عمل بتایا تھا جو کہ ان کو حضور ﷺ نے حافظہ مضبوط کرنے کے لئے دیا تھا۔ میں نے تقریباً پانچ یا سات جمعرات وہ عمل کیا جس کی وجہ سے میرے ذہن کی گرہیں کھل گئیں۔ اس عمل میں چار رکعات بڑی بڑی سورتوں کے ساتھ تھیں۔ آپ نے بتایا تھا کہ اگر یہ سورتیں نہیں آتیں تو کوئی بھی سورتیں پڑھ کر وہ سورتیں بعد میں قرآن پاک سے دیکھ کر پڑھ لیں۔ جس چیز یا سوال پر غور کرتا ہوں وہ میرے سامنے کھل جاتا ہے اب میں انجینئرنگ کر رہا ہوں اور پڑھائی میرے لئے بہت آسان ہو گئی ہے۔ عمل یہ ہے۔ شب جمعہ میں چار رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ یٰسین شریف پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ دخان اور تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ الم سجدہ اور چوتھی رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ ملک پڑھے، سلام پھیرنے کے بعد اللہ سے دعا کرے۔ (علی لقمان، لاہور)

عاملین کے پاس جا جا کر تھک چکے ہیں، بہت پیسہ ضائع کر چکے ہیں، ربیع الاول کی خاص سعات میں دھاگے کا عمل آپ کو سب سے بے نیاز کر دے گا (مزید صفحہ نمبر 65)

(اہلیہ سید کامران' کراچی)

دومنٹ کا عمل اور رب کی مدد فوراً حاضر!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ نے ایک روحانی محفل میں فرمایا تھا کہ دو رکعت نفل حاجات کا عمل بتایا تھا کہ اگر گھر میں کوئی چیز خراب ہو جائے تو صلوۃ الحاجات کے دو نوافل پڑھ کر دعا کرے تو ان نوافل کی برکت سے مسائل حل ہو جاتے ہیں۔ چند سال پہلے کی بات ہے میرے شوہر نے تسبیح خانہ میں رمضان گزارنے کے لئے آنا تھا۔ گھر میں ایک سلائی مشین تھی جو خراب ہو چکی تھی۔ میں نے اپنے شوہر سے کہا کہ اسے ٹھیک کروا دیں۔ انہوں نے اس شعبہ کے ایک مکینک کو گھر بلا کر سلائی مشین چیک کروائی۔ اس مکینک چند گھنٹوں میں وہ سلائی مشین ٹھیک کر دی اور چلا گیا۔ اس کے بعد میرے شوہر بھی لاہور روانہ ہو گئے۔ مجھے بھی تسلی تھی کہ مشین اب ٹھیک ہو چکی ہے اور میں اپنا کام وقت آنے پر آسانی سے کرلوں گی۔

ہمارے مانگنے میں کمی خدا کے دینے میں نہیں

مجھے جب کپڑوں کی سلائی کے لئے مشین کی ضرورت محسوس ہوئی تو میں نے مشین کو استعمال کرنا چاہا لیکن مشین نہ چلی اور وہ دوبارہ خراب ہو چکی تھی۔ میں نے بہت ضروری سلائی کا کچھ کام کرنا تھا۔ لیکن اچانک مشین دوبارہ سے خراب ہونے کی وجہ سے میں بہت زیادہ پریشان ہو گئی۔ اسی پریشانی کے عالم میں مجھے آپ کا بتایا ہوا عمل یاد آیا۔ میں نے فوراً وضو کیا اور دو رکعت صلوۃ الحاجات کے پڑھے لیکن مشین تھی کے ٹھیک ہونے کا نام نہیں لے رہی تھی۔ مجھے محسوس ہوا کہ میں نے نوافل بے توجہی سے پڑھے ہیں' عمل میں کمی نہیں بلکہ میرے مانگنے میں کمی ہے۔ میں نے دوبارہ سے صلوۃ الحاجات کے دو نفل یقین' توجہ اور دھیان کے ساتھ پڑھے اور اللہ سے اپنے مسئلے کے حل کے لئے دعا کی۔ اللہ نے ایسا کرم کیا کہ وہ مشین بغیر کسی مکینک کو دوبارہ دکھائے خود ہی ٹھیک ہو گئی۔ وہ دن اور آج کا دن اللہ کا شکر ہے دوبارہ میری سلائی مشین خراب نہیں ہوئی۔ جس کے بعد مجھے اس بات کا پختہ یقین ہو گیا کہ اللہ کے دینے میں کوئی کمی نہیں ہے' کمی صرف ہمارے مانگنے میں ہے۔

اچانک گاڑی کا حادثہ

ایک مرتبہ میرے شوہر کمپنی کی گاڑی میں ڈیوٹی سے واپس آرہے تھے کہ راستے میں بکری کا ایک بچہ سامنے آگیا' اسے بچانے کی کوشش بھی کی مگر بکری کا بچہ تو بچ گیا لیکن اس کی ٹانگ ٹوٹ گئی۔ وہاں پر لوگوں کا بہت زیادہ مجمع لگ گیا۔ جو شخص بکریاں چرا رہا تھا اس نے گاڑی کی چابی چھین لی اور دھمکیاں دینی شروع کر دی کہ مجھے اس کا معاوضہ دو ورنہ تمہیں یہاں سے جانے نہیں دیں گے۔ میرے شوہر نے ان کو سمجھانے کی کوشش کی اس میں میرا کوئی قصور نہیں بکری اچانک گاڑی کے سامنے آگئی جسے میں نے بچانے کی پوری کوشش کی۔ مگر وہ شخص کسی بھی طرح سے ماننے کو تیار نہ تھا۔ اتنے میں مغرب کی اذان شروع ہو گئی۔ میرے شوہر نے ان کے ساتھ جو گاڑی میں دفتر کے ساتھی تھے انہیں نماز پڑھنے کے لئے قریبی مسجد میں لے گئے۔ وہاں مغرب کی نماز کے بعد میرے شوہر نے دو رکعت صلوۃ الحاجات کے پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی۔ نماز پڑھنے کے بعد شوہر جب گاڑی کے پاس پہنچے تو حیران کن طور پر وہاں کوئی بھی شخص موجود نہ تھا۔ ایک شخص میرے شوہر کے پاس آیا اور ان کو گاڑی کی چابی واپس کر دی۔ میرے شوہر نے اس شخص سے پوچھا کہ سب لوگ جو جمع تھے وہ کہاں گئے اور جو شخص پیسوں کو مطالبہ کر رہا تھا کہ پیسے لئے بغیر گاڑی کی چابی نہیں دوں گا وہ کدھر ہے۔ اس پر اس شخص نے بتایا کہ جب آپ لوگ نماز پڑھنے کے لئے گئے تو جو شخص بکری کا اصل مالک تھا جب اس سے رابطہ کر کے ساری صورتحال بتائی گئی تو اس نے کہا کہ یہ سارا واقعہ تو اللہ کی مرضی سے ہوا ہے اس میں گاڑی والوں کا کوئی قصور نہیں ہے اس لئے انہیں جانے دو۔ میرے شوہر نے بتایا کہ وہ حیران ہو گئے کہ اچانک یہ سارا منظر کیسے بدل گیا پہلے ایسا لگ رہا تھا کہ آسانی سے یہ معاملہ حل ہونے والا نہیں ہے اور گاڑی بھی کمپنی کی ہے اگر اسے کسی نے نقصان پہنچا دیا تو پھر کمپنی مالکان کی طرف سے بھی پریشانی کا سامنا ہو سکتا تھا۔ اس کے بعد میرے شوہر کو فوراً خیال آیا کہ یہ آسانی اور عافیت والا معاملہ دو رکعت نفل صلوۃ الحاجات کے بعد اللہ سے دعا مانگنے کی وجہ سے ہوا ہے اور ان نوافل کی برکت سے اللہ نے اس مشکل سے نکالا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ اس نے آپ جیسا رہبر اور راہنما عطا کیا جو عبقری رسالہ کے ذریعے ہماری بہترین راہنمائی کر رہے ہیں۔

مولانا وحید الدین خانؒ

اللہ قربانی مانگتا ہے' لیتا نہیں!

حضرت ابراہیمؑ کو خواب میں یہ دکھایا گیا کہ آپ اپنے بیٹے کو خواب ہی میں ذبح کر رہے ہیں۔ حضرت ابراہیمؑ خواب کے مطابق اپنے بیٹے کو ذبح کرنے کے لئے تیار ہو گئے۔ مگر جیسے ہی آپؑ نے بیٹے کے گلے پر چھری رکھی' آواز آئی کہ بس۔۔۔ تم نے خواب کو پورا کر دکھایا۔ اس کے بعد آپ کو خصوصی طور پر ایک مینڈھا فراہم کیا گیا اور آپ نے بیٹے کے بدلے اسی مینڈھے کو ذبح کیا۔

یہ واقعہ بتاتا ہے کہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ قربانی مانگی جاتی ہے مگر قربانی لی نہیں جاتی۔ گلے پر چھری رکھی جاتی ہے مگر قبل اس کے کہ چھری آدمی کا گلا کاٹے' چھری کو گلے سے ہٹا دیا جاتا ہے۔ اس دنیا میں آدمی کا اصل امتحان نفسیاتی امتحان ہے نہ کہ جسمانی امتحان۔ خدا انسان کی آمادگی کو دیکھتا ہے نہ کہ ڈالنے کو۔ خدا کبھی کسی کو غیر ضروری مشقت میں نہیں ڈالتا۔ مگر مشقت سے نجات اسی کو ملتی ہے جو اپنے آپ کو مشقت کے حوالے کرنے کا واقعی ثبوت دے دے۔

جو لوگ قربانی کے راستے سے بھاگتے ہیں وہ صرف اس بات کا ثبوت دے رہے ہیں کہ وہ خدائے رحمان و رحیم پر یقین نہیں رکھتے۔ خدا تمام مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے۔ وہ اپنے بندوں پر اس سے زیادہ شفیق ہے جتنا کوئی باپ اپنے عزیز بیٹے کے لئے شفیق ہوتا ہے۔ ایسی حالت میں قربانی کے راستے سے بھاگنا خدا کے خلاف بے اعتمادی کا اظہار ہے۔ حالانکہ خدا جتنا لیتا ہے اس سے بہت زیادہ دیتا ہے۔ حضرت ابراہیمؑ نے خدا کو صرف ایک بیٹا پیش کیا تھا اور خدا نے ان کے سارے عالم کی امامت دے دی۔

انسان کو چاہیے کہ وہ کسی تحفظ کے بغیر خدا کے راستہ پر چل پڑے۔ وہ قربانی کے مواقع پر ہرگز اپنی طرف سے کوئی کمی نہ کرے۔ اسی کے ساتھ وہ یقین رکھے شفیق باپ سے بھی زیادہ مہربان اور طاقت ور خدا ہر آن اس کو دیکھ رہا ہے۔ خدا آدمی کا امتحان ضرور لیتا ہے مگر قبل اس کے کہ آدمی ہلاکت میں پڑے وہ ہاتھ بڑھا کر اسے اٹھا لیتا ہے۔ کیا عجیب ہے وہ بیٹا جو باپ کی پکار پر یقین نہ کرے۔ کیسا عجیب ہے وہ بندہ جو خدا کی بارگاہ میں اپنا اعتماد کھو دے۔

جس گھرانے کے ذریعے ایمان اور اسلام ملا جو ہمیشہ کی زندگی میں ہمیں کامیاب اور کامران کردے گا، ان کے وسیلے کی دعا ہماری عارضی زندگی بھی قابل رشک بنا دے گی۔ (مزید صفحہ نمبر 65)

جوڑوں کے درد سے پریشان افراد متوجہ ہوں!

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں، مجھے ہر مسئلے کا حل اس رسالے سے مل جاتا ہے، چاہے کوئی بیماری ہو یا کوئی روحانی مسئلہ ہو۔ میں فوراً پرانے رسالے نکال کر تلاش کرنا شروع کر دیتی ہوں۔ مجھے کوئی نہ کوئی حل ضرور مل جاتا ہے۔ آپ اکثر درس میں فرماتے ہیں اپنے تجربات اور مشاہدات عبقری کو لکھا کریں، آپ کی ایک تحریر سے کسی کی مشکل ٹل جائے، بیماری ختم ہو جائے تو یہ آپ کے لئے عظیم صدقہ جاریہ ہوگا۔ میرے ساتھ ایک تجربہ ہوا ایک دن میں گھر کا سامان لینے بازار گئی۔ میں نے عبقری کی کچھ ادویات بھی لینی تھیں تو اپنے شہر کی عبقری ایجنسی پر پہنچی، مجھ سے پہلے ایک خاتون سامان لے رہی تھیں۔ وہ شہر کے قریب ایک گاؤں سے آئی تھیں۔ انہوں نے بہت زیادہ عبقری کی ادویات اور چیزیں خریدیں، میں نے ان سے پوچھا کہ آپ یہ سیل کرتی ہیں یا گھر میں استعمال کرتی ہیں۔ وہ کہنے لگی کہ ہم گھر والے عبقری کی دوائیں استعمال کر رہے ہیں۔ ہماری تو انگریزی ادویات اور ہسپتالوں سے جان چھوٹ چکی ہے۔ اس نے بتایا کہ ایک ہی بار ادویات لے جاتی ہوں گاؤں سے بار بار آنا نہیں پڑتا اور اکثر محلے میں کسی کو کوئی مسئلہ ہو تو ہمارے گھر سے دوا لے جاتے ہیں۔ اس لئے میں زیادہ سامان لے جاتی ہوں۔ اس خاتون نے بتایا کہ میں جوڑوں کے درد کی مریضہ تھی، کافی علاج کروایا لیکن کوئی فرق نہ پڑا۔ گھر کے کام کاج کرنا بھی مشکل ہوگیا تھا، گھٹنوں میں اتنا درد ہوتا کہ چلنا دشوار ہوگیا۔ ایک دن میری ہمسائی نے بتایا عبقری کی ستر شفائیں استعمال کریں۔ مجھے عبقری کا تعارف بھی اپنی ہمسائی کے گھر سے ہوا' وہ بھی رسالہ پڑھتی ہیں۔ میں ستر شفائیں جس دن سے استعمال کر رہی ہوں مجھے سکون آنا شروع ہوگیا۔ ستر شفائیں کے کچھ عرصہ مسلسل استعمال سے مجھے جوڑوں کے درد سے مکمل نجات مل گئی ہے۔ کہنے لگی میری بہو حاملہ تھی اسے بھی میں نے یہی معجون استعمال کروائی حمل کے دوران کوئی پیچیدگی نہیں ہوئی اور صحت مند بیٹا پیدا ہوا۔ وہ خاتون عبقری کو کافی دعائیں دے رہی تھیں۔ (عالیہ اصغر، فیصل آباد)

زرغوانی نقرائی نے صحت لوٹا دی

میری عمر 49 سال ہے، وقت کتنی تیزی سے گزرا پتہ ہی نہ چلا، کل ہم خود بچے تھے آج ہمارے بچے جوان ہو چکے ہیں۔ زندگی کی بھاگ دوڑ نے اپنی صحت کے بارے میں سوچنے کا موقع ہی نہ دیا۔ میری عمر اتنی زیادہ بھی نہیں کہ جسم پر بڑھاپا کے آثار نمایاں ہو جائیں۔ میں ایک پرائیویٹ کمپنی میں جاب کرتا ہوں۔ میرے ایک کولیگ ہیں، اچھی فطرت کے انسان ہیں' میں ان سے اکثر اپنی باتیں شیئر کر لیتا ہوں۔ میں نے انہیں بتایا کہ جسم میں نقاہت اور پٹھوں میں کھچاؤ بہت بڑھ گیا ہے، اس کا کیا علاج ہوسکتا ہے۔ مجھے عبقری ویب سائٹ سے زرغوانی نقرائی کے فوائد پڑھائے اور پوچھا یہی علامات تمہیں محسوس ہو رہی ہیں۔ میں نے کہا بالکل سو فیصد ایسا ہی ہے۔ اس نے کہا یہ وہ شاہی نسخہ ہے جو بادشاہ اور نواب اپنی صحت کے لئے استعمال کرتے تھے۔ انہوں نے فوراً آرڈر کیا۔ جب میں نے استعمال شروع کیا تو پہلی خوراک سے افاقہ ہوا اور ایک ڈبیہ ختم ہونے تک بالکل صحت مند محسوس کر رہا ہوں' ازدواجی زندگی میں بھی بہت فائدہ ہوا۔ (عبدالباسط، اسلام آباد)

سخت مروڑ اور پیٹ درد کی کامیاب دوا

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کی ادویات بہت موثر ہوتی ہیں۔ کچھ عرصہ سے مجھے پیٹ کی سخت تکلیف تھی، ایک دن میں نے باہر سے چاٹ اور گول گپے کھالئے' صبح اٹھتے ہی پیٹ میں سخت مروڑ اور درد تھا۔ مجھ سے برداشت نہیں ہو رہا تھا۔ پیٹ سخت ہو چکا تھا۔ ایک ڈبی ہاضم خاص گھر میں موجود تھی۔ میں نے فوراً ایک خوراک لے لی، بس دوا اندر جاتے ہی پیٹ صاف ہو گیا اور میری جان سکون میں آگئی۔ میری خالہ ہمارے گھر آئیں تو وہ اپنے ہاضمے سے پریشان تھیں، کچھ بھی کھا لیں تو پیٹ پھول جاتا اور بہت دیر سے ہضم ہوتا۔ میں نے انہیں بھی ہاضم خاص دی، کھانے کے بعد آدھا چائے کا چمچ لی تو خالہ کو بھاری پن محسوس نہ ہوا اور کھانا بھی ٹھیک سے ہضم ہوگیا، تو خالہ بہت خوش ہوئیں۔ کہنے لگیں بیٹا یہ مجھے بھی منگوا دو میں بہت عرصہ سے پریشان تھی جب کچھ کھاتی گھٹنوں تک ہضم نہیں ہوتا۔ میں نے کہا آپ یہ لے لیں اگر اور چاہیے ہوگی تو عبقری دواخانہ سے منگوا لیجئے گا۔ (ر خ۔ د، لاہور)

کمزور بچوں کو نبوی غذا سے صحت مند بنائیے!

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری دو بیٹیاں ایک بیٹا ہے۔ ابھی ان کی عمر کم ہے لیکن یہ بہت کمزور تھے۔ بڑی بیٹی بہت زیادہ کمزور تھی۔ میں تسبیح خانہ ہر جمعرات محفل میں شامل ہوتی ہوں۔ مجھے یہاں ایک خاتون نے بتایا کہ آپ کی بیٹی کمزور ہے اسے عبقری تلبینہ کا استعمال کروائیں یہ بالکل ٹھیک ہو جائے گی۔ میں نے واپسی پر دو ڈبے تلبینہ لے لئے اور اگلے ہی دن سے سب بچوں کو دن میں ایک مرتبہ تلبینہ بنا کر کھلانا شروع کیا۔ بچوں کو اتنا پسند آیا کہ وہ بہت شوق سے کھاتے ہیں' بلکہ روزانہ انتظار کرتے ہیں کہ کب تلبینہ کھائیں گے۔ چند دن میں ہی مجھے بچوں کی صحت میں بہتری محسوس ہوئی، میں نے مزید پابندی سے دینا شروع کر دیا ایک ماہ میں مجھے واضح فرق محسوس ہوا کہ بچے صحت مند ہو رہے ہیں۔ بچوں کے چہروں پر رونق آنا شروع ہوگئی۔ اب پڑھائی میں بھی خوب دل لگا کر محنت کرتے ہیں۔ کھیل کود میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں، ورنہ پہلے ہر وقت مرجھائے اور ڈرے سہمے رہتے تھے۔ بڑی بیٹی کی سکول ٹیچر نے بھی نوٹ کیا کہ اس کی صحت بہت بہتر ہوئی ہے اور پڑھائی میں بھی پراگریس اچھی ہوئی ہے۔ تو اس ٹیچر نے بیٹی کو بلا کر پوچھا کہ آپ کی صحت تو پہلے سے بہت بہتر ہوگئی ہے۔ یہ کیسے ہوئی؟ تو بیٹی نے بتایا کہ والدہ ہمیں روزانہ بہت مزیدار کھیر بنا کر دیتی ہیں۔ چند دن بعد اس کی ٹیچر نے مجھے فون کیا کہ میں آپ کی بیٹی کی ٹیچر ہوں، آپ کی بیٹی کی صحت چند ماہ میں ہی بہت اچھی ہوگئی ہے۔ میں پوچھنا چاہتی ہوں آپ بیٹی کو کیا چیز دیتی ہیں۔ میرے بھائی کے بچے بھی بہت کمزور ہیں جس کی وجہ سے ہم سب پریشان رہتے ہیں۔ میں نے فوراً بتایا کہ عبقری تلبینہ ایک نبوی غذا ہے' میں یہی بنا کر بچوں کو دیتی ہوں۔ اسے میں نے عبقری دواخانہ کا ایڈریس اور نمبر بھیج دیا۔ چند ماہ بعد ان سے ملاقات ہوئی تو بہت شکریہ ادا کر رہی تھیں کہ عبقری تلبینہ سے بچوں کی صحت بہت بہتر ہوگئی ہے (م۔ا، لاہور)

زندگی کے جس موڑ پر کوئی پریشانی آئے کوئی مصیبت آئے، آپ کے سامنے کوئی راستہ نہ ہو، اسوقت اس اسم کو چند مرتبہ پڑھیں اور کمال دیکھیں۔ (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

(ڈاکٹر نورین اقبال، راولپنڈی)

باورچی خانہ آپ کا کلینک بھی ہے

زمانہ قدیم میں مختلف بیماریوں کا علاج پھلوں، پھولوں، پتوں، پودوں اور دیگر جڑی بوٹیوں سے کیا جاتا تھا۔ جدید سائنس نے تحقیق سے آج بھی ان کی اہمیت وافادیت تسلیم کی ہے۔ اس وقت ادویات سازی کی معروف ملٹی نیشنل کمپنیاں بھی انہی پھلوں، پھولوں، پتوں اور جڑی بوٹیوں کو ادویات میں شامل کررہی ہیں اور بلاشبہ ان کے نتائج نہایت حوصلہ افزا ہیں۔ اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ ان قدرتی چیزوں کے علاج سے مریض کو کسی قسم کے مضر اثرات کا خطرہ نہیں رہتا۔ اگر کسی چیز سے خدانخواستہ آپ کو افاقہ نہیں ہوتا تو اس کا نقصان بھی نہیں ہوگا۔ لہٰذا ان کا استعمال بلا جھجھک کیا جاسکتا ہے۔ بات صرف اتنی سی ہے کہ آپ کو علم ہونا چاہیے کہ کسی بھی پھول، پتے یا پودے کے اندر اللہ تعالیٰ نے کون سی خوبی یا تاثیر رکھی ہے اور وہ کس مرض کے لیے زیادہ مفید وکارآمد ہے۔ نوٹ: باورچی خانے کی بے انتہاء چیزیں باقی ہیں جو وقت ضرورت دوا اور علاج کا کام دیتی ہیں اور فرسٹ ایڈ کے طور پر استعمال میں لائی جاسکتی ہیں لیکن اس مرتبہ تھوڑی سی تبدیلی کے لیے پھول پتے اور پودوں کی افادیت اور فوری استعمال سے عارضی علاج کے طریقے دیئے جارہے ہیں۔ کوئی گھر ایسا نہیں ہے جہاں پھول پتے پودے جگہ نہ ہونے کے باوجود بھی گملے میں لگے نہ ہوں۔

مہندی کے پھول پتے

منہ میں آبلہ ہوگیا ہو، اکثر رات گئے کھانا کھانے یا تیز مصالحے یا گرم مصالحے والے کھانوں سے یا کسی بھی وجہ سے منہ میں آبلے یا دانے بھر گئے ہوں تو آپ مہندی کے سبز پتے چبا چبا کر تھوکتے جائیں، پھر کچھ پتوں کو میٹھے پانی میں ابال کر چھان کر ٹھنڈا کر کے غرارا کریں آبلے اور دانے مندمل ہوجائیں گے یا ان کی جلن کافی کم ہوجائے گی پھر تھوڑی سی سونف چبالیں۔ آپ کو نیند نہ آرہی ہو، بے چینی ہو تو تھوڑے سے مہندی کے پھول توڑ کر تکیہ کے غلاف کے اندر یا تکیہ کے قریب یا کسی کپڑے میں باندھ کر اپنے سرہانے رکھ لیں جلد اور گہری نیند آجائے گی۔
آپ جل گئے ہوں اور گھر میں کوئی دوا نہ ہو تو مہندی کے پتے پانی کے چھینٹے مار کر پیس لیں اور جلی ہوئی جگہ پر لیپ کردیں۔ جلن کم ہوجائے گی۔ اگر آپ کی ہتھیلیوں اور تلوؤں میں جلن ہو تو بھی یہی لیپ فائدہ پہنچائے گا۔

پودینہ

بدہضمی کی وجہ سے الٹی ہورہی ہو اور کوئی دوا ممکن نہ ہو تو آپ پودینہ پیس لیں اور چھان کر پی لیں، افاقہ ہوگا۔
رات گئے کھٹی ڈکاریں آنے لگیں۔ سینہ جلنے لگے تو پودینہ کا پتہ چبا چبا کر کھانے سے افاقہ ہوگا۔

ہری مرچ کے پتے

بچھو نے کاٹ لیا ہو، زہر کی وجہ سے شدید جلن اور تکلیف ہورہی ہو اور دن یا رات کا وقت ہو فوری دوا یا مرہم ممکن نہ ہو تو آپ مرچ کے ہرے پتے چبا چبا کر تھوکتے جائیں زہر نکل جائے گا اور جلن ختم ہوجائے گی۔

دھنیا اور ہرے پتے

رات کا وقت ہو یا دوپہر کا، اللہ نہ کرے آپ یا آپ کا بچہ پیٹ کے درد سے تڑپنے لگے، کوئی دوا ممکن نہ ہو چکن میں آیئے چند دانے دھنیا پانی میں اچھی طرح کوٹ کر چھان کر خود پی لیں یا بچے کو پلادیں، درد میں آرام آجائے گا۔ بچے کا یا آپ کا سر چکرا رہا ہو یا تے (الٹی) ہورہی ہو اور کسی طور پر رک نہ رہی ہو تو تھوڑا سا ہرا دھنیا چھان کوٹ کر مصری ملا کر گھونٹ گھونٹ پئیں یا پلائیں الٹی رک جائے گی اور طبیعت بشاش ہوجائے گی۔ رات گئے یا کسی وقت بھی چھینکیں آنے لگیں اور کوئی دوا دستیاب نہ ہو خشک یا ہرے دھنیا کی پوٹلی بنالیں اور بار بار سونگھیں چھینکیں رک جائیں گی۔ گرمی کے دنوں میں اکثر نکسیر پھوٹ جاتی ہے۔ سبز دھنیا کے پتہ کا عرق ناک میں ٹپکانے سے نکسیر بند ہوجاتی ہے۔ آپ کے بچے یا آپ کو دست ہونے شروع ہوگئے ہوں کیکر یا ببول کے پتے پانی میں پیس کر چھان کر پی لیں یا بچے کو پلادیں دست رک جائیں گے۔
لہسن: سانپ نے کاٹ لیا ہو تو تھوڑا سا سبز لہسن پتے سمیت پیس کر دودھ میں ملا کر مارگزیدہ (سانپ کے کاٹے) کو پلائیں زہر کے اثرات ختم یا بالکل کم ہوجائیں گے۔ لہسن اور نمک پیس کر بھڑ اور بچھو کے کاٹے پر لیپ کردیں درد اور جلن فوری ختم ہوجائے گا۔

مولی، میتھی، پیاز

رات گئے کھانسی شروع ہوگئی ہو اور کسی طور پر چین نہ مل رہا ہو تو آپ مولی کے پتے چبالیں، تھوڑی دیر میں سکون مل جائے گا۔ اسی طرح میتھی اور ہری پیاز پتے کے ساتھ چبانے سے بھی کھانسی کو فائدہ ہوتا ہے۔

پپیتے کے پتے سے ورم کا علاج

جسم کے کسی حصے پر ورم آگیا ہو تو آپ پپیتے کا پتا نیم گرم کر کے سوجن والے حصے پر لگائیں یا باندھ دیں چند منٹ بعد پتا تبدیل کردیں سوجن ختم ہوجائے گی۔

رات کی رانی

آپ کی رات گئے بے چینی سے آنکھ کھل جاتی ہے، آپ اعصابی تناؤ کا شکار ہوجاتے ہیں یا شدید ذہنی تھکاوٹ کا شکار ہیں، رات کی رانی کے ڈھیر سارے پھول لے آئیں اور انہیں مسل کر کپڑوں پر لگالیں یا پھولوں کو اپنے اردگرد رکھ لیں تھوڑی ہی دیر میں ذہنی تھکاوٹ اور اعصاب دباؤ ختم ہوجائے گا۔

بیلا (موتیا)

خنکی محسوس ہورہی ہو، طبیعت میں کسل مندی ہو تو موتیا اور بیلا کا پھول اپنی جیبوں میں بھرلیں اپنے کپڑوں میں رکھ لیں یا کچل کر اس کا عرق کپڑوں پر لگالیں، تھوڑی دیر میں آپ کا دوران خون تیز ہوجائے گا اور کسل مندی ختم ہوجائے گی۔
گیندا: چھینکیں آرہی ہوں اور نزلہ زکام کی کیفیت ہو تو آپ کئی گیندے کے پھول سونگھ کر پھینک دیں، پھول کا اندرونی حصہ چبا کر تھوک دیں، نزلہ اور چھینکیں ختم ہوجائیں گی۔

آنکھوں میں جلن یا آشوب چشم آسان علاج لیجئے

رات گئے یا ایسے وقت جبکہ فوری ڈاکٹر کو دکھانا ممکن نہ ہو اور آپ کی آنکھوں میں جلن شروع ہوگئی ہو آنکھیں سرخ ہورہی ہوں، آنکھیں چپک گئی ہوں، آشوب چشم کے سبب تو آپ گلاب کے پتے لیکر کچل لیں اور اس کا پانی لے کر آنکھوں کو دھوئیں۔ نیز چند قطرے آنکھوں میں ڈالیں، تھوڑی سی دیر میں آنکھوں کو سکون ملے گا اور جلن کم ہوجائیگی؛ چپکی ہوئی آنکھ کھل جائیگی اور نظر بھی تیز ہوجائے گی۔ اسی طرح عرق گلاب دستوں کیلئے بھی فائدہ مند ہے، اگر نیند نہ آرہی ہو تو گلاب کے چند تازہ پتے تکیے کے پاس رکھ لیں یا پتے کا عرق نکال کر کنپٹی اور ناک پر لگائیں۔

مہنگائی بڑھ رہی ہے، آمدن کے ذرائع محدود ہیں، پریشان نہ ہوں، اسم اعظم کی غیبی مدد کو ساتھ لے لیجئے اللہ آپ کو تونگری عطا فرمائے گا۔ (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

اپنی جان یا کسی قیمتی چیز کی حفاظت کیلئے گیارہ سیکنڈ کا عمل

(ط،م، گوجرانوالہ)

محترم حضرت شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں اپنی بیٹی کے رشتہ کے حوالے سے کافی پریشان تھی کہ بیٹی کے لئے اللہ کہیں سے کوئی اچھا رشتہ بھیج دے اور تمام معاملات خیر و عافیت کے ساتھ طے پا جائیں۔ میں نے سورۃ کوثر کے بہت سے مشاہدات سن رکھے تھے۔ اس لئے میں نے اپنی بیٹی کے رشتہ کی نیت سے سورۃ کوثر کو پڑھنا شروع کر دیا۔ اس عمل کی برکت سے کچھ ہی عرصہ میں میری بیٹی کا ایک اچھا رشتہ آیا اور تمام امور خیر و عافیت کے ساتھ طے پا گئے۔ اس کے بعد بیٹی کی شادی کی فکر تھی کہ شادی کا سارا انتظام کیسے ہوگا۔ میں نے سورۃ کوثر کو شادی کے انتظامات کی نیت سے پڑھنا شروع کر دیا اور اللہ پاک نے کرم کیا غیب سے تمام اسباب اللہ پاک نے عطا فرمائے اور میری بیٹی کا رشتہ سے لے کر شادی تک کے تمام معاملات سورۃ کوثر کے اس عمل کی برکت سے ہو گئے۔

ٹریفک کے رش سے نجات

جب بھی کبھی ٹریفک کا رش بڑھ جاتا ہے اور مجھے دیر ہو رہی ہو تو میں سورہ الم نشرح پڑھنا شروع کر دیتی ہوں جس کی برکت سے رش بالکل ختم ہو جاتا ہے۔

مخدوم صاحبؒ والا عمل کرتی ہوں کام ہو جاتا ہے

مجھے جب بھی کوئی ضرورت ہوتی ہے یا میرا کوئی کام اٹک جاتا ہے تو میں حضرت مخدوم صاحبؒ والا عمل کرتی ہوں۔ جس میں اول و آخر تین بار درود پاک، ایک بار سورۃ فاتحہ اور تین بار سورۃ اخلاص پڑھتے ہیں۔ میری جب تک ضرورت پوری نہیں ہو جاتی یا کام نہیں ہوتا تو میں مسلسل یہی عمل کرتی ہوں جس کی برکت سے میری مراد پوری ہو جاتی ہے۔ کبھی کبھار دیر تو ہو جاتی ہے لیکن میرا مشاہدہ ہے کہ اس عمل کی برکت سے کام ضرور ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ اگر کسی بڑے افسر یا گھر کے کسی ایسے فرد سے کام کروانا ہو جو بظاہر مشکل نظر آ رہا ہو تو یہی عمل پڑھ کر اس مطلوبہ شخص کو ہدیہ کریں تو مطلوبہ شخص کا دل نرم ہو جاتا ہے اور کام بن جاتا ہے۔

جوڑوں کے درد کا مسئلہ ختم ہو گیا

میرے جوڑوں میں کچھ عرصہ سے تکلیف تھی جو دن بدن بڑھتی چلی جا رہی تھی میں نے شیخ الوظائف کا بتایا ہوا وضو کے بعد تین گھونٹ والا عمل اور رات کو سوتے وقت پاؤں کے تلوؤں کی مالش کرنا شروع کی تو مجھے جادوئی طور پر اس نسخہ کا فوراً فائدہ ہوا کہ میں خود حیران ہوں۔

کانوں میں عجیب آوازیں اور سر درد رہتا تھا

میرے کانوں میں بہت دنوں سے عجیب سی آوازیں مسلسل آ رہی تھیں اور میرا سر بھی چکرا رہا تھا' ان دنوں میرے جسم کی عجیب سی کیفیت ہوئی تھی۔ جس وجہ سے سارا دن اسی پریشانی والی کیفیت میں گزرتا تھا۔ میں نے اس مسئلے کے لئے **الحسبتہ** اور اذان والا عمل وقفہ وقفہ سے کرنا شروع کیا۔ مجھے کچھ ہی دیر میں اس عمل سے افاقہ ہوا اور میں نے اس عمل کو جاری رکھا تو میرا یہ مسئلہ بالکل ختم ہو گیا۔

تین دن میں ہر حاجت پوری

اگر کوئی بھی کتنی بھی بڑی حاجت ہو تو 3 بار سورۃ یٰسین اول آخر بار درود پاک کے ساتھ اس ترتیب کے ساتھ پڑھیں کہ جب بھی لفظ ''مبین'' پر پہنچیں تو اپنے مسئلے کا تصور کرتے ہوئے اللہ سے اس کے لئے دعا کریں۔ سورۃ یٰسین میں جتنی جگہ پر بھی لفظ مبین آئے تو یہی عمل کیجئے اور اسی طرح 3 بار سورۃ یٰسین مکمل کیجئے۔ میرا یہ آزمودہ عمل کہ کتنی بھی بڑی بڑی حاجت یا مشکل ہو اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ 3 دن میں حاجت پوری اور مشکل ٹل جائے گی۔

لفظ زم زم کی برکت

لفظ زم زم کے کمالات میں نے آپ کی شب جمعہ کی محفل میں سنے تھے۔ جس میں سے ایک یہ بھی تھا کہ جب بھی بچہ رو رہا ہو یا ضد کر رہا ہو تو لفظ ''زم زم'' چند بار پڑھنے بچہ خاموش ہو جاتا ہے اور رونا بند کر دیتا ہے۔ میں نے اس عمل کا بار ہا تجربہ کیا اور مجرب پایا کہ بچہ جب رو رہا ہو تو ''زم زم'' پڑھنے سے بچہ خاموش ہو جاتا ہے اور اگر کوئی ضد کر رہا ہو تو وہ ضد بھی چھوڑ دیتا ہے۔

حفاظت کا انوکھا عمل

اپنی جان کی حفاظت یا کسی بھی قیمتی چیز کی حفاظت کی نیت سے یاحفیظ یاسلام 11 بار یا ایک تسبیح پڑھ کر دم کر دی جائے تو اس سے اللہ پاک حفاظت فرماتے ہیں اور اس سے بری نظر سے بھی حفاظت رہتی ہے۔

زیر ناف بیماریوں کے لئے

زیر ناف بیماریوں کے لئے یعنی کہیں زخم وغیرہ ہو یا کوئی بھی کسی قسم کی بیماری ہو تو اللہ کے مبارک نام اَلْمَلِكُ اَلْقُدُّوْسُ اَلسَّلَامُ صبح و شام گیارہ گیارہ بار پڑھ لیں تو ان امراض سے شفاء ملتی ہے' یہ بار ہا کا آزمودہ ہے۔ اگر اس عمل کو مستقل اپنی زندگی میں شامل کر لیا جائے تو زیر ناف بیماریوں سے حفاظت رہتی ہے۔

کام ایک نہ ہوا سارا دن گزر گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے جب سے آپ کا بتایا ہوا فجر کی پہلی دو سنتوں والا عمل جس کی پہلی رکعت میں سورۃ الم نشرح اور دوسری رکعت میں سورۃ فیل کو پڑھنا شروع کیا تب سے میرے وقت میں اللہ تعالیٰ نے بہت برکت دے دی ہے۔ اس سے پہلے میرے اکثر کام ادھورے رہ جاتے تھے۔ لیکن جب سے میں نے یہ عمل کرنا شروع کیا تب سے میرے کام آسان ہو جاتے ہیں اور میں کم وقت میں پہلے سے زیادہ کام کر لیتا ہوں جو کہ اس سے پہلے میرے ناممکن نظر آتا تھا۔ (شاہد اشتیاق، کراچی)

اہلیہ پر شیطانی اثرات تھے

محترم حضرت شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! جب سے ہجویری محل آستانہ منت مراد کا افتتاح ہوا ہے مخلوق خدا کو ایک ایسی جگہ مل گئی ہے جہاں جا کر لوگ خالص اللہ کے خزانوں سے لینے والے بن گئے ہیں۔ ہمیں اللہ کے ذکر اور اعمال سے اپنے غم اور مشکلات ٹلوانے کا ذریعہ مل گیا ہے۔ میری اہلیہ پر بہت سخت شیطانی اثرات تھے، اسے اکثر دورے پڑتے تھے۔ مجھے میرے ایک عزیز نے آستانہ منت مراد (واقعہ لاہور، شیخوپورہ روڈ سٹاپ قلعہ ستار شاہ سے چار کلومیٹر اندر) جانے کا مشورہ دیا۔ میں اپنی بیوی کو لے کر آستانہ منت مراد پہنچ گیا۔ وہاں جا کر میری بیوی نے ٹھوٹھیوں والا عمل' کرشماتی رومال' اونٹ کی ہڈی اور اسمائے حسنیٰ کے جلوؤں والا عمل بھی کیا۔ میں اور میری اہلیہ نے چند بار آستانہ منت مراد میں حاضری دے کر یہ اعمال کرتے رہے جس کی برکت سے میری اہلیہ بالکل ٹھیک ہو گئی اس پر جو شیطانی جادوئی اثرات تھے وہ بھی بالکل ختم ہو گئے۔ جس کی وجہ سے ہماری زندگی اجیرن ہو چکی تھی۔ یقین کیجئے ''آستانہ منت مراد'' بے مرادوں کیلئے مراد پانے کی جگہ ہے۔ (ثاقب، شیخوپورہ)

جہاں سے بے شمار ایسے اعمال دیے جاتے ہیں جس سے مخلوق کے سب مسائل حل ہوتے ہیں، اس جگہ کے لئے مانگنے والے کو کیا ملے گا۔ (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

شوہر گالیاں دے یا نامناسب رویہ اختیار کرے بس یہ پڑھ لیں!

ہر جائز مراد پوری ہوگی

کسی بھی جائز مراد کے لئے چاہے وہ کتنی ہی مشکل نظر کیوں نہ آتی ہو چند ہفتے مستقل مزاجی سے روزانہ 90 مرتبہ سورۃ الشمس اول و آخر 7 بار درود پاک کے ساتھ تلاوت کریں ان شاء اللہ ہر مراد پوری ہوگی۔

اچھی نوکری کے لئے

جس شخص کو اچھی نوکری کی تلاش ہو تو اسے چاہیے کہ درج ذیل کلمات 121 مرتبہ روزانہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھیں ان شاء اللہ بہت جلد نوکری مل جائے گی۔ یَاعَلِیْمُ یَاحَکِیْمُ یَارَءُوْفُ یَاشَافِیُ یَاوَھَّابُ۔

امتحان میں کامیابی کے لئے

امتحانات میں اگر نمایاں نمبروں سے کامیابی حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ہر نماز کے بعد 100 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھنے کا معمول بنا لیں ان شاء اللہ ہر امتحان میں کامیابی ہو گی۔ اس عمل کو آپ بہترین روزگار کے لئے بھی کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ جس دن امتحان ہو اس دن سورۃ قلم دو مرتبہ پڑھ کر پین پر پھونک مار کر اسی سے اپنا پرچہ حل کریں انشاء اللہ بہت خیر اور آسانی والا معاملہ ہوگا۔

ہر قسم کی حاجت کے لئے

یہ عمل بہت سے اولیاء اللہ کے معمول میں شامل رہا ہے۔ ہر قسم کی حاجت روائی کے لئے بہت ہی انمول اور مجرب ہے۔ یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد 1200 مرتبہ اول آخر درود پاک کے ساتھ 12 دن تک پڑھیں۔ ان شاء اللہ ہر جائز حاجت پوری ہوگی۔

ہر مقصد میں کامیابی

اگر کوئی بھی بات اللہ سے منوانا چاہتے ہیں تو دو رکعت نفل حاجت پڑھ کر بعد میں ایک بار سورۃ یٰسین کی تلاوت کریں اور پھر سارا دن اپنے مسئلے کا تصور کرتے ہوئے ان شاء اللہ یا آمین کا ورد کریں۔ اس کے علاوہ مقصد میں کامیابی کے لئے ایک اور عمل بھی کر سکتے ہیں۔ دو رکعت نفل حاجت کے پڑھیں جس کی پہلی اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ قریش پڑھیں۔ اس کے بعد التحیات اور درود ابراہیمی اور دعا کے بعد 21 مرتبہ سورۃ الم نشرح پڑھ کر سلام پھیر دیں اور اپنے مقصد کے لئے دعا کریں۔ ان شاء اللہ تین دن میں مقصد پورا ہو جائے گا۔

مشکلات کے خاتمہ کے لئے

زندگی میں کتنی بھی مشکلات اور پریشانیاں ہوں اگر کوئی شخص عشاء کی نماز کے بعد باوضو 7 مرتبہ سورۃ یٰسین کی تلاوت کا کچھ عرصہ معمول بنا لے تو ان شاء اللہ مشکلات ختم ہوں گی اور پریشانیاں دور ہوں گی۔

اگر کوئی شخص گالیاں دیتا ہو

اگر کوئی شخص (شوہر، دفتر میں باس) گالیاں دیتا ہو یا انتہائی نامناسب رویہ اختیار کرتا ہو تو ایسے شخص کی ان بری عادات کا تصور کر کے روزانہ 41 مرتبہ قرآن پاک کی یہ آیت پڑھیں صُمٌّۢ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَتَکَلَّمُوْنَ○ ان شاء اللہ چند ہی دنوں میں وہ شخص گالیاں دینا بند کر دے گا اور اس کے لہجے میں بھی بہتری ہوگی۔

جادو جنات کے لئے

اگر کسی شخص پر جادو جنات کے اثرات یا سایہ ہوں۔ جادو جنات کی وجہ سے زندگی اجیرن ہو چکی ہو تو اسے چاہیے کہ کثرت سے یا قہار کا ورد کرے' ان شاء اللہ بہت ہی جلد تمام شیطانی جادو جنات کے اثرات ختم ہو جائیں گے اور آئندہ بھی ان شاء اللہ حفاظت ہوگی۔

ہر قسم کی بیماری سے شفاء کے لئے

اگر کوئی شخص کسی بھی لاعلاج بیماری میں مبتلا ہو' علاج کروانے کے باوجود بھی کوئی افاقہ نہ ہو رہا ہو تو روزانہ سورۃ فاتحہ کو 21 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بیمار شخص کو پلائیں۔ ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے شفاء ہوگی۔

ہارون الرشید نے ایک دن شاہی باورچی سے دریافت کیا، کیا باورچی خانے میں جزدر (ایک قیمتی و نایاب جانور) کا گوشت ہے؟ حضور! ہر طرح کا گوشت ہے۔ شاہی باورچی نے جواب دیا۔ ہارون الرشید نے حکم دیا تو آج رات کا ڈنر اسی سے ہوگا۔ رات کا کھانا لگایا گیا، ہارون الرشید نے جزدر کے گوشت کا ایک نوالہ منہ میں رکھا۔ پاس جعفر برمکی کھڑا تھا وہ ہنس دیا، ہارون الرشید نے دریافت کیا کہ تم ہنسے کیوں؟ جعفر نے کہا کہ "بس چھوڑیئے"۔ ہارون الرشید کہنے لگے نہیں جب تک بتاؤ گے نہیں میں کھانا نہیں کھاؤں گا۔ آپ کے خیال میں یہ جو ابھی ایک لقمہ آپ نے کھایا ہے اس کی مالیت کیا ہوگی؟ جعفر نے دریافت کیا؟ ہارون الرشید کا جواب تھا قریباً تین ہزار درہم۔ نہیں حضور! اس کی قیمت 4 لاکھ درہم ہے، جعفر حیران کرنے پر تلا ہوا تھا۔ یہ سن کر ہارون الرشید کے کان کھڑے ہو گئے پوچھا وہ کیسے؟ جعفر کہنے لگا: کچھ عرصہ قبل بھی آپ نے اس گوشت کی فرمائش کی تھی' اتفاق سے یہ گوشت اس وقت موجود نہ تھا۔ آپ نے کہا کہ یہ گوشت شاہی باورچی خانے میں موجود رہنا چاہیے' آپ تو یہ بات کر کے بھول گئے لیکن ہر روز اس جانور کے گوشت کی فراہمی یقینی بنائی گئی لیکن آپ نے دوبارہ فرمائش نہیں کی۔ آپ نے آج فرمائش کی ہے تو ابھی تک 4 لاکھ درہم کا گوشت خریدا جا چکا ہے۔ بس مجھے اسی بات پر ہنسی آگئی کہ ایک ڈش کے لیے چار لاکھ درہم ابھی تک صرف ہو چکے ہیں۔ یہ سننا تھا کہ ہارون الرشید کا خوف کے مارے برا حال ہو گیا' زاروقطار رونے لگا کہ اس کی وجہ سے اتنا اسراف ہو گیا۔ حکم دیا کہ دسترخوان اٹھا لیا جائے اور کچھ نہ کھایا، مداوا کے لیے دو لاکھ درہم مکہ و مدینہ کے مستحق لوگوں کی طرف بطور خیرات بھیجے اور اتنے ہی کوفہ و بغداد کے فقرا میں تقسیم کیے لیکن قلق پھر بھی باقی رہا اور غم کے مارے کچھ نہ کھا سکا۔ یہاں تک کہ قاضی ابو یوسفؒ تشریف لائے پوچھا اس حال کی کیا وجہ ہے؟ خلیفہ نے ماجرا بیان کیا ابو یوسفؒ نے ساتھ کھڑے جعفر برمکی سے پوچھا کہ یہ جو ہر روز جانور ذبح کیا جاتا تھا کیا اس کا گوشت ضائع ہو جاتا تھا؟ اس نے جواب دیا نہیں ضائع تو نہیں ہوتا تھا بلکہ اس کو غریب لوگوں میں تقسیم کر دیا جاتا تھا ابو یوسفؒ نے یہ سن کر خلیفہ کو تسلی دی کہ آپ پریشان نہ ہوں بلکہ آپ کی بدولت غریب لوگ بھی ایسا شاندار کھانا کھاتے رہے ہیں اور یہ ایک صدقے کی مانند ہے یہ سن کر خلیفہ کا رنج والم دور ہوا اور اس نے کھانا کھایا۔

جادو ہو یا جنات ہوں، نظر بد ہو یا کاروباری بندش ہو، کوئی مراد ہو، ناممکن کو ممکن بنانا ہو، روحانی جانثاروں کا عمل کرنے اور دعا میں شامل ہونے والے رنگے جائیں گے۔ (مزید صفحہ نمبر 65)

آئیں عبقری سے عملیات سیکھیں!

زیر سرپرستی شیخ الوظائف

عامل ہر کوئی! کامل کوئی کوئی!!! روحانی عملیات کے راز و رموز کا ایک اچھوتا سلسلہ جس میں ہر ماہ شیخ الوظائف کی زیر نگرانی آپ کو چلے اور با اجازت اعمال دیئے جائیں گے۔ ہر عمل کی اجازت عام ہے، آپ دوسروں کو بھی بتا سکتے ہیں

جب بھی کسی چیز کو سیکھا جاتا ہے تو ابتداء اس چیز کی 'ABC'، 'ا، بؔ' سے کی جاتی ہے۔ نوری عملیات کی ابتداء اور انتہا حروف تہجی ہے! حروف تہجی کے لفظوں سے مل کر قرآن بنا ہے۔ تمام وظائف، مسنون دعائیں، اذکار اور اسم اعظم بھی انہی حروف کا مجموعہ ہیں۔ اس عملیاتی کلاس میں سب سے پہلے حروف تہجی کے عملیاتی رازوں کو افشاں کیا جائے گا، حروف تہجی کے خاص حروف کے چلے اور باموکل اعمال کی خصوصی اجازت دی جائے گی۔ جو شخص حروف کے ظاہر و باطن سے واقف ہو جائے وہ صدر درجہ یقین اور مرتبہ مقربین تک پہنچے گا۔ حروف تہجی کے بعد پھر عملیات کا اگلا باب شروع کیا جائے گا۔ اس سنہری موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیں! یہ موقع شاید پھر نہ ملے!!!!

حرف ح کے خاص اعمال

حرف ''ح'' سے اللہ تعالیٰ 12 اسمائے حسنیٰ وابستہ ہیں۔ اس حرف کی ریاضت کے طریقے الگ ہیں، اس کے مؤکل کی تسخیر کے طریقے بھی الگ ہیں، اس کا اضمار یہ ہے، اَجِبْ اَیُّهَا الْمَلِكُ طَفْیَائِیْلُ بِحَقِّ دَهْلَجْ سُلْطَانَهُ (یہاں مطلب لکھیں) فِیْ هٰذِهِ السَّاعَةِ الْعَجَلِ الوحا۔

یہ حرف سرد مزاج اور آبی ہے۔ صفرا کا علاج اس سے عجیب تاثیر ظاہر کرتا ہے۔ اس کا دن جمعرات اور ستارہ مشتری ہے۔ محبت اور تالیف قلوب کے لئے بھی اس کے اعمال مؤثر ہوتے ہیں۔ حرف ''ح'' ابجد کا آٹھواں حرف ہے۔ اس کے عدد 8 ہیں۔ حکمائے فلسفہ کے نزدیک یہ دوسرا آبی حرف ہے۔ آبی حرف کے ساتھ مل کر اسے تقویت ہوتی ہے اور حروف خاک سے مل کر قوی المزاج ہو جاتا ہے۔ حروف آتش اس کے خلاف ہیں۔

امام بونیؒ اور ''حا'' کی تحقیق

امام بونیؒ لکھتے ہیں کہ یہ حرف اسرارِ جنات سے ہے۔ اس کے خواص بیماریوں کو درست کرنا ہے، اس کی ترکیب یہ ہے کہ اس حرف کو مریض کے نام کے ساتھ مع اسماء حائیہ کے کسی برتن میں زعفران سے لکھ کر گلاب سے دھو کر شہد ملا کر پلائیں تو چند دن میں مریض تندرست ہوگا۔ اسماء حائیہ وہ ہیں جن کے شروع میں ح آتی ہے۔ جیسے حیٌّ

حرف ''حا'' کی زکوۃ کا طریقہ

جب اس حرف کی زکوۃ دینا چاہیں تو جب چاند منزل نثرہ میں داخل ہو تو ادا کریں۔ چاند ہر ماہ منزل نثرہ میں آتا ہے اور ایک منزل کا وقت اندازاً چوبیس گھنٹے ہوتا ہے۔ زکوۃ کے لئے با مؤکل پڑھنا ہوگا۔ اَجِبْ یَا تَنْکَفِیْلُ بِحَقِّ یَاحَا ۴۴۴۴ مرتبہ پڑھیں گے تو زکوۃ اصغر ادا ہو جائے گی۔ اب عامل کو اختیار ہوگا کہ جب چاہے حرف ح کے عملیات سے کام لے۔ بخور وقت زکوۃ اور بوقت عمل جلانا ہوگا۔ اس کا بخور حب کے لئے زعفران اور بغض کے لئے انار کے چھلکے ہیں۔

سانپ کی کینچلی کا بخور

جس وقت برج جوزا ۸ درجہ پر طلوع کرے تو ۱۶ حرف حا معہ مطلوب معہ والدہ کچی اینٹ پر لکھیں اور رات کو اسے آگ پر رکھیں۔ سانپ کی کینچلی کا بخور جلائیں تو مطلوب کی نیند بند ہو جائے گی۔ واضح رہے کہ اس عمل کو صرف جائز مقاصد کے لئے کریں ورنہ سخت نقصان ہوگا۔

مریضوں کے لئے شفایابی

اگر ۳۲۸۵ مرتبہ کسی چینی کے برتن پر زعفران سے لکھیں اور دریا یا کنویں کا پانی آدھی رات کے وقت لا کر حرف مذکورہ اس میں دھو کر مریض کو پلائیں، خواہ کیسا ہی مرض ہو۔ ان شاء اللہ صحت ہوگی۔

سخت دشمن دوست بن جائے

اگر کوئی چاہے کہ دشمن کو مسخر کرے تو جمعہ کے روز دو سو بار حروف مذکورہ کسی شہید یا کسی بزرگ کی قبر کی خاک لے کر پڑھ کر دم کرے اور دشمن کے گھر میں ڈال دے تو وہ دشمن دوست ہو جائے گا۔

گرمی اور پیاس نہ لگے

اسماء حائیہ کو اگر کوئی شخص سخت گرمی کے دنوں میں طلوع و غروب آفتاب کے وقت پڑھے تو گرمی اس کو تکلیف نہ دے گی، چاہے کتنا ہی سفر کرے یا کتنی ہی گرمی میں رہے اسے پیاس معلوم نہ ہوگی' کیونکہ یہ آبی حرف ہے اس لئے اہل حال لوگ ان اسماء حائیہ کو پڑھ کر آگ میں داخل ہوتے ہیں تو آگ ان کو تکلیف نہیں دیتی بلکہ بجھ جاتی ہے۔ یہ اس کا عجب اور حیرت انگیز کمال ہے۔

غیر طبعی شہوت سے نجات

ناجائز شہوت کا باطل کرنا بھی اس حرف کا عجب کمال ہے جب اس حرف کو انگوٹھی پر مع اسم مؤکل اور اضمار کے کندہ کر کے پہنیں گے تو اس سے بہت نفع ہوگا جس سے برے اور فحش کام تو دور کی بات بلکہ اس کے خیالات سے بھی نجات مل جائے گی۔ ان شاء اللہ

نظارہ ارواح

جو شخص اس کی مخصوص شکل کو تیندوے کی کھال پر لکھ کر جلائے اور پھر اس کا سرمہ بنا کر آنکھ میں لگائے تو اس سے اس شخص کو اپنی آنکھوں سے روحیں نظر آئیں گی۔

حرف ''حا'' کی عجیب خاصیت

اگر حرف ''ح'' کو ۶۵ بار چیچک یا پھنسی کے گرد لکھے تو اس سے چیچک اور پھنسی کے مریض کو شفاء ملے گی۔ اگر اس کو شیشے کے گلاس میں لکھ کر پانی سے دھو کر پیئے تو التہاب اور سوزش سینہ کے امراض میں شفاء ہوگی۔ اگر اس کے نقش 8*8 کو رانگ کی لوح پر نقش کرے۔ جب مشتری شرف میں ہو اور قمر نحوست سے سالم ہو اور اپنے پاس رکھے تو رزق کشادہ ہو اور سب لوگ اس سے محبت کریں۔

اگر اس نقش کو اس شخص کے سر پر باندھے جس کے سر میں صفراوی درد ہو تو فوراً آرام ہو، لڑائی جھگڑے بند کرنے کے لئے بھی اس حرف میں بہت تاثیر ہے۔

ہر مرض کا علاج

اگر شب جمعہ میں کسی بیمار کے لئے یا سخت تکلیف کے لئے دم کریں تو درد اور تشنج سے رہائی پائے، اگر بیماری لوط' طاعون یا سرطان یا ورم کی ہو تو حرف ''حا'' سترہ ہزار مرتبہ پڑھ کر دم کریں، ان شاء اللہ چند دنوں میں مریض کو شفاء ہوگی۔

عبقری روحانی کلاس روزانہ سنیں!

عبقری ویب سائٹ اور یوٹیوب چینل پر شیخ الوظائف کی تمام روحانی کلاسز کی ریکارڈنگز موجود ہیں جس میں شیخ الوظائف نے عملیات کے طالب علموں کیلئے سینے کے راز افشاں کیے ہیں۔ روزانہ سنیں، بار بار سنیں۔ ہر بار انوکھے راز اور حیرت کا انوکھا جہاں آپ پر کھلے گا۔

موئے مبارک کی زیارت کرتے ہوئے جو جائز خواہش اور مراد دل میں رکھیں گے ان شاء اللہ مراد پوری ہوگی۔ لیکن پہلے مدینے والے صلی اللہ علیہ وسلم کا عشق مانگیں۔ (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

فضول خرچی سے بچنا! نسلیں خوشحال بنائیے

(رومی الحمد لوری) قسط نمبر 32

قارئین السلام علیکم! اشیاء کا خریدنا انسان کی زندگی کی ضرورت ہے۔ اس کے بغیر زندگی بسر کرنا مشکل ہے اور کبھی کبھی ناممکن بھی ہوجاتی ہے لیکن خرید و فروخت میں احتیاط کرنا بھی راقم نے بڑوں سے سیکھا ہے۔ چاہے گھر ہو چاہے کاروبار ہو طریقے‘ سلیقے‘ حکمت اور بصیرت سے سامان کا لین دین کرنا چاہیے لیکن اس کے ساتھ ساتھ اللہ کی رسی کو بھی خوب زور سے تھامنا چاہیے۔

گزشتہ دنوں میں ضرورت کے مطابق راقم اپنی والدہ محترمہ کے ساتھ بازار گیا۔ ہر دکان سے وہ چیز پتہ کرتا رہا لیکن مہنگی مل رہی تھی۔ یکدم اللہ تعالیٰ نے دل میں ڈالا کہ والدہ کے اعمال کس لیے ہیں اور چوتھا کلمہ کی فضیلت‘ اللہ نے بازار میں کیوں رکھی ہے؟ بس ہم نے اَللّٰھُمَّ لَاخِلَابَہٗ پڑھنا شروع کردیا اور پھر اپنی چیز کو تلاش کرنے لگے۔ بڑے فرماتے ہیں ”اگر اللہ نے مال کی فراوانی دی ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ بے بہا خرچ کردو بلکہ احتیاط سے خرچ کرو‘ رعایت کروا کر ساز و سامان لو کیونکہ دکاندار سے رعایت کروانا سنت ہے۔ شیخ الوظائف فرماتے ہیں ”فضول خرچی اور سخاوت کی سرحدیں ملتی ہیں اگر کوئی سمجھنے والا ہو تو!!“ بازار میں والدہ کے ساتھ وظیفہ بھی پڑھتا رہا اور تلاش جاری رکھی۔ یقین کیجئے ایک سستی دکان ملی جہاں سے ہماری ضرورت پوری ہوگئی اور آئندہ بھی اسی دکان سے وہ چیز ضرورت کے تحت خریدنے کا فیصلہ کیا۔

بڑے بڑے اہل اللہ کا مزاج تھا‘ اپنی ضرورت کو تھوڑی رقم میں پورا کرتے مگر جب اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کا وقت آتا تو سامان اور رقم کے دریا بہا دیتے۔ جیسا کہ عظیم صحابی رسول امیر المومنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس ایک سائل آیا جب وہ ان گھر کے دروازے کے قریب پہنچا تو مفہوم ہے کہ اس نے سنا کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی اہلیہ سے اس طرح بات فرما رہے ہیں کہ آپ نے چراغ کی بتی بڑی جلائی ہے اس طرح یہ تیل زیادہ خرچ کرے گی۔ وہ سائل سوچنے لگا: جو چھوٹی سی چیز پر اپنی اہلیہ سے پوچھ گچھ فرما رہے ہیں‘ وہ مجھے کیا عنایت فرمائیں گے؟ لیکن جب مال خرچ کرنے کا وقت آیا تو اتنا مال دیا کہ مال سے لدھے اونٹ راہ خدا میں دے دیئے اور عشرہ مبشرہ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین میں شامل ہوگئے۔

تو مخلص قارئین! اپنے آپ کو فضول خرچی سے بچائیں‘ چاہے کوئی کھرب پتی آدمی بھی ہو اگر وہ فضول خرچی کرے گا تو آخر کار ایک نا ایک دن اس کا مال ختم ہوجاتا ہے۔ شیخ الوظائف ایک مالدار ترین آدمی کے گھر تشریف لے گئے جو کہ شہر کے معززین میں سے ایک تھا۔ جب زوال آگیا تو کراچی کے ایک فلیٹ کی اونچی منزل پر رہتا تھا۔ بیوی سامان لینے گئی تو اس آدمی کو فلیٹ میں بند کرکے گئی۔ ایک وقت تھا کہ وہ شہر کے بڑے فضول خرچ کرنے والوں میں سے ایک تھا لیکن آج غریبوں سے بھی غریب ہے۔ بیٹا چھوڑ گیا ہے وہ خود کماتا ہے لیکن فضول خرچ باپ کو نہیں دیتا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو فضول خرچی سے محفوظ رکھے۔

اپنی گائے قصائی کو نہ بیچئے‘ وبائی مرض کا علاج لیجئے

قارئین السلام علیکم! ہم نے جانور پال رکھے ہیں‘ ہمارے باڑے میں 85 گائے اور بھینسیں ہیں‘ ہمارا دودھ کا وسیع کاروبار ہے۔ ایک دن میں باڑے میں گیا تو دیکھا کہ میری سب سے قیمتی گائے کے جسم پر چھوٹے چھوٹے دانے نکل آئے، میں نے پہلے تو نظر انداز کیا کہ شاید کوئی چیز کاٹ گئی ہے یا خارش وغیرہ ہے کوئی ٹوٹکہ استعمال کروں گا تو ٹھیک ہوجائے گی مگر دو تین دن کے بعد یہ دانے بڑھنا شروع ہوگئے۔ قریبی ڈاکٹر کو بتایا تو انہوں نے مشورہ دیا کہ اینٹی بائیوٹک لگا دو، مگر ایسا کرنے سے کوئی فرق نہیں پڑا۔ چند دنوں میں گائے کے جسم پر یہ دانے پھیلنے لگے اور ان کا سائز بھی بڑا ہوتا گیا اور پھر گائے بخار میں مبتلا ہوگئی، اس کی پچھلی ٹانگوں میں سوزش ہوئی اور اس نے چارہ کھانا چھوڑ دیا، اس کا وزن تیزی سے گرنے لگا، میں بہت پریشان ہوا‘ بہت بھاگ دوڑ کی‘ گائے دنوں کے اندر سوکھ کر ہڈیوں کا ڈھانچہ بن گئی۔ بالآخر میری قیمتی ترین گائے میرے سامنے تڑپ تڑپ کر مرگئی اور میں کچھ نہ کرسکا۔ پھر تو ہر دوسرے دن کہیں نہ کہیں سے یہ خبر ملنا شروع ہوگئی کہ آج فلاں کی گائے مرگئی‘ آج فلاں کی گائے کو اس وبائی مرض نے آلیا۔ چند دنوں بعد معلوم ہوا کہ ایک بیماری پھیلی ہوئی ہے جس کا نام ”لمپی سکن وائرس“ ہے۔ ہمارے علاقہ میں بے شمار لوگوں نے اپنی گائے اور بھینسیں قصائیوں کو اونے پونے داموں بیچ دیں۔ ہم سب پریشان تھے میری 21 گائے اور بھینسیں قصائیوں کے ہتھے چڑھ گئیں۔ پھر میرے تایا جان کو کسی نے ایک ٹوٹکہ بتایا کہ یہ متاثرہ گائے کو استعمال کروائیں ان شاء اللہ ”لمپی سکن وائرس“ سے گائے محفوظ رہے گی اور جس کو یہ مرض لاحق ہوا ہے اللہ کے حکم سے وہ ٹھیک ہوجائے گا۔

ھوالشافی: ایک پاؤ بھنگ لیں‘ باریک پیس لیں‘ اس کے نو حصے کرلیں‘ ایک حصہ لیکر اسے خوب گھوٹیں‘ گھوٹ کر آٹے کے پیڑے میں ڈال کر جانور کو کھلا دیں۔ اس طرح ایک دن میں تین مرتبہ۔ تین دن کھلائیں۔ ان شاء اللہ مرض سے نجات ملے گی۔ جب سے یہ ٹوٹکہ ملا ہے‘ میری پریشانی دور ہوگئی ہے۔ گزارش ہے کہ انتہائی بے ضرر اور سستا سا ٹوٹکہ ہے آپ بھی ضرور استعمال کروائیے۔ ان شاء اللہ جس جانور کو بھی یہ لمپی سکن وائرس ہوا ہے اللہ تعالیٰ اس کو صحت سے نواز دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ تمام بھائیوں اور ان کے جانوروں کی حفاظت فرمائے آمین۔ (شوکت مجید‘ اندرون سندھ)

آئیے! کسان خوشحال بنائیں: قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں‘ فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو‘ یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

روٹی بھگو کر کھائیے ہڈیوں سے بخار ختم' انوکھا مشاہدہ

حکیم عباس علی، واہ کینٹ

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ کریم آپ پر، آپ کے والدین اور اہل خانہ پر ہروقت رحمت، برکت اور نعمتوں کی بارش برساتا رہے اور آپ سے سدا انسانیت کے نفع کا کام لیتا رہے آمین۔ عبقری قارئین کی خدمت میں پچھلے سات سال سے اپنے تجربات لکھ کر بھیج رہا ہوں تاکہ انسانیت کو نفع پہنچانے کا مشن جو آپ لے کر چل رہے ہیں اس میں میرا بھی کچھ حصہ ڈل جائے۔ اس ضمن میں آج بھی اپنے کچھ تجربات لکھ رہا ہوں۔ اگر کسی کو سر میں درد ہوتا ہو تو رات کو کھانا کھانے کے بعد تھوڑا سا گڑ کھالے اور اس کے بعد کچھ بھی نہ کھائے۔ اس کام کو اپنے معمول میں شامل کر لے ان شاءاللہ سر درد ختم ہوجائے گا۔

ایک دن میں اپنے مطب میں بیٹھا تھا کہ میرے پاس ایک مزدور آیا اور اس نے مجھے اپنا واقعہ سنایا جو عبقری قارئین کی نذر کر رہا ہوں۔ 11 سال پہلے کا واقعہ ہے مجھے ٹائیفائیڈ ہو گیا۔ کافی ڈاکٹروں اور حکماء سے علاج کروایا مگر شفاء نہ ہوئی۔ میں مزدوری کرنے سے بھی عاجز آ گیا تھا جس وجہ سے گھر میں نوبت فاقوں تک پہنچ گئی۔ ایک دن ایک غریب مزدور میرے گھر آیا اور کہنے لگا کہ میں تمہارا علاج کروں گا اور وہ بھی بالکل مفت' شرط صرف اتنی ہے کہ تمہیں 2 سے 3 دن تک میرے گھر رہنا ہوگا۔ وہ مزدور جلیل کہنے لگا میں نے حامی بھر لی۔ جب میں اس کے گھر پہنچا دیکھا تو ایک چھوٹا سا کمرہ تھا جہاں مجھے لے جایا گیا۔ مجھے اس نے بیٹھنے کا کہا اور خود کہیں باہر چلا گیا۔ تھوڑی ہی دیر میں وہ مزدور ساتھی تندور سے تین روٹیاں لے کر واپس آیا جس میں سے دو روٹیاں وہ اپنے لئے اور ایک روٹی میرے لئے لے کر آیا تھا۔ اس نے روٹی کو پانی میں بھگو کر نکالا اور کہا اسے سالن کے ساتھ کھا لو۔ میں نے اس روٹی کو کھالیا۔ مجھے خلاف معمول رات بھر بخار نہ ہوا۔ میں دو دن میں صحت یاب ہو چکا تھا مگر اس کے باوجود میں تیسرے دن بھی اسی کے گھر میں رہا تاکہ کہیں دوبارہ بخار نہ ہو جائے۔ اس نے تیسرے دن بھی روٹی کو بھگو کر مجھے سالن کے ساتھ کھلائی۔ تین دن کے بعد بھی مجھے بخار نہ ہوا اور وہ مزدور جو میرا علاج کر رہا تھا کہنے لگا کہ اب تم تندرست ہوگئے ہو۔ اس لئے اب گھر جاسکتے ہو۔ یہی تمہارا علاج تھا۔ وہ محسن جس نے میرا علاج کیا مزید کہنے لگا کہ یہ عمل اگر ایک بار ہی کرلیا جائے تو ٹائیفائیڈ بخار جڑوں سے ختم ہوجاتا ہے۔ اس کے علاوہ اس روٹی اور سالن سے اندر کے زخم اور جراثیم بھی ختم ہوجاتے ہیں۔ وہ مزدور جو مجھے اپنا واقعہ سنا رہا تھا کہنے لگا اس بات کو کئی سال بیت چکے ہیں مگر مجھے دوبارہ کبھی ٹائیفائیڈ بخار نہیں ہوا۔

خواتین کی بے جان دکھتی کمر بالکل ٹھیک! ذائقہ دار ٹانک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم گھر والے آپ کی شب جمعہ کی محافل باقاعدگی سے سنتے ہیں۔ ان روحانی محافل سے ہماری زندگی میں بہت مثبت تبدیلیاں آئی ہیں۔ میری والدہ فجر کے وقت نماز اور تلاوت کے بعد آداب معرفت، منتخب احادیث اور شجرہ طیبہ کا مطالعہ بھی کرتی ہیں جس سے علم اور عمل میں بہت تقویت ملتی ہے۔

آپ روحانی محافل میں دنیا و آخرت دونوں کو بیان کرتے ہیں۔ پھر اس متعلق آپ نورانی وظائف اور طبی ٹوٹکے بھی بتاتے ہیں جس سے مخلوق بہت زیادہ نفع پا رہی ہے اور ہم نے بھی ان ٹوٹکوں اور وظائف سے بہت سے فوائد پائے ہیں جن میں سے چند آج عبقری رسالہ کے لئے لکھ رہے ہیں۔

موٹاپے سے نجات کیلئے کڑوی پھکی

ھوالشافی، کالی بیری، سونف، چرائتہ نیپالی، اجوائن دیسی، سوئے، نمک سیاہ، کوڑتمہ (حنظل) یہ تمام اجزاء ہم وزن لے کر پیس لیں اور پھر استعمال کریں۔ پیٹ کے درد کیلئے بھی کافی مفید ہے، ہم سب گھر والے یہی پھکی استعمال کرتے ہیں تو فوراً افاقہ ہوتا ہے۔ مسلسل استعمال سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ وزن کم کرنے میں بھی بہت مفید ہے۔

دماغی قوت کیلئے معجون

ھوالشافی: ایک پاؤ ہڑڑ کا مربہ، ایک پاؤ سیب کا مربہ، ایک پاؤ آملہ کا مربہ، ایک پاؤ بہی کا مربہ، ایک پاؤ کوڑتمہ کا مربہ، ایک پاؤ گری، بادام (بادام کی گری) چاندی کا ورق 6 درجن، سب مربہ جات کو کوٹ پیس کر بادام اور چاندی کے ورق شامل کر کے روزانہ آدھا چمچ کھانے سے دماغ کو طاقت ملتی ہے۔ ہم نے دو دفعہ یہ معجون بنا کر استعمال کیا بہت فائدہ ملا۔ سر درد ٹھیک ہوجاتا ہے جن کا حافظہ کمزور ہو ان کیلئے کافی مفید ہے۔ مزید یادداشت بہترین ہوجاتی ہے' عینک لگی ہو تو وہ بھی چند ہفتوں میں بالکل ٹھیک ہوجاتا ہے۔

خواتین کی کمر درد کا مسئلہ

یہ نسخہ عبقری رسالہ ستمبر 2017ء صفحہ نمبر 23 پر شائع ہوا ہے۔ یہ نسخہ واقعی نہایت کارآمد ثابت ہوا ہے۔ میری امی نے کمر درد اور جوڑوں کے درد کیلئے دو دفعہ بنا کے کھا چکی ہیں، میری نانی اماں نے بھی کھایا بہت طاقت ملی، میری بہن تو اس ٹوٹکے گردیدہ ہوگئیں۔ اس نسخے میں وہ تقریباً 3،4 دفعہ بنا کے کھا چکی ہیں اور ان کی کمر کی درد بھی کافی حد تک ٹھیک ہوگئی۔ دعا ہے کہ جس نے یہ نسخہ شائع کیا اللہ ان کی پریشانیوں کو دور کرے اور انہیں خوشیوں والی صحت والی زندگی عطا فرمائے (آمین)۔ نسخہ درج ذیل ہے۔

(1) دیسی مرغی کے انڈے 24 عدد، (2) کالے چنے بھنے ہوئے 250 گرام، (3) چھوٹی سبز الائچی 10 گرام، (4) میٹھے باداموں کی گریاں 250 گرام، (5) پستہ 100 گرام، (6) چاروں مغز 100 گرام، (7) چینی ایک کلو، اگر دیسی شکر ہوجائے تو سونے پہ سہاگے کا کام ہے۔ (8 گوند پھلائی 250 گرام، کمرکس 250' گرام ' دودھ کا کھویا 2500 گرام، دیسی گھی ایک کلو۔

ترکیب: نمبر 2 تا نمبر 8 اشیاء کو خوب باریک پیس لیں، اب ایک برتن میں انڈے توڑ کر خوب اچھی طرح پھینٹ لیں، پھر نمبر دو سے نمبر آٹھ چیزوں کا سفوف انڈوں میں ڈال کر اچھی طرح پھینٹیں، گوند پھلائی اور کمرکس کو علیحدہ پیس لیں۔ اب کسی بڑے برتن میں گھی کو آگ پر رکھیں۔ گھی جب سرخ ہو تو گوند پھلائی اور کمرکس کو ڈال دیں جب کمرکس اور گوند پھلائی کا رنگ سرخ ہوجائے تو انڈوں والا مکسچر ڈال کر چمچ چلاتے رہیں جب گھی علیحدہ ہونا شروع ہوجائے تو ہر چیز ریزہ ریزہ ہو کر علیحدہ نظر آنے لگے تو دودھ کا کھویا ٹکڑے ٹکڑے کر کے ڈال دیں۔ اس کھوئے کو حلوے میں حل کریں اتنا حل کریں کہ کھوئے کی سفیدی ختم ہوجائے اور اس کے اندر کی نمی گھی میں جذب ہو کر کھویا بھی (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

ایڈیٹر کے قلم سے

بوڑھی دائی کا حیران کن مشاہدہ!

ہائے ہائے کرتے مریض صحت یاب

طبی رازوں سے پردہ اٹھا، چھپے نسخے ظاہر ہوئے، یہ کتب ضرور پڑھیے!

1۔ میرے طبی رازوں کا خزانہ۔ 2۔ طبی تجربات و مشاہدات۔ 3۔ میرے طبی زندگی کے ثمرات

جب تک موٹر سائیکل ہے، دو مسائل ہمیشہ رہیں گے

میں ایک سیانے کے پاس بیٹھا تھا، کہنے لگے: جب تک موٹر سائیکل ہے یعنی بائیک ہے دو مسائل کبھی حل نہیں ہوسکتے، ایک حادثات، ہڈیاں ٹوٹنے یعنی فریکچر کا مسئلہ، کمر اور ڈسک کے مسائل یہ کبھی ختم نہیں ہوسکتے۔ دوسرا مسئلہ: جب تک فوم ہے کرسی، میٹریس، بیڈ کی شکل میں کمر درد کے مسائل، کھچاؤ، تناؤ جان نہیں چھوڑ سکتے۔

یہ چیزیں بڑھتی چلی جارہی ہیں۔ کمر، جوڑوں کا درد، پٹھوں کا، کھچاؤ، اعصابی کمزوری اور حادثات تو نہ ختم ہونے والا مسئلہ ہے، بظاہر سمجھ نہیں آرہی کہ کیسے ختم ہوگا؟ بظاہر عقل نہیں مانتی کہ یہ مسائل کیسے حل ہوں گے کیونکہ روز بروز حادثات بڑھ رہے ہیں، روڈ ایکسیڈنٹ کا اعداد و شمار ٹاپ پر جارہا ہے۔

فوم گھومنے والی کرسی کی تباہ کاریاں

فوم میٹریس گھومنے والی یعنی ریوالونگ چیئر اس نے کمر، ڈسک، پٹھوں کی کمزوری اور زندگی کے مسائل بڑھا دیئے ہیں۔ آپ کو ایک مشورہ دیتا ہوں، آپ برف کا ٹکڑا میٹریس پر رکھیں یعنی فوم پر رکھیں، تھوڑی دیر کے بعد برف تو واقعی گھل جائے گی لیکن برف کا پانی کہاں جائے گا اور کہاں گیا؟ یہ آپ کو سمجھ نہیں آئے گی۔ فوم ساری برف چوس لے گا جو شخص گھنٹوں فوم پر سوئے، اس کی جلد، کمر، پٹھے، اعصاب اور سکون فوم اپنے اندر چوس لیتا ہے۔ اگر میری بات سمجھ نہ آئے تو انگریزوں کی ویب سائٹ کھولیں، فوم کے اوپر انہوں نے جو تحقیقات کی ہیں، ڈوبے ہیں، مال اور وقت لگایا ہے تو آپ کو سمجھ آجائیگی کہ فوم سے کیا نقصان ہوتا ہے اور کیا نقصان ہوا۔

نقصانات کا ازالہ کیجئے

نقصانات کا ازالہ کرنے کے بعد اگر آپ چاہتے ہیں کہ 1۔ آپ کی کمر مضبوط رہے۔ 2۔ اعصاب کمزور نہ ہوں۔ 3۔ مہرے ہمیشہ اپنی جگہ سے نہ ہلیں۔ تندرست رہیں شاداب رہیں۔ 4۔ جسم توڑ پھوڑ سے بچا رہے۔ 5۔ اعصابی کمزوری نہ ہو۔ 6۔ جسمانی بے طاقتی نہ ہو۔ 7۔ دل دماغ کی کمزوری نہ ہو تو یہ ٹوٹکہ جو میں آپ کو بتانے لگا ہوں خاص طور پر جوڑوں کے درد، کمر کا درد، چوٹوں کا درد، جسمانی کھچاؤ یا ایسا شخص جو کہیں گرا ہو، چوٹ لگی ہو اور سالہا سال سے چوٹ اپنا احساس ہر وقت دلاتی ہو یا کبھی کبھی دلاتی ہو۔ میں ان لوگوں کو خوشخبری دلاتا ہوں کہ وہ لوگ میرے اس ٹوٹکے کو اپنی زندگی کا ساتھی بنالیں اور ہم راز بنالیں۔ ان کی زندگی میں ہمیشہ سکون، چین، راحت ملے گی اور وہ لاعلاج بیماریاں جو دوا استعمال کرنے کے بعد وقتی طور پر ٹھیک ہوجاتی تھیں وہی لاعلاج بیماریاں اس دوا کے استعمال سے ہمیشہ کے لیے ختم ہوجائیں گی اور جسم کو انوکھی راحت اور سکون دے گی۔

آیئے! اس ٹوٹکہ کا میں ایک راز بتاتا ہوں لیکن پہلے یہ ضرور پڑھنا پسند کریں کہ یہ ٹوٹکہ ایک ایسی پرانی بوڑھی دائی سے ملا جو گاؤں دیہات میں بچوں کی ڈیلیوری میں معاون ہوتی ہے۔ اس دائی نے یہ ٹوٹکہ بتایا کہ وہ کبھی کسی کو نسخہ فارمولہ دیتی نہیں ہیں، ہمیشہ بنا کر دیتی ہیں اور ہمیشہ اس سے لوگوں کو فائدہ ہوتا ہے اور نفع ہوتا ہے۔ میرے پاس وہ بوڑھی دائی آئی اور کہنے لگی: ایسے جوڑوں کے درد، کمر کے درد، مہروں کے مسائل اور پٹھوں کے مسائل کے لیے لوگ آتے ہیں اور خواتین آتی ہیں جن کے کیس لاعلاج ہوتے ہیں یا پھر جو ساری عمر ادویات سے گزارہ کرتے ہیں اور ادویات سے ہی زندگی کی گاڑی چلاتے ہیں۔

بوڑھی دائی کے خاندان کا راز

کہنے لگی: یہ ہمارے خاندان کا راز ہے جو صرف ہمارے خاندان تک محدود ہے کوئی آج تک اس کو نہیں پہنچ سکا۔ لیکن ٹوٹکہ بہت لاجواب اور بہترین ہے ایسی خواتین جو حمل کے بعد، زچگی کے بعد کمر کے درد میں مبتلا ہوجاتی ہیں اور کمر کے درد کو ہمیشہ اپنا درد بنائے رکھتی ہیں جہاں بھی بیٹھیں گی ٹیک تکیہ تلاش کریں گی یا ان کے مہرے اور ڈسک کے مسائل ہیں یا گردن کے درد کی وجہ سے ہر وقت کالر چڑھائے رکھتی ہیں۔ میں نے ان لوگوں کو بہت بتایا اور بنا کر دیا اور واقعتا جس کو دیا اس کو فائدہ ہوا لوگوں کی چاہت اور خواہش تھی وہ اس ٹوٹکہ کو کسی طرح حاصل کریں اور یہ فارمولہ ان تک پہنچے لیکن آج تک میں نے کسی کو نہیں بتایا چونکہ آپ کسی سے چھپاتے نہیں اور ہر کسی کو بتاتے ہیں، لوگ آپ سے نفع اور فائدہ لیتے ہیں اس لیے آپ کو بتا رہی ہوں۔

قارئین! اس بوڑھی دائی نے یہ ٹوٹکہ مجھے بتایا اور میں نے پھر جس کو بھی بتایا اور اس نے استعمال کیا اسے بہت نفع فائدہ اور نتائج ملے۔ چوٹ کا درد ہو، چوٹ کسی وجہ سے لگی ہو، نئی ہو یا پرانی، کمر کا درد ہو اس کی وجہ کوئی بھی ہو، حاملہ ہو یا مہروں کے مسائل، جوڑوں کا درد ہو اور کتنا عرصہ پرانا ہو، بس چند دن، چند ہفتے استعمال کریں۔ اتنے جسمانی مسائل حل ہوتے ہیں، اتنی جسمانی مشکلات دور ہوتی ہیں حتیٰ کہ ایسے لوگ جنہوں نے اس دوا کو استعمال کیا ان سے گولیاں، ٹیکے، مالش، پٹیاں باندھنا حتیٰ کہ اپنے جسم کو ہر وقت خوب باندھ باندھ کر رکھنا یہ سب ختم ہوگیا۔

اس ٹوٹکہ کو اپنی تجارت نہ بنائیں!

ہائے ہائے آہ و پکار، ہر چیز بالکل ختم ہوگئی اور جسم انتہائی طور پر جو بدحال تھا، وہ سارا واپس اپنے حال پر آگیا اور اتنا بہتر ہوا اور اتنی زیادہ بہتری ہوئی کہ گمان اور خیال سے بالاتر۔

آیئے! قارئین! آپ کو ایک ٹوٹکہ بتاتا ہوں، وہ ٹوٹکہ آپ ضرور لکھیں، بنائیں، آزمائیں لیکن اس کو اپنی تجارت نہ بنائیں ان شاء اللہ آپ کو بہت فائدہ ہوگا۔

ھوالشافی: پرانا گڑ ایک چھٹانک۔ دیسی گھی آدھا پاؤ اور ہلدی ایک چھٹانک۔ ہلدی پسی ہوئی ہوگی لیکن مجھے یہ شرط لازم چاہیے کہ ہلدی خود پیسیں، پسی ہوئی نہ لیں، اس میں گڑ کوٹیں اور خوب اچھی طرح کوٹیں اور کوٹ کر پھر اس میں گھی ملادیں۔ گھی ملانے کے بعد یہ ایک بہترین آمیزہ بن جائے گا اب اس میں سے ایک چھوٹا چمچ آدھا چمچ ایک وقت میں دو چمچ۔ حسب موسم، حسب طبیعت، حسب عمر گرم دودھ یا چائے کے ہمراہ استعمال کریں۔ بس آپ سوچ نہیں سکتے کہ اس کی تاثیر اس کا کمال اور اس میں کتنی حیرت انگیز بہتری آپ کو ملے گی اور آپ کی طبیعت میں انتہائی راحت اور بہترین صحت اور کمال ملے گا۔ قارئین! آپ بھی آزمائیں اپنے تجربات و مشاہدات لکھنا نہ بھولیں، آپ کو اس سے کتنا فائدہ ہوا اور بعض اوقات وہ فائدہ جو ہمارے مشاہدے میں نہیں ہوتا وہ آپ بتاتے ہیں مجھے ضرور بتایئے اور لکھیں، تفصیل سے لکھیں۔

کسی بھی معاملے کی سمجھ نہ آرہی ہو اپنے خاص اسم اعظم کی ایک تسبیح پڑھیں آپ کو اللہ کی طرف راہیں سجھادی جائیں گی، معاملات بہترین انداز سے حل ہوں گے۔ (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

خوداعتمادی کی کمی ہے

میں چھوٹی چھوٹی باتوں کو دل پر لے لیتی ہوں بہت زیادہ فضول سوچوں میں گم رہتی ہوں۔ مجھے اکثر اپنے کئے ہوئے ٹھیک فیصلے بھی غلط لگتے ہیں۔ اس کے علاوہ مجھ میں خود اعتمادی کی بھی شدید کمی ہے۔ میں جب بھی کوئی فیصلہ لینے لگتی ہوں تو قریبی لوگ مجھے ٹوکتے ہیں جس کی وجہ سے میں کشمکش میں پڑجاتی ہوں۔ (سمیعہ شہزاد، ایبٹ آباد)

مشورہ: آپ کو اپنی ان صلاحیتوں کو پہچاننا ہوگا جو قدرت نے آپ کو عطا کی ہیں اس سے آپ کا اپنی ذات پر اعتماد بڑھے گا۔ حقیقت یہ ہے کہ آپ بھی ان تعمیری اور تخلیقی صلاحیتوں سے محروم نہیں ہیں جن سے دوسرے لوگ فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ آپ کو چاہیے کہ اپنی زندگی میں نظم و ضبط پیدا کریں اور اپنا وقت ایسے کاموں میں صَرف کیجئے جس سے آپ کی زندگی میں آسانیاں پیدا ہوں، فضول سوچوں میں وقت ضائع کرنے سے گریز کریں۔ سب سے اہم بات کوئی فیصلہ کرنا ہوتا ہے۔ وہ فیصلہ صحیح ہوتا ہے یا غلط یہ بعد کی بات ہے۔ لوگوں کو اور خاص کر دوستوں کو اتنا اختیار نہ دیں کہ وہ آپ کے ہر ذاتی معاملے میں روک ٹوک کریں۔ ہر انسان اپنا فیصلہ اپنے مقاصد کو مدنظر رکھتے ہوئے بہتر طور پر کرسکتا ہے۔ اگر آپ کی توجہ عملی اقدامات کی طرف زیادہ ہو گی تو کشمکش سے بھی نجات مل جائے گی۔

شادی سے گھبراتا ہوں

میرا بچپن کسی حد تک مشکلات میں گزرا ہے مگر اس وقت میرا تعلق معاشی طور پر ایک اچھے گھرانے سے ہے۔ میں ایک کمپنی میں معقول عہدے اور پرکشش تنخواہ پر فرائض انجام دے رہا ہوں۔ میں آج اس مقام پر اپنے والدین کی محنت، صبر و قناعت کی وجہ سے پہنچا ہوں۔ میں اپنی زندگی کے حوالے سے ویسے تو مطمئن ہوں مگر ایک پریشانی اپنی شادی کے حوالے سے ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ میرا رنگ کالا ہے جس وجہ سے دوست بھی مجھے اکثر مذاق کا نشانہ بناتے ہیں۔ مجھے اکثر یہ ڈر لگا رہتا ہے کہ اگر شادی کے بعد میری اولاد کے ساتھ بھی یہی مسئلہ ہوا تو میرے لئے یہ ناقابل برداشت ہوگا۔ اس لئے وسائل ہونے کے باوجود شادی کرنے میں تذبذب کا شکار ہوں۔ (ج، ملتان)

مشورہ: آپ نے کبھی اس بات کو گہرائی سے سوچنے کی کوشش کی کہ جس رنگ کی وجہ سے آپ پریشان ہیں اور شادی کرنے سے ابھی تک محروم ہیں۔ کیا یہ رنگ آپ کی ترقی کی راہ میں کبھی رکاوٹ بنا؟ آپ نے یہ مقام اپنی محنت اور صلاحیت کی وجہ سے پایا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ قدرت نے بہترین صلاحیتیں دی ہیں جس پر آپ کو خوش ہوکر مزید پر اعتماد زندگی گزارنی چاہیے۔ محض اپنے دوستوں کے مذاق اڑانے پر رنجیدہ نہ ہوں۔ کچھ لوگ اپنی عادتوں سے مجبور ہوکر ایسے لوگوں کا مذاق بھی اڑاتے ہوں گے جن کے ساتھ آپ کے جیسے رنگ کا مسئلہ بھی نہیں ہوگا اور وہ ایک دوسرے کو بھی بلاوجہ تنگ کرتے ہوں گے۔ جہاں تک شادی کے بعد بچوں کا معاملہ ہے تو وہ ذہنی طور پر نارمل ہوں، جسمانی صحت بھی اچھی ہو تو اس سے بڑی اور کوئی نعمت نہیں ہے۔

گھر میں رہنا کم کردیا ہے

میرے والد ہر وقت مجھے ڈانٹتے رہتے ہیں۔ اکثر اوقات تو مجھے ایسا بھی لگتا ہے جیسے میں ان کا بیٹا ہی نہیں۔ میرے دوستوں کو ہر سہولت میسر ہے جبکہ مجھے احساس محرومی رہتا ہے۔ میرے دوستوں کے والدین ان سے بہت پیار اور محبت کا اظہار کرتے ہیں۔ جبکہ میرے ساتھ معاملہ الٹ ہے اور اب تو میں نے گھر میں رہنا بھی بالکل کم کردیا ہے اور والد صاحب سے ان تلخیوں کی وجہ سے بات بھی نہیں ہوتی۔ والدہ کے ساتھ بھی ان کا سلوک مناسب نہیں لیکن پھر بھی وہ چاہتی ہیں کہ میں اپنے والد سے اچھے سلوک کے ساتھ پیش آؤں اور ان کا احترام کروں۔ اپنی ہر بات پر انہیں اعتماد میں لوں یہاں تک کہ اپنے مضامین کا انتخاب بھی ان کی مرضی سے کروں۔ یہ میرے لئے بہت مشکل ہے کیونکہ جب وہ مجھ سے ناراض ہوتے ہیں تو میری سمجھ میں کچھ نہیں آتا سوائے اس کے کہ میں بہت برا ہوں۔ (ندیم اختر، اسلام آباد)

مشورہ: والدین کو ڈر ہوتا ہے کہ معاشرے کے برے اثرات یا بری صحبت ان کی اولاد کو بگاڑ نہ دے۔ بات وہ اچھی اور مناسب ہی کرتے ہوں گے مگر سمجھانے کا انداز ترش ہوسکتا ہے۔ دوستوں کے والد سے اپنے والد کا مقابلہ نہ کریں کیونکہ اگر وہ اچھے بھی ہیں تو آپ کے لیے نہیں۔ والدین کا احترام اولاد پر لازم ہے۔ فرمانبردار اولاد کے لئے والدین کے دل سے بہت دعائیں نکلتی ہیں۔ تعلیمی سلسلے میں جو آپ نے پڑھنا ہے اس بارے میں اپنے رجحان کے مطابق فیصلہ کرسکتے ہیں۔ آپ کو چاہیے کہ اس سلسلے میں بہت محنت اور یکسوئی سے پڑھیں۔ آپ کی کامیابیاں ہر جگہ آپ کی قدر بڑھائیں گی۔ اپنے وقت کی قدر کریں یہ زندگی سنوارنے میں بہت اہم ہے۔

مجھ سے کوئی غلطی نہ ہوجائے

میں زیادہ تر اپنا وقت خاموشی کے ساتھ ہی گزارتی ہوں۔ خاص طور پر سکول میں جب ٹیچر لیکچر دے رہی ہوتی ہیں تو بالکل خاموش ہوجاتی ہوں۔ اس کے بعد اپنی ساتھی طالبات سے بھی پڑھائی کے حوالے گفتگو نہیں کرتی۔ مجھے اس بات کا ڈر ہوتا ہے کہ مجھ سے کوئی غلطی ہوجائے گی اور دوسرے مذاق بنائیں گے۔ گھر آکر بھی وہی خیال دماغ میں گھومتے ہیں کہ میں نے غلطی کی، میں نالائق ہوں۔ مجھے کالج میں داخلہ ہی نہیں لینا چاہیے تھا۔ (وجیہہ، فیصل آباد)

مشورہ: کسی بھی انسان کا خود سے توقع رکھنا کہ وہ غلطی نہیں کر سکتا، غلط ہے کیونکہ ہم انسان ہیں فرشتے نہیں۔ ایسی چھوٹی چھوٹی غلطیاں جو پڑھائی کے دوران ہو جائیں ان سے گھبرانا نہیں چاہیے بلکہ ان غلطیوں سے سیکھنا چاہیے کیونکہ جن لوگوں کو اپنی غلطیوں کا احساس ہوتا ہے وہی زیادہ سیکھتے ہیں۔ کیونکہ وہ مسلسل جدوجہد کرتے ہیں اور ان کی یہ کوشش انہیں کامیاب بناتی ہے۔ لوگ چھوٹی باتوں کو بہت جلد بھول جاتے ہیں جن میں غلطیاں اور مذاق بھی شامل ہیں۔

(مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

ستاروں کی گردش سے خوشحالی اور بربادی

کیا آپ کو ستاروں کی گردش نے تباہ کر دیا ہے؟ تو آیئے! کلام الٰہی کی برکت سے آنے والی مصیبتوں اور آزمائش سے محفوظ رہیے! ہر ماہ شائع ہونے والے وظائف مقررہ اوقات میں پڑھیے!

عمل کا طریقہ: درج ذیل زائچہ میں ماہ اکتوبر/ ربیع الاول کے مخصوص دن، اوقات اور وظائف لکھے گئے ہیں۔ وظائف کو مقرر کردہ ساعتوں (اوقات) میں اپنے برج کے نیچے لکھی گئی تعداد کے مطابق پڑھیں اور جس دن صدقہ لکھا گیا ہے صدقہ دیں کیونکہ صدقہ بلاؤں، مصیبتوں اور آئے عذاب کو ٹلوا دیتا ہے۔ اگر بوجہ مجبوری کسی دن عمل رہ جائے تو اگلے دن اسی وقت میں قضا کر لیں۔

قمر اور زہرہ ستارے کی شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ سے گفتگو

بارھویں صدی کے مجدد حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ایک بار مجھے شرف زہرہ اور شرف قمر کے اوقات میں دو انگوٹھیاں بنوانے کا اتفاق ہوا اور وہ دونوں انگوٹھیاں دو عورتوں کو دی گئیں۔ تھوڑے دنوں بعد وہ دونوں سخت تکلیف میں مبتلا ہوئیں۔ بہت علاج کیا گیا مگر کوئی فائدہ نہ ہوا بلکہ روز بہ روز تکلیف بڑھتی گئی اور اس کا سبب معلوم نہ ہو سکا۔ آخر ایک روز مراقبے کے دوران یعنی حالتِ کشف میں ان دونوں انگوٹھیوں نے ہمارے سامنے شکایت کرنا شروع کی اور حد سے زائد گلے شکوے کیے کہ ہم کو بغیر طہارت استعمال کیا جاتا ہے اور ہماری حرمت (پاکیزگی) کا خیال نہیں رکھا جاتا۔ جس کی وجہ سے ہم بہت اذیت میں ہیں۔ اور ان عورتوں کی بیماری کا بھی یہی سبب ہے۔ پس میں نے ان عورتوں کو انگوٹھیاں اتارنے کا حکم دیا اور جب ان سے لے کر احتیاط سے پاک وصاف جگہ پر رکھ دیا، تب ان دونوں نے شفا پائی۔ پھر میں نے بہت تاکید اور سختی سے کہہ دیا کہ ان کو بغیر طہارت ہرگز نہ پہنا جائے۔ شرائط کی ادائیگی کے بعد ان انگوٹھیوں میں سے ایک نے جو شرف قمر سے متعلق تھی، مصالحت کر لی لیکن جو شرف زہرہ سے متعلق تھی اس کو بمقابلہ اول شکایت زائد تھی وہ مصالحت کیلئے تیار نہ ہوئی چنانچہ کچھ عرصہ بعد وہ گھر سے گم ہو گئی اور چند روز بعد اصحاب میں سے ایک کی جیب سے برآمد ہوئی گویا وہ زنانخانہ میں رہنے پر راضی نہ تھی۔ (لہٰذا) وہ ضرورتاً اپنے پاس رکھ لی گئی۔ اور (اسی طرح) ایک دوسرے شخص نے بھی ایک انگوٹھی بنوائی اور اس کے استعمال میں احتیاط نہ برتی۔ اس انگوٹھی نے بھی ہم سے شکایت کی اور ایسا معلوم ہوا کہ جس روحانی ساعت میں وہ انگوٹھی بنائی جاتی ہے اس کی روحانیت، کمال اور برکت اس انگوٹھی میں شامل کر دی جاتی ہے۔ اور یہ (بھی) واضح ہوا کہ ان تمام ستاروں کی روحانی طاقتیں فطری طور پر طہارت کی طرف مائل ہیں۔ یعنی جو شخص جتنا زیادہ پاک صاف رہے گا، خوشبو کا اہتمام کرے گا، اسے ان ساعتوں کی اتنی ہی زیادہ تاثیر حاصل ہوگی۔ (بحوالہ: حالات وواقعات وملفوظات حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ "القول الجلی" فی ذکر آثار الولی۔ صفحہ 187،213۔ مؤلف: حضرت مولانا محمد عاشق پھلتیؒ۔ شاکر پبلی کیشنز لاہور)

مشتری اور زہرہ ستارے کے دنیا پر اثرات

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ایک روز مجھ پر وجدان وکشف کے ذریعے کائنات کے مخفی علوم میں سے یہ علم منکشف ہوا کہ دنیا میں جو بھی واقعات ظہور پذیر ہوتے ہیں، اس کا خزانہ یعنی تعلق مشتری ستارے کی روحانی طاقت سے ہے اور زمین کے اندر ہونے والی تبدیلیوں کا اصل محرک ''زہرہ'' ہے۔ پھر یہ منکشف ہوا کہ افراد کی آپس میں خلوص ومحبت میں کمی بیشی ''زہرہ'' ستارے کی بدولت واقع ہوتی ہے۔

7 ستارے اور 12 برج پر اکابرینؒ کی تحقیق

حضرت شیخ ابو العباس احمد بن علی بونیؒ نے اپنی کتاب شمس المعارف میں لکھا ہے کہ برج 12 اور چاند کی منازل 28 ہیں۔ جن کا ذکر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ O ترجمہ: "بلا شبہ ہم نے آسمان میں بروج بنائے اور دیکھنے والوں کی لیے انہیں خوبصورت بنایا (الحجر:16)۔ لفظ ''بروج'' برج کی جمع ہے جس کے معنی قلعہ کے بھی ہیں۔ حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں: برج آسمان میں محل ہیں جیسے کہ زمین میں محل ہوتے ہیں۔ اور علماء نے اس آیت تَبٰرَكَ الَّذِيْ جَعَلَ فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا O (الفرقان:61) کی تفسیر میں فرمایا ہے کہ انسانی زندگی پر اثر انداز ہونے والے ستاروں کی تعداد سات اور ان کے مقام یعنی برج مہینوں کی تعداد کے برابر یعنی بارہ ہے۔ حمل۔ ثور۔ جوزا۔ سرطان۔ اسد۔ سنبلہ۔ میزان۔ عقرب۔ قوس۔ جدی۔ دلو۔ حوت۔ ان بارہ برجوں میں ستاروں کے مقام ہیں جو اس ترتیب سے ہیں۔ حمل اور عقرب ''مریخ'' کے گھر۔ ثور ''زہرہ'' کا گھر ہے۔ جوزا اور سنبلہ 'عطارد' کے گھر ہیں۔ اور سرطان ''قمر'' کا گھر ہے۔ اسد ''شمس'' کا اور حوت ''مشتری'' کا اور جدی اور دلو ''زحل'' کے گھر ہیں۔ (کتاب: شمس المعارف، حضرت شیخ ابو العباس احمد بن علی بونیؒ۔ صفحہ 59 ناشر: کتاب خانہ ملی جمہوری اسلامی ایران)

علامہ ابو عبداللہ قرطبیؒ فرماتے ہیں کہ: امام ابو القاسم القشیریؒ نے اپنی تفسیر ''لطائف الاشارات'' میں لکھا ہے: اللہ تعالیٰ نے دنیا میں وقوع پذیر ہونے والی تدبیروں کا تعلق ستاروں کی حرکات سے وابستہ کر دیا ہے، اگرچہ تدبیر کرنے والا خود اللہ تعالیٰ ہی ہے، لیکن چونکہ یہ کام نجوم (ستاروں) کے سپرد ہے، اس لیے انہیں قرآن مجید میں ''مُدَبِّرٰتِ'' فرمایا گیا ہے (حوالے کیلئے دیکھیں: تفسیر قشیری، صفحہ 586 ناشر: دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان)

اسی طرح مفسرین کے شہنشاہ علامہ شہاب الدین آلوسی بغدادی نے اپنی مشہور زمانہ تفسیر روح المعانی میں سورۃ النازعات کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ ان آیات کا تعلق براہِ راست سیارات سے ہے۔ (حوالے کیلئے دیکھیں: تفسیر روح المعانی، جلد 9 صفحہ 283، ناشر: دار الحدیث، قاہرہ)

(جاری ہے۔۔۔)

ستاروں کی چال اور ساعتوں کے مطابق ہر برج کے نیچے وظیفہ پڑھنے کی تعداد لکھی گئی ہے!

اکتوبر	دن	وظیفہ	وظیفہ پڑھتے ہوئے کیفیت (کیفیت کا اثر ستارے کی گردش پر ہوتا ہے)	وظیفہ اس مبارک ساعت کے درمیان پڑھیں	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
9	اتوار	سورۃ لھب	غصے کی حالت میں پڑھیں	صبح 6:10 تا 6:58	11	13	7	9	14	16	19	8	6	12	5	3
14	جمعہ	یَاظَاهِرُ	شہادت کی انگلی آسمان کی طرف کرکے پڑھیں	شام 7:15 تا 8:00	32	27	24	19	21	16	29	25	11	7	18	13
17	پیر	دن میں کسی بھی وقت کم از کم اتنے روپے کا صدقہ دیں یا شرینی تقسیم کریں!			51 روپے	47 روپے	56 روپے	37 روپے	57 روپے	46 روپے	30 روپے	50 روپے	43 روپے	40 روپے	22 روپے	20 روپے
20	جمعرات	فِیْ سَمِّ الْخِیَاطِ	آنکھیں بند کر کے پڑھیں	رات 9:30 تا 10:29	30	18	97	32	58	78	92	48	82	37	84	28
25	منگل	اَللّٰہُ اَکْبَرُ	آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے پڑھیں	صبح 6:20 تا شام 7:19	23	58	67	81	80	37	74	82	67	81	83	90
28	جمعہ	دن میں کسی بھی وقت کم از کم اتنے روپے کا دانہ لے کر آسمانی پرندوں کو ڈالیں!			30 روپے	20 روپے	45 روپے	55 روپے	35 روپے	25 روپے	60 روپے	40 روپے	55 روپے	25 روپے	45 روپے	50 روپے

آزمودہ دم، لاجواب رزلٹ، آپ کو بھی اجازت

(عابدہ جوئیہ، بہاولنگر)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دل کی گہرائیوں سے آپ کی خدمت میں سلام پیش کرتی ہوں۔ حضرت صاحب آپ کا کس طرح شکریہ ادا کروں، آپ کو دعائیں دینے کے لیے تو میرے پاس الفاظ ہی نہیں ہیں۔ آپ جئیں ہزاروں سال اور ہر سال کے دن ہو 3 لاکھ 65 ہزار، قیامت تک آپ کا فیض جاری رہے۔ (آمین)

حاملہ صرف 35 مرتبہ پڑھے اور کمال دیکھے

2016ء سے عبقری سے منسلک ہوں، ہم ہر ماہ رسالہ گھر لاتے ہیں، بڑی بے قراری سے انتظار کرنے کے بعد پڑھنے کیلئے ایک دوسرے سے آگے رہتے ہیں۔ 2016ء کے روحانی اجتماع میں شرکت کی۔ دوران درس آپ نے فرمایا۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَحْمَدُ رَسُوْلُ اللّٰہِ۔ جو عمل حاملہ عورتوں کے لیے تھا۔ انہی دنوں اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے میری بہو حاملہ ہوئی میں نے کہا کہ آپ یہ عمل کرو 35,35 بار فجر، عشاء کی نماز کے بعد پڑھا کرو، اس نے ایسا ہی کیا جس کی بدولت اللہ نے خوبصورت صحت مند پوتا دیا، بغیر آپریشن کے اور قابل فخر بات یہ کہ بچہ پیدائشی ختنہ شدہ تھا۔

سب بہت خوش ہوئے، جو سنتا کہتا ہے کہ یہ بچہ تو بہت بخت آور ہے اور مجھے یقین ہے کہ جو جو آپ نے فوائد بتائے تھے ان کی زندگی میں ضرور حاصل ہوں گے۔

لسی سے زیادہ مکھن نکالنے کا روحانی مشاہدہ

دوسرا مشاہدہ یہ ہے کہ اسی ماہ جو عمل آیا تھا دہی سے مکھن زیادہ نکالنے والا یہ بھی میں نے کیا، نمک دم کرنا تھا، نمک کی ڈلی دودھ جمانے سے پہلے ہی ڈال دیتی ہوں تو مکھن ماشاء اللہ زیادہ نکلتا ہے۔ عمل یہ ہے: اگر کوئی چاہے کہ دہی سے زیادہ مکھن نکالا جائے تو مندرجہ ذیل آیت کو ایک بار باوضو پڑھ کر نمک پر دم کرے اور وہ نمک دودھ میں ڈال کر دہی جما دے۔ جب دہی بلویا جائے گا تو اس میں سے ان شاء اللہ تعالیٰ زیادہ مکھن نکلے گا۔ وہ آیت یہ ہے: اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا وَمِمَّا يُوْقِدُوْنَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْيَةٍ اَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ

آزمودہ دم، لاجواب رزلٹ، آپ کو بھی اجازت

میرے پاس دم کروانے کے لیے لوگ آتے رہتے ہیں تو میں نے جانوروں کو نظر بد، بچوں کو نظر بد، روتے بچوں کو دم کیا تو وہ ٹھیک ہو گئے، کوئی بھی مسئلہ لے کر آئے، کہیں بھی درد ہو میں دم کرتی ہوں، عبقری فیض جاری ہو جاتا ہے، وہ دم یہ ہے۔ سورۃ مومنون کی آخری 4 آیات اور اذان دونوں 7,7 بار اول و آخر درود پاک کے ساتھ پڑھ کر دم کر دیں۔ یہ تو تھے روحانی مشاہدات، جسمانی مشاہدات یہ ہیں۔

ستر شفائیں کی تین خوراکیں ہی کافی ہیں!

ستر شفائیں ہم استعمال کرتے ہیں اور محلے والے جب دم کروانے آتے ہیں تو جب میں دیکھتی ہوں کہ دم کے ساتھ دوا کی ضرورت ہے تو میں اپنے پاس سے ستر شفائیں کی تین خوراکیں دے دیتی ہوں اور لوگ ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ اب تو میرے بچے بھی آرام سے ''ستر شفائیں'' نکال کر خود ہی کسی نہ کسی کو دیتے رہتے ہیں۔

اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کی خالص جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ ادویات جس میں آنکھ شفاء۔ اکسیر البدن۔ خاتون شفاء۔ جوہر شفاء مدینہ اور روحانی پھکی کو اکثر آزمایا، ان دیسی اور خالص ادویات کو بہت اچھا اور لاجواب پایا۔ عبقری ادویات پر میرے مشاہدات تو اور بھی بہت ہیں، ان شاء اللہ مزید بھی لکھتی رہوں گی تاکہ مخلوق خدا کو فائدہ ہو اور میرے لیے صدقہ جاریہ بنے۔

آیۃ الکرسی کا عمل! جمعہ کو پڑھیں، من چاہی مراد پائیں

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اپنے کچھ طبی و روحانی تجربات عبقری قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں تاکہ میرے لئے یہ صدقہ جاریہ کا باعث بن جائے۔

ہر قسم کی پریشانی اور مشکل کا حل

کسی بھی مقصد میں کامیابی کیلئے فجر کی سنت اور فرض کے درمیان 41 مرتبہ سورۃ فاتحہ بمعہ تسمیہ، 41 دن تک پڑھیں۔ کوئی بھی مسئلہ، مشکل یا پریشانی ہو اس عمل سے حل ہو جاتی ہے، امتحان میں کامیابی کے لیے بھی اکسیر ہے۔

اچھی ملازمت کے حصول کے لئے

امتحان میں کامیابی یا اچھی ملازمت کے حصول کیلئے تین دن ایک مقررہ وقت میں روزانہ گیارہ سو مرتبہ یَا حَسِیْبُ پڑھیں اول و آخر طاق اعداد میں درود پاک پڑھیں، ان شاء اللہ شرطیہ کامیابی ملے گی۔

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

کامیابی کیلئے سورۃ یٰسین ایک بار پڑھیں۔ جب آیت نمبر 58 پر پہنچیں تو اول و آخر تین بار درود پاک اور پھر اس آیت کو 70 بار پڑھیں اور اپنی حاجت کے لئے دعا کریں اور پھر اس کے بعد سورۃ یٰسین مکمل کر لیں۔ ایک اور عمل جو اسی مقصد کے لئے ہے۔ جمعہ کے دن نماز عصر کے بعد تنہائی میں مقررہ جگہ اور وقت پر بیٹھ کر اول آخر درود پاک کے ساتھ 70 بار آیت الکرسی پڑھیں۔ کامیابی حاصل ہوگی۔ مقصد میں کامیابی کے لئے ایک اور عمل ہے کہ اگر شب جمعہ میں 313 بار آیت الکرسی پڑھیں تو اس سے بھی شرطیہ کامیابی ملتی ہے۔

جادو کے اثرات ختم کرنے کے لئے

جادو کے خاتمہ اور بیماری سے علاج کیلئے روزانہ ایک بار سورۃ البقرہ پڑھ کر پانی میں دم کر کے پئیں یا متاثرہ شخص کو پلائیں۔ ان شاء اللہ شفا ملے گی۔

چہرے سے فالتو بالوں کا خاتمہ

اکثر خواتین کے چہرے پر بال نکل آتے ہیں جو شخصیت کو بری طرح متاثر کرتے ہیں۔ ایسے ناپسندیدہ بالوں کی جڑوں کو کمزور اور پھر ختم کرنے کے لیے پھٹکڑی کا پانی روزانہ چہرے پر لگائیں بہت جلد افاقہ ہوگا۔

بدہضمی کا علاج

اگر بدہضمی ہو جائے تو قہوہ میں لیموں نچوڑ کر پئیں، بہت ہی آسان اور مجرب ٹوٹکہ ہے اس سے بدہضمی دور ہو جائے گی۔

مشکل کشا عمل

روزانہ 450 مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھیں، مشکل ترین کام ہو جائیگا یہ عمل 40 دن (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

خوشبو میں کوئی چیز ڈالیں تو وہ بھی خوشبودار ہوگی، گیند کو جس زور سے دیوار پر ماریں وہ واپس اسی رفتار سے لوٹے گی، روحانی جانثار کا عمل کرنے والے خوش قسمت ہیں (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

جنات کی وارننگ کے باوجود برگد کا درخت کاٹ بیٹھے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ نے ہماری زندگی کا سب سے بڑا مسئلہ حل کر دیا۔ جس کی وجہ ہم سب کی زندگی میں پریشانیاں اور مشکلات تھیں۔

ہمارے گھر میں ایک بہت بوڑھا برگد کا درخت تھا۔ میرے والد صاحب تین بھائی تھے انہوں نے آپس میں مشورہ کیا کہ اس درخت کو کاٹ دیا جائے۔ ایک بزرگ نے خواب کے ذریعے میری دادی سے کہا تھا کہ اسے نہ گرانا۔ یہ میرا گھر ہے۔ آپ لوگوں نے اپنا گھر نئی تعمیر کی غرض سے تو گرا لیا ہے لیکن میرا گھر (یعنی یہ درخت) نہ گرانا لیکن گھر والوں نے اس بزرگ کی نصیحت نہ مانی۔ انہوں نے وہ بڑا اور بوڑھا برگد کا درخت کاٹ دیا۔ ابھی اس واقعہ کو تھوڑا ہی عرصہ گزرا تھا کہ میری بیوی پکڑ میں آ گئی۔

جنات طرح طرح کی تکالیف دیتے، نہ نماز پڑھنے دیتے تھے، نہ ذکر کرنے دیتے تھے۔ گھر میں بے چینی اور بے سکونی تھی۔ دو تین دن اٹھنے ہی نہیں دیتے تھے۔ ان جنات نے ہمارا جینا محال کر دیا تھا اور 21 سال تک ہم ان مظالم کا شکار رہے۔ ہم نے ان جنات اور ان کی شرارتوں سے نجات کے لئے بہت علاج کروایا، بہت سی جگہ سے دم کروایا، پر شفاء نہ ہوئی۔ ہمیں جس نے جس جگہ علاج کا بتایا ہم نے وہاں سے علاج کروانا شروع کیا مگر کوئی افاقہ نہ ہوتا اور پریشانی، مصائب اور مشکلات میں دن بہ دن اضافہ ہوتا جا رہا تھا۔ پھر ہمیں کسی نے "عبقری" کا بتایا۔ 2019ء کی بات ہے، پھر ہم گھر والوں نے اپنے مسئلے کی تفصیل شیخ الوظائف کو لکھ کر عبقری لاہور کے پتہ پر جوابی لفافے کے ساتھ خط بھیج دیا۔ جس کے جواب میں آپ نے ہمیں یہ وظیفہ پڑھنے کے لیے دیا۔ "یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم" اس وظیفہ کو ہم نے یقین اور توجہ کے ساتھ پڑھنا شروع کر دیا اور کچھ ہی عرصہ میں ہمارے حالات بدلنا شروع ہو گئے۔ آٹھ ماہ ہو چکے ہیں آپ کا بتایا ہوا وظیفہ بھی کر رہے ہیں اور 5 اسم اعظم کے روحانی دم بھی کروائے ہیں اس کے علاوہ عبقری رسالہ بھی روٹین سے پڑھتے ہیں۔ ان کلمات کی برکت سے اب اللہ کا شکر ہے کہ وہ جنات ہمیں تکلیف بھی نہیں دیتے۔ میری اہلیہ اب آسانی سے قرآن پاک بھی پڑھتی ہیں اور نماز بھی پڑھتی ہیں، گھر کے کام کاج بھی کرتی ہیں اور اب ہم ایک نارمل زندگی گزار رہے ہیں جو کہ اس سے پہلے ممکن نہ تھا۔ آپ نے شب جمعہ کی محفل میں 200 بار سورۃ اخلاص کا عمل بتایا تھا وہ بھی بسم اللہ کے ساتھ پڑھتے ہیں اور پڑھ کر حضور نبی اکرم ﷺ، آپ کی تمام بیٹیوں، امہات المومنین، تمام آل رسول اور صحابہ کرام کی ارواح کو ہدیہ بھی کرتے ہیں۔ اس سے بھی بہت فائدہ ہوتا ہے۔

میری بیوی کی آنکھوں میں الرجی تھی جس سے آنکھیں سرخ ہو جاتی تھی اور خارش بھی بہت ہوتی تھی۔ بہت سے آنکھوں کے ڈراپس لا کر ڈالے، آئی اسپیشلسٹ کو چیک کروایا مگر کچھ فرق نہ پڑا۔ آپ نے شب جمعہ کی محفل میں ایک عمل بتایا تھا "سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ" ایک تسبیح صبح، ایک شام پڑھ کے سرمے پر دم کر کے وہ سرمہ آنکھوں میں لگائیں۔ ہم نے یہی عمل کیا اور پھر چند ہی دنوں میں مرض سے شفاء مل گئی۔ (قاصد علی کامونکی)

جادو کو توڑنے اور جادوگروں کو رلا دینے والا عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمیں شریر جنات نے بہت تنگ کر رکھا تھا۔ زندگی میں سکون نام کی کوئی چیز نہ تھی۔ ایک پریشانی ختم نہیں ہوتی تھی کہ دوسری شروع ہو جاتی تھی۔ ہر وقت کوئی نہ کوئی مسئلہ اور پریشانی بنی رہتی تھی۔ اس کے علاج کے لئے بہت جتن کئے مگر افاقہ نہ ہوا۔ میں نے شیطانی جناتی اثرات کو ختم کرنے کے لئے یاقہار کے ذکر کا سنا۔ اس عمل کو پورے یقین اور توجہ کے ساتھ کرنا شروع کیا۔ اللہ نے کرم کیا اور یہ جادوئی جناتی شیطانی اثرات ختم ہونا شروع ہوئے 'یَاقَهَّارُ' کا ذکر جاری رکھا جس کی برکت سے یہ اثرات بالکل ختم ہو گئے اور ہمیں بھی زندگی میں سکھ کا سانس ملا۔ اب ان اعمال کی وجہ سے ہمیں کوئی نقصان نہیں ہوتا۔ یہ اللہ کا خاص فضل اور کرم ہے ورنہ آج کے اس پرفتن دور میں بے شمار لوگ جادو جنات کے ستائے مختلف عاملوں کے پاس جاتے ہیں مگر ان کا مسئلہ حل نہیں ہوتا اور وہ یوں ہی در بدر بھٹکتے رہتے ہیں۔

یَاقَهَّارُ کے بڑے فوائد ہیں، اس اللہ کے نام کی برکت سے میں نے جادو خود ٹوٹتا دیکھا ہے اور دشمن جو جادو کرواتے تھے ان کو روتے دیکھا ہے جس کو مختصر میں نے بیان کیا ہے' تفصیل نہیں لکھ رہا اگر لکھنے بیٹھ جاؤں تو پوری کتاب بھر جائے مگر اس لفظ کے کمالات ختم نہ ہوں۔

حفاظت کا حیران کن واقعہ

گھر سے نکلنے کی دعا اور یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھنا میرا معمول بن گیا ہے۔ اس عمل کی وجہ سے میں بڑے بڑے حادثات سے بچا ہوں۔ ایک بار موٹر سائیکل پر میں اور میرا بہنوئی جا رہے تھے ہم روڈ کراس کر رہے تھے تو سامنے سے ایک اور تیز رفتار موٹر سائیکل آ رہی تھی اور وہ موٹر سائیکل درمیان میں ہماری موٹر سائیکل کے ساتھ ٹکرا گئی۔ جب وہ موٹر سائیکل تیز رفتاری سے میرے قریب آ رہی تھی تو مجھے ایسے محسوس ہوا کہ بس اب بہت برا حادثہ پیش آنے والا ہے جس کا بہت زیادہ نقصان ہو جائے گا۔ مگر نہ جانے غیب سے کون سی کوئی ایسی طاقت تھی جس نے میری ٹانگیں اوپر کر دیں۔ وہ موٹر سائیکل ہماری موٹر سائیکل کو لگی مگر حیران کن طور پر ہمیں کوئی نقصان نہیں ہوا۔ ہماری موٹر سائیکل کی صرف لائٹس ٹوٹیں، جبکہ ایسے لگ رہا تھا کہ نہ موٹر سائیکل سلامت رہے گی اور نہ ہی ہم۔ مگر اللہ نے اعمال کی برکت سے ہمیں بھی محفوظ رکھا اور ہماری سواری کی بھی حفاظت فرمائی۔

جب بھی مجھے وہ واقعہ یاد آتا ہے تو میں کانپ جاتا ہوں اور اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ اس نے ہماری اس خطرناک حادثہ سے حفاظت فرمائی۔

جب سے تسبیح خانہ ملا ہے جینے کا ڈھنگ آ گیا ہے۔ شب جمعہ کی محفل میں شامل ہونے سے بہت سی خیریں اور برکات ملتی ہیں۔ اللہ نے زندگی کی الجھنوں اور مصیبتوں سے نکال دیا ہے۔ خواب میں بہت سی مشہور نیک ہستیوں سے ملاقات ہوتی ہے جس کا مجھے کبھی گمان بھی نہ تھا۔ یہ سب اعمال کی برکت سے ممکن ہوا ہے جو تسبیح خانہ سے ہمیں ملے ہیں۔ ساری بہاریں اور خیریں یہی سے ملی ہیں۔

بلی کی بددعا! میرے برے دن شروع ہوگئے

بچپن کی بات ہے میں ایک دن فارغ بیٹھا تھا' کرنے کو کوئی کام نہیں تھا۔ ہمارا گھر بہت کھلا تھا' جس میں ایک طرف لکڑیاں رکھی ہوتی تھیں۔ میں نے دیکھا وہاں بلی نے بچے دیئے ہیں۔ مجھے شرارت سوجھی کہ انہیں تنگ کرتا ہوں۔ بلی جب کہیں گئی تو میں اس کے بچوں کو اٹھا کر کہیں دور چھوڑ آیا تاکہ جب بلی آئے تو اس کی بے چینی دیکھوں' بلی جب واپس آئی تو ادھر ادھر بھاگی' کبھی چھت پر جائے' عجیب عجیب آوازیں نکالے اس کے بچے اس کو کہیں نہ ملے' میری والدہ نے جب دیکھا تو پریشان ہوگئیں' مجھ سے پوچھا کہ اس کے بچے کدھر ہیں؟ میں نے کہا کہ وہ تو میں کہیں دور چھوڑ آیا ہوں' میری والدہ نے مجھے کہا کہ جلدی سے جاؤ اور اس کے بچے واپس لے کر آؤ' میں وہاں گیا' بہت تلاش کیا' مجھے بلی کے بچے نہ ملے۔ بلی ہمارے گھر کی چھت پر آ کر چلاتی تھی۔ کئی دن تک بلی ہمارے گھر میں بہت غمزدہ حالت میں غراتی رہی' مجھے اس کی آواز سن کر خوف آنے لگتا۔

بس پھر میرے زوال کی کہانی شروع ہوگئی۔ بلی کی ایسی بددعا لگی میں گناہوں کی زندگی میں دھنستا گیا' جوانی تھی دوستوں کی غلط صحبت میں رہنے لگا' علتوں میں مبتلا ہوگیا۔ مجھے احساس اس وقت ہوا جب پانی سر سے گزر چکا تھا۔ میری صحت دن بدن کمزور ہوتی گئی حتیٰ کہ سخت بیمار رہنے لگا اتنی بیماریوں نے گھیرا کہ میں بستر سے لگ گیا۔ میرے جسم میں خون نام کی چیز نہ رہی۔ میں سسکتا اور میری والدہ مجھے دیکھ کہ آبدیدہ ہو جاتیں۔ مجھے احساس تو اسی دن ہوگیا تھا کہ جو ظلم میں کر بیٹھا ہوں اس کی سزا مجھے کسی نہ کسی شکل میں ضرور ملے گی۔ میں نے کئی دفعہ رو رو کر ان گناہوں کی معافی مانگی ہے۔ اب میں بیماری کی شدت سے نکل آیا ہوں لیکن بیماری نے مجھے کھوکھلا کردیا ہے۔ والدہ کو کسی نے عبقری کا بتایا تو آپ کے وظائف ٹوٹکے کرنے شروع کیے۔ آپ کے کچھ درس سنے تو احساس ہوا جو ظلم میں نے بے زبان ماں پر کیا تھا یہ سب اسی کا نتیجہ ہے کہ آج میں اس کسمپرسی کے حال میں ہوں۔ میری یہ تحریر لوگوں کے لئے سبق ہے کہ کبھی کسی جاندار پر ظلم نہ کریں' اگر اس کی آہ لگ گئی تو میری طرح زندگی برباد ہوجائے گی۔

ماں کو تڑپایا' آج اولاد مجھے ذلیل کررہی ہے

(سعید اقبال' فتح جنگ)

میری عمر 52 سال ہے' جب 19 سال کا تھا تو میرے والد نے مجھے' میرے بھائی اور ماں کو گھر سے نکال دیا تھا اور ہم دونوں بھائیوں کو عاق کردیا' ہم نانی کے گھر آ گئے' انہوں نے ہمیں زمین دی' اس پر اپنا گھر بنالو۔ میں والدہ سے الٹی سیدھی فرمائشیں کرتا' جب وہ پوری نہ کرتی تو میں والدہ کو برا بھلا کہتا اور اکثر طعنے دیتا کہ والد سے لڑائی کی قصوروار بھی آپ ہی ہیں' آپ نے خود اپنا گھر اجاڑا۔ جبکہ وہ پہلے ہی دکھوں کی ماری ہوئی تھیں والد نے ظلم کرکے انہیں گھر سے نکالا۔ میں نے کبھی انہیں بیٹا بن کر نہ دکھایا' ہمیشہ ان کی تذلیل کرتا رہا۔ والدہ کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوجاتا تو ان کے منہ سے بددعائیں نکل جاتیں۔ دن گزرتے گئے۔ پھر میری شادی ہوگئی اور میرے چار بچے ہیں۔ 18 سال نوکری کی' پھر ریٹائر ہوگیا' والدہ کی بددعائیں میرے سامنے آنا شروع ہوئیں میرا سب کچھ بکنا شروع ہوگیا اور میں مقروض ہوگیا۔

ایک وقت آیا کہ سگے بھائی نے مکان کے لئے مجھ پر کیس کردیا' میں کیس ہار گیا' اپنے بچوں کو لے کر کرائے کے گھر پر آ گیا۔ بیوی کے دل کے والو بند ہوگئے' 14 سال علاج کروانے کے بعد کہیں سے شفاء نہیں ملی' ایک سال ہوگیا وہ فوت ہوگئی۔ اب میں بالکل تنہا ہوں۔ ان چار بچوں کی نانی، خالہ، ماموں ہیں لیکن سب نے بچوں کو چھوڑ دیا۔ نہ ان سے ملتے ہیں نہ ان سے بات کرتے ہیں کیونکہ یہ غریب ہیں، میرے پاس اتنے بھی پیسے نہیں کہ میں گھر بنا سکوں۔ میری اولاد دونوں بیٹے نافرمان ہیں۔ میں ان سے بات کروں، انہیں سمجھاؤں یہ مجھ سے بدتمیزی کرتے ہیں۔ ایک کی عمر 20 سال اور ایک کی 15 سال ہے، چھوٹے کو قرآن حفظ کروا رہا تھا، پانچ سپارے کیے اب کہتا ہے حفظ نہیں کرنا۔ بڑا بیٹا نشہ کرتا ہے، میرے گھر سکون نہیں، بیٹے اپنی بہنوں سے بھی نفرت کرتے ہیں، انہیں مارتے ہیں۔ (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

آندھی' طوفان انگلی کے اشارے سے رک جائے

1994 کی بات ہے میں چھٹی سے واپس کراچی بذریعہ بس جارہا تھا، مغرب کی نماز مظفرگڑھ کے قریب پڑھی اور روانہ ہوئے تھوڑی دیر میں گاڑی کا ڈرائیور تبدیل ہونے لگا اور چلتی ہوئی گاڑی میں جیسے ہی تبدیلی کی گاڑی اچانک روڈ سے نیچے اتری اور میرے منہ سے بے ساختہ نکلا یا اللہ خیر، قدرت کا نظام کہ گاڑی ریت میں تیزی کی وجہ سے دھنس گئی اور اوپر والا حصہ سیٹوں سمیت علیحدہ ہوا اور نیچے والا بھی علیحدہ۔ اللہ نے سب مسافروں کو بچالیا۔ میں سمجھتا ہوں نماز کی برکت اور یا اللہ خیر کی وجہ سے اللہ نے ہماری حفاظت فرمائی۔ اور جانی نقصان نہیں ہوا۔

طوفان روکیں انگلی کے اشارے سے

آندھی طوفان کے لئے شیخ الوظائف نے ایک عمل بتایا تھا کہ جس طرف سے آندھی آرہی ہو اس سمت میں ہوا میں کلمہ طیبہ شہادت کی انگلی سے لکھیں۔ یہ عمل میں نے آزمایا الحمدللہ آندھی رک جاتی ہے۔

ہچکی روکنے کا میرا آزمودہ روحانی ٹوٹکہ: جس کی ہچکی بند نہ ہورہی ہو وہ ایک سانس میں تین بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے، جب تک ہچکی نہ رکے مسلسل پڑھے۔ میرا کئی بار کا آزمودہ عمل ہے۔

درندے سے حفاظت

گوادر مکران ڈویژن میں ہماری ڈیوٹی تھی، جیوانی کے راستہ میں پہاڑی علاقہ کے قریب ہماری ایک جگہ پوسٹ بنی تھی۔ رمضان کا مہینہ تھا سحری کے بعد قضائے حاجت کے لئے گیا اور واپس آگیا، ہم چار آدمی تھے، جیسے ہی ہم نماز باجماعت ادا کرنے لگے تو ابھی اندھیرا ہی تھا اس طرف سے ایک درندہ آیا اندھیرے کی وجہ سے صحیح پہچان نہ ہوسکی۔ وہ ہم پر غرایا اور چلا گیا، میں پابندی سے صبح و شام تین بار یہ دعا پڑھتا ہوں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ جس کی وجہ سے اللہ نے ہماری حفاظت فرمائی۔ (حق نواز ریٹائرڈ آرمی، کوہاٹ)

فرمان حضرت علیؓ: حلیم ایک قوت بخش معجون

انتخاب: علامہ ابوعون حیدر نقوی المعروف کی احمد پوری

فرمان حضرت علی سلام اللہ ورضوانہ

"حلیم ایک قوت بخش معجون ہے"

حلیم پر میڈیکل سائنس کی ریسرچ

طبی تحقیق کے مطابق گندم، جو، دال اور گوشت سے مل کر تیار کی جانے والی حلیم صرف کھانے میں ہی لذیذ نہیں ہوتی، بلکہ طاقت کے لحاظ سے بھی اہم غذا ہے۔

پروٹین سے بھرپور

دالوں میں پروٹین کی بھرپور مقدار شامل ہونے کے باعث ورزش کے بعد حلیم کھانے سے جسم کے پٹھوں اور بافتوں کی نشوونما میں مدد ملتی ہے۔اس میں چاول شامل کرنے سے کاربوہائیڈریٹس کی بڑی مقدار بھی شامل ہوجاتی ہے جس سے جسم کو طاقت ملتی ہے اور آپ خود کو چست اور چاق و چوبند محسوس کرتے ہیں اور یہ خوبی حلیم کو دوپہر کے اوقات میں کھانے سے مکمل غذا بناتی ہے۔

غذائی فائبر کی موجودگی

حلیم میں غذائی فائبر کی بڑی مقدار پائی جاتی ہے جس سے ہاضمہ بہتر ہوتا ہے اور جسم تندرست رہتا ہے۔ چونکہ غذا میں فائبر شامل کرنے سے زیادہ دیر تک جسم کو چست رکھنے میں مدد ملتی ہے، اس لیے وزن کم کرنے کے خواہشمند افراد کو اسے اپنی غذا میں شامل کرنا چاہیے۔

پوٹاشیم کا کمال

ادرک، لہسن اور ہلدی بھی حلیم کے ضروری اجزاء میں شامل ہیں جن میں بڑی مقدار میں پوٹاشیم پایا جاتا ہے، اس لیے بلند فشار خون اور گردوں کے امراض میں مبتلا افراد کو پوٹاشیم کو اپنی خوراک میں شامل کرنے کی سفارش کی جاتی ہے۔ خوراک میں پوٹاشیم کو شامل کرنے سے دل کے امراض سے بچنے میں بھی مدد ملتی ہے، جبکہ اس سے بے چینی اور ذہنی دباؤ سے بھی بچا جاسکتا ہے۔اس کے علاوہ اگر حلیم کو چاول (جس میں نشاستہ موجود ہوتا ہے) کے ساتھ نہ کھایا جائے تو ذیابیطس کے مریضوں کو جسم کے شوگر لیول کو مستحکم رکھنے میں بھی مدد مل سکتی ہے۔

سوڈیم کی موجودگی

روایتی حلیم میں نمک کی حسب ذائقہ مقدار کو بھی ضرور شامل کیا جاتا ہے، جس کا بنیادی جزو سوڈیم ہے۔اگر جسم میں سوڈیم کی مناسب مقدار موجود ہو تو یہ اعصابی اسپلسز کی ترسیل کے ضروری افعال انجام دیتا ہے جو آپ کے ردعمل کے وقت کو کنٹرول کرتا ہے، جبکہ اس سے پٹھوں کے کھینچاؤ کی صلاحیت میں بھی بہتری آتی ہے۔دل کے امراض کے شکار افراد کو حلیم میں نمک شامل کرنے سے متعلق احتیاط برتنی چاہئے۔

حلیم طاقت فراہم کرتا ہے

حلیم طاقت فراہم کرتا ہے جبکہ ہمارے جسم کو طاقت کی ضرورت ہوتی ہے اور حلیم کی تیاری میں بھی گوشت او گندم کا استعمال ہوتا ہے جو کہ جسم کو وافر مقدار میں طاقت فراہم کرتا ہے اور قوت مدافعت میں اضافہ ہوتا ہے۔حلیم کی تیاری میں نمک کا استعمال اس کو سوڈیم سے بھرتا ہے جو اس کے علاوہ ہڈیوں اور دباؤ کے لیے بہت مفید ہوتا ہے، یہ جوڑوں کے درد کا علاج کرتا ہے اور اسے طاقت فراہم کرتا ہے۔

ایک مختصر عمل کے اتنے فائدے' حیرت کی بات

محترم حضرت حکیم صاحب اسلام علیکم: میرے کچھ تجربات ہیں جو کہ میرے آزمودہ ہیں۔میں نے عبقری میگزین میں پڑھا تھا کہ آگ جلانے سے پہلے اگر 7 مرتبہ "اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّار" پڑھ لیا جائے تو کھانا وغیرہ پکاتے ہاتھ نہیں جلتا، میں اکثر دودھ گرم کرتا تھا تو میرا ہاتھ جل جاتا تھا، میں نے دل کے مکمل یقین اور اعتماد سے عمل شروع کیا' یہ عمل کرنے کے بعد کبھی میرا ہاتھ نہیں جلا، یہاں تک کہ میں بنا کپڑے کے دیگچی کا ڈھکن اتار کر سائیڈ پر رکھ دیتا ہوں مگر جلن تک نہیں ہوتی، یہ صرف اللہ کے کلام کی برکت ہے۔ دوسرا تجربہ کوئی بھی چیز گم ہوجائے یا بندہ رکھ کر بھول جائے تو سچے دل اور مکمل یقین سے یہ دعا یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم مسلسل پڑھے، چند منٹ میں ہی وہ چیز مل جاتی ہے۔ بے شمار مرتبہ اس عمل سے چیزیں جلدی مل جاتی ہیں۔ اکثر صبح کے وقت سکول و کالج جاتے وقت کوئی نہ کوئی سامان گم ہو جاتا تھا میں یہی وظیفہ پڑھتا اور فوراً گم شدہ چیز مل جاتی۔ اس کے علاوہ اور بہت سے میرے مسائل حل ہوئے ہیں 2019ء کو چھوٹی بہن کی شادی ہوئی تو یکم مئی کو گھر میں کافی مہمان تھے، میں کام کر کے تھک کر کمرے میں لیٹ گیا اور شدت کی گرمی تھی اور لائٹ گئے ہوئے مسلسل 3 گھنٹے ہوگئے تھے۔اچانک دل میں خیال آیا کہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم والا عمل لائٹ کیلئے ہی کر کے دیکھ لوں، یقین کریں میں نے ابھی صرف 3 بار ہی یہ دعا پڑھی تھی کہ لائٹ آگئی، میں خوشی سے اٹھا اور باہر جتنے بھی لوگ تھے سب کو اس دعا کی برکت کا بتایا، پھر تقریباً شام پانچ بجے لائٹ نہیں تھی میں باہر سے آیا تو بڑی بہن نے کہا کہ وہ اپنا وظیفہ کر دو لائٹ آجائے تو میں نے کہا اچھا سب مل کر میرے ساتھ پڑھو ہم نے مل کر پڑھا تقریباً چوتھی یا پانچویں بار ہی پڑھا تھا کہ لائٹ فوراً بنا وقت کے ہی آگئی۔ میں نے اپنے کریم اللہ کا شکر ادا کیا، میری تمام قارئین سے درخواست ہے کہ عبقری میگزین میں جو بھی کلام الٰہی کا وظیفہ شائع ہو تو اس کو صرف و صرف کامل یقین اور اعتماد سے کریں۔ان شاء اللہ ضرور مراد ملے گی۔(حافظ ساجد علی شیر، قصور)

کی محمد سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں، یہ جہاں چیز ہے کیا لوح قلم تیرے ہیں۔ آقا ﷺ سے وفاؤں کا سبق سیکھنے تسبیح خانہ آئیے۔ (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

ضدی کھانسی نے مجھے بے بس کر دیا!

مجھے حکمت کا بہت شوق ہے، جب سے عبقری سے تعلق ہوا ہے اس شوق میں اور جنون پیدا ہوگیا ہے۔ عبقری نے مجھے کامیاب طبیب بنادیا ہے۔ مجھے یقین ہے عبقری کی ادویات سوفیصد خالص جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ ہیں، اس لئے ان میں بہت شفاء ہے۔ اسی شفاء کا ایک واقعہ عرض کرتا ہوں میری دکان کے سامنے ایک غریب سموسے، پکوڑے والے کی دکان ہے۔ کیونکہ میں حال ہی میں اپنی دکان پر عبقری کا سامان رکھنا شروع کیا ہے تو جب اس نے میری دکان پر لوگوں کی آمدروفت دیکھی اور لوگوں کو عبقری ادویات اور ماہنامہ عبقری لے جاتے دیکھا تو ایک دن وہ دکان پر آیا اور کہنے لگا بھائی میں نے عبقری کا نام سنا ہے لیکن ادویات استعمال نہیں کیں۔ میرے گھر ایک پرابلم ہے، اگر آپ کے پاس اس کا کوئی حل ہے تو بتا دیں میں نے اس سے مسئلہ پوچھا تو کہنے لگا کافی عرصے سے میری بیٹی کو کھانسی ہے، اس کی عمر تقریباً 12 سے 13 سال ہے کافی علاج کروایا ہے اس کو آرام نہیں آرہا، کیا عبقری میں اس کی کوئی دوائی ہے؟ میں نے کہا الحمدللہ بالکل ہے۔ میں نے اس کو شفائے حیرت سیرپ دیا اور کہا کہ بسم اللہ پڑھ کر استعمال کرواؤ۔ اللہ پاک خیر کرے گا، مجھے کہنے لگا کہ کافی سیرپ استعمال کروائے ہیں اور کافی بڑے ڈاکٹروں سے چیک کرایا ہے۔ لیکن آرام نام کی کوئی چیز بھی نہیں ہے۔ میں نے کہا یہ شفائے حیرت سیرپ تم شروع کرو، میرے اللہ کو منظور ہوا تو ضرور آرام آجائے گا۔

وہ شفائے حیرت سیرپ لے گیا اور تین دن بعد میرے پاس آیا خوشی سے اس کے آنسو نکل رہے تھے اور وہ کہہ رہا تھا الحمدللہ اب میری بیٹی اس شفائے حیرت سیرپ سے شفاء یاب ہو گئی ہے۔ ورنہ اس کا سانس لینا مشکل ہوگیا تھا اب آرام سے رات کو سو جاتی ہے ورنہ ساری رات اس کی کھانستے اور ہماری جاگتے ہوئے گزرتی تھی۔

اب ہم میاں بیوی بہت خوش ہیں اور عبقری والوں کو دعائیں دیتے ہیں جنہوں نے شفائے حیرت سیرپ بنایا ہے۔ اب جب بھی کوئی عبقری کی ادویات میری دکان سے خریدنے آتا ہے تو دوڑا ہوا آتا ہے اور ان کو کہتا ہے اگر تمہارا کوئی کھانسی کا مریض ہے تو اس کو شفائے حیرت سیرپ پلاؤ انشاءاللہ آرام آجائے گا۔ میں نے شفائے حیرت سیرپ کو آزمایا ہے تم بھی آزماؤ پھر تم بھی عبقری کو دعائیں دو گے۔

میرے پاس ایک شخص آیا ہے وہ کہہ رہا تھا کہ میں آپ سے کل جو شفائے حیرت سیرپ لے کر گیا تھا، اس سے مجھے بہت فائدہ ہوا ہے۔ حیرانگی کی بات یہ ہے وہ کافی دور رہتا ہے لیکن صرف یہ بتانے کے لئے آیا تھا کہ اس سیرپ کو چند مرتبہ استعمال کرنے سے ہی نزلہ' زکام اور کھانسی دور ہوگئی اور دعائیں دیتا ہوا دکان سے چلا گیا۔ (مسعود بھٹی۔ جھنگ)

جنرل سٹور والے نے بتایا بدہضمی' اپھارہ کا کامیاب علاج

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں معدہ کا مریض تھا۔ اس کے لئے میں نے کافی ادویات لیں لیکن آرام نہیں آیا۔ میرے گھر کے قریب جنرل سٹور ہے، اس کے مالک اکثر دکان پر بیٹھے عبقری رسالہ پڑھ رہے ہوتے ہیں۔ باتوں باتوں میں میں نے انہیں اپنے معدے کے مسائل کے بارے میں بتایا تو میری یہ حالت دیکھ کر فوراً کہنے لگے آپ بغیر سوچے عبقری دواخانہ کی جوہر شفائے مدینہ استعمال کرنا شروع کر دیں آپ کو کسی اور دوا کی ضرورت ہی نہیں رہے گی۔ وہ بتانے لگے کہ میری اپنی آزمودہ ہے، میں خود گیس' تبخیر اور قبض کے ہاتھوں پریشان تھا لیکن جب سے جوہر شفائے مدینہ استعمال کرنی شروع کی ہے میری زندگی میں سکون آگیا ہے، ہاضمے کے مسائل اور قبض سے جو ذہنی کوفت ہوتی ہے اس سب سے نجات مل گئی ہے۔ میں نے اپنے شہر کی عبقری ایجنسی سے جوہر شفائے مدینہ لاکر استعمال کی، پہلی خوراک نے ہی اپنا اثر دکھایا۔ کھانا کھانے کے بعد معدے پر کوئی بوجھ نہیں رہا۔ میری معدہ کی تمام بیماریاں ختم ہوگئی ہیں، اپھارہ، بدہضمی وغیرہ وغیرہ۔ ورنہ کھانا کھاتے ہی کھٹے ڈکار آنا شروع ہو جاتے اور کھانا جیسے پیٹ میں پھول جاتا۔ اب الحمدللہ بالکل فٹ ہوں۔ (افتخار حسین، فیصل آباد)

یہ پانی پیا، جسم میں سکون کی لہر اور ڈپریشن ختم

ایک وقت تھا جب میں سونے لگتی تو جسم، دماغ میں جھٹکے لگتے تھے۔ میں دس بارہ سال سے ڈپریشن کا شکار ہوں۔ پہلے تو میں ہسپتال سے چیک کروا کر ڈپریشن کی گولیاں کھاتی رہی جس سے وزن بھی بہت بڑھ گیا تھا۔ بعض اوقات میری حالت ایسی ہو جاتی کہ مجھے تین بار تو بجلی کے جھٹکے بھی لگوائے گئے۔ لیکن اب میں دو سال پہلے عبقری دواخانہ میں حضرت حکیم صاحب کے اسسٹنٹ کو چیک کروایا تھا انہوں نے عبقری دواخانے کا سکون افزاء ٹانک مسلسل کچھ عرصہ استعمال کرنے کا مشورہ دیا تھا۔ میں نے جب سکون افزاء پانی میں ڈال کر پینا شروع کیا، پیتے ہی غیر معمولی طور پر دماغ اور جسم میں سکون کی لہر محسوس ہوئی۔ حقیقتاً یہ سکون افزاء ہی ہے' بالکل اپنے نام کی سی تاثیر رکھتا ہے۔ ایلوپیتھک دوائیاں کھا کھا کر صحت برباد ہو چکی تھی۔ اب سب دوائیوں سے پیچھا چھوٹ چکا ہے اور بہت سکون ملا ہے۔ جلد سوکھ گئی تھی خاص طور پر چہرے کی جلد بہت خشک اور جلد پر داغ بن چکے تھے جو کہ اس ٹانک کے استعمال سے کافی حد تک ٹھیک ہو گئے ہیں۔ میرا وزن جو بہت بے ڈھنگے انداز میں بڑھ چکا تھا وہ بھی کم ہوگیا۔ (زینب بتول، لاہور)

کتابیں ہمارے لئے صدقہ جاریہ کیسے بن سکتی ہیں؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کتابیں انسان کا بہت قیمتی سرمایہ اور زندگی کا ساتھی ہیں جو ہمیں بہت کچھ سکھاتی ہیں۔ کتاب کی اہمیت اہل علم ہی جانتے ہیں۔ جب سے میں نے رسالے میں پڑھا ہے کہ شیخ الوظائف کو کتابیں ہدیہ کریں، یقین جانئے دل میں ایک اطمینان ہوا ہے کہ جو کتابیں ہمارے گھروں میں پڑی بوسیدہ ہو رہی ہیں اور ہمارے بڑوں کا بہت بڑا سرمایہ ہیں۔ ہم صرف اپنی مصروفیات کی وجہ سے ان کی قدر نہیں کر پا رہے اور نہ ہم ان سے اصل فائدہ اٹھانا جانتے ہیں۔ لیکن ایک فائدہ تو ہم ضرور حاصل کر سکتے ہیں جو کہ صدقہ جاریہ کا فائدہ ہے، اور ہم یہ فائدہ صرف ان کتابوں کو صحیح ہاتھوں میں پہنچا کر ہی حاصل کر سکتے ہیں۔ عبقری سے زیادہ شاید ہی کوئی جانتا ہو کہ ان کتابوں کا بہترین استعمال کیسے کیا جائے کیونکہ پورے عالم میں جو خیر عبقری بانٹ رہا ہے۔ اس کی مثال نہیں ملتی۔ (احمد آفتاب' ملتان)

تسبیح خانہ میں ہونے والی عشق رسول ﷺ میں سرشار محفل میں شامل ہوں اور اپنے دنیا آخرت کے دکھ درد دھلوائیں۔ (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

درد سے کراہتے مریض کو سکون مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ دن پہلے میرے گھر ساس صاحبہ تشریف لائیں، انہوں نے رات قیام کیا تو میں نے سنا کہ درد سے کراہنے کی آواز آرہی ہے اہلیہ سے پوچھنے پر پتہ چلا کہ ساس صاحبہ کچھ عرصہ پہلے سیڑھیوں سے گرگئی تھیں لیکن کوئی بڑی چوٹ نہیں آئی لیکن بہت سی اندرونی چوٹیں آئی ہیں، سردی میں ان میں درد بڑھ جاتا ہے۔ بڑھاپے کی وجہ سے مدافعتی طاقت بھی کم ہوچکی ہے۔ میں نے جا کر ساس صاحبہ سے پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ جب بھی درد ہو تو بس پین کلر کھا کر گزارہ کرلیتی ہوں۔ آج لانا بھول گئی اس لئے یہ حالت ہورہی ہے۔ مجھے فوراً خیال آیا کہ میرے پاؤں میں موچ آئی تھی تو میں نے عبقری دواخانہ کی دردی ہربل بام استعمال کی تھی اور مجھے بہت فائدہ ہوا تھا' وہی ڈبیہ گھر میں پڑی ہوئی تھی۔ میں نے اہلیہ سے کہا کہ اس سے والدہ کی چوٹ کی جگہ پر ہلکی مالش کرو۔ چند منٹ مالش کرنے کے بعد انہیں سکون ملنا شروع ہوگیا اور انہیں سکون کی نیند آگئی۔ جب تک وہ ہمارے گھر رہیں روزانہ اس بام سے مالش کرتیں اور بہت دعائیں دیتیں۔ جب انہوں نے واپس جانا تھا تو میں نے عبقری ایجنسی سے ایک ڈبی دردی ہربل بام لاکر انہیں ساتھ دے دی۔ انہوں نے گھر جا کر کچھ ہفتے مسلسل استعمال کی تو ان کی درد سے مکمل جان چھوٹ گئی۔ پھر میں نے انہیں عبقری رسالے کا بتایا کہ ہر ماہ کا میگزین گھر میں لگوالیں اس میں بہت سے طبی وروحانی ٹوٹکے ملتے ہیں۔ اب وہ بھی رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہیں۔ میرے گھر جب بھی کوئی بیمار ہو تو پہلے ہم عبقری ادویات میں سے اس کا علاج تلاش کرتے ہیں، کیونکہ ہمیں یقین ہے عبقری ادویات سے ہی ہمارا مسئلہ حل ہوگا۔ (خرم یٰسین۔ جھنگ)

چہرہ بدنما دانوں سے صاف اور شفاف ہوگیا

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم میرے شوہر کو 8 سال سے شوگر تھی، بہت علاج کروائے لیکن مرض بڑھتا ہی گیا۔ انہیں کمزوری بہت زیادہ ہوگئی، بار بار پیشاب آنا، اگر کوئی زخم ہوجاتا تو مہینوں تک ٹھیک نہ ہوتا تھا۔ ان کی صحت دن بدن خراب ہورہی تھی۔ پھر میں نے ان کو عبقری شوگر کورس کا بتایا تو انہوں نے آپ کا شوگر کورس استعمال کیا۔ پہلے دن سے ہی ان کی طبیعت سنبھلنا شروع ہوگئی۔ کچھ عرصہ مسلسل استعمال سے جسم میں طاقت آنا شروع ہوگئی اور بیماری کی شدت بہت کم ہوئی، الحمدللہ پندرہ دن کے بعد ان کی رپورٹ 200 آئی، جبکہ پہلے 500 تک آتی تھی، ہم نے علاج جاری رکھا، کافی حد تک کمزوری ختم ہوئی تو ہمیں اطمینان ہوا کہ ان شاءاللہ یہ بیماری اسی دوا سے ختم ہوجائے گی۔ ایک کورس کے استعمال سے ہی واضح فرق محسوس ہوا۔ شوہر بہت خوش ہوئے مجھے کہنے لگے کہ عبقری ادویات تو بہت فائدہ مند ہیں۔ ہم نے اور شوگر کورس منگوا کر استعمال کیا۔ تقریباً تین کورس استعمال کرنے سے شوہر کی صحت بحال ہوگئی اور شوگر کی علامات ختم ہوگئیں، اب نہ تو بار بار پیشاب آتا ہے اور جسمانی صحت بھی بہت بہتر ہوگئی ہے ورنہ میں بہت پریشان ہوگئی تھی کہ مسلسل کمزور ہورہے ہیں کہیں کوئی زیادہ مسئلہ نہ بن جائے۔ میں اللہ تعالیٰ کا بہت زیادہ شکر ادا کرتی ہوں اور آپ کے لئے بہت دعائیں کرتی ہوں۔ آپ ہمارے دین اور دنیا دونوں کو سنوار رہے ہیں۔ آج کے دور میں خالص اجزا سے تیارہ ادویات کا ملنا بظاہر ناممکن ہے، اسی وجہ سے کسی پر اعتماد کرنا بھی مشکل ہے۔ لیکن عبقری پر اب ہمارا اعتماد بن چکا ہے۔ میرے شوہر بھی اب عبقری کے دیوانے ہوگئے ہیں۔ (عالیہ انجم، پتوکی)

خوش وخرم ازدواجی زندگی کا راز آپ بھی لے لیجئے!

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے اپنی دکان پر عبقری دواخانہ کی ادویات بھی رکھی ہوئی ہیں۔ ہمارے قریب ہی ایک شوگر مل ہے وہاں سے ایک بندہ آیا وہ دوسرے شہر کا رہائشی تھا۔ لیکن وہ شوگر مل میں کام کرتا تھا، وہ دکان پر آیا اور کہا شکر ہے اس علاقے میں بھی عبقری ادویات دستیاب ہیں' میں ڈھونڈتا ڈھونڈتا یہاں آیا ہوں، میں نے پوچھا آپ کو کیا چاہیے۔ اس نے کہا مجھے پرانی طاقتی کی دو ڈبیاں چاہیے، میں بھی استعمال کررہا ہوں اور میرا ایک دوست ہے وہ بھی استعمال کررہا ہے۔ وہ بھائی صاحب بتانے لگے کہ جن حضرات کو غذائی قلت یا کسی بھی وجہ سے کمزوری ہو یا وقت سے پہلے بڑھاپا آگیا ہو ان کے لئے بہت زبردست دوائی ہے۔ میں کافی عرصے سے استعمال کررہا ہوں اور الحمدللہ بہت خوش وخرم ازدواجی زندگی گزار رہا ہوں۔ مجھے بہت کمزوری ہوچکی تھی، جسم لاغر، سست اور طاقت بالکل ختم ہوچکی تھی، میں اتنا پریشان تھا کسی کو بتا بھی نہیں سکتا تھا، بھلا ہو میرے چچا کا جنہوں نے میرا عبقری رسالے سے تعارف کروایا، پڑھا تو بہت متاثر ہوا کہ آج کے نفسا نفسی کے دور میں یہ کون ہیں جو اتنے قیمتی نسخے اور راز مخلوق میں عام کررہے ہیں، میں رسالے سے اپنے مطلب کا نسخہ تلاش کررہا تھا کہ میں نے پرانی طاقتی کا اشتہار دیکھا' پڑھ کر امید نظر آئی۔ اس میں انہی مسائل کی طرف اشارہ تھا جن مسائل کا میں شکار ہوچکا تھا۔ میں نے فوراً منگوا کر استعمال کرنا شروع کی۔ جو سوچا تھا اس سے کئی گنا بڑھ کر رزلٹ پایا۔ (م، ی۔ جھنگ)

ہیپاٹائٹس کی دوا سے چہرے کے دانے بھی ختم ہوگئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری والدہ کو ہیپاٹائٹس تھا، چہرہ اور آنکھیں زرد ہوچکی تھیں۔ اسی مرض میں انہیں لوز موشن کا مسئلہ بھی شروع ہوگیا، جس کی وجہ سے کمزوری اور بڑھ گئی۔ ہم بہت پریشان تھے کہ والدہ کی طبیعت دن بدن بگڑتی جارہی ہے۔ میں نے آپ کا ہیپاٹائٹس نجات سیرپ منگوایا اور امی جان کو دینا شروع کردیا، ابھی چار خوراکیں ہی دی تھیں کہ لوز موشن بند ہوگئے۔ اس سے ہمیں بہت تسلی ہوئی، مسلسل ہیپاٹائٹس نجات سیرپ کے استعمال سے والدہ کی صحت بحال ہونا شروع ہوگئی، چہرے کی زردی ختم ہوگئی۔ ہم نے اللہ کا بہت شکر ادا کیا۔ اس سیرپ سے والدہ کو نئی زندگی ملی۔ میں نے اس سیرپ کے ساتھ بروشر میں اس کے فوائد پڑھے کہ اس سے چہرے کے دانے اور کیل مہاسوں کا بھی خاتمہ ہوتا ہے۔ میرے چہرے پر دانے نکلتے تھے، بہت علاج کیے مگر ٹھیک نہ ہوتے تھے یا عارضی فرق پڑجاتا تھا۔ میں نے یہی سیرپ استعمال کیا تو حیرت انگیز طور پر میرا چہرہ صاف ہونا شروع ہوگیا۔ میں بہت علاج کرکے تھک چکی تھی لیکن چہرہ صاف نہیں ہورہا تھا، اب الحمدللہ چہرہ بالکل صاف ہوگیا ہے بلکہ چہرے پر سرخی آگئی ہے۔ میں نے اپنی کئی دوستوں کو بھی ہیپاٹائٹس نجات سیرپ اسی مسئلے کے لئے بھی استعمال کروایا تو انہیں بھی بہت فائدہ ہوا۔ عبقری نے ہماری زندگی آسان کردی ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ آپ اور آپ کی نسلوں کو ہمیشہ شادو آباد رکھے۔ (ع۔ا، جڑانوالہ)

جس جیب میں یہ مسواک ہوگی اس کی ہر وقت غیبی مدد ہوگی، گاڑی میں رکھیں کبھی حادثہ نہیں ہوگا، سواری کو کبھی نقصان نہیں ہوگا۔ (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

الجھے سوال، سلجھے جواب

مسائل، مشکلات اور الجھنوں میں گرے غم کے ماروں کے خطوط اور ان کے جواب

بیٹی گم سم رہتی ہے

میری سات سال کی بیٹی ہے جو توتلی ہے۔ وہ بہت حساس مزاج کی ہے۔ سکول میں گم سم سی رہتی ہے۔ ''ف'' کا لفظ منہ سے نہیں نکال سکتی۔ اس کی بات مشکل سے سمجھ آتی ہے۔ گھر میں دوسرے بچے اس کا مذاق اڑاتے ہیں۔ اس کا کوئی حل بتادیں۔ (عائشہ خاور، کوہاٹ)

مشورہ: بچی کو بولنے میں مسئلہ ہوتا ہے تو سب سے پہلے دوسرے بچوں کو سمجھائیں کہ اس کا مذاق نہ اڑائیں۔ اس طرح بچی احساس کمتری کا شکار ہو جائے گی۔ بچی کو آپ خود علیحدگی میں لفظ کی ادائیگی کی مشق کروائیں۔ ہونٹوں سے بار بار ''ف'' کہہ کر بتایئے کہ اس طرح ''ف'' بولا جاتا ہے۔ آپ کو تھوڑی سی محنت کرنا ہوگی پھر بچی آہستہ آہستہ سیکھ جائے گی۔ تھوڑا سا بھنا ہوا سہاگہ شہد میں ملا کر دن میں دو بار زبان پر ملنے۔ اس سے بہت افاقہ ہوگا۔

چہرے کی رنگت خراب

میں ایک میڈیکل کی طالبہ ہوں، نیند بھی پوری لیتی ہوں لیکن اس کے باوجود میری آنکھوں کے گرد حلقے پڑ گئے ہیں۔ میرے خیال میں یہ راتوں کو پڑھنے کی وجہ سے ہوتا ہے۔ لیکن کئی ماہ گزرنے کے باوجود بھی یہ ٹھیک نہیں ہوئے۔ اس کے علاوہ چہرے کی رنگت بھی خراب ہو رہی ہے۔ پہلے رنگ صاف تھا اب کہیں سے گہرا اور کہیں سے ہلکا ہے۔ اس کا کوئی آسان سا علاج بتایئے تاکہ میں آسانی سے کرسکوں۔ (صائمہ افتخار، سکھر)

مشورہ: آپ روزانہ سات بادام بھگو کر صبح نہار منہ دودھ کے ساتھ کھایئے۔ آپ میڈیکل کی طالبہ ہیں اس لئے آپ کو اس کی اشد ضرورت ہے۔ ایک ماہ بعد باداموں کی تعداد گیارہ کر دیجئے۔ آنکھوں کے حلقوں کے لئے گھیکوار کا چھوٹا سا ٹکڑا لیں اسے درمیان سے کاٹ کر آنکھوں کے نیچے آہستہ آہستہ ملئے۔ دس منٹ بعد اسے دھولیں۔ عرق گلاب کو اپنے چہرے اور آنکھوں پر لگایئے۔ اس سے آپ کے چہرے کی رنگت کا مسئلہ بھی حل ہو جائے گا۔ اپنی غذا میں سبزیاں اور پھل شامل کیجئے۔ صبح اٹھ کر تازہ پانی کے چھینٹے آنکھوں پر ماریئے۔ چند ہفتوں کے بعد آپ خود افاقہ محسوس کریں گی۔

زیتون کا تیل اور بالائی کا کمال

مجھے جسمانی کمزوری بہت زیادہ ہے۔ میرا جسم حد سے زیادہ دبلا پتلا ہے۔ چہرے کی ہڈیاں تک واضح ہوتی ہیں۔ میرے چہرے پر دھبوں کے نشان بھی ہیں۔ اس کے علاوہ نسوانی حسن کی بھی کمی ہے۔ میں نے ٹی وی پر دیکھ کر کافی ادویات استعمال کیں مگر کوئی فرق نہیں پڑ رہا۔ میں اپنے مستقبل کے حوالے سے بہت پریشان ہوں۔ اپنے ان مسائل کی وجہ سے کسی شادی اور تقریبات پر جانے سے بھی قاصر ہوں۔ براہ مہربانی کوئی علاج بتادیں آپ کی بہت ممنون ہوں گی۔ (پوشیدہ)

مشورہ: بعض لوگوں کے جسم کی قدرتی ساخت ایسی ہوتی ہے۔ آپ اس مسئلہ کے لیے الٹی سیدھی کریمیں یا لوشن استعمال مت کیجئے۔ ایسی غیر معیاری کریمیں اور لوشن استعمال کرنے کے صحت پر منفی اثرات ہوتے ہیں۔ اس سے آپ کو الرجی بھی ہوسکتی ہے۔ آپ روزانہ سوتے وقت پانچ منٹ انگلیوں کی مدد سے زیتون کے تیل کی آہستہ آہستہ مالش کریں۔ دو تین ماہ یہ عمل مسلسل کیجئے۔ دودھ میں شہد ڈال کر روزانہ پیجئے۔ زیتون کے تیل کو آپ چہرے پر بھی لگایئے۔ ایسی غذاؤں کا استعمال کیجئے جس سے آپ کو قبض کی بالکل بھی شکایت نہ ہو۔ اس کے علاوہ دہی کی بالائی کو چہرے کے داغوں پر ملئے۔

16 سال کی عمر میں مرگی کے دورے

میری عمر سولہ سال ہے۔ مجھے مرگی کے دورے پڑتے ہیں۔ میں نے اپنے اس مرض سے نجات کے لئے مختلف ڈاکٹروں کو چیک کروایا اور پچھلے پانچ سال سے ادویات استعمال کر رہی ہوں مگر اس کے باوجود بھی افاقہ نہیں ہوا۔ میری یہ بیماری کیا ٹھیک ہوسکتی ہے یا ایسے ہی اس بیماری کے ساتھ ساری زندگی گزارنی پڑے گی۔ میں بہت مایوس ہو چکی ہوں۔ (صباء خاور، سکھر)

مشورہ: مرگی کے دورے عموماً کسی دماغی حادثے کے بعد پڑنا شروع ہوتے ہیں اس کے علاوہ کچھ لوگوں کو بچپن سے ہی یہ مرض لاحق ہوتا ہے۔ مرگی کا آسان گھریلو علاج تمباکو کے پتے 4 ماشہ آدھا کلو پانی میں خوب اچھی طرح ابال لیں تقریباً ایک گھنٹہ پکائیں اچھی طرح چھان کر ایک کپ صبح، شام استعمال کیجئے، ان شاء اللہ بہت جلد فائدہ ہوگا۔

کپڑوں پر چائے کے داغ

میرے نئے قیمتی کپڑوں پر چائے کے داغ لگ گئے ہیں۔ میں نے ان داغوں کو ختم کرنے کے لئے بہت سے ٹوٹکے استعمال کئے ہیں مگر واضح فرق نہیں پڑا۔ میں چاہتی ہوں کسی طرح یہ داغ ختم ہو جائیں تاکہ یہ میرے استعمال میں آسکیں۔ اس کا کوئی حل بتادیجئے۔ (شائلہ انور، سبی)

مشورہ: چائے کپڑوں پر گرے یا پھر بیڈ اور چارپائی پر، اس کے لئے چاہیے کہ جس وقت چائے گرے فوراً پسا ہوا نمک جس جگہ چائے کے دھبے ہوں وہاں لگا دیں اور پھر اس کے بعد صابن سے دھولیں تو ان شاء اللہ داغ نہیں پڑے گا۔ اب آپ کو چاہیے کہ اگر اس ٹوٹکے سے افاقہ نہ ہو تو تھوڑا سا امونیا پانی میں ملا کر داغ والا حصہ اس میں بھگو دیں اور پھر صابن سے دھولیں، ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

ہاتھوں اور چہرے پر جھریاں

چند سالوں سے میرے ہاتھوں پر بہت ساری جھریاں بن گئی ہیں۔ جن سے ہاتھ بہت برے لگتے ہیں اس کے علاوہ چند ماہ سے آنکھوں کے نیچے بھی جھریاں پڑ رہی ہیں۔ اس کے ازالے کے لئے کچھ بتادیجئے۔ (فائزہ رفیق، کراچی)

مشورہ: سب سے پہلے آپ کو چاہیے کہ اپنی غذا پر توجہ کیجئے۔ جو کے دلیے میں شہد ڈال کر کھایئے۔ گھیکوار کا پودا جسے کنوار گندل بھی کہتے ہیں اس کے ایک دو گملے گھر رکھ لیجئے۔ رات کو شاخ دھو کر بیچ میں سے لمبائی کے رخ کاٹیے، شروع میں تھوڑا سا پیلا پانی نکلے گا۔ اسے صاف کر کے شاخ دونوں ہاتھوں سے اچھی طرح دبا دبا کے ملئے تاکہ ہاتھوں کو سارا گودا لگ جائے۔ اب ہاتھ خشک ہونے دیجئے اور سو جایئے۔ اسی طرح آنکھوں کے نیچے بھی گھیکوار کا رس لگایئے۔ مستقل مزاجی سے ہر رات یہ کام کیجئے۔ ہوسکے تو دن میں کسی وقت بھی آدھے گھنٹے کے لئے لگایئے۔

روحانی جانثاروں کا عمل کرنے والے کو وہ کچھ ملے گا جس کا گمان بھی نہ کیا ہوگا، یقین اور دھیان سے عمل کریں اور اختتامی دعا میں شامل ہوں۔ (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

جگر گردے سلامت چاہتے ہیں تو مولی سے دوستی کرلیں

پروفیسر کامران، فیصل آباد

مولی قبض کشا ہے!

مولی میں وٹامن اے بی سی اور ای مناسب مقدار میں موجود ہیں۔ وٹامن اے اور سی کی وجہ سے مولی مانع سکربوط (Antiscorbic) ہے۔ وٹامن بی سوزش اعصاب کو روکتا ہے اور وٹامن ای قوت تولید کو بڑھاتا ہے۔ اس کی قلت بانجھ پن اور اسقاط کا باعث ہوا کرتی ہے۔ کچی مولی قبض کشا ہے۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ اس کا موٹا چوبی ریشہ آنتوں میں پہنچ کر فضلہ کو آگے دھکیلتا ہے۔

کہیں آپ مولی کی غذائیت ضائع تو نہیں کر رہے!

مولی کی تلخی اور تیزی کو دور کرنے کے لئے بعض لوگ اس کی قاشوں کو نمک لگا کر رکھ دیتے ہیں۔ تاکہ تند اور کڑوا پانی نکل جائے' لیکن یہ عمل درست نہیں ہے۔ نیز بھجیا بناتے وقت مولی کو ابال کر پانی پھینک دینا بھی ٹھیک نہیں۔ ان طریقوں سے تمام نمکیات اور دوسرے ضروری اجزاء ضائع ہو جاتے ہیں اور صرف لکڑی کا ریشہ ہی باقی رہ جاتا ہے۔ جسے مولی کا فضلہ کہنا ہی بہتر ہے۔

مولی کا پانی خون صاف کرتا ہے

مولی کا پانی خون کو صاف کرتا ہے کیونکہ اس میں گندھک کا جزو موجود ہے۔ کچی مولی سے بدبودار اور متعفن ڈکاریں آتی ہیں۔ لیکن اگر اسے نمک، کالی مرچ اور زیرہ کے ساتھ کھائیں تو ڈکاریں بہت کم آتی ہیں۔ اسے ہمیشہ کھانے کے ہمراہ یا درمیان میں خوب چبا کر کھایا جائے تو غذا ہضم کرنے میں مدد ملے گی اور یہ خود بھی ہضم ہو جائے گی۔ کھانا کھانے کے بعد اسے استعمال نہیں کرنا چاہیے ورنہ کھانا ہضم ہونے کے باوجود دیر تک ڈکاریں آتی رہیں گی۔ اس لئے اطبا کہتے ہیں یہ خود دیر ہضم ہے لیکن دوسری غذا کو ہضم کر دیتی ہے۔ اس کا سالن جلد ہضم ہو جاتا ہے۔ بھجیا بناتے وقت اس کے چھوٹے چھوٹے اور نئے پتے مت اتاریں کیونکہ یہ مولی کو ہضم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ البتہ بڑے بڑے ڈنٹھل پختہ اور بڑے پتے اتار دینے چاہئیں۔

مولی کے پتے اور جڑیں گردوں کی پتھری میں مفید

مولی کے پتوں اور جڑوں کو جلا کر نمک حاصل کیا جاتا ہے اور اسے گردہ اور مثانہ کی پتھری نکالنے کے لئے کھلایا جاتا ہے۔ عام بازاروں میں مولی کے نمک کے نام پر خوردنی نمک اور گندھک کی چند بوندیں ملا کر بیچتے ہیں۔ جبکہ یہ محض فریب اور دھوکہ ہے۔ اس میں ایک رتی بھی مولی کا نمک نہیں ہوتا۔ اس لئے آپ خود تیار کر کے دیکھیں اور اس کے فوائد کا مشاہدہ خود کریں۔

یہ نمک بے شمار بیماریوں کا علاج ہے

ترکیب: بڑی بڑی پکی ہوئی مولیوں کو پتوں سمیت اکھاڑ کر مٹی وغیرہ سے صاف کرلیں اور پھر کاٹ کر ٹکڑے بنالیں' پھر دھوپ میں خشک ہونے کے لئے رکھ دیں۔ تقریباً ایک ماہ میں خشک ہوں گی۔ اب انہیں جلا کر راکھ کرلیں اور اس کا وزن کر کے اس سے آٹھ گنا زیادہ پانی ڈال کر کسی مٹی کے کونڈے وغیرہ میں بھگودیں، دن میں تین مرتبہ کسی لکڑی سے ہلا دیا کریں۔ تین دن اسی طرح رکھیں۔ چوتھے روز پانی کو ہلائے بغیر آہستہ آہستہ اوپر سے نتھرا ہوا پانی اتار لیں اور جو راکھ نیچے بیٹھی ہو وہ پھینک دیں۔ اب جو نتھرے ہوئے پانی کو کسی قلعی دار برتن میں ڈال کر پکائیں۔ جوں جوں پانی خشک ہوتا جائے کناروں پر لگی ہوئی سفید دوا کو کھرچ کر پانی میں پھینکتے رہیں۔ تمام پانی خشک ہو جائے تو پیندے میں سفید سفید دوا ہی باقی رہ جائے گی۔ بس یہی مولی کا نمک اور مولی کا کھار ہے۔ اسے کسی بوتل میں خوب مضبوط کارک لگا کر رکھیں۔ ورنہ برسات کے موسم میں نمی آجائے گی۔

نزلہ زکام میں اس نمک کا استعمال

مولی کا نمک ۴ رتی لے کر نیم گرم پانی سے پھانک لیں۔ ان شاءاللہ نزلہ، زکام اور کھانسی میں آرام ہوگا۔

لقوہ کے علاج کیلئے مجرب ترین لیپ حاضر!

دردشقیقہ کا علاج

مولی کا چھلکا دردسر میں بہت مفید ہے، مولی کے چھلکے باریک پیس کر سرکہ میں ملائیں، پیشانی اور کنپٹیوں پر اس کا لیپ کر دیں، دردسر میں آرام ہوگا۔ دماغ میں کیڑے پڑ گئے ہوں' ذرا سا ہلانے سے سر پھٹنے لگتا ہو مریض کی آواز گنگنی ہوگئی ہو تو مولی کے نمک کی جو بالکل باریک پسا ہوا دن میں تین بار نسوار دینی چاہیے، اس سے کیڑے نکل جائیں گے۔

مرگی کے مریض کے لئے نسخہ

مولی مع پتوں کے چھیل کر خشک کرلیں اور باریک پیس کر رکھ لیں۔ روزانہ لیموں کے تازہ عرق کے ساتھ ایک ماشہ کی مقدار میں صبح نہار منہ کھلائیں۔ تین ہفتوں میں مرض سے نجات مل جائے گی۔ ان شاءاللہ

لقوہ کا علاج

منہ کے ٹیڑھا ہو جانے کو لقوہ کہتے ہیں۔ اس کے لئے ایک مجرب لیپ حاضر ہے۔ ھوالشافی: مولی کے بیج آب ادرک میں پیس کر مقام ماؤف پر لگائیں، ہفتہ عشرہ میں فائدہ ہوگا۔

نیند کی حالت میں سینے پر بوجھ گلے کا گھٹنا

کابوس ایک ایسا مرض ہے کہ نیند کی حالت میں یوں محسوس ہوتا ہے جیسے کوئی سینے پر سوار ہے اور گلا گھونٹ رہا ہے، اس ڈر سے مریض کی حالت غیر ہو جاتی ہے۔ اکثر لوگ اسے جادو جنات کا حملہ بھی سمجھ بیٹھتے ہیں۔ اس کو رفع کرنے کے لئے ایک قے آور دوا بہت مفید ہے۔ ھوالشافی: مولی کے بیج کوٹ چھان کر باریک پیس لیں، ہر روز رات سوتے وقت ۶ ماشہ ہمراہ نیم گرم پانی استعمال کریں، قے کے ذریعہ گندا مواد خارج ہو جائے گا اور اس تکلیف دہ کیفیت سے نجات مل جائے گی

بالوں کا گرنا اب اور نہیں: چار ماہ تک باقاعدگی سے ایک دو مولیاں روز کھائیں۔ ان شاء اللہ بال گرنا بند ہو جائیں گے۔ نئے بال اگنے شروع ہو جائیں گے، اگر گنجے آدمی کے سر پر مولی کا پانی ملیں تو اس سے سر پر نئے بال نکلنا شروع ہو جائیں گے۔

باقاعدہ مولی کھانے سے وزن میں کمی واقع ہوتی ہے، موٹاپے سے پریشان افراد وزن کم کرنا چاہتے ہیں تو مولی کے رس میں لیموں اور نمک ملا کر پئیں، اس سے آپ کے وزن میں خاطر خواہ کمی واقع ہوگی۔ مولی میں فولک ایسڈ، وٹامن سی پایا جاتا ہے جو جسم میں کینسر کے خلاف قوت مدافعت کو بڑھاتا ہے جس کی وجہ سے انسان کینسر جیسے موذی مرض سے محفوظ رہتا ہے۔

دروازے پر یہ نام لکھ کر حفاظت، کفایت پائیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم: اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا گو ہوں کہ اللہ آپ کو ایمان کامل، صحت، تندرستی دے اور تسبیح خانہ کا فیض عام جاری و ساری رہے۔ تقریباً عرصہ 7 سال سے عبقری کا مطالعہ کر رہا ہوں اور عرصہ 5 سال سے یوٹیوب پر آپ کی محافل سن رہا ہوں۔ میں نے آپ کی محفل سنی جس میں آپ نے سورۃ الم نشرح کی فضیلت بتائی تھی۔ میں اس سورۃ کو عرصہ چار سال سے پڑھ رہا ہوں، اپنی مجبوری پریشانی اور لوگوں کے قرضے کے سلسلے میں پڑھتا ہوں اور اللہ کی کرم نوازی سے اور آپ کے اس بیان سے اور اس سورۃ کی برکت سے میری مشکلات میں کمی ہو رہی ہے۔

مال فروخت کرنے کا آزمودہ عمل

آپ کی محفل میں آپ نے اللہ کے دو نام یا قادر یا نافع پڑھنے کا بتایا میں نے ان اللہ کے ناموں کو پڑھنا شروع کیا، فجر کی نماز کے بعد چالیس بار پڑھا۔ جب میرا مال فروخت نہیں ہو رہا ہوتا تو میں ان ناموں کا ورد شروع کر دیتا ہوں، اللہ پاک کے ان بابرکت ناموں کی وجہ سے میرا مال آناً فاناً فروخت ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ آپ کے ایک اور بیان میں "لَا خِلَابَہ" پڑھنے کی تاکید کی، جب کوئی تھوڑی بہت مشکل آتی ہے تو میں نے اس کا ورد کیا اور اللہ کے فضل سے مجھے کامیابی ہوئی۔ اس کے علاوہ آپ نے سورۃ کہف پڑھنے کے فوائد بتائے اور اصحاب کہف کے نام بھی دائرے کی شکل میں لکھنے کا بتایا، میں نے کہف کو اپنے بچوں کے چہرے پر، بدن پر لکھا اس کے علاوہ میرے ماموں کا پوتا بیمار تھا میں نے اس کو سات بار سانس روک کر کہف پڑھ کر دم کیا جس سے اسے افاقہ ہوا۔ اس کے علاوہ میں نے اپنے گھر کے دروازے کے اوپر اصحاب کہف کے نام دائرے کی شکل میں لکھ کر لگائے ہیں۔ میرے الٹے ہاتھ کے درمیان میں ایک سیاہ نشان پڑا ہوا ہے جس کو میں نے کہف سے دم کیا اور وقتاً فوقتاً دم کرتا ہوں، اس کی سیاہی کم ہو گئی ہے۔

بدہضمی اور گیس جیسے امراض سے حفاظت

آپ نے ایک محفل میں سورۃ قریش کی فضیلت بتائی، اللہ کے فضل سے گزشتہ دو سال سے اس کا ورد کر رہا ہوں۔ کھانا کھانے کے بعد تین بار میں اس کو پڑھتا ہوں، اس کے پڑھنے کے بعد نہ میرا پیٹ پھولا نہ مجھے بدہضمی ہوئی اور نہ ہی گیس پیدا ہوئی۔ میں کھانے کے بعد تین مرتبہ سورۃ قریش پڑھ لیتا ہوں جس سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

مکان کا مسئلہ حل ہونے کے قریب

سورۃ انعام کی آیات نمبر 107 کا بھی ورد کرتا ہوں، میرے مکان کا دس سال سے مقدمہ چل رہا ہے جو سول کورٹ سے سیشن میں گیا اور سیشن کورٹ سے جج صاحب نے کیس کو چار پوائنٹ کی بیس پر ریمانڈ کر دیا اور میری اپیل منظور کر لی گئی۔ یہ سب اعمال کی برکت سے ہوا۔ (غلام کبریا)

بچوں کی لاجواب صحت اور طاقت کا خزانہ

مونگ پھلی، کالے، سفید اور سرخ تل لے کر انہیں گڑ کی پت بنا کر مکس کر لیں، برتن کے اندر تیل یا دیسی گھی تھوڑا سا پلیٹ یا پرات کی تہہ میں لگا دیں۔ پھر اس گڑ کی چکی کو پھیلا دیں۔ جب یہ ٹھنڈی ہونے لگے تو چھری سے چھوٹی چھوٹی کاٹ لیں اور بچوں کو دیں خود بھی کھائیں۔ یہ طاقت کا خزانہ ہے اور جن بچوں کو بستر پر پیشاب کرنے کی عادت ہے اگر انہیں یہ نسخہ استعمال کروایا جائے تو وہ بستر پر پیشاب نہیں کریں گے' اس کے علاوہ جسمانی کمزوری ختم' مثانہ اور ہڈیاں مضبوط ہوں گی۔ اس کے علاوہ میرا یہ تجربہ ہے اگر سیڑھیاں چڑھتے وقت اللہ اکبر اور اترتے وقت سبحان اللہ کہا جائے تو اس سے جوڑوں میں درد نہیں ہوتا۔ یہ میرا آزمودہ عمل ہے۔ (منور رمضان' لاہور)

انوکھا شفائی ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنے دو آزمودہ ٹوٹکے عبقری قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں تاکہ میرے تجربات سے لوگوں کو نفع پہنچے۔ اگر کسی شخص کو دانتوں میں گرم سرد محسوس ہونا شروع ہو جائے تو گھبرانے کی بات نہیں، ایک لیموں لیں، اس پر کسی نوک دار چیز سے سوراخ کریں، اب اس میں کالی مرچ اور نمک بھر کر سوراخ کو بند کر کے لیموں کو توے پر گرم کریں، جب لیموں ابل جائے تو نیم گرم ہونے پر اسے کھا لیں اور اس کے بعد ایک کپ قہوہ پی لیں، سوراخ کو آٹے سے بھی بند کیا جا سکتا ہے، مثلاً گندم کا گوندھا ہوا آٹا۔ چند دن یہ نسخہ استعمال کریں۔

چہرہ پرکشش بنانے کیلئے: ہر نماز کے بعد 8 مرتبہ یاباسط پڑھ کر ہاتھوں پر پھونک کر چہرہ پر ملنے سے چہرہ پرکشش ہو جاتا ہے۔ (محمد عارف تبسم' نصیر آباد)

سدا جوانی چاہنے والے حضرات کیلئے انمول تحفہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ اور آپ کے ادارے کو دن دگنی رات چوگنی ترقی دے۔ آمین! عبقری رسالہ میں آنے والی تحریروں نے ہمارے گھر سے بیماریوں' پریشانیوں اور رنگ برنگی گولیاں' مہنگی سیرپ اور کیپسولز کا خاتمہ کر دیا ہے۔ میرے پاس بھی کچھ تجربات ہیں جو میں عبقری قارئین کی نذر کرنا چاہتا ہوں۔

سدا جوانی چاہنے والے حضرات کیلئے انمول تحفہ: ھوالشافی: بکرے کا قیمہ آدھا کلو، نمک خوردنی ایک تولہ، نمک سلطانی تین رتی، ہرا مصالحہ حسب ذائقہ۔ تمام چیزیں ڈال کر کباب تیار کریں، دو کباب ایک رات کیلئے ہیں۔ نمک سلطانی، نمک خوردنی آدھا تولہ، خراطین مصفی، سم الفار سفید کافی چار رتی باریک کھرل کر کے رکھیں۔ خوش ذائقہ اور فوری اثر نسخہ ہے۔

آلو کی بھجیا کے انوکھے فوائد: ھوالشافی: آلو 100 گرام، ادرک 20 گرام، گرم مصالحہ 40 گرام، ہرا مصالحہ 80 گرام، سرخ مرچ اور لہسن 10 گرام۔ آلو ابال کر بارک چوپ کر لیں پھر بھجیا تیار کر لیں، صبح و شام 21 دن استعمال کریں۔ نزلہ زکام، کھانسی، گرمی، سردی میں اکسیر ہے۔

کمزوری کا لاجواب علاج۔ اعصابی کمزوری، بے طاقتی، جسم کا اکڑاؤ، چلتے ہوئے تھکاوٹ، بوجھل جسم، پٹھوں کی کمزوری کیلئے۔ کھجور، چھوہارا، مکھن، روغن زیتون، سرکہ انگوری، چینی، سرکہ انگوری اور چینی، مکھن کا پیسٹ تیار کر لیں۔ چھوہارا گٹھلی نکال کر باریک چوپ کر لیں، روغن زیتون میں بھون کر رکھیں، کھجور کو گٹھلی نکال کر گھوٹ کر مالیدہ بنا لیں، روٹی میں کھجور چھوہارا ڈال کر اوپر پیسٹ ڈال کر رول کر لیں اور سبز چائے سے کھائیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔ (محمد اقرار حسین شاہ، گوجرہ)

کھجور کے شوارما سے اعصابی کمزوری ختم

دعویٰ نہیں ہے لیکن شاید اس دور میں تسبیح خانہ کو ہی یہ سعادت نصیب ہوئی کہ موئے مبارک سے لگنے والا مبارک پانی مخلوق کو دیا جائے گا (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

جسم میں طاقت بھرنے اور موٹاپا بھگانے کے فارمولے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پچھلے کئی سالوں سے عبقری رسالہ میں اپنے تجربات و مشاہدات لکھ کر بھیج رہا ہوں۔ آپ میرے یہ نسخے عبقری کے ذریعے انسانیت تک پہنچا رہے' آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ آپ انسانیت کی خیرخواہی کے لئے دن رات کوشاں ہیں۔ میرا بھی تعلق طب کے شعبہ سے ہے اس لئے مجھے خود اس بات کا احساس ہے کہ آج کے اس جدید دور میں حکمت کو زندہ کرنے میں آپ کا بہت بڑا کردار ہے۔ عبقری رسالہ بہت ہی زیادہ مبارکباد کا مستحق ہے۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ رب العزت آپ کے ادارہ کو دن دگنی رات چگنی ترقی نصیب فرمائے (آمین)

نمازی حضرات کیلئے: جن کا پیشاب قطرہ قطرہ آتا ہے یا گرتا رہتا ہے ان شاء اللہ اس دوائی کے کھانے سے بہت جلد مرض سے چھٹکارا حاصل ہو جائے گا۔ **ھوالشافی:** مغز پستہ، مغز بادام، مغز چلغوزہ، ہر ایک تولہ۔ دانہ پیل کلاں تین ماشہ، دانہ الائچی خورد چھ ماشہ، خشخاش سفید ایک تولہ، مغز ناریل ایک تولہ، نشاستہ ایک تولہ، عقرقرحا تین ماشہ، انڈے کی زردی چھ عدد، دیسی گھی حسب ضرورت لے کر اس میں حل کریں۔ آگ پر رکھ کر جوش دیں اور اتار کر ٹھنڈا کرلیں۔ حسب طاقت کھا کر نیم گرم دودھ پی لیں۔

مردانہ امراض کیلئے: ہمارے دواخانہ کا چلتا ہوا نسخہ عبقری قارئین کیلئے بہت ہی کامیاب مجرب نسخہ ہے۔ بنائیں اور دعائیں خیر میں یاد کریں۔ **ھوالشافی:** تخم کاہو، اجوائن خراسانی، تخم کانی، کشیر خشک، گل نیلوفر، ہر ایک دوا کی دس تولہ۔ تمام ادویات کو پیس لیں۔ خوراک 5 گرام پانی کے ساتھ لیں۔

نوٹ: ثابت چھلکا اسپغول ایک تولہ ہمراہ دودھ رات کو سوتے وقت لازمی استعمال کریں۔ نوجوانوں کے پوشیدہ امراض کے علاج سے قبل ذکاوت حس سفوف کا استعمال ضرور کریں۔ شاندار رزلٹ آئے گا۔

موٹاپا دور کرنے کیلئے

سلاجیت مصفی 2 تولہ، دانہ الائچی خورد 2 تولہ، فلفل سیاہ 1 تولہ، دار چینی 2 تولہ، داؤ رنگ 8 تولہ، رسونت 8 تولہ، فلفل دراز 4 تولہ، خالص شہد 22 تولہ، خوراک چنے کے برابر ہمراہ دودھ بہت مبارک دوا اور بھروسہ مند چیز ہے۔ ایک بار کا استعمال آپ کو گرویدہ بنادے گا۔

سفوف ٹھنڈک

ھوالشافی: ریوند خطائی ایک تولہ، نوشادر ایک تولہ، سونف ایک تولہ، ست پودینہ ایک تولہ، فلفل دراز چھ ماشہ، دھنیا خشک ایک تولہ، مصری پانچ تولہ تمام چیزوں کو کوٹ کر مکس کر کے سفوف بنالیں۔ فوائد: جوڑوں کے درد، جگر کے امراض، جریان تبخیر معدہ کے امراض کیلئے مجرب ہے۔

ڈاڑھ درد کیلئے مجرب ترین تریاق

ھوالشافی: زاج اسپغول بریاں دو تولہ، سیاہ مرچ ایک تولہ، گیرو ایک تولہ، نیلا تھوتھا بریاں چار ماشہ، کافور تین ماشہ باریک پیس کر سفوف بنائیں، ڈاڑھ درد کی لاثانی دوا ہے۔ اس کو مقام درد ڈاڑھ و مسوڑھے پر مل کر منہ ڈھیلا چھوڑیں اس سے ڈاڑھ درد فوراً رفع دفع ہو جاتا ہے۔ (حکیم حافظ محمد ارشد زبیر ساہیوال سرگودھا)

صرف 11 بار یہ اسم پڑھا اور جادوئی' شیطانی' جناتی اثرات ختم

تنزیلہ نوشین' لاہور

محترم شیخ الوظائف صاحب اسلام علیکم! میں جب نماز پڑھتا تھا تو اس میں بالکل خشوع خضوع نہیں ملتا تھا اور مجھے اس کی سخت تمنا تھی کہ نماز میں میرا دل لگ جائے اور اس میں روحانی کیفیات ملیں۔ ایک بار شب جمعہ کی محفل میں آپ نے ایک بار عصر کی نماز کے بعد سانس روک 'لَا يُجَلِّيهَا لِوَقْتِهَا إِلَّا هُوَ' پڑھنے کے حیرت انگیز کمالات بتائے تھے کہ اس آیت کے حصہ کو چند بار طاق تعداد میں سانس روک کر روحانیت ملتی اور روحانیت میں عروج حاصل ہوتا ہے۔ میں نے اس عمل کو روزانہ عصر کی نماز کے بعد کرنا شروع کر دیا اور یہ عمل کرنے کے کچھ عرصہ بعد ہی مجھے اس کی تاثیر ملنا شروع ہو گئی۔ مجھے نماز میں خشوع خضوع ملنا شروع ہو گیا اور نماز میں بہت روحانی کیفیات ملتی ہیں۔ دعا کرتے وقت اکثر میری آنکھوں سے آنسو بہنا شروع ہو جاتے ہیں۔

شیطانی جناتی اثرات سے چھٹکارا مل گیا

اس کے علاوہ آپ نے عصر کی نماز کے بعد ہی ایک اور عمل بتایا تھا جس کی برکت سے جادو ٹونا ہے' شیطانی اثرات ختم ہوتے ہیں۔ میں نے یہ عمل بھی عصر کی نماز کے بعد کرنا شروع کیا جس میں "یَا رَحْمٰنُ" سانس روک کر 11 بار پڑھنے کے لئے بتایا گیا تھا اور اسے ابھی تک جاری رکھے ہوئے ہوں۔ اس سے حقیقتاً شیطانی جناتی اثرات ختم ہوتے محسوس ہوئے ہیں۔ چند دن قبل میری چھوٹی بیٹی اور اس کے شوہر نے تقریباً ملتا جلتا خواب دیکھا کہ ہم دیکھتے ہیں کہ ہر طرف تباہی مچی ہے۔ زمین پھٹ رہی ہے، طوفان برپا ہے، سارے گھر ملیا میٹ ہو رہے ہیں لیکن ہمارا گھر اور گھر والے محفوظ ہیں۔ الحمدللہ اب تو بلیاں بھی تنگ نہیں کرتی ہیں، پہلے تو اکثر اوپر والے پورشن میں بیٹھ کر روتی تھیں اور عجیب ڈراؤنی آوازیں نکالتی تھیں۔ کبھی مغرب کے وقت اور کبھی رات کو 12 بجے کے وقت اب بہت سکون ہے۔ فجر کی سنتوں میں پہلے الم نشرح اور دوسری رکعت میں میں الم ترکیف والی سورتیں بہت عرصے سے پڑھ رہی ہوں اور حقیقتاً وقت میں بہت برکت ہوئی ہے۔ رسالے میں پڑھا کہ ہر نماز کی سنتوں میں پڑھیں اور محفل میں بھی سنا اور شروع کیا اور واقعی بہت بہتری محسوس کی۔ جیسے کہ گھر کے سارے کام میں خود کرتی ہوں۔ نمازیں وقت پر ادا کرنا قرآن پاک کی تلاوت بھی کرتی ہوں اور تسبیحات بھی پڑھتی ہوں' برکت کا انوکھا جہان مل گیا ہے۔

بیعت کی تین تسبیحات (درود پاک' تیسرا کلمہ اور استغفار) کی تعداد بھی پڑھنے کی کوشش کرتی ہوں۔ ان تسبیحات کی بدولت یہ ہوا کہ میں نے خواب میں اپنی پنڈلی پر بال دیکھے جیسے سر پر ہوتے ہیں۔ محسوس ہوا میرے اوپر بہت قرضہ ہے، میرے ماں باپ کا اور میں اس قرضے کو قرض نہیں سمجھ رہی تھی۔ جب تک والد صاحب حیات رہے میرے پاس اتنی رقم نہیں تھی کہ میں گھر کے اخراجات پورے کر سکتی۔ ان کی وفات کے بعد اللہ نے اعمال کی برکت سے اب حالات قدرے بہتر کیے ہیں، مگر اس قرض کو میں بھول گئی۔ اب اس خواب اور آپ کی روحانی محفل سننے کی بدولت مجھے قرض اتارنے کی فکر ہوئی ہے۔ اب میں نے ان کے قرض کو اتارنے کی نیت سے راہ خدا میں ہر ماہ 5 سے 10 ہزار روپے دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ان سب باتوں کا احساس آپ کی بدولت ہی ہمیں حاصل ہوا ہے۔

کالی کنگھی کے عمل سے کالے سفلی، خبیث عمل کی کاٹ کی جائے گی۔ صدیوں سے آزمودہ طاقتور ترین یہ عمل کبھی خطا نہیں گیا۔ (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

فقیر کی پڑیا نے کمال کر دیا! نسخہ آپ بھی بنا سکتے ہیں!

حکیم ناصر محمود، گوجرانوالہ

یہ درخت اپنے اندر بے نظیر فوائد پنہاں رکھتا ہے۔ عام طور پر گھروں میں اس کا اچار بنایا جاتا ہے۔ لیکن ہمیں اس بات کا علم نہیں کہ یہ درخت اپنے اندر بے شمار امراض کا کامل علاج سموئے ہوئے ہے۔ اس سے تیار ہونے والے نسخہ جات اکسیر کا حکم رکھتے ہیں۔ ذیل میں مختلف نسخہ جات پیش کیے جا رہے ہیں۔ جو بارہا تجربہ کی کسوٹی پر پورے اتر چکے ہیں۔

لسوڑہ کا مشروب پلائیں، مریض تندرست بنائیں

ھوالشافی: لسوڑہ یعنی سپستان نو دانہ آدھ سیر پانی میں ڈال کر جوش دیں۔ جب تہائی پانی رہ جائے تو تین تولہ مصری ڈال کر کپڑے سے چھان لیں اور اس میں تین تولہ گھی قدرے گرم کر کے شامل کریں اور مریض کو پلائیں۔ بفضل تعالیٰ پسلیوں کے اندر ورم سے نجات دلاتا ہے۔

تڑپا دینے والے مردانہ مرض کا آسان علاج

سوزاک کے مرض میں سپستان کا تریاق: ھوالشافی: لہسوڑہ کی چار پانچ کونپلیں کتر کررات کو حسب ضرورت پانی میں بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر بقدر ذائقہ میٹھا ڈال کر مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ دس پندرہ روز کے متواتر استعمال سے سوزاک کے دفعیہ کا بہترین تریاق ثابت ہوگا، علاوہ ازیں اس سے جریان، زخم مثانہ وغیرہ دور ہو جاتے ہیں۔

باؤلے کتے کے کاٹے کا زہر ختم ہو جائے

اگر کسی کو باؤلا کتا کاٹ لے تو اسے برگ لہسوڑہ ایک تولہ، مرچ سیاہ پندرہ دانہ دونوں کو گھوٹ کر مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ باؤلے کتے کا زہر دور ہو جائے گا۔

پیچش کے مریض تو لہسوڑہ جیب میں رکھیں!

پیچش کے مرض میں لہسوڑہ کے پھل حسب ضرورت لے کر ان کی ٹوپی دور کریں، پھر کسی کونڈے میں ڈال کر خوب باریک کر لیں۔ بعد ازاں اس میں دوگنا خالص شہد ملائیں، بس اکسیر پیچش تیار ہے۔ مقدار خوراک ۶ ماشہ صبح و شام۔

ماہواری کی بے قاعدگی کا فقیرانہ ٹوٹکہ

یہ ٹوٹکہ جو آپ کی نذر کیا جا رہا ہے۔ نہایت ہی پُر نفع ہے۔ پہلی ہی خوراک میں کثرت سے بہتے ہوئے خون کو روک دیتا ہے۔ چنانچہ ایک رئیس کی لڑکی کو کئی سال سے کثرت حیض کی زبردست شکایت تھی۔ دوائیں ہزار کیں لیکن مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی، آخر قسمت اچھی تھی ایک فقیر کا پتہ چلا کہ وہ اس مرض کی دوا دیتا ہے، اس سے دوا لی' اس نے ایک پُڑیا دی، جس کی پہلی خوراک سے شکایت رفع ہو گئی۔ اس فقیر کی پڑیہ کا نسخہ یہ ہے۔ کابلی لہسوڑہ (پیوندی لہسوڑہ) کے تنے کا چھلکا سایہ میں خشک کر کے رکھیں اور اس میں مصری ہموزن شامل کریں۔ بوقت ضرورت ایک تولہ کی مقدار میں استعمال کرائیں۔ ان شاء اللہ خون فوراً بند ہوگا۔

درد کمر اور احتلام کیلئے سودمند

لہسوڑہ کے کچے پھل حسب ضرورت لے کر سایہ میں خشک کر لیں اور انہیں چکی میں پسوا کر سفوف تیار کر لیں۔ بوقت صبح بکری کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ تا مدت استعمال کرتے رہیں، ان شاء اللہ کچھ ہی دنوں میں افاقہ ہو گا۔ علاوہ ازیں درد کمر اور احتلام کے لئے بھی سودمند ہے۔

کھانسی کا راکھ سے علاج کیجئے

کھانسی کے علاج کے لئے برگ سپستان حسب ضرورت لے کر ان کو توے پر رکھ کر راکھ بنا لیں۔ اس میں بقدر ضرورت نمک ڈال کر پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔ دن میں تین مرتبہ ایک ماشہ سے تین ماشہ تک استعمال کرائیں۔ یہ دوا مرد و عورت، بچے اور بوڑھوں کے لئے یکساں مفید ہے۔

یرقان کی معجزہ نما دوا

برگ لہسوڑہ تازہ پانچ عدد، برگ پیپل تازہ تین عدد دونوں کو اچھی طرح گھوٹیں۔ حسب ضرورت پانی اور میٹھا ڈال کر مریض کو پلایا کریں۔ پندرہ بیس روز کے متواتر استعمال سے یرقان کا قلع قمع ہو جائے گا۔

گناہوں سے چھٹکارا پاتے ہی پیٹ کے امراض ختم

محترم حضرت حکیم صاحب اسلام علیکم! میری زندگی غفلتوں اور علتوں میں گزر رہی تھی جب سے آپ کی شب جمعہ کی محافل سننا شروع کیں اور عبقری رسالہ پڑھنا شروع کیا ہے تب سے زندگی میں بہت مثبت تبدیلیاں آئی ہیں۔ اس رسالہ میں چھپے وظائف کو نہ صرف روحانی بلکہ دنیاوی معاملات میں بھی بہت سی جگہوں پر آزمایا اور مجرب پایا ہے۔ آج اپنے چند مشاہدات عبقری قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں تاکہ مخلوق کو اس سے نفع ہو۔

گناہوں نچنے کا لاجواب عمل

آپ نے جو گناہوں سے بچنے کے لیے ناف پر نوٹ پھیرنے والا عمل بتایا تھا' اس کا مجھے بہت فائدہ ہوا۔ میں بہت زیادہ گناہوں میں گھرا ہوا تھا' میں روزانہ ایک نوٹ لے کر اپنی ناف پر پھیرتا اور اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ یا اللہ گناہوں سے نجات عطا فرما اور اس کے بعد وہ نوٹ اکھٹے کر کے چند دن بعد کسی ضرورت مند اور مستحق کو صدقہ کر دیتا تھا۔ جب یہ عمل شروع کیا تو گناہوں سے چھٹکارا ملا اور نظروں کی بھی حفاظت ہوئی اور اس کے ساتھ بیت الخلاء کی دعا کا بہت اہتمام کرتا ہوں جس سے عمل کی تاثیر میں زیادہ فائدہ ہوا اور گناہوں سے دل اچاٹ گیا ہے۔ آخری چھ سورتیں پڑھنے سے اعمال والی زندگی نصیب ہوئی ہے۔

پیٹ کے گھمبیر مسائل سے نجات ملی!

مجھے گیس کا مسئلہ ہو گیا تھا جس وجہ سے پیٹ میں کافی دباؤ والی کیفیت رہتی تھی اور پھر اسی بیماری کی وجہ سے میری نمازیں بھی قضاء ہونا شروع ہو گئیں۔ ہر وقت دماغ پر بوجھ' کندھوں میں کھچاؤ' کبھی کبھی سینے کے ایک طرف شدید درد ہوتا' کبھی کمر کے پچھلے حصے پر درد کی ٹیسیں اٹھتیں۔ عبقری رسالہ میں گڑ کا ٹوٹکہ پڑا کھانے کے بعد ایک ٹافی کے برابر گڑ کھانا شروع کر دیا۔ الحمدللہ جب سے یہ ٹوٹکہ استعمال کرنا شروع کیا ہے' میری گیس کا مسئلہ اور پیٹ کے مسائل حل ہو گئے ہیں۔ (کاشف محمود ظفر' ساہیوال)

سخت سے سخت دل بھی نرم

شادی کے بعد شوہر کے رویے کی وجہ سے بہت زیادہ پریشان تھی۔ میری چچی جان مجھے ملنے آئی تو میرے شوہر نے ان کے سامنے بھی میرے ساتھ بہت سخت لہجے سے بات کی' میری چچی جان نے جاتے ہوئے مجھے اسم الٰہی یَارَءُوْفُ بتایا کہ روزانہ ایک تسبیح پڑھ کر شوہر کا تصور کر کے دم کر دیا کرو۔ اس عمل نے تو مجھے حیران کر دیا۔ بہت زبردست رزلٹ ملا۔ (ع۔ج، لاہور)

دنیا کی ہر نعمت حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے گھرانے کے صدقے ہمیں ملی ہیں، آئیں ان کے ذکر کی محفل میں شامل ہو کر اپنے ایمان کو تازہ کریں۔ (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

جنس، جلد کے امراض اور تولیے کی تباہ کاریاں

(محمد طاہر صدیق، لاہور)

میرے ہاتھ عجب گندے دانوں سے بھرے ہوئے ہیں' پانچ انگلیوں کے درمیانی جگہ پر چھوٹے چھوٹے پانی سے بھرے ہوئے دانے نکلے ہوئے ہیں جن پر شدید جلن اور خارش ہوتی ہے' میں اس وجہ سے انتہائی پریشان اور اذیت میں تھا' نجانے یہ مرض کہاں سے مجھے چمٹ گیا' استغفار بھی کر رہا ہوں اور اس کا تریاق بھی ڈھونڈ رہا ہوں۔

اسی کشمکش میں تھا کہ میرے ایک مخلص میرے پاس آ کر بیٹھ گئے' حال احوال کے بعد انہوں نے میرا بائیاں ہاتھ دیکھا تو چونک اٹھے ارے یہ تو عجیب قسم کی خارش ہے' ان دانوں کا پانی تمہیں جہاں جہاں لگتا جائے گا وہاں وہاں یہ نئے دانے بنتے جائیں گے اور تمہیں شدید اذیت میں مبتلا رکھیں گے۔ مجھے اس شخص کی باتوں نے مزید پریشان کر دیا۔

باتوں باتوں میں اس نے ایک اور بات کی جس نے مجھے چونکا دیا اس نے کہا کہ جلدی امراض سے بچنا ہے تو کبھی بھی تولیہ استعمال نہ کرنا۔ میں حیران ہوا کہ تولیہ اور جلدی امراض کیا مطلب؟ کہنے لگا: میں ایک مرتبہ دوستوں کے ساتھ مقامی واٹر لینڈ میں نہانے کیلئے گیا' جب نہا کر واپس آیا تو پورے جسم پر دانے نکل آئے جن پر بہت شدید خارش ہوتی تھی' میں بہت پریشان تھا۔ مجھے کسی نے کہا کہ تولیہ استعمال ہرگز نہ کرو اور کپڑے دھونے والے صابن سے نہاؤ' چونکہ میں اس وقت شدید اذیت میں تھا تو میں نے اس کی بات مانی اور کپڑے دھونے والے صابن سے نہایا اور تولیہ کا استعمال ختم کر دیا۔ چند دنوں کے اندر اندر میرے دانے ختم ہو گئے۔ مگر میں نے یہ عمل نہ چھوڑا آج سالہا سال بیت گئے ہیں میں نے کبھی خوشبودار باتھ سوپ استعمال نہیں کیا۔ صرف کپڑے دھونے والے مشہور پیلے رنگ کے صابن سے نہاتا ہوں کبھی جلد کے مسائل نہیں ہوئے۔ نہ کبھی خارش' نہ گرمی میں پت دانے' نہ پھوڑے' نہ پھنسی۔ یہی بات تسبیح خانہ میں جمعرات کی محفل میں شیخ الوظائف نے بھی بارہا فرمائی کہ کپڑے دھونے والے صابن سے نہانے سے انسان جلدی امراض سے محفوظ رہتا ہے۔ مزید تولیہ کے متعلق بھی شیخ الوظائف نے مختلف مواقع پر کھل کر بات کی ہے کہ نہانے کے بعد تولیے کے استعمال سے ایک تو جلدی امراض لگتے ہیں اور دوسرا انسان جنسی طور پر کمزوری کا شکار ہوتا ہے' اس کو سمجھانے کیلئے شیخ الوظائف ایک بات فرماتے ہیں کہ ہمیشہ آپ کو جلد اور جنس کا اسپیشلسٹ ایک ہی ملے گا۔ جو جلد کا اسپیشلسٹ ہوگا وہی جنس کا بھی اسپیشلسٹ ہوگا۔ جلد کا جنسی صحت سے گہرا تعلق ہے۔

قارئین! میں نے تو کپڑے دھونے والے صابن کا استعمال شروع کر دیا ہے' کچھ فرق بھی ہے۔ ان شاء اللہ امید ہے دو سے چار دن میں میں اس مرض سے کپڑے دھونے والے صابن کی بدولت چھٹکارا پالوں گا۔ اگر آپ یا آپ کا کوئی پیارا جلدی امراض کا شکار ہے تو اسے کپڑے دھونے والے صابن سے نہانے کا مشورہ دیں پھر کمال خود دیکھئے گا۔

تولیے کا استعمال ہرگز نہ کیجئے' بس نہائیے اور نہانے کے فوراً بعد تھوڑا سا سرسوں کا تیل ہتھیلی پر لیجئے اور پورے جسم پر مل کر کپڑے پہن لیجئے۔ ان شاء اللہ نئی جوانی' نئی چستی' نئی پھرتی اور صحت کا انوکھا نیا رنگ آپ کو نظر آئے گا۔ چھلکتا خون چہرے سے نظر آئے گا۔ کمزور شادی شدہ حضرات بغیر کسی دوا' صرف یہ ٹوٹکہ استعمال کریں پھر اپنی زندگی میں نئے رنگ دیکھیں۔ اب تو جدید سائنس بھی تولیہ کے نقصانات چیخ چیخ کر بتا رہی ہے آیئے چند آپ کو بھی بتاتا ہوں:۔

تجربے میں یہ بات اکثر سامنے آتی ہے کہ لوگ تولیوں کی صفائی ستھرائی کا خیال بہت کم رکھتے ہیں۔ حد یہ کہ صفائی ستھرائی پسند کرنے والے افراد بھی بستر، چادر، لباس، تکیہ غلاف سب کی صفائی کا خاص خیال رکھتے ہیں مگر تولیوں کی صفائی کا خیال نہیں کرتے۔ نیویارک یونیورسٹی کے سائنسدانوں نے جو تحقیقی رپورٹ جاری کی ہے اس کے مطابق تولیے خطرناک جراثیم، مردہ جلد کے چھلکے اور جسمانی رطوبت سے بھرے ہوتے ہیں۔ سائنسدانوں نے خبردار کیا کہ تولیوں کی گندگی اور اس پر پڑے جراثیم ان لوگوں کیلئے بطور خاص نقصان دہ ہیں جو دوسروں کا تولیہ استعمال کرتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق تولیہ جراثیم اور کیڑے مکوڑوں کی آماجگاہ اور پیدائش کی جگہ ہے۔ **یہ کیل مہاسوں کا سبب بن سکتا ہے:** تولیہ استعمال نہیں کرنا چاہیے وجہ جانیں ہم سب اپنی جلد کے حوالے سے فکرمند ہوتے ہیں اور حتی الامکان اس کا خیال رکھتے ہیں۔ ہم اپنی جلد کو صاف رکھتے ہیں اور اس کی مناسبت سے اسکن کیئر روٹین پر پابندی سے عمل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ سب کرنے کے بعد بھی اگر چہرے پر کیل مہاسے نمودار ہوں تو اس کی وجہ تولیہ ہو سکتا ہے۔ یہ چونکہ گھنٹوں گیلا رہتا ہے اس لیے اس پر تیل، میل اور مردہ جلد کے خلیات جمع ہو کر بیکٹیریا کو افزائش کے لیے ایک بہترین جگہ فراہم کرتے ہیں۔ اس کے ریشے بیکٹیریا سے بھر جاتے ہیں جو بعد میں آپ کے چہرے پر منتقل ہو جاتے ہیں۔ **یہ آپ کی جلد میں جلن پیدا کر سکتا ہے:** ایک تولیہ دو دن سے زیادہ استعمال نہیں کرنا چاہیے وجہ جانیں چہرے کی خوبصورتی کو برقرار رکھنے کیلئے آپ جو بھی معمولات اپنا لیں اگر آپ مسلسل تولیہ استعمال کرتے ہیں تو یہ ان تمام کاوشوں پر نہ صرف پانی پھیر سکتا ہے بلکہ اس کی وجہ سے آپ کی جلد زیادہ حساس ہو سکتی ہے۔ تولیے کو بار بار استعمال کرتے رہنے سے وہ وائرس اور فنگس سے آلودہ ہو جاتے ہیں اس سے انفیکشن پھیل سکتا ہے۔ اگر یہ جراثیم جلد پر آ جائیں تو اس سے جلد سرخی مائل ہو سکتی ہے۔

شوہر کا سخت رویہ اچانک تبدیل! کاش! اس آستانہ کا پہلے معلوم ہوتا

حضرت شیخ الوظائف السلام علیکم! آپ جو فلاحی کام کر رہے ہیں وہ اپنی مثال آپ ہے۔ اس دور میں جب ہر طرف نفسا نفسی ہے، ہمسائے کو ہمسائے کی تکلیف کا علم نہیں' تو آپ اس دور میں اللہ کی رضا کے لئے انسانیت کے لئے بھلائیاں اور خیریں بانٹ رہے ہیں، یقیناً اللہ جسے چن لیتا ہے اسی سے خیر کا کام لیتا ہے۔ میرے خاوند کا رویہ میرے ساتھ بہت تلخ تھا، جب سے شادی ہوئی میں ان کی کڑوی کسیلی برداشت کرتی آئی، میں بھی انسان ہوں میرا بھی دل ہے، اللہ سے بہت دعائیں کیں کہ ان کے دل کو میرے لئے نرم کر دے، اللہ نے عبقری کے ذریعے میری دعا قبول کی، میں آستانہ منت مراد میں حاضر ہوئی، نورانی نقش کی نیچے اپنی حاجت لکھی اور وہاں موجود باقی اعمال بھی کئے۔ اس دن سے شوہر کا رویہ بہت بدل چکا ہے، اب بہت محبت اور عزت سے بات کرتے ہیں۔ میں بہت حیران ہوں کہ ایسے نورانی اعمال بھی موجود ہیں جن میں اللہ کے امر سے کن فیکون کی تاثیر ہے، یہ سب آپ کی محنت کا نتیجہ ہے جو آپ لوگوں کو اللہ کے نام پر لگا رہے ہیں۔ (پوشیدہ، گوجرانوالہ)

غم خواروں اور دکھوں کے ماروں کی مشکلوں کا حل ایک سردار کائنات ﷺ کے پاس ہے، آئیں ان پر درود و سلام کی مطہر محفل سجا کر اپنے غم ٹلوائیں۔ (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی
قسط نمبر 154

جنات کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اسرار پر یہ حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہورہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور علم چاہیے

جب میں چھوٹا سا تھا۔۔۔!!!

میں جب چھوٹا سا تھا' اب وہ ساری سوچیں' حقائق و تجربات بنتی میرے سامنے آرہی ہیں۔ مجھے ایک بات کا احساس ہمیشہ شدت سے ہوتا تھا کہ بہت اچھے کھانے میرے سامنے' بہترین مشروب میرے سامنے' ایک مرتبہ میں والدہ سے اصرار کررہا تھا اور ضد کررہا تھا کہ مجھے انار کا رس چاہیے یا انار کا شربت چاہیے' والدہ صاحبہ کپڑے دھونے میں مصروف تھیں' وہ بار بار مجھے کہہ رہی تھیں' اچھا ٹھیک ہے میں بازار سے انار منگوا کر تجھے بنا کر دیتی ہوں۔ اتنی تھوڑی ہی دیر میں میں سو گیا' میں نیند سے اٹھا تو میرے ساتھ ایک خوبصورت کٹورے میں انار کا رس پڑا تھا بہت میٹھا' لذیذ شیریں آج تک میرے لب اس ذائقہ کو نہیں بھول سکے۔ میں نے وہ پیا کٹورا رکھ دیا' اور مجھ پر پھر نیند آگئی۔ میں اٹھا تو وہ کٹورا نہیں تھا' میں سمجھا کہ والدہ لے گئیں۔ میں نے اپنی والدہ سے عرض کیا اماں رس بہت اچھا تھا' آئندہ بھی مجھے ایسے بنا کر دینا۔ ان کی آج تک وہ حیران نظریں مجھے نہیں بھول سکتیں۔ فرمانے لگیں: کس نے بنا کر تجھے دیا تھا اور تجھے کیسے ملا تھا؟ میں نے کہا آپ نے بنا کر رکھا میں نے پیا اور پھر میں سو گیا۔ وہ خاموش ہوگئیں اور انہیں پتہ چل گیا کہ جو نیک جنات اور شاہی جنات اس بچے پر پہلے دن سے فدا ہیں اور محبت کرتے ہیں یہ سب کچھ انہوں نے دیا ہے۔

پیتل کی گڑوی کی حیران کن داستان

ایک اور واقعہ یقیناً دلچسپی رکھتا ہے اس واقعہ میں مجھے جس چیز کا تجربہ اور فائدہ زیادہ ہوا وہ یہ ہے ہمارے گھر ایک خاتون آتی تھیں' اس کے بچے کے ہاتھ میں پیتل کی ایک چھوٹی سی گڑوی ہوتی تھی۔ گڑوی سے وہ چھوٹا سا برتن جس میں پہلے دودھ بھر کر دیا جاتا تھا یعنی دودھ بھرنے کا ایک چھوٹا پیمانہ جس میں پاؤ بھر دودھ آجاتا تھا۔ تھی بہت خوبصورت' نقش و نگار بہت زیادہ تھے۔ مجھے وہ گڑوی بہت خوبصورت لگتی تھی' میں نے کوشش کی وہ مجھے مل جائے' لیکن والدہ نے نصیحت کی بیٹا' کسی سے سوال نہیں کرنا' ان کا بچہ اس سے کھیلتا ہے وہ کبھی اس میں پانی بھرتا تھا گراتا تھا کبھی اس سے پانی بھر کر مٹی کا گارا بناتا ہے اس سے چھوٹے چھوٹے کھلونے اور دیواریں بناتا تھا۔

جنات نے اس سے خوبصورت گڑوی لادی

مجھے یہ چیز اچھی لگتی تھی اور مجھے خوشی ہوتی تھی میں بھی چاہتا تھا کہ ایسی گڑوی میرے پاس ہو' اس کے خوبصورت نقش و نگار وہ پیلے رنگ کی تھی' ایسے جیسے سونے کی ہے اور وہ ہر وقت میری آنکھوں کے سامنے رہتی تھی۔ میرے جی میں آیا کہ وہ گڑوی میرے پاس ضرور ہونی چاہیے۔ میں نے والدہ کو کئی بار عرض کیا لیکن انہوں نے ہمیشہ سوال سے روکا' میرے جی میں بھی تھا کہ وہ سوال نہ ہو' میں بھی ان سے نہیں لینا چاہتا تھا لیکن دل اور طبیعت مچل رہی تھی۔ آخرکار ایک مرتبہ جنات نے وہ خوبصورت گڑوی اس سے بھی کہیں زیادہ خوبصورت مجھے لاکر دے دی' میری خوشی کی انتہا نہ رہی' میں اس میں پانی' دودھ' لسی پیتا تھا ایک مرتبہ تو اس میں میں نے ستو بھی پیا تھا پھر اس سے کھیلتا بھی تھا۔ وہ ایسا خوبصورت تھا چھوٹا سا برتن جسے دیکھ کر میں ٹھنڈا ہوتا تھا مجھے جنات کی وہ محبت آج بھی یاد ہے جب میں بڑا ہوا وہ برتن کہاں گیا؟ بہت عرصہ تو مجھے بھول گیا۔ ایک مرتبہ میری والدہ صاحبہ رحمۃ اللہ علیہا نے مجھے یاد دلایا تو مجھے یاد آیا کہ وہ برتن کوئی کمال برتن تھا لیکن اب اس کی صرف یادیں ہیں۔

جنات کا میری پسند کا خیال رکھنا' مجھے یاد ہے!

ایک اور واقعہ بھی میری ایک کاپی تھی جس میں میں ہمیشہ کچھ لکھتا رہتا تھا کہیں دیوار پر کوئی قول پڑھا' کسی کتاب میں نصیحت کی بات پڑھی' کسی سے کوئی بات سنی اور دل کو لگی' میں آکر اس کاپی پر لکھتا تھا وہ کاپی آج کے دن تک بھی میرے پاس موجود ہے۔

ایک مرتبہ میری وہ کاپی گم ہوگئی' بہت ڈھونڈی نہیں ملی' آخرکار میں نے تلاش کے لیے وظیفہ پڑھنا شروع کردیا۔ وظیفہ پڑھتے پڑھتے جنات میرے پاس آئے آپ کیوں وظیفہ پڑھ رہے ہیں؟ کاپی تو گھر میں پڑی ہے' مجھے حیرت ہوئی کہ میں نے تو کاپی نہیں دیکھی' یہ کہتے ہیں کہ گھر میں موجود ہے تو آخر کہاں ہے؟ کہنے لگے: وہ فلاں جگہ ہم نے رکھی ہے آپ وہاں سے جاکر لے آئیں' میں نے دیکھا وہ کاپی پڑی تھی۔ اس کاپی پر بہت خوبصورت کور چڑھا ہوا تھا' بہترین جلد کی ہوئی تھی۔ لاجواب اس پر خوبصورت نقش و نگار بنے ہوئے تھے اور بہت زیادہ اس پر ایسی خوبصورت چیزیں جو واقعی میری پسند تھیں اور مجھے اچھی لگتی تھیں اور اس میں ہر صفحے میں ایک نصیحت' قول، اور ایک خوبصوت چیز لکھی ہوئی تھی میں پڑھتا رہا اور مجھے حیرت ہوئی کہ وہ نصیحت اور قول آخر کہاں سے آئے؟ تو پھر خود انہی جنات نے مجھے بتایا کہ یہ ہم نے ہی لکھے ہیں۔ تمہیں یہ چیز پسند ہے تو ہم تمہاری پسند کا خیال رکھتے ہیں؟ اور تمہاری پسند کو اپنی پسند بناتے ہیں۔

جنات نے میرے اندر کا خوف نکالا

یہ یادیں کرید کرید کر میرے سامنے آرہی تھیں اور بار بار احساس ہورہا تھا کہ ان یادوں میں میری بہت سی بچپن کی یادیں وابستہ ہیں۔ میرے دل کی آوازیں ہیں' میرے اندر کی سوچیں ہیں اور انہی کے ساتھ ہی میرا سب ساتھ ہے۔

جنات نے مجھے بہت پیار دیا' بہت محبت دی' میرے اندر کا خوف نکالا' ورنہ وہ خوف مجھے ساری زندگی ستاتا اور مجھے بڑے بڑے قدم نہ اٹھانے دیتا اور مجھے بڑے بڑے کام نہ کرنے دیتا۔ سوچوں کو وسیع جذبوں کو بڑا نہ کرتا' وہ خوف میرے اندر سے انہوں نے نکالا' جنات کا خوف' دیو پریوں کا خوف' بُرے سائے' بری چیزوں کا خوف۔ وہ انہوں نے اندر سے کھرچ کر نکال دیا۔ پھر میں ہوتا تھا قبرستان کی تنہائیاں' قبرستانوں کی پرانی قبریں اور قبروں میں موجود پرانے خول' کھوپڑیاں' بوسیدہ کفن یا قبرستان میں رات میں سانپوں کی آوازیں' سرسراہٹ' پھنکار' نیولے بھیڑیئے' بچھو اور ایسے انوکھے مناظر جن مناظر کا تعلق صرف مشاہدات سے انسان سوچے بھی تو اس تک پورا نہیں آسکتا اور اسے سوچ نہیں سکتا اور ایسی انوکھی سوچیں کہ انسان یقین نہیں کرسکتا۔ یہ سب کچھ ان جنات کے ساتھ مسلسل تعلق سے تھا۔ انہوں نے مجھے محبت سے ایسے سنبھالا' سنوارا' پیار دیا اور ایسا پیار دیا جس پیار کے پیچھے واقعتاً محبت تھی' خلوص تھا' سچائی تھی۔

ایک جننی میرے پاس آتی تھی وہ مجھے ہمیشہ اٹھاتی تھی' بہت

بوڑھی تھی' میں چھوٹا سا بچہ تھا اور وہ اپنی جناتی زبان میں ایسی لوریاں دیتی تھی' جن کا مجھے ترجمہ نہیں آتا نہ ہی میں تشریح کرسکتا ہوں لیکن وہ لوریاں ایسی تھیں جس کو کوئی سنے بھی' سوچے بھی تو اس کو وہیں نیند آجائے اور وہ محبت اور پیار کی وادیوں میں کھو جائے۔

جنات محبت دیتے ہیں!

جنات محبت کرتے ہیں' محبت دیتے ہیں' پیار کرتے ہیں' پیار دیتے ہیں' ایک اچھا پیار محبت اور سلوک جنات کی رگوں میں رچا بسا ہوا ہے' ہم نے آج تک جنات کا نام سنتے ہی انہیں ڈراؤنی مخلوق بنایا اور ڈراؤنی دنیا بنایا یا ایسی مخلوق اور دنیا جس میں آفات' بلیات' پریشانیاں' دکھ اور تکالیف ہیں جبکہ ایسا نہیں۔ جنات تو محبت بانٹتے ہیں' محبت دیتے ہیں اور محبت چاہتے بھی ہیں۔ ہم جنات کو اگر نفرت دیں اور ان سے محبت چاہیں تو یہ احساس بہت بُرا احساس ہے' کبھی ایسا نہیں کرنا چاہیے اور کبھی ایسا نہیں ہونا چاہیے۔

میں نے جنات کو آنکھوں سے دیکھا' میں جنات کی شادی' غمی میں شریک ہوتا ہوں' میں جنات کے دکھ درد کو بانٹتا ہوں۔ ان کے دکھ لیتا ہوں اور پھر ان کو تسلیاں اور تشفی کا سامان دیتا ہوں۔ میں نے جنات کو دیکھا' ان کے اندر سخی ہاتھ ہیں' خدمت گزار قدم ہیں اور ایسی ٹھنڈی سانسیں جو کسی کے دکھ درد کو دیکھ کر وہ فراموش نہ کرسکیں۔ میں نے جنات کی دنیا میں ہمیشہ غریب پروری دیکھی' محبت بانٹنے والے دیکھے۔ یتیم مسکین' بے کس' بے سہارا اور آفات میں گرے ہوؤں کی مدد کرتے دیکھا۔ میں نے جنات کو خوشحال بھی دیکھا' غریب بھی دیکھا لیکن ہر حال میں ہمدرد اور خیر خواہ دیکھا۔

جنات نفرت پھیلاتے ہیں' اس کا اعتراف ہے!

مجھے اس کا اعتراف ہے' جنات میں نفرت کرنے والے دکھ دینے والے مصائب اور پریشانیاں دینے والے لوگ بھی موجود ہیں اور ایسے جنات بھی ہیں' جو لوگوں کو دکھی دیکھ کر اور پریشان دیکھ کر خوش ہوتے ہیں۔ مجھے جنات میں سب طبقات دیکھنے کا موقع ملا۔ ایسے طبقات بھی جو پیار کو ناپسند کرتے ہیں' نفرت کو پسند کرتے ہیں۔ جو محبت کو ناپسند کرکے نفرت پھیلانے کو اپنی زندگی کا عزم اور مقصد بنائے ہوئے ہیں۔ ایسے جنات ہیں جنہوں نے فیصلہ کیا ہے آفات و بلیات پر خوش ہونا ہے' طوفانوں کا ساتھی بننا ہے' مجھے ان سے کوئی سروکار نہیں وہ ہر جگہ انسانوں میں بھی ہیں اور جنات

علامہ لاہوتی کا عطا کردہ "لاہوتی نقش نمبر 6" دسمبر 2022ء کے شمارہ میں شائع کیا جائے گا۔ نوٹ: یاد رہے پہلا نقش ستمبر 2021ء دوسرا نقش دسمبر 2021ء اور تیسرا نقش مارچ 2022ء اور چوتھا نقش جون 2022ء اور پانچواں نقش ستمبر 2022ء کے شمارہ میں شائع ہو چکا ہے۔ کُل 12 نقوش کا طاقتور عمل ہے۔ ہر تین ماہ کے بعد ایک نقش ترتیب سے شائع کیا جاتا ہے۔ اگر آپ نے پہلا، دوسرا، تیسرے' چوتھے اور پانچویں نقش کا عمل نہیں کیا تو آج ہی ستمبر 2021ء، دسمبر 2021ء، مارچ 2022ء، جون 2022ء' ستمبر 2022ء کا شمارہ کسی بھی ایجنسی ہولڈر' ہاکر یا دفتر ماہنامہ عبقری سے طلب فرمایئے اور اس خاص عمل میں شامل ہو کر ہر قسم کی پریشانی سے نجات پایئے تاکہ آپ تمام نقوش کی برکات لے سکیں۔ (نوٹ: نقش کے ساتھ اس کی خاص ہدایات بھی شائع ہوتی ہیں ضرور پڑھیں ورنہ فوائد سے محروم رہ جائیں گے۔ گھر کے ہر فرد کیلئے الگ سے نقش ہوگا جو وہ خود پُر کرے گا اگر نہیں کرسکتا تو گھر کے کسی دوسرے فرد سے پُر کروالے۔ نقش کی فوٹو کاپی ہرگز نہ کروایئے ورنہ فوائد سے محروم رہیں گے۔)

میں بھی ہیں لیکن میرے دوست وہ جنات ہیں جنہوں نے پیار بانٹا' پیار بکھیرا' محبت اور پیار کو ہمیشہ سمجھایا اور سلجھایا وہ دل کے دھنی وہ قسمت کے سکندر' مجھے وہ جنات بہت پیارے لگتے ہیں اور میری ان سے دوستی بھی ہے' پیار محبت بھی ہے اور ان کے ساتھ میری الفت اور بہت زیادہ الفت ہے۔

جنات میں بدبھی ہیں' بدکار بھی اور خوشحال بھی

میں نے ایک مرتبہ ایک جن سے پوچھا کہ جنات میں بُرے لوگ زیادہ ہیں یا اچھے۔ کہنے لگا: جس طرح انسانوں میں بُرے بھی ہیں اچھے بھی ہیں بد بھی بدکار بھی ہیں خوشحال بھی ہیں غریب بھی ہیں' کینہ پرور انتقام پسند سب کچھ موجود ہے اور ایسے جنات بھی موجود ہیں جن کی زندگی میں کسی جن نے ساتھ دیا اور زندگی سنور گئی ایسے لوگ بھی ہیں جس میں کسی جن نے نفرت کی اور زندگی برباد ہوگئی۔

آیئے! جنات کیلئے دل سے نفرت نکال دیں

آیئے! ہم مل کر اپنی زندگی سے جنات کیلئے نفرت نکال دیں اور آخری درجہ سے نکال دیں اور محبت کو جنات کیلئے زندگی کا حصہ بنائیں۔ زندگی میں داخل کریں' پیار' محبت' الفت' راحت' خوشیاں' خوشحالیاں' وفائیں اور خیر خواہیاں جنات سے لینے کی توقعات رکھیں۔ سچ پوچھیں وہ دیتے ہیں وہ دینے کو ہر پل تیار ہیں' وہ ہیں اور واقعی ہیں اور ان کی زندگی میں یہ نعمتیں موجود ہیں لیکن ہم نے پہلے دن سے جنات کو ڈراؤنی خوفناک' ہیبت ناک اور نفرت انگیز مخلوق جانا۔ آپ کہیں گے کہ یہ پیار صرف آپ کو ملا' ہمیں تو نہیں ملا۔ آپ کی اس بات کو سچا سمجھوں گا لیکن آپ سے ایک بات ضرور کہوں گا کہ نفرت دینے والے انسان بھی ہیں اور جنات بھی' محبت بانٹنے والے انسان بھی ہیں اور جنات بھی۔

مجھے ایک جن ایسا ملا جس نے ساری زندگی لوگوں کے گھروں میں آگ لگائی' پڑی پڑی چیزوں کو آگ لگ جاتی تھی' کپاس کے ڈھیر کو' بھوسے کے ڈھیر کو' گندم کے ڈھیر کو' اجناس کے ڈھیر کو وہ آگ لگاتا تھا اور پھر آگ لگانے کے بعد انوکھا کام یہ کرتا تھا۔ اس کی نشانی کسی انسان کے پاس چھوڑ دیتا تھا تاکہ لوگ سمجھیں کہ اس نے آگ لگائی ہے جبکہ اس انسان کو خبر ہی نہیں تھی' پھر یوں لڑائی جھگڑے اور نفرت کا ایک انوکھا سامان بن جاتا تھا۔ ایک دوسرے پر الزام تراشی اس کی ساری زندگی کا مقصد یہی نفرت تھی' اس نے نفرت اور آگ پھیلائی اور نہروں کے بند توڑ دیتا تھا اور پاؤں کے نشان کسی کے گھر ڈال دیتا کہ اس نے نہر توڑی اور میری فصل اور باغ برباد کیا۔ وہ جاتی جاتی گاڑیوں کی ہوائیں نکال دیتا تھا اور اس کا الزام بھی کسی پر ڈالتا تھا وہ انسانوں کے درمیان نفرت ڈلوا کر خوش ہوتا تھا' نقصان کرکے اس کو راحت ملتی تھی۔

نفرت پھیلانے والے جنات کو فراموش نہ کرسکا

میں ایسے نفرت پھیلانے والے جنات کو بھی فراموش نہیں کرسکا' میں ان کے تذکرے بھی کرتا رہتا ہوں' کیا سبھی ایسے ہوتے ہیں؟ کیا پانچ انگلیاں برابر ہوتی ہیں؟ کیا آسمان کبھی رنگ نہیں بدلتا؟ کیا سدا موسم ٹھنڈا رہتا ہے' کبھی گرمی نہیں آتی؟ کیا گرمی کے بعد پھر ٹھنڈک اور بہار نہیں آتی کیا ہمیشہ خزائیں رہتی ہیں' کبھی پھول نہیں کھلتے اور بہاریں نہیں آتیں کیا زندگی میں ہمیشہ تفکرات اور سوچیں ہی ہمارا ساتھی ہیں۔ کبھی نہیں!!! (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

70 منٹ میں حاجت پوری! آیئے! خوشیاں پالیں!

فاقے ختم، دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں "ان کی مشکلات 'فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا' دولت مند ہوا" شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا یا سنا واقعہ ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بہت سے روحانی تجربات ہیں جو میں نے عبقری سے ہی حاصل کئے ہیں۔ میں اپنے تجربات وقتاً فوقتاً عبقری رسالہ کے لئے لکھ کر بھیجتی رہتی ہوں تاکہ جو خیریں اور برکات میں نے سمیٹی ہیں باقی لوگ بھی میری طرح اس سے مستفید ہوں۔ آج بھی میرے چند مشاہدات عبقری رسالہ کے لئے حاضر ہیں۔

عید کا دن قریب اور بچے نئے کپڑوں سے محروم

عید کے دن قریب تھے اور گھر میں بچوں کے لئے نئے کپڑوں وغیرہ کا کوئی انتظام نہ تھا۔ کسی بھی ماں کیلئے یہ بات ناقابل قبول ہوتی ہے کہ ان پرمسرت خوشی کے دن کے موقع پر اس کے بچے نئے کپڑوں سے محروم ہوں۔ مجھے سارا دن یہ فکر کھائے جارہی تھی کہ عید کے پرمسرت موقع پر جب تمام بچے نئے کپڑے اور جوتے پہنے ہوں گے تو میرے بچوں کا ان کو دیکھ کر دل للچائے گا۔ عید بہت قریب تھی اور میں اندر سے اپنے بچوں کی اس محرومی پر ٹوٹ چکی تھی۔ میں اللہ سے فریاد کررہی تھی کہ یااللہ کوئی ایسا سبب عطا فرما کہ میرے بچوں کے لئے بھی غیب سے یہ سارا انتظام ہوجائے۔ میرے بچے بھی دوسرے بچوں کی طرح نئے کپڑوں کے جوڑے پہنیں اور دوسرے بچوں کی طرح وہ بھی عید کی خوشیوں سے لطف اندوز ہوں تاکہ دوسرے بچوں کو دیکھ کر احساس کمتری کا شکار ہوں۔ مگر مجھے کہیں سے بھی کوئی ظاہری اسباب نظر نہیں آرہے تھے۔ مجھے دن رات یہی فکر لگی تھی کہ اچانک مجھے ایک عمل یاد آیا' میں نے عبقری رسالہ میں پڑھا تھا کہ جب بھی کوئی حاجت ہو تو 70 منٹ تک مسلسل اَسْتَغْفِرُاللہِ الْعَظِیْم پڑھیں اور پھر اللہ سے اپنی حاجت مانگیں۔ میں نے پورے یقین کے ساتھ یہ عمل کیا اور اللہ پاک نے دو دن میں ہی غیب سے ایسے اسباب عطا فرمائے کہ میرے سارے بچوں کی عید کی شاپنگ ہوگئی جو کہ مجھے ناممکن نظر آرہی تھی۔ میرے بچے بھی خوش ہوگئے اور میرا دل بھی ٹھنڈا ہوگیا۔ یہ سب استغفار والے عمل کی برکت سے ہوا جو مجھے اس سے پہلے ناممکن نظر آرہا تھا۔

کمزور معاشی حالات اور خوشیوں کا پروانہ

اس کے علاوہ ایک بار گھر کے معاشی حالات بہت نازک تھے۔ میرے پاس کوئی روزگار کا ذریعہ بھی موجود نہ تھا۔ میں نے بہت سی جگہوں پر سکول ٹیچر کے لئے درخواست دے رکھی تھی مگر کہیں سے کوئی بھی مثبت جواب نہ آیا اور نہ ہی کہیں نوکری کی بات پکی ہوسکی۔ اگر مزید کچھ دن تک کوئی روزگار کا ذریعہ میسر نہ آتا تو بات فاقوں تک پہنچ جاتی۔ میں نے ان مشکل حالات کا تصور کرتے ہوئے حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ لاتعداد پڑھنا شروع کردیا اور یہی ذکر کرتے ہوئے دل ہی دل میں اللہ سے دعا کرنا شروع کردی۔ مجھے پورا یقین تھا کہ اللہ پاک اپنے اس بابرکت کلام کی وجہ سے میری فریاد ضرور سنے گا اور میری یہ مشکل ضرور حل ہوگی۔ میں سارا دن یقین کی کیفیات اور توجہ کے ساتھ حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ پڑھ رہی تھی۔ مجھے ابھی حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ پڑھتے ہوئے تھوڑا ہی وقت ہوا تھا کہ مجھے ایک جگہ سے نوکری کیلئے کال آگئی اور میرا مسئلہ حل ہوگیا۔ اس عمل کے میں نے اور بھی بہت سے کمالات دیکھے ہیں۔ جب بھی کبھی مشکل میں پریشانی کی صورت میں اس وظیفہ کو پڑھا ہے اللہ پاک نے اس مشکل اور مصیبت کو ٹال دیا ہے۔ اللہ کا یہ خاص کرم ہے کہ اس دور میں بھی آپ جیسے لوگ موجود ہیں جو قرآنی اور مسنون اعمال سے ہمارے مسائل کا حل دے رہے ہیں۔ (کرن ربانی' گوجرانوالہ)

نزلہ زکام اور گلے کی خراش سے نجات

یہ ٹوٹکہ میں نے کسی کتاب میں پڑھا تھا' تب سے میں آزما رہا ہوں۔ جب بھی مجھے نزلہ یا زکام ہوا اور ٹھیک نہ ہورہا ہو تو یہی ٹوٹکہ کرتا ہوں ایک ہی بار میں آرام آجاتا ہے یا زیادہ سے زیادہ دوسری بار میں لازمی ٹھیک ہوجاتا ہے۔ رات سونے سے پہلے ایک گلاس پانی ابال کر اس میں ایک لیموں نچوڑ لیں۔ اب اس میں ایک چمچ خالص شہد مکس کرلیں۔ یہ قہوہ چسکی چسکی پییں۔ صبح اٹھنے پر نزلہ زکام ختم ہوچکا ہوگا۔ ایک اور ٹوٹکہ میرا آزمودہ ہے وہ یہ کہ جب بھی گلے میں خراش ہو اور محسوس ہو کہ گلا خراب ہونے والا ہے یا ہلکا بخار ہوگیا ہو تو ایک گلاس پانی گرم کرکے اس میں چٹکی بھر نمک ڈال لیں، اس پانی سے غرارے کریں، اچھی طرح حلق تک یہ نمک والا نیم گرم پانی پہنچائیں۔ اس سے گلے کی خراش ختم ہوجاتی ہے اور اگر ہلکا بخار ہو تو وہ بھی اس ٹوٹکے سے ٹھیک ہوجاتا ہے۔ (علی عثمان، اسلام آباد)

اُدھر کتابچہ تقسیم کیا اِدھر ہمارے گھر سے لڑائی جھگڑے ختم!

میری ہمسائی ہر جمعرات تسبیح خانہ آتی ہیں، ہمارے گھر میں لڑائی جھگڑا بہت بڑھ چکا تھا۔ شوہر کی آوازیں محلے والے بھی سنتے۔ میری ہمسائی کو معلوم ہوا تو انہوں نے مجھے کہا کہ آپ میرے ساتھ تسبیح خانہ چلیں، جمعرات کو بہت پرنور محفل ہوتی ہے اور پھر اسم اعظم کا ذکر اور بہت گڑگڑا کر سسکیوں بھری دعا ہوتی ہے۔ جس میں شامل ہونے والے تمام لوگوں کے سو فیصد مسائل کا حل ہوتا ہے۔ گھروں سے بے برکتی اور لڑائی جھگڑے ختم ہوجاتے ہیں۔ مجھے ان کی باتیں بہت اچھی لگیں کہ اتنی بابرکت جگہ میں بھی ضرور چلوں گی۔ میں اگلی ہی جمعرات ان کے ساتھ تسبیح خانہ آئی، میری ہمسائی نے عبقری دواخانہ پہنچ کر مجھے کچھ کتابچے لے کر دیے کہ آپ یہ بھی تقسیم کروایئے گا۔ کیونکہ جو خیر پھیلانے کا ذریعہ بنتا ہے پہلے اس کے گھر میں خیر آتی ہے۔ میں نے ان کی بات سنی تو خود پیسے دیے کہ میں اپنے پیسوں سے خرید کر تقسیم کرواؤں گی۔ میں نے 100 کتابچے "آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل" کے لئے اور پھر روحانی محفل میں شامل ہوئی۔ اس دن میں بے حد خوش تھی کہ اللہ کو میری کوئی نیکی پسند آگئی جو میرے گھریلو مسائل کی وجہ سے مجھے یہ راستہ دکھا دیا گیا۔ میں نے گھر آکر بڑے بیٹے سے کہا کہ کل سرکاری ہسپتال میں جاکر یہ کتابچہ تقسیم کرآئے۔ جیسے ہی کتابچہ تقسیم ہوا ہمارے دلوں سے غبار چھٹ گیا، شوہر کا مزاج نرم ہوگیا' زندگی پرسکون ہوگئی۔ (آسیہ مسعود، لاہور)

ایمان اور مال کے لٹیرے عامل بن کر گلی گلی بیٹھے ہیں لوگوں پر کالے عمل کر کے زندگیاں برباد کرتے ہیں، ان کے شر سے بچانے کے لئے ایک نورانی عمل (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

کڑوی دوا نے ہمارے تمام روحانی جسمانی روگ دھو ڈالے

جب سے ہوش سنبھالا ہے ہم نے اپنے گھر میں لڑائی جھگڑے اور بیماری ہی دیکھی ہے۔ کچھ بڑے ہوئے تو ہمیں بھی مختلف بیماریوں نے آ لیا۔ ہم تین بہنیں اور ایک بھائی ہیں۔ ہمیں کبھی یہ سمجھ ہی نہیں آیا کہ ہمارے ساتھ یہ سب کچھ کیوں ہو رہا ہے یہ سب کیا ہے۔ کیوں مسلسل بیماریوں کے حملے کیوں تنگدستی کے وار ہم پر ہو رہے ہیں۔ میری چھوٹی بہن جو ابھی کالج میں جاتی ہے، اس کی کلاس میں ایک لڑکی بہت نیک اور خدا ترس ہے۔ اس نے میری بہن کی آئے دن غیر حاضری اور چہرے سے بیماری کے آثار دیکھے تو اس سے پوچھا کہ آپ کو کیا مسائل درپیش ہیں۔ میری بہن نے اپنی ساری کہانی اس کے سامنے بیان کر دی۔ اس لڑکی نے ہمدردی کا اظہار کیا اور کہا کہ میں آپ کے لئے ایک چیز لے کر آؤں گی۔ اگر اللہ کو منظور ہوا تو آپ کے ان تمام اذیت ناک مسائل کا حل اسی ایک چیز میں ہو گا۔ اگلے روز اس لڑکی نے ایک پلاسٹک بیگ میں بند ایک بوتل میری بہن کو پکڑا دی اور بتایا کہ لاہور میں ایک بہت بڑے اللہ والے ہیں جو لوگوں کے روحانی اور جسمانی مسائل کا علاج بھی کرتے ہیں۔ انہوں نے ایسے لوگوں کے لئے جو جادو، نظر بد کے ڈسے ہوئے یا لاعلاج بیماریوں میں مبتلا ہو چکے ہوں' ان کے لئے ایک خاص دوا بنائی ہے جس کا نام کالی کڑوی شفاء ہے۔ اس دوا پر پُر تاثیر اعمال کا دم اور ایسی جڑی بوٹیوں کا عرق شامل ہے جو جسم سے بیماریوں کو نکال باہر کرتی ہیں۔ اگر نظر بد اور جادو کے اثرات اس دوا سے زائل ہو جاتے ہیں۔ میری بہن نے گھر آ کر مجھے سارا واقعہ بتایا۔ میں نے شاپر کھولا اس میں ایک کالی کڑوی شفاء کی بوتل تھی اور ساتھ ایک ماہنامہ عبقری کا شمارہ تھا۔ میں نے کالی کڑوی شفاء کے فوائد پڑھے تو ایسا محسوس ہو رہا تھا اس کا ایک ایک فائدہ ہمارے لئے ہی لکھا گیا ہو کیونکہ ہم انہی مسائل سے دو چار تھے جن کا علاج اس دوا میں تھا۔ میں نے اسی دن سے گھر میں بہنوں اور بھائی کو یہ دوا پانی میں گھول کر دینی شروع کی۔ ہم سب کو ایسا لگا جیسے ہمارے جسم سے بہت بڑا وزن اٹھا لیا گیا ہو اور مردہ جسم میں جان آ گئی۔ مسلسل دو ماہ کے استعمال سے ہم سب گھر والے نوے فیصد بیماریوں سے نکل چکے تھے۔ ہم نے پھر عبقری کی چند اور ادویات بھی استعمال کیں، ہمیں بہت فائدہ ہوا۔ لیکن کالی کڑوی شفاء نے تو جادو سا اثر دکھایا۔ میرے چہرے کی رنگت بھی سیاہ ہو چکی تھی، کالی کڑوی شفاء سے میرے چہرے کی سیاہی بھی ختم ہو گئی۔ ہم نے لاہور عبقری دواخانہ آ کر حضرت حکیم صاحب کے اسسٹنٹ صاحب کو بھی چیک کروایا۔ انہوں نے بتایا آپ کے خاندان پر بہت پرانا اور سخت ترین جادو تھا جو کہ اسی دوا سے بہت حد تک ختم ہو چکا ہے۔ انہوں نے ہمیں ایک خاص وظیفہ بھی دیا جو ہم کر رہے ہیں ہمارا گھر جنت بن گیا ہے۔ (سدرہ اقبال، شاہدرہ)

ایک ماہ کے استعمال سے یورک ایسڈ کنٹرول ہو گیا!

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جوانی کے جوش و جذبے میں انسان بہت سی بے احتیاطی کر جاتا ہے جس کا احساس اس وقت تو نہیں ہوتا لیکن جب عمر ڈھلنے لگتی ہے تو پھر یہ بے احتیاطی مختلف بیماریوں کی شکل میں سامنے آتی ہے۔ میرے ساتھ بھی یہی معاملہ ہوا چٹ پٹے کھانوں کا شوقین تھا دوستوں کے ساتھ اکثر باہر سے نہاری بونگ پائے کے ناشتے کرنے اور مشہور ہوٹلوں کی کڑاہیاں کھانا معمول کا حصہ تھا۔ والد صاحب کا اپنا کاروبار تھا' اچھا کماتے تھے پیسوں کی کمی نہیں تھی۔ پڑھائی کے بعد والد صاحب کے ساتھ کاروبار میں شامل ہو گیا۔ یہاں بھی گھر کے کھانے کی بجائے باہر سے کھانے منگوا کر کھاتا رہا، والد صاحب اکثر مجھے سمجھاتے کہ بیٹا یہ چیزیں نقصان دیتی ہیں، وقتی ذائقہ ہے لیکن عمر بھر کا روگ ہے۔ میں سن کر ہاں میں ہاں ملا دیتا لیکن میری عادت بن چکی تھی۔ وقت گزرتا گیا، شادی ہو گئی بچے ہو گئے۔ اب مجھے والد صاحب کی باتیں یاد آتی ہیں کہ وقتی ذائقہ عمر بھر کا روگ بن جاتا ہے۔ اب حالت یہ ہے میں کچھ دیر کہیں بیٹھ جاتا ہوں تو ٹانگیں سُن ہو جاتی ہیں۔ جوڑوں میں اتنا درد ہوتا ہے سیڑھیاں چڑھنا میرے لئے ایک عذاب ہے۔ ڈاکٹر کو چیک کروایا اس نے یورک ایسڈ کا مسئلہ بتایا اور دوائیاں لکھ کر دے دیں۔ میں نے بے دلی سے چند دن استعمال کیں لیکن کوئی فرق نہ پڑا۔ ایک دوست سے رابطہ کیا جو مختلف میڈیکل سٹورز پر ہربل میڈیسن کی سپلائی کا کام کرتا ہے۔ اس نے بتایا کہ عبقری والے حکیم صاحب کے ہاتھ میں بہت شفاء ہے ان سے چیک کروالو۔ میں نے اپوئنٹمنٹ لے کر حکیم صاحب سے چیک کروایا انہوں نے مجھے یورک ایسڈ کورس لکھ کر دیا اور ساتھ غذا کا شیڈول بھی دیا۔ میرا یورک ایسڈ کا مسئلہ پانچ سال سے چل رہا تھا۔ عبقری دواخانہ کا یورک ایسڈ کورس ایک ماہ استعمال کیا جس سے کافی بہتری آئی ہے۔ میرا یورک ایسڈ سردیوں میں زیادہ ہو جاتا تھا مگر کورس کے استعمال سے کنٹرول میں ہے۔ (رانا عابد بشیر، لاہور)

بیٹی کا نامراد مرض اور دیسی دوا کا کمال

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیٹی جس کی عمر سترہ سال ہے اسے لیکوریا کا مرض ہو گیا۔ ہر وقت کپڑے خراب رہتے' میں جب بھی کپڑے دھونے لگتی تو دیکھ کر بہت دکھ ہوتا کہ یہ بیماری تو بچی کو اندر سے کھوکھلا کر دے گی۔ بچی کی صحت دن بدن کمزور ہو رہی تھی۔ کھانے کے لئے کچھ دیتے تو تھوڑا سا کھا کر کہتی کہ دل نہیں چاہ رہا۔ فی میل ڈاکٹر کو چیک کروایا اس نے بھی بس یہ کہہ کر دوا دے دی کہ اس عمر کی بچیوں کو یہ مسئلہ ہونا عام بات ہے ٹھیک ہو جائے گی۔ لیکن کئی ماہ گزر گئے بچی آدھی رہ گئی لیکن ڈاکٹری دواؤں سے بھی کوئی فرق نہ پڑا۔ میری بڑی بہن عبقری تسبیح خانہ جاتی ہے، میں نے اسے یہ مسئلہ بتایا۔ اس نے کہا کہ آپ فکر نہ کریں' میں دیکھتی ہوں عبقری میں اس کا کوئی حل مل جائے گا۔ کچھ دن بعد باجی کی کال آئی انہوں نے کہا کہ میں نے دواخانہ جا کر حضرت حکیم صاحب کے اسسٹنٹ سے مشورہ کیا ہے انہوں نے لیکوریا شفاء لکھ کر دی ہے۔ آپ اپنے شہر کی عبقری ایجنسی سے منگوا کر استعمال کروائیں۔ اگر وہاں سے نہ ملے تو مجھے بتائیں میں یہاں سے خرید کر بھیج دوں گی۔ میں نے شوہر کو بھیج کر اپنے شہر کی ایجنسی سے دوا منگوالی۔ بیٹی کو استعمال شروع کروائی۔ ایک ماہ کے اندر بیٹی کی بیماری بالکل ختم ہو گئی۔ اب میرا یقین دیسی ادویات پر بڑھ گیا ہے۔ (ثریا عزیز، ٹوبہ ٹیک سنگھ)

ام المومنین کا یہ عمل تھا کہ وہ آقا ﷺ کے بال مبارک سے پانی بہا کر لوگوں کو دیتیں جس بیماری کے لئے دیا جاتا شفا اور راحت ملتی۔ (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

رنگ، خوشبو، صحت اور گلاب کا موسم

(ڈاکٹر محمد پرویز، گجرات)

گلاب کا پھول محبت کی علامت ہے، اس کے شوخ رنگ، جذبات کے اظہار کا مؤثر ذریعہ ہیں۔ گلاب جب طبیب اور حکماء کے پاس آتا ہے تو وہ اس سے بنی نوع انسان کو فائدہ پہنچانے اور دکھی انسانیت کی خدمت کے لیے اس کے طبعی خواص کو کشید کر کے دوائیں تیار کرتے ہیں۔ ہم گلاب کے طبی فوائد کا جائزہ لے رہے ہیں۔ یقیناً گلاب کے یہ فوائد اور خواص نہ صرف ہمارے قارئین کے لیے دلچسپ بلکہ نئے بھی ہوں گے اور اس سے وہ اپنی روزمرہ زندگی میں صحت کے عام معاملات میں فائدہ بھی اٹھا سکیں گے۔

گلاب میں قبض دور کرنے کی صفت

گلاب میں قبض کو دور کرنے کی صفت موجود ہے۔ خشک گلاب قبض پیدا کرتا ہے۔ اگر کسی شخص کو قبض کی شکایت ہو تو تازہ گلاب کی پتیوں کو دودھ میں ابال لیں پھر چھان کر ٹھنڈا کر لیں اور چینی ملا کر شربت کی طرح گھونٹ گھونٹ لے کر پی لیں۔ اس سے قبض میں فائدہ ہوتا ہے۔

گلاب صرف سونگھ لیجئے، دل بھی شاد دماغ کو تسکین

گلاب کے فوائد ایسے عظیم الشان ہیں کہ اس کا پینا اور کھانا تو ایک طرف صرف گلاب کو سونگھنے سے ہی دل کی دھڑکنوں میں نظم پیدا ہوتا ہے۔ اس کو سونگھنے سے دماغ کو بیداری اور قرار حاصل ہوتا ہے۔ بے ہوشی کی حالت میں اگر اصلی اور خالص گلاب کے عطر کو دیگر ادویات کے ساتھ ملا کر سنگھایا جائے تو متاثرہ شخص کو فوراً ہوش آجاتا ہے۔

سر میں درد

گرمی میں سر کا درد ہو، کنپٹیوں میں ٹیسیں اٹھتی ہوں سر سے گرمی نکلتی ہو اور دل میں بے چینی بھی ہو رہی ہو تو ایسے میں عرق گلاب کا پینا اور خالص عطر گلاب کا بار بار سونگھنا فائدہ سے قلب کو تسکین ملتی ہے اور سر کا درد ختم ہو جاتا ہے۔ دل کی بے چینی دور ہو جاتی ہے اور اعتدال میں آجاتی ہے۔ اگر متلی اور چکر آتے ہوں تو وہ بھی ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

جسم کی سوزش

گلاب کی پتیوں کو پیس کر جسم پر جس جگہ ورم (سوزش) ہو تو وہاں پر لگانے سے ورم تحلیل ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ گلاب کے تازہ پھولوں کو تھوڑے پانی میں جوش دے کر پیس لیں اور ورم والی جگہ پر لیپ کرتے رہیں اس سے بھی ورم تحلیل ہو جاتا ہے۔

پسینہ اور بدبو

بعض لوگوں کے جسم پر بدبودار پسینہ آتا ہے یا پسینہ بہت زیادہ آتا ہے۔ بار بار نہانے کے باوجود بھی تازگی محسوس نہیں ہوتی۔ ایسے افراد اگر گلاب کی پتیاں بدن پر ملیں تو اس سے پسینہ آنا کم ہو جاتا ہے اور بدبو بھی دور ہو جاتی ہے۔

گرمی سے آنکھوں میں درد

گرمی کی وجہ سے اگر آنکھیں درد کرنے لگیں تو گلاب کی تازہ پتیوں کا عرق آنکھوں میں ڈالنا مفید ہے۔ اس سے آنکھوں کا درد دور ہو جاتا ہے۔ تازہ گلاب کی پتیوں کو پیس کر ایک کپڑے میں رکھیں اور پوٹلی بنالیں، اس پوٹلی کو دونوں آنکھوں کے بند پپوٹوں پر رکھنے سے بھی آنکھوں کو سکون ملتا ہے۔ آنکھیں تازہ دم ہو جاتی ہیں۔ اس سے نہ تو آنکھوں میں کسی قسم کی خارش ہوتی ہے اور نہ ہی سوجن۔

دانتوں کی کمزوری

مسوڑھے کمزور ہوں اور ان کی وجہ سے دانت کمزور ہو جائیں تو تازہ خشک گلاب کے پھولوں کو پانی میں جوش دے کر اس سے بار بار کلیاں کرنی چاہئیں۔ علاوہ ازیں خشک گلاب کی پتیوں کو باریک پیس کر کپڑے سے چھان لیں اور منجن کے طور پر دو بار روزانہ دانتوں پر ہلکے ہلکے برش کرتے رہیں۔ اس طرح کے مساج کرنے سے دانتوں کی کمزوری دور ہو جاتی ہے اور منہ سے ناگوار مہک آنا بھی بند ہو جاتی ہے۔

ہاتھ پاؤں کی جلن

بہت سے لوگوں کو یہ شکایت ہوتی ہے کہ ان کے ہاتھ پاؤں سے آگ نکلتی محسوس ہوتی ہے۔ کیسی ہی سخت سے سخت سردی ہو یہ لوگ پاؤں لحاف سے باہر ہی نکال کر سوتے ہیں۔ انہیں چاہیے کہ ایک بڑا چمچ عرق گلاب آدھے گلاس پانی میں حل کر کے چینی ملائیں اور ٹھنڈا کر کے پی لیں۔ اس سے ان کی یہ شکایت دور ہو جائے گی۔

پیاس کی شدت میں کمی

گرمی کا موسم اور کھلے ماحول میں کام کاج کرنے کی نوبت آئے تو ایسے میں پیاس کی شدت بڑھ جاتی ہے۔ اگر آپ کو گرمیوں میں پیاس کی شدت ستائے تو خالص عرق گلاب (تھوڑی مقدار) میں بنالیں اور پانی اور چینی ملا کر شربت برف ملا کر پی لیں اس سے سکون ملے گا اور پیاس کی شدت ختم ہو جائے گی۔ علاوہ ازیں اگر کمسن بچوں میں پیاس کی شدت زور پکڑ جائے تو انہیں خالص عرق گلاب میں خالص عرق بید مشک ملا کر ٹھنڈا کر کے چمچ سے تھوڑے وقفے سے پلاتی رہیں۔ انشاء اللہ پیاس کتنی ہی شدید کیوں نہ ہو ختم ہو جائے گی۔

جلد اور رنگت کا نکھار

اگر گرمی کی شدت سے چہرے کا رنگ سانولا ہو جائے تو اس کے تدارک اور رنگت کے نکھار کے لیے خشک گلاب کی پتیوں کو پیس لیں اور پھر اس سفوف کو ہم وزن بیسن میں ملا کر اس میں دودھ ڈال کر پیسٹ بنالیں۔ ہفتے میں ایک بار چہرے کو اچھی طرح دو تین بار ٹھنڈے پانی (برف سے ٹھنڈا کیا ہوا نہیں) سے دھولیں۔ اس کے بعد گلاب کی اس اُبٹن کو چہرے اور گردن پر اچھی طرح لگالیں اور خشک ہونے پر ٹھنڈے پانی سے چہرہ، گردن دھولیں۔ اس سے رخ پر سرخی آتی ہے اور رنگت بھی نکھر جاتی ہے۔

اگر آپ کیل مہاسوں سے پریشان ہیں تو انہیں دور کرنے کے لیے عرق گلاب اور گلیسرین ہم وزن لے کر ملالیں اور روئی کے باسی ٹکڑے کی مدد سے اس کو چہرے پر ماسک کے انداز میں لگالیں۔ چند بار کے استعمال سے ہی چہرہ صاف ہو جائے گا۔ علاوہ ازیں گلاب کی تازہ پتیوں کو پانی میں جوش دے کر اس پانی سے نہانے سے جسم کی بو دور ہو جاتی ہے اور تازگی کا احساس بھی رہتا ہے۔

فرحت بخش مشروب: عرقِ گلاب ایک خوشبو، دوا کے ساتھ ساتھ ایک زبردست غذا اور مشروب بھی ہے۔ سخت گرمیوں میں اگر دو چمچ شہد ایک گلاس پانی میں گھول کر اور پھر اس میں چند قطرے عرقِ گلاب کے ملا لیے جائیں تو یہ ایک بہترین فرحت بخش مشروب بن جاتا ہے۔ جس کے استعمال سے بدن کی گرمی دور ہوتی ہے اور بدن میں چستی اور طاقت پیدا ہوتی ہے، سستی اور کاہلی اور کمزوری ختم ہوتی ہے۔

(مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

آئیے! صحت مند زندگی کیلئے صرف 20 منٹ دوڑیئے!

جوگنگ ایک ایسی ورزش ہے جس کے اثرات جسم کے کسی خاص حصے پر پڑنے کی بجائے تمام بدن پر پڑتے ہیں اور پورا جسم جوگنگ کی وجہ سے مستفید ہوتا ہے۔ جوگنگ ایک ایسی ورزش ہے جسے دنیا بھر میں قبول عام حاصل ہے۔ حال ہی میں برطانیہ کے ایک معالج نے مختلف اداروں اور ماہرین کی رائے کی روشنی میں یہ جائزہ لیا ہے کہ جوگنگ سے ہمارے جسم کے اعضاء اور نظام پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ جوگنگ سے جسم کے مختلف حصوں کو افادیت حاصل ہوتی ہے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ ہم اس حوالے جو احتیاطی تدابیر ہیں ان سے ہم مکمل طور پر آگاہ ہوں تاکہ جوگنگ سے حاصل ہونے والے فوائد سے پوری طرح مستفید ہوسکیں۔ اس بات کو مدنظر رکھا جائے کہ جوگنگ کرتے ہوئے آپ کی نظریں تیس سے پچاس میٹر آگے مرکوز ہوں۔ اس طرح سر سیدھا رہے گا تو جسم کا توازن ٹھیک رہے گا' گردن اور کندھوں پر دباؤ کم رہے گا۔ چھاتی کو زیادہ نہ تانیں' کیونکہ ایسا کرنے سے سر پیچھے کی طرف چلا جاتا ہے۔ اس طرح کمر بھی سخت ہوجاتی ہے اور سانس لینے میں دقت ہوتی ہے۔ جوگنگ کے وقت سر آگے رہے اور دھڑ نسبتاً پیچھے رہے' ایسے دوڑیے کہ پاؤں آپس میں رگڑنے نہ پائیں اور زمین پر زیادہ زور سے بھاگنے کی آواز نہ آئے یعنی ہلکے انداز میں دوڑیے۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ جوگنگ کرتے وقت سر پر ہیڈفون نہ لگائیے ایسا کرنے سے سر اور دماغ پر منفی اثرات مرتب ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔ ماہرین کا کہنا کہ اس دوران صاف اور ہلکے رنگ کے کپڑے پہنیں' اگر سفید رنگ کے کپڑے پہنیں تو یہ زیادہ بہتر ہے اس رنگ سے ذہن بھی تازہ رہتا ہے۔

جلد وزن گھٹانے کے لئے

اگر ہم دس منٹ میں ایک میل دوڑنے کی سکت پیدا کرلیں تو ہم ایک گھنٹہ میں اوسطاً سوا چار حرارے فی پونڈ وزن کم کرسکتے ہیں۔ اس کی مثال ایسے ہے جیسے اگر کسی شخص کا وزن 140 پونڈ ہو اور وہ ایک گھنٹہ میں چھ میل تک اگر دوڑ لیں تو اس طریقے سے جسم میں چار اعشاریہ دو حرارے فی پونڈ کے حساب سے 588 حرارے کم ہوں گے۔ حراروں کے جلنے کی یہ شرح دیگر متعدد ورزشوں سے بہتر ہے۔ آپ کے جسم میں جوں جوں چستی آتی جائے گی' آپ کی جوگنگ کی رفتار اور شدت میں جوں جوں اضافہ ہوگا' حراروں کے جلنے کی شرح بھی اسی قدر بڑھتی رہے گی۔ جوگنگ سے جلد وزن گھٹانے کی کوشش میں کامیابی کا انحصار اس بات پر بھی ہے کہ آپ کیسی زمین پر دوڑتے رہے ہیں۔ آپ کچی' ریتلی یا گھاس والی زمین پر دوڑیں گے تو پکی اور سخت زمین پر دوڑنے کی بہ نسبت آپ کو زیادہ محنت کرنا پڑے گی' کیونکہ نرم زمین میں پاؤں دھنستا ہے اور اسے اوپر اٹھانے میں کچھ زیادہ زور لگانا پڑتا ہے۔ یہاں یہ بات بھی ضروری ہے کہ ہر دو میل دوڑنے کے بعد ایک گلاس پانی لازمی پیا جائے' یہ خیال رکھنا چاہئے کہ جس قدر زیادہ دوڑا جائے گا اسی قدر پانی یا کسی رقیق چیز پینے کی ضرورت بھی زیادہ ہوگی۔

پھیپھڑے ہمیشہ صحت مند' ہڈیاں مضبوط سے مضبوط تر

اگر ایک انسان اپنی زندگی کے معمول میں جوگنگ کو شامل کرلے تو اس سے بہترین نتائج اخذ کیے جاسکتے ہیں جن کا اثر انسانی جسم کے لئے مختلف حصوں میں انتہائی موثر اور فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ تحقیق سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ دوڑنے سے یعنی پابندی سے یہ ورزش کرنے سے دل کی بیماری کا خطرہ پچاس فیصد کم ہوجاتا ہے اور اسی طرح دل اور پھیپھڑوں کی کارکردگی میں بھی خاطر خواہ اضافہ ہوتا ہے۔ اگر جوگنگ سے جسم کو چست رکھا جائے تو امراض قلب سے ہونے والی اموات کو خاصا کم کیا جاسکتا ہے اور زندگی کو طول دیا جاسکتا ہے۔

ہڈیوں کے لیے بہترین ورزش

دوڑ یا جوگنگ ہڈیوں کے لئے بہترین ورزش ہے' اس ورزش کے دوران ہمارے پاؤں جس انداز اور زور سے زمین کو چھوتے ہیں وہ ہماری ٹانگوں کے عضلات اور ریڑھ کے لئے خصوصاً فائدہ مند ہے۔ جوگنگ کو ہڈیوں کی مضبوطی کے لئے ایک بہت اچھی ورزش قرار دیا گیا ہے۔ ماہرین کے مطابق اگر روزانہ کی بنیاد پر ایک میل بھی دوڑ لیا جائے تو ٹانگوں اور کولہوں کی ہڈیوں پر اچھا اثر پڑتا ہے اور ان میں کیلشیم کو روکے رکھنے کی صلاحیت بڑھ جاتی ہے۔ جب ہم دوڑتے ہیں تو ہمارے پھیپھڑوں کو خاصا زیادہ کام کرنا پڑتا ہے اور آرام کی حالت کے مقابلے میں اس وقت دس گنا آکسیجن استعمال کرتے ہیں' کچھ عرصہ بعد جوگنگ کی وجہ سے ہمارے دل اور پھیپھڑوں کی کارکردگی اتنی اچھی ہوجاتی ہے کہ ہم بغیر کسی زحمت کے نسبتاً زیادہ ورزش کرسکتے ہیں۔

دوڑنے سے گھٹنوں میں تکلیف ہوتی ہے؟

آج سے چند سال قبل یہ بات عام تھی کہ دوڑنے سے گھٹنوں میں کچھ عرصہ بعد تکلیف شروع ہوجاتی ہے۔ گھٹنوں کی اس تکلیف کا ذمہ دار جوگنگ یا دوڑنے کو ٹھہرایا گیا' لیکن ماہرین کہتے ہیں کہ گھٹنوں کی ان تکالیف کی وجہ جوگنگ نہیں بلکہ وہ غلط قسم کے جوتے ہیں جو اکثر لوگ جوگنگ کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً سپاٹ تلے والے جوتے پہن کر دوڑنے سے گھٹنوں اور جوڑوں پر برا اثر پڑتا ہے۔ ایسی قسم کے جوتے جن میں پاؤں اندر کی طرف دھنسا رہے یعنی آگے سے تنگ ہو تو اس سے بھی گھٹنے متاثر ہوسکتے ہیں۔ نیز بے آرام جوتوں سے پاؤں کو کافی نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اسی طرح سخت یا پتھریلی زمین پر جوگنگ کے بجائے گھاس پر جوگنگ کرنے پاؤں پر زور کم پڑتا ہے۔

کم عمر نظر آنا چاہتے ہیں تو جوگنگ کیجئے!

آج سے چند سال پہلے ایک امریکی پلاسٹک سرجن نے یہ دعویٰ کیا جن کے مطابق تمباکو نوشی اور سخت دھوپ میں نہانے کے بعد سب سے زیادہ نقصان جلد کو دوڑنے سے ہوتا ہے اور قبل از وقت چہرے پر جھریاں پڑنے لگتی ہیں۔ لیکن جدید ریسرچ کے مطابق ماہرین کا کہنا ہے کہ جوگنگ کرنے سے انسان زیادہ چست اور کم عمر لگتا ہے۔ ان کا کہنا کے چہرے پر جھریاں اس وقت نمودار ہوتی ہیں جب انسانی وزن ایک دم کم کردیا جائے' اس کا تعلق جوگنگ سے نہیں۔ جوگنگ کی وجہ سے آدمی اپنی عمر سے کم نظر آنے لگتا ہے' کیونکہ اس سے جسم سے فالتو چربی کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔

Scanned with CamScanner

قارئین کے آزمودہ روحانی وظیفے، طبی ٹوٹکے، نسخے اور چٹکلے

تل اور گڑ کے لڈو نے ڈھلتی جوانی کو سنبھال لیا

بالوں کی صحت اور تندرستی کیلئے گھریلو ٹوٹکہ

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک نسخہ دوست سے ملا تھا جو میں خود بھی آزما رہا ہوں' بہت ہی زبردست ہے، یہ نسخہ بالوں کے لئے ہے۔ نرم وملائم خشکی اور گنج پن وغیرہ یعنی آج کل جتنے بھی نت نئے بالوں کے مسائل سر اٹھا رہے ہیں تمام کیلئے یہ انتہائی مفید ہے۔ خطرناک اور کیمیکلز سے بھرے شیمپو کی بجائے یہ انتہائی سستا' قدرتی اور مفید شیمپو ہے، اسے آپ روزمرہ زندگی میں استعمال کریں۔ پہلی بار کے استعمال سے ہی آپ کو فرق محسوس ہوگا۔ ھوالشافی: سیکا کائی، آملہ اور ریٹھا ہم وزن لے کر کوٹ لیں۔ یہ پاؤڈر اگر تین چمچ ہو تو اس میں دو کپ پانی ڈال کر ہلکی آنچ پر ابال لیں' ایک کپ پانی رہ جائے تو اتار لیں' ٹھنڈا ہونے پر نتھار لیں اور خشک بوتل میں محفوظ کرلیں۔ بالوں کے لئے کسی صابن وغیرہ کی ضرورت نہیں' بس اس مرکب کو استعمال کریں۔ نہاتے وقت گیلے بالوں میں دو سے تین منٹ لگا کر رگڑیں' جھاگ نہیں بنے گی۔ تھوڑی دیر بالوں میں مساج کرنے کے بعد بال دھولیں۔ بالوں کی صحت اور تندرستی کے لئے لاجواب ہے۔

تل اور گڑ کے لڈو نے ڈھلتی جوانی کو سنبھال لیا

ہمارے گاؤں میں کنکریٹ والا پلانٹ لگا اس پر ایک چوکیدار ملازم تھا۔ وہ کافی موٹا تھا اور اسے جوڑوں اور گھٹنوں میں درد تھا، میں نے اسے آپ کا بتایا ہوا نسخہ استعمال کرنے کیلئے دیا۔ نسخہ یہ ہے: تل اور گڑ دیسی لے کر چھوٹی پنیاں بنا لیں، تل زیادہ ہوں اور گڑ بہت کم ہو۔ یہ دن میں دو یا تین بار حسب طبیعت استعمال کریں۔ وہ کچھ عرصہ بعد ملا اور بہت گرمجوشی کے ساتھ ملا، میں حیران تھا کہ اسے کیا ہوا ہے، وہ کہنے لگا کہ کیا کمال کا نسخہ دیا تھا، جوڑوں کے درد میں افاقہ ہوا ہی ہے، لیکن میں جنسی طور پر بھی بہت کمزور تھا حقوق زوجیت ادا نہیں کرسکتا تھا پر اس سے میری یہ بڑی کمزوری دور ہوگئی اور حقوق زوجیت میں کامیاب ہوا، وہ بہت دعائیں دے رہا تھا اور بہت خوش تھا۔

ناخن میں ریشہ پڑ جائے تو یہ نسخہ آزمائیے

پاؤں یا ہاتھ کے ناخنوں میں اگر ریشہ پڑ گیا ہو تو اس کے لئے میرے والد صاحب کا ایک ٹوٹکہ بہت آزمودہ ہے، ہم خود بھی کئی بار استعمال کرچکے ہیں۔ نسخہ یہ ہے کہ کچا دودھ لے کر اس میں نمک کافی مقدار میں ڈال کر ہلکی آنچ پر جلائیں اور ساتھ ہی چمچ سے ہلاتے جائیں، وہ سڑ کر سخت بن جائے گی، نیم گرم مادے والی جگہ پر پٹی باندھ دیں۔ ان شاء اللہ 2 سے 3 بار استعمال سے مادہ نکل آتا ہے اور پاؤں یا ہاتھ ٹھیک ہوجاتا ہے۔

بغیر کسی دوا کے سات سال پرانی بواسیر کا علاج

شیخ الوظائف السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو خوش رکھے جو آپ یہ پوری انسانیت کے لیے کررہے ہیں یہ ایک بہت بڑا کارنامہ ہے' اس کا اجر اللہ تعالیٰ دے گا اور قیامت کے دن مدینے والے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ پر فخر فرمائیں گے کہ جو آپ امت محمدیؐ پر بھلائی کررہے ہیں۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ادارہ عبقری اور آپ کی نسلوں کو قیامت تک شاد آباد رکھے، آمین۔ عبقری کے ذریعے ہماری دنیا و آخرت دونوں سنوری ہے۔ جہاں آپ کے بتائے ہوئے مختلف وظائف غموں اور پریشانیوں میں پھنسے لوگوں کے لئے راحت اور سکون کا پیغام ہے وہاں آپ کے بتائے ہوئے آسان طبی و روحانی ٹوٹکے مختلف بیماریوں کے لئے بھی بے حد اکسیر ہیں اور بے شمار لوگ اس سے فیض یاب ہورہے ہیں۔ ایسا ہی اپنا ایک مشاہدہ عبقری قارئین کی خدمت میں پیش کررہا ہوں۔

مجھے عرصہ سات سے بواسیر کا مرض لاحق تھا۔ میں نے اس کے لئے بہت علاج معالجہ کروایا مگر میرا یہ مسئلہ حل نہ ہوسکا۔ آپ نے شب جمعہ کی محفل میں پہلی دو سنتوں میں سورۃ الم نشرح اور سورۃ فیل پڑھنے کے بہت سے کمالات بیان کئے تھے۔ میں نے اپنی بیماری کا تصور کرتے ہوئے پہلی رکعت میں سورۃ الم نشرح اور دوسری رکعت میں سورۃ فیل کو پڑھنا شروع کردیا۔ اس عمل کو میں نے مسلسل جاری رکھا جس کی برکت سے میری سات سال پرانی بواسیر کا مسئلہ حل ہوگیا وہ بھی بغیر کسی دوا اور ٹوٹکے کے۔ میں خود حیران ہوں کہ بظاہر اس چھوٹے مگر طاقتور عمل سے میرا یہ پرانا مسئلہ حل ہوگیا جو کئی ادویات سے ٹھیک نہ ہوسکا تھا۔ میں نے یہ عمل کئی احباب کو بتایا جس نے بھی کیا اللہ کریم نے اس کو شفاء عطا فرمائی۔

کسی پر آسیب، جنات یا نظر بد کے اثرات ہوں، مسواک سے اس کے گرد حصار کریں اور جسم پر ہلکی ہلکی ضرب بھی لگائیں، سب اثرات زائل ہوجائیں گے۔

ایسا زخم جس سے بیٹا کراہتا اور چیختا تھا شفاء مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تقریباً ڈیڑھ ماہ پہلے کی بات ہے کہ میرے بیٹے کی آٹھویں سالگرہ تھی اور گھر میں خوشی کا سماں تھا۔ کچھ قریبی رشتہ دار اور چند ہمسائے بھی تشریف لائے ہوئے تھے۔ سب بچوں کے ساتھ میرا بیٹا بھی کھیل کود اور شرارتوں میں مصروف تھا۔ میں اسے شرارتوں سے روکتی مگر اس دن مہمانوں کے ساتھ مصروف ہونے کی وجہ سے وہ اچانک میری نظروں سے اوجھل ہوجاتا۔ میں دوسرے شہر سے آئی اپنی بہن اور اس کے بچوں کا حال احوال لے رہی تھی کہ اچانک گھر کے دروازے کے پاس مجھے کسی بچے کی چلانے اور رونے کی آواز آئی۔ میں بھاگ کر گئی اور دیکھا کہ میرا بیٹا دروازے کے باہر موٹر سائیکل کے قریب کھڑا رو رہا ہے۔ میں نے جب اس سے وجہ پوچھی تو اس نے بتایا کہ کھیلتے ہوئے اس کی ٹانگ موٹر سائیکل کے گرم سلنسر کے ساتھ لگ گئی ہے۔ میں نے جب دیکھا تو زخم کافی زیادہ لگ رہا تھا۔ اتنے میں سب مہمان بھی اکٹھے ہو گئے اور میرے شوہر بچے کو گاڑی میں بٹھا کر فوراً ڈاکٹر کے پاس لے گئے۔ ڈاکٹر نے اسے فرسٹ ایڈ دینے کے بعد زخم کے لئے ایک دوا لکھ دی جسے زخم پر لگانا تھا۔ میں روزانہ دن میں دوبارہ وہ دوا متاثرہ جگہ پر لگاتی جس کے استعمال سے بیٹے کو درد میں کچھ افاقہ ہوا مگر زخم پوری طرح ختم نہیں ہو رہا تھا۔ میں نے ڈاکٹر سے دوبارہ رجوع کیا تو انہوں نے بتایا کہ زخم زیادہ ہے اتنی جلدی ختم نہیں ہوگا کچھ وقت لگے گا۔ تقریباً ایک ماہ کے استعمال سے بھی زخم پوری طرح ختم نہ ہوا اور جب کہیں کھیلتے ہوئے ہلکی سی بھی کوئی چیز اس کے زخم پر لگ جاتی تو وہ درد سے کراہنا اور چیخنا شروع کر دیتا تھا۔ میری بہن ایک ماہ بعد دوبارہ میرے بیٹے کی عیادت کے لئے آئی تو اس نے مجھے ایک چھوٹی سی ڈبی دی جو عبقری دواخانہ کی تھی جس پر آگ شفاء لکھا ہوا تھا۔ میں نے ڈبی کی پیکنگ کو جب کھولا تو اس میں ایک بروشر تھا جس پر کچھ ہدایات لکھی ہوئی تھیں۔ میں نے اس دوا کو بیٹے کے زخم پر لگانا شروع کر دیا۔ دس دن مسلسل استعمال کرنے پر زخم کم ہونا شروع ہوگیا اور بیٹے نے بتایا کہ اب اس کو درد میں کافی افاقہ ہوا ہے۔ میں نے آگ شفاء کا استعمال جاری رکھا اور تقریباً تین ہفتوں کے بعد میرے بیٹے کا زخم بالکل ٹھیک ہوگیا اور درد کی جو شکایت تھی وہ بھی ختم ہوگئی۔ لیکن اس کے باوجود جو زخم کا نشان تھا وہ ختم نہیں ہو رہا تھا تو میں نے اپنی بہن سے اس متعلق بات کی تو اس نے بتایا کہ میں آگ شفاء کی ایک ڈبی اور بھجوا رہی ہوں اس کا استعمال جاری رکھو ان شاء اللہ نشان بھی ختم ہو جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ ایک بار ان کی بیٹی کے بازو پر گرم دودھ گر گیا تھا جس کے بعد آگ شفاء کے استعمال سے بیٹی کا زخم ٹھیک ہوگیا نشان بھی نہیں رہا تھا۔ مجھے اپنی بہن کی بات سن کر کچھ تسلی ہوئی اور آگ شفاء کی ڈبی بہن کی طرف سے دوبارہ ملنے پر میں نے اس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس کا استعمال شروع کر دیا۔ اب اس کے زخم کا نشان بھی مٹنا شروع ہوگیا ہے۔ (شمیم تنویر، چکوال)

میرے گھر کا معالج صرف ایک دوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری چھوٹی بیٹی ہے جس کا پیٹ ہر وقت پھولا رہتا تھا اور علاج کروانے کے باوجود بھی ٹھیک نہیں ہو رہا تھا۔ مجھے ایک مخلص دوست نے عبقری دواخانہ کی روحانی پھکی استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے اپنی بیٹی کو روحانی پھکی کا استعمال شروع کروا دیا۔ اس دوا کے چند ہفتوں کے استعمال سے ہی ابھی ایک ڈبی بھی خالی نہیں ہوئی تھی کہ میری بیٹی کا پھولا ہوا پیٹ بالکل نارمل ہوگیا۔ اس کے علاوہ میری بیٹی کو بدہضمی کا مسئلہ رہتا تھا الحمدللہ وہ بھی اس دوا کے استعمال کرنے سے ٹھیک ہوگیا۔ میں نے جب بروشر پر اس پھکی کے فوائد پڑھے تو حیران رہ گیا کہ اتنی سستی دوا سے اتنے پیچیدہ امراض کا علاج بھی ہوسکتا ہے۔ میری بیوی کے گھٹنوں میں اکثر درد کی شکایت رہتی تھی میں نے اسے بھی روحانی پھکی استعمال کرنے کا کہا۔ اس نے بھی روحانی پھکی کو استعمال کرنا شروع کر دیا۔ روحانی پھکی کے استعمال کرنے سے اس کے گھٹنوں کا درد بھی ختم ہوگیا ہے اور اس کے علاوہ بیوی کا ہاضمہ بھی پہلے سے بہتر ہوگیا ہے۔ (دانیال علی، کراچی)

سالہا سال پرانے ایام کی بے ترتیبی سے نجات مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں کئی سال سے خاص ایام کی بے ترتیبی کے مسئلہ کا شکار تھی۔ اس وجہ سے جب بھی ایام آتے تو میرے پیٹ میں سخت تکلیف ہوتی تھی اور دل کی دھڑکن تیز ہوجاتی تھی۔ بعض اوقات مجھے ادویات سے چند بار افاقہ بھی ہوا مگر وہ عارضی ہی ہوتا تھا۔ میں اپنی والدہ کے ساتھ کچھ عرصہ پہلے لاہور میں اپنی چچا کی بیٹی کی شادی پر آئی۔ اس دوران مجھے یہ تکلیف شروع ہوگئی۔ جس وجہ سے میں اپنی کزن کے ولیمے پر بھی شریک نہ ہو سکی۔ میری چچی نے مجھے تسلی دی اور کہا کہ ان شاء اللہ تمہارا یہ مسئلہ حل ہوجائے گا۔ شادی ختم ہونے کے بعد میری چچی مجھے اپنے ساتھ لاہور میں موجود عبقری دواخانہ لے آئیں۔ وہاں حضرت حکیم صاحب کے اسسٹنٹ نے چیک اپ کرنے کے بعد مجھے ہارمونز شفاء استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے ایک ڈبی ہارمونز شفاء کی استعمال کی تو ایام کی بے ترتیبی اور پیٹ کی تکلیف میں مجھے کافی افاقہ محسوس ہوا۔ میں نے ہارمونز شفاء کا استعمال جاری رکھا اور تین ماہ بعد اللہ کے فضل و کرم سے میرا یہ ایام کی بے ترتیبی کا مسئلہ حل ہوگیا اور پیٹ میں جو تکلیف ہوتی تھی اس سے بھی نجات مل گئی۔ اس کے علاوہ ایام کی بے ترتیبی کی وجہ سے میرا چہرہ جو مرجھا چکا تھا اور چھائیوں سے بھر گیا تھا الحمدللہ اس میں بھی کافی افاقہ ہوا ہے۔ میری خالہ زاد کو بھی یہی مرض لاحق تھا اس نے بھی ہارمونز شفاء کا استعمال کیا اور الحمدللہ اسے بھی کافی افاقہ ہوا ہے اور وہ مجھے بہت دعائیں دیتی ہے۔

میری والدہ کی آنکھوں میں اکثر جلن رہتی تھی۔ اس کے لئے وہ مختلف ڈراپر استعمال کر چکی تھیں مگر ان کو مستقل آرام نہیں مل رہا تھا۔ میں نے اپنی چچی سے اس کا ذکر کیا تو انہوں نے کہا کہ اپنی والدہ کو آنکھ شفاء ڈراپر استعمال کروائیں۔ میں نے عبقری کی ویب سائٹ سے آنکھ شفاء کا ڈراپر آرڈر کیا اور موصول ہونے کے بعد اس کا استعمال شروع کروایا۔ والدہ کو اس سے کافی فرق پڑا ہے اس سے ان کی آنکھوں کی جلن کافی حد تک کم ہوگئی اور بعض اوقات جو درد ہوتی تھی وہ بھی ختم ہوگئی۔ (ناصرہ کنول، راولپنڈی)

ایک جنگ میں صرف مسواک کی سنت پر عمل سے صحابہ کو فتح ملی، اسی طرح بڑی بڑی فتوحات کے دروازے آپ پر بھی کھل سکتے ہیں۔ (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

جادو ختم دبئی کا ویزہ ملا، گھٹنوں کا درد ختم، تین دن میں

در در کے دھکے کھائے مگر تسبیح خانہ آئے تو مسئلہ حل ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تقریباً 5 سال سے تسبیح خانہ آ رہے ہیں، اس سے پہلے ہم نے بہت جگہوں سے روحانی علاج کروایا لیکن معاملات جوں کے توں رہے۔ ہمارے حالات بہت خراب تھے۔ جب سے روحانی چلہ شروع ہوا ہے، ہمارا دعا سنی گئی ہے کیوں کہ آپ سے ملاقات کرنے کی کوشش کی لیکن ملاقات نہ ہو سکی۔ تین دن روحانی چلہ کا اعلان ہوا تو ہم پہلے چلہ میں ہی شامل ہو گئے اور ترتیب کے مطابق اعمال کیے۔ ہمیں سالہا سال ہو گئے تھے در در کے دھکے کھاتے ہوئے لیکن اس چلہ کی برکت سے ہمارے تمام جادو جنات کے مسائل حل ہو گئے۔ اب بھی اگر ہم پر کوئی مصیبت پریشانی آتی ہے تو ہماری فیملی میں سے کوئی نہ کوئی فرد روحانی چلہ میں شامل ہوتا ہے۔ جس سے ہمارا مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔ (محمد نذیر، شیخوپورہ)

دبئی سے ویزہ آ گیا!

میں نوکری کے لئے بہت پریشان تھا، دبئی میں نوکری کی کوشش کر رہا تھا لیکن ویزہ کا مسئلہ آ رہا تھا۔ اسی پریشانی کو لے کر تین روزہ روحانی چلہ میں شامل ہوا، دوسرے ہی دن دوست کا دبئی سے فون آ گیا کہ ویزے کا کام بن گیا ہے، کاغذات بھی جمع ہو گئے ہیں۔ جبکہ پہلے اس میں بے حد رکاوٹیں تھیں۔

تسبیح خانہ میں گزارے تین دن کی برکت سے اللہ پاک نے کرم فرمایا اب نماز پنجگانہ تکبیر اولیٰ کی پابندی کرتا ہوں۔ زندگی میں اعمال کرنے کی توفیق ملی ہے، جب بھی سفر پر نکلیں چھ بسم اللہ اور پانچ سورتیں پڑھتا ہوں، بہت دفعہ مشکلات آئیں لیکن اللہ نے غیب سے مدد فرمائی۔ میری دعا ہے اللہ آپ کو اور تسبیح خانہ کے مخلصین کو جزائے خیر عطا فرمائے خدمت والے حضرات تسبیح خانہ آنے والے مہمانوں کی بہت جذبے سے خدمت کرتے ہیں۔ (محمد سلیم، فیصل آباد)

گھٹنوں میں شدید درد تھا، چلے میں شامل ہوا درد ختم

میرے گھٹنوں میں شدید درد تھا، میں اپنے گھریلو اور کاروباری مسائل کے لئے تسبیح خانہ میں تین روزہ چلہ میں شریک ہوا، چلے کے خاص اعمال کی برکت سے میں نے خود غیبی مدد کا مشاہدہ کیا۔ جہاں میرے مسائل حل ہوئے۔ ان تین دنوں میں میری گھٹنے کا درد بھی ختم ہو گیا، سیڑھیاں چڑھنا میرے لئے عذاب تھا، لیکن یہاں میں سیڑھیاں چڑھتا اترتا لیکن کوئی درد نہ ہوا، جسمانی صحت میں بہت زیادہ بہتری آئی۔ میں یہ لنگر کی برکت سمجھتا ہوں جس کی وجہ سے میری جسمانی بیماریاں دور ہو گئیں۔ گھر آنے پر بھی درد پہلے کی نسبت بہت کم ہو چکا ہے۔ تسبیح خانہ لوگوں کی بے لوث خدمت کر رہا ہے۔ اللہ اسے قیامت تک ہر شر ہر فتنے سے محفوظ رکھے آمین۔ (محمد شریف، بہاولپور)

شکر، ٹوٹا چاول اور باجرہ سے کروڑ پتی بننے کا فارمولہ پائیے

تسبیح خانہ میں ہر ہفتے تین دن کا چلہ جمعرات عصر سے شروع، اتوار ظہر تک اختتامی دعا ہوتی ہے!

چلہ کے معمولات! 7 روحانی پیکیج!

جادو، بندشیں، بیماریاں، مشکلات ختم

یقین جانئے! جو بھی تسبیح خانہ میں 3 دن گزار کر گیا۔ آج خوشحال ہے اس کی مرادیں پوری ہو چکی ہیں، بیماریاں ختم، روگ ختم، بندشیں ختم! آیئے! آزمالیجئے!

(1) پرانا سوٹ ہمراہ لائیں! جادو، جنات، آسیب، بیماریاں ختم! پرانا سوٹ ہمراہ لائیں، سوٹ کو سامنے رکھ کر خاص عمل کروایا جائے گا، بس گھر جا کر تین راتیں سوتے وقت، صرف یہ سوٹ پہنیں، پھر اپنی جادو جنات، آسیب بیماریوں کو ختم ہوتا دیکھیں۔

(2) تالا کے عمل سے ہر بندش کھل گئی! ایک چھوٹا نیا تالا چابی کے ہمراہ لے آئیں، اس پر خاص عمل ہوگا، بس گھر جا کر اسے کھولیں گے تو تمام بندشیں ختم ہو جائیں گی۔

(3) بے اولادی ختم! ان شاء اللہ بیٹا ہوگا! 3 عدد آلو ہمراہ لائیں! اولاد نرینہ اور بانجھ پن کے خاتمہ کیلئے آلو پر عمل کروایا جائے گا۔ گھر جا کر بتائی گئی ترتیب سے استعمال کریں۔

(4) کروڑ پتی بننے کا روحانی نسخہ! شکر، ٹوٹا چاول اور باجرہ یہ تینوں چیزیں ایک ایک پاؤ لے کر مکس کر لیں۔ کسی ڈبے میں لے آئیں، شاپر میں نہ لائیں۔ غربت، تنگدستی، بے روزگاری کیلئے اس پر آخری با کمال عمل کروایا جائیگا۔

(5) آیئے! کامیاب استخارہ کیجئے! استخارے کیلئے ایک عمل کروایا جائے گا! ہر کام کا نفع نقصان آپ کے سامنے کھل جائے گا! جاگتی آنکھوں سے دیکھیں۔

(6) گھریلو جھگڑے اور ناچاقیاں واقعی ختم: گھریلو جھگڑے، میاں بیوی کی ناچاقیاں ختم اور شدید محبت کیلئے ایک تعویذ ہاتھ کی مٹھی میں بند کر کے عمل ہوگا۔ جس کے بعد تعویذ کو جلا دیا جائے گا! جیسے ہی تعویذ جلے گا آپس کے جھگڑے، اور نفرتیں بھی جل جائیں گی۔

(7) جائے نماز، مٹی کا کورا پیالہ اور خوشبو ہمراہ لائیں! ہر قسم کی حاجت اور مشکل کے فوری حل کیلئے جائے نماز، مٹی کے پیالے اور خوشبو پر عمل ہوگا۔ گھر جانے سے پہلے ہی ان شاء اللہ آپ کو خوشخبری مل جائے گی۔

ہر قسم کی آفات و بلیات سے حفاظت

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرا آزمودہ عمل ہے کہ جب بھی سواری پر سوار ہوتے وقت 11 بار یَا حَفِیْظُ یَا سَلَامُ پڑھ لیا جائے تو اس عمل کی برکت سے کوئی حادثہ نہیں ہوتا اور سفر میں حفاظت رہتی ہے۔ سفر میں کوئی مشکل پیش نہیں آتی۔ تمام سفر بخیر و عافیت کے ساتھ ہوجاتا ہے۔ اس کے علاوہ روزانہ اگر یا حفیظ یا سلام کی ایک تسبیح پڑھ لی جائے تو ہر قسم کی آفات و بلیات سے انسان محفوظ رہتا ہے۔ (شاہزیب، ڈیرہ اسمٰعیل خان)

شیخ الوظائف سے ملاقات اپنے گھر میں کیجئے

جی ہاں! یہ ممکن ہے! ابھی اپنا نام بمعہ شہر مکمل ایڈریس (ضلع، تحصیل، صوبہ) موبائل فون نمبر (کم از کم تین)، اپنا عہدہ، پیشہ، کاروبار تفصیل سے لکھ کر درج ذیل نمبر پر واٹس ایپ یا میسج کریں۔ عین ممکن ہے کہ شیخ الوظائف آپ کے شہر آئیں اور آپ کو ملاقات کیلئے بلالیں یا آپ کے گھر دعا کیلئے تشریف لے آئیں، سنہری موقع ہرگز ضائع نہ کیجئے۔

0343-8710009

آپ یا آپ کے کسی پیارے پر جنات یا انسان کی سخت ترین نظر بد ہے، تو اپنی تصویر لائیے عمل کروائیے اور نظر بد سے نجات پائیے۔ (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

عمل کرنے کی دیر تھی کاروبار یک دم کھل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ مجھے پڑھتے ہوئے سات ماہ ہو چکے ہیں، بس جب یہ رسالہ ملا تو مجھے لگا اب میرے سارے مسئلے حل ہو جائیں گے۔ عرصہ 20 سال سے میں پریشانیوں میں گھری ہوئی ہوں۔ میں نے آپ کو اپنے مسائل کے بارے میں خط لکھا لیکن خط لکھنے سے پہلے میں نے رسالے سے دیکھ کر یَاقَھَّارُ کا عمل شروع کیا تھا اور کلمہ طیبہ بھی پڑھنا شروع کیا تو میرے سارے مسئلے حل ہونا شروع ہو گئے، کاروبار ایک دم سے کھل گیا، میرے گھر کے کام سارے بکھرے رہتے تھے میں ہر وقت کاموں میں جتی رہتی اور مجھے لگتا' سب کام وہیں پڑے ہیں لیکن جب میں نے یَاقَھَّارُ کا عمل اور کلمہ شروع کیا تو مجھے لگا کوئی غیبی مدد ہو رہی ہے سب کام مکمل ہوتے تھے، ایسے لگتا تھا یہ کام میں نے نہیں کسی اور نے کیے ہیں اور جو سب لوگ میرے خلاف رہتے تھے سب کا رویہ اچھا ہونے لگا۔ لیکن پھر ناغے کے دنوں کی وجہ سے یہ عمل میں دوبارہ نہ کر سکی، جب آپ کا خط ملا تو میں یہ عمل چھوڑ چکی تھی۔ حالات دوبارہ سے خراب ہونا شروع ہو گئے، آپ کا خط ملنے پر میں نے دوبارہ یہ عمل کیا اور یَاقَھَّارُ کا عمل 90 دن مکمل کیا لیکن دوبارہ یہ عمل کرتے ہوئے بہت رکاوٹ آ رہی تھی اور حالات زیادہ سے زیادہ خراب ہو رہے تھے۔ پھر میں نے کوپن کے ساتھ اپنا مسئلہ لکھ کر بھیجا تو مجھے کچھ دن بعد آپ کا جواب موصول ہوا لیکن آپ کا خط ملتے ہی بلکہ ایک دن پہلے ہی حالات میں بہتری آئی۔ میرے شوہر کا رویہ اچھا ہو گیا ورنہ ہر وقت مجھے برا بھلا کہتے رہتے تھے۔ ہر وقت شکوہ کرتے رہتے ہیں۔ اب ان کا رویہ پہلے سے بہتر ہے۔ مجھے اپنے سسرال والوں سے شدید نفرت محسوس ہوتی تھی ان کے رویوں کی وجہ سے میں ان سے ملنا نہیں چاہتی تھی، لیکن اب میرے دل سے نفرت دور ہو گئی اور جیسے ہی یہ عمل پورا ہوا میں نے سب کو فون کیے اور جو ناراض تھے وہ غصے میں مجھے ملنے آئے لیکن مجھے دیکھ کر ان کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا اور وہ میرے گھر سے خوش خوش گئے۔ محلے والوں کا رویہ بھی اب پہلے سے بہتر ہے۔ حکیم صاحب یَاقَھَّارُ کا عمل 1100 مرتبہ میں نے پڑھا۔ ایک صبح کے وقت اور دوسرے وقت میں نے بہت کوشش کی لیکن میں نہ پڑھ سکی، بہت زیادہ رکاوٹ آتی تھی لیکن آپ کا خط ملنے کے بعد میں نے اسے دو وقت کیا پھر کوئی رکاوٹ نہیں آئی اور میں بہت زیادہ خوش تھی لیکن آخری دن بہت زیادہ رکاوٹ آئی۔ ادھر یَاقَھَّارُ کا وقت ہوا ادھر شیطان نے وہم ڈال دیا، گندے پانی کے چھینٹے پڑے لیکن میں نے بھی آخر کار کسی طرح یہ عمل مکمل کر لیا جس سے بہت فائدہ ہوا۔

مزدور سے مالک بننے کا حیران کن سفر

محترم حضرت شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے معاشی حالات کمزور تھے۔ میں ایک فیکٹری میں بطور مزدور کام کرتا تھا۔ میں بہت زیادہ محنت اور مشقت کرنے کے باوجود بھی ترقی نہ کر سکا۔ اپنی زندگی میں ترقی کی امید بھی ختم ہوتی نظر آ رہی تھی۔ میں دن رات بس انہی حالات کا مارا غربت کی چکی میں پس رہا تھا۔ جس سے نکلنے کی کوئی راہ نظر نہ آ رہی تھی۔ میری یہ خواہش تھی کہ میں بھی دوسرے لوگوں کی طرح ترقی کروں میرا اپنا بھی کوئی ذاتی کاروبار اور کام ہو جس سے میری بھی دن دگنی اور رات چگنی ترقی ہو۔ میرا اور میری آنے والی نسلوں کا مستقبل بہترین اور محفوظ ہو۔ میں اپنی ان خواہشات کا اظہار دعا اور فریاد کے ذریعے اللہ سے کرتا رہتا اور اپنے کام میں بھی پوری محنت کرتا تھا۔ مجھے ایک دوست نے تسبیح خانہ میں ہونے والے سورۃ اخلاص کی گیارہ جمعراتوں کا عمل بتایا کہ میرے بہت سے کام ان گیارہ جمعراتوں میں حاضری دینے اور عمل کرنے سے بنے ہیں۔ لہٰذا تم بھی اپنے مسائل اور مشکلات سے نکلنے کے لئے ان گیارہ جمعراتوں میں شامل ہو جاؤ۔ ان شاء اللہ تمہارے مسائل بھی حل ہو جائیں گے۔ مجھے اس دوست کی بات سن کر کچھ تسلی ہوئی اور میں نے تسبیح خانہ لاہور میں ہونے والی گیارہ جمعراتوں میں یقین کے ساتھ شرکت کی۔ اللہ پاک نے مجھ پر ایسا خاص کرم کیا کہ میں خود حیران ہوں۔ یہ عمل کیے ہوئے مجھے چند ماہ ہی گزرے تھے کہ میرے حالات بدلنا شروع ہو گئے۔ اللہ نے غیب سے میرے لئے اسباب پیدا کیے اور میں نے اپنا ذاتی چھوٹا سا کاروبار شروع کر لیا۔ اللہ پاک نے مجھے اس کاروبار میں برکت دی جس کی وجہ سے میں تھوڑے ہی عرصہ میں مزدور سے ایک بہترین اور کامیاب کاروبار کا مالک بن گیا۔ اب میرے پاس کئی مزدور کام کرتے ہیں۔ میں نے کبھی سوچا بھی نہ تھا میری زندگی کے حالات اتنی جلدی اور اس قدر بہترین ہو جائیں گے۔ میں بھی دوسرے لوگوں کی طرح اپنا ذاتی کاروبار شروع کروں گا۔

یہ ساری ترقی اور کامیابی کے پیچھے سورۃ اخلاص کی گیارہ جمعراتوں والے اس عمل کا کمال ہے جو تسبیح خانہ میں ہر سال ہوتا ہے جس میں تمام لوگ اجتماعی طور 40 ہزار مرتبہ سورۃ اخلاص کو پڑھتے ہیں۔ جس کی تعداد چند ہی منٹوں میں پوری ہو جاتی ہے۔ میری تمام لوگوں سے گزارش ہے کہ سورۃ اخلاص کی ان گیارہ جمعراتوں کے عمل میں شامل ہو کر اپنے مسائل حل کروا لیں اور مشکلیں ٹلوا لیں۔ (اسلم تنویر، لاہور)

جب کوئی تکلیف آئے: جب تو کوئی غم دیکھے تو استغفار کر غم خالق کے حکم سے آتا ہے، تو اپنے کام میں لگا رہ۔ (حضرت جلال الدین رومیؒ)

رسالہ ادویات

نام شہر اور فون نمبر

احمد پور شرقیہ 0622272198 ادویات
احمد پور شرقیہ 0302-7768638 رسالہ
اٹک 057-2602020
اسلام آباد 0336-0195366
اسلام آباد پی ڈبلیو ڈی 0335-5605603
اسلام آباد: 051-2624335
ایبٹ آباد 0344-9381998
ایبٹ آباد: 0992-335847
اوکاڑہ 0300-6968538
اوکاڑہ: 0303-7610475
باغ آزاد کشمیر 0312-5619880
بوریوالا 0300-7591190
بھکر 0331-2344445
بھکر: 0333-8045050
بھلوال: 03027108627
بہاولنگر 0333-6320766
بورے والا 0673352712
بورے والا 03038308891
بنوں: 03139764887
بنوں: 0334-8852912
بالاکوٹ 0333-5026866
بھاگٹانوالہ 0300-7060068
بٹ خیلہ/چکدرہ 0344-9783610
بھیل: 0334-1306823
بھکی 0306-6482488
بڑاگھر 0300-2347638
پشاور 0314-9007293
پشاور 0333-9161237
پنڈی بھٹیاں 0308-7800424
پنڈی گھیب 0334-5800786
پاکپتن شریف 0314-3650234
پتوکی 0334-4062698
پنڈ سلطانی: 0331-5100926
پنڈ دادنخان: 03335007975
پھالیہ: 03016221924
تلہ گنگ 0346-5771975
ترنول (اسلام آباد): 0300-5512135
تیمرگرہ: 03159119967
تیمرگرہ 0348-9651523
ٹانک 0301-8790927
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0321-7531597
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-6870706
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0345-7555271
ٹیکسلا 03361881088
جھنگ صدر 0333-6756493
جھنگ صدر 0477-621733
جہانیاں 0321-7359861
جہلم 0333-5806101
جوہر آباد 0301-4654747
جنڈ 0333-5480393
جام پور 0336-6484471
جتوئی 0301-6956848
جلال پور پیر والا 0300-8985689

''عبقری'' نام رجسٹرڈ ہے۔ کسی بھی ایجنسی، کلینک، مطب، اکیڈمی یا گھر کے ساتھ عبقری کے نام کا استعمال قانوناً ممنوع ہے۔ جو لوگ اسے استعمال کر رہے ہیں وہ یہ نام فوراً ختم کر دیں، ورنہ ایجنسی ختم کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ ہے۔

نام شہر اور فون نمبر

جٹیال گلگت 0312-9934607
جڑانوالہ 03004829368
چکوال 0333-5783167
چکوال 0333-5778810
چکوال 0306-5785684
چارسدہ 0300-8581709
چونیاں 0333-4398877
چیچہ وطنی 0315-6905313
چنیوٹ 0302-6989035
چوآ سیدن شاہ 054-3580102
چک اعظم 0300-6767661
چنیوٹ 0301-7070779
حسن ابدال 0306-5601613
حافظ آباد 0320-5751062
حضرو 0314-2192166
حیدر آباد 0333-8775548
حویلیاں ہزارہ 0346-9520528
حویلی لکھا 03336943177
حاصل پور 0305-2064915
حضرو 0301-5514113
خانیوال 0303-7372281
خان پور 0685-572654
خوشاب 0305-5038040
خانقاہ شریف 0300-6812251
راولپنڈی 0333-5648351
راولپنڈی 0321-5352745
راولپنڈی 03337642532
روات اسلام آباد 0335-5490418
رائے ونڈ 0307-7397658
رحیم یار خان 0305-5872626
راجن پور 0332-2566490
رینالہ خورد 0331-7424506
رجانہ 03318671720
درگاہ پاکپتن 0333-6954044
دیپالپور 0300-4059957
دریالہ جالپ 0333-5869273
دنداشاہ بلاول 0336-5953230
دولتالہ 0336-5167423
دائرہ دین پناہ 0343-6051987
ڈیرہ اسماعیل خان 0345-2567447
ڈسکہ 0305-6007845
ڈگری 0300-6269086
ڈیرہ غازی خان 0334-6781558
ڈیرہ غازی خان 0315-8701970
ڈہرانوالہ 0304-5560006
ژوب 0300-3904464
سرگودھا 0301-6762480
سیالکوٹ 0321-7120318
سکھر 0336-9312436
سکھر 03353273133
سمندری 0300-0310313
سرائے عالمگیر 0335-8088451
سکھر 0334-8724786

ایجنسی ہولڈر بورڈ، اشتہار، پیڈ، کیلنڈر اور دکان پر حکیم صاحب کے نام کی ''زیر سرپرستی'' کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ قانوناً غلط ہے۔ قطعی اجازت نہیں۔ ایسا ہرگز نہ کریں۔

نام شہر اور فون نمبر

سکھیکی منڈی 0342-6565723
سمبڑیال 0300-7160811
ساہیوال 0321-6538847
سمندری 03087034268
سبی 0332-8819650
شیخوپورہ 0341-6616915
شجاع آباد 0300-2539685
شہداد پور 0334-3100962
شہداد کوٹ 03342364637
شورکوٹ کینٹ 0302-7296211
شورکوٹ شہر 0300-7505322
شاہکوٹ 0312-3710911
شکرگڑھ 0301-6644331
شنکیاری 0346-5556265
صادق آباد 0333-7452600
صوابی 0314-9661622
ظاہر پیر 0333-6353870
ظفروال 0333-8749464
عارف والا 0322-7849580
علی پور 0333-7674684
غذر 0344-5419941
فیصل آباد 0301-7118200
فیصل آباد 0300-6698022
فیصل آباد 0313-6648000
فیصل آباد 0320-6719819
فتح جنگ 0303-8680406
فتح پور 0333-6843333
کراچی 0300-3218560
کراچی 0333-3364127
کراچی 0300-2680248
کراچی 0333-3317134
کراچی 0332-3501450
کراچی 03343715784
کراچی 0333-2424615
کوٹ ادو 0333-6003909
کوٹ ادو 0331-6007670
کوہاٹ 0922-511760
کوہاٹ 03005668240
کبیر والا 0306-9552336
کامرہ 0300-5565249
کندیاں 0344-4253576
کچی والا 0348-7098026
قصور 0322-7616470

ایجنسی سے صرف پیکنگ شدہ دوائی لیں، کھلی دوائی ہرگز نہ لیں۔ صرف عبقری ادویات ہی لیں خود ساختہ دوائی نہ لیں۔

نام شہر اور فون نمبر

قلعہ دیدار سنگھ 03448445269
کاموکی 0323-8240642
کاموکی 0302-1745546
کاموکی 0321-6449943
کوئٹہ 081-2824617
کوئٹہ 0333-7876540
کلورکوٹ 0300-7780221
کسووال 0300-4340914
کوہاٹ 0313-4874544
کمالیہ 0334-9630911
کمالیہ 0334-7670840
کوئٹہ 0332-3801555
کوٹلہ ارب علی 0301-6267600
قمر مشانی 0301-8955413
گجرات 0302-6292132
گجرات 0333-6292132
گوجر خان 0332-5878032
گوجرانوالہ 0300-6453745
گوجرانوالہ 0300-6422516
گوجرہ 0301-7237531
لیاقت پور 0345-8709947
لیہ 0334-6945606
لاہور 0324-4623340
لاہور شاہدرہ 0322-8081142
لاہور 0322-4614031
0300-4526786
0320-0449522
03353273133
لورا 0321-5500221
لکی مروت 0313-9091301
لودھراں 0300-6348123
لالہ موسیٰ 0322-5884388
لالہ موسیٰ 0300-6255837
مریدکے 0300-8583677
مظفرگڑھ 0333-6031077
ملکوال 0346-6565765
میلسی 0321-7982550
میانوالی 045-9233999
میانوالی 0313-9831959
مانسہرہ 0301-8133822
ملتان 0300-6301461
ملتان 0300-8632292
ملتان 0300-2033826
مری 0300-5506082
مردان 0300-9175500
مردان 0317-8367519

ادارہ کی طرف سے دو اصول خزانہ اور کتب کوئی نہیں چھاپ سکتا، قانونی حق محفوظ ہے۔

نام شہر اور فون نمبر

میاں چنوں 0333-8884615
مینگورہ سوات 0345-4947759
منڈی بہاؤالدین 0345-5861514
مظفر آباد 0312-4602800
میرپور آزاد کشمیر 0332-5855356
میرپور خاص سندھ 0336-3611964
منچن آباد 0331-7584075
مریدوالا 0335-3712502
نارووال 03456689204
نوشہرہ خیبر پختونخواہ 0321-9702005
نوشکی 0332-7846812
نورکوٹ 0301-6195500
وہاڑی 0306-8281075
وزیر آباد 0345-6892591
واہ کینٹ 0301-5497007
واہ 0301-3232634
ہارون آباد 0333-4985886
ہارون آباد 0334-6188787
ہڈالی 0315-7390079
ہری پور ہزارہ 0314-9204421

یو ایس اے
شکاگو 630-589-6432

یو کے
0044-7880-9842-16

آزاد کشمیر وگردونواح
آئی 0300-2753463
0302-5898995
0346-9770019
اسلام گڑھ آزاد کشمیر 0345-8537064
بھمبر آزاد کشمیر 0345-6783685
سنجاوی 0313-8078491
منگ آزاد کشمیر 0323-5432252
مظفر آباد 0312-4602800
درہ پیزو 0300-9097993
کوٹلی آزاد کشمیر 0314-5602192
راولاکوٹ 0345-3137740
سبی 03139632918
گاکوچ 0344-5419941
باغ 0346-5757746
میرپور آزاد کشمیر 0345-5742600
سہنسہ 0346-5159324

قارئین کی موصول شدہ منتخب تحریریں

پیر سید حیدر شیرازی، جھنگ۔ رافعہ حسین، کراچی۔ فیروزہ، کراچی۔ ثمینہ زبیر، ملتان۔ انور زیب خان، سوات۔ فاطمہ خورشید، ڈیرہ اسماعیل خان۔ حمیرا اکمل، بہاولنگر۔ عمبرین بتول، کوئٹہ۔ آصف خان، یو۔کے۔ بشریٰ مقبول، لاہور۔ عروج رفیق، لاہور۔ راستی بتول، فیصل آباد۔ ماریہ، چیچہ وطنی۔ قراۃ العین، پاکپتن۔ ناہید طارق، لاہور۔ شازیہ رومی۔ صائقہ ظہور، سپین۔ ڈاکٹر صابر حسین ملک، راجن پور۔ ہما، متحدہ عرب امارات۔ عطیہ ناز بنت گل، مانسہرہ۔

تحریریں باری آنے پر ضرور شائع ہونگی جلدی نہ کریں ہر تحریر محفوظ رکھی جائیگی۔

کسی پر آسیب، جنات یا نظر بد کے اثرات ہوں، مسواک سے اس کے گرد حصار کریں اور جسم پر ہلکی ہلکی ضرب بھی لگائیں، سب اثرات زائل ہو جائیں گے۔ (مزید صفحہ نمبر 65)

دانتوں کے جملہ امراض کا علاج مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں جب بھی چاول یا بڑا گوشت کھاتا تو میرے مسوڑے پھول جاتے تھے۔ اس کے علاوہ دانتوں میں پیلا پن بھی تھی۔ میں نے اپنے دانتوں کے مسائل کے لئے بہت مہنگے ٹوتھ پیسٹ استعمال کئے اور بہت امپورٹڈ برش بھی لئے مگر اس کے باوجود کوئی فرق نہ پڑا۔ میری کوشش تو یہی ہوتی تھی کہ چاول اور گوشت سے مکمل پرہیز کروں مگر شادی بیاہ کے موقع پر مجبوری کے تحت کھاتا تو پھر سارا ہفتہ مسوڑھے پھولے رہتے جس وجہ سے دانتوں میں بھی درد رہتی تھی۔ میں نے بازار میں لگے اشتہارات والے منجن بھی استعمال کئے مگر ان سے دانت عارضی طور پر صاف تو ہو جاتے مگر مسوڑوں کا مسئلہ حل نہ ہوا۔ آخر کار میں نے شادیوں دیگر تقریبات پر کھانا کھانا بند کر دیا تھا کیونکہ میرا مرض بڑھتا ہی چلا جا رہا تھا۔ ایک دن اپنے ماموں زاد بھائی کے ولیمہ میں اپنے رشتہ داروں کے ساتھ بیٹھا تھا۔ جب کھانے کا وقت شروع ہوا تو سب نے کھانا کھایا مگر میں سلاد ہی کھاتا رہا۔ مجھ سے جب انہوں نے کھانا کھانے کی وجہ پوچھی تو میں نے کو اپنے مرض سے متعلق بتایا۔ وہاں موجود میرے چچا نے مجھے بتایا کہ تم سچا منجن استعمال کرو اس سے تمہارا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ میں نے انہیں بتایا کہ بہت سے منجن استعمال کر چکا ہوں مگر مسوڑوں کا مسئلہ حل نہیں ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ یہ عبقری دواخانہ کا منجن ہے اور ان کی ادویات خالص ہوتی ہیں۔ میں نے ان سے نمبر لے کر کال کی اور دو ڈبی سچا منجن آرڈر کر دیں۔ تین ہفتے بروشر پر لکھی گئی ترکیب کے مطابق سچا منجن استعمال کرنے سے میرے مسوڑے ٹھیک ہو گئے اور دانت بھی چمکدار اور سفید ہو گئے۔ (بلال رشید، کوٹلی، آزاد کشمیر)

ساس صاحبہ کا مشورہ مانا اور اہلیہ کو شفاء مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیوی کو چھ ماہ پہلے پتہ میں تکلیف شروع ہو گئی۔ میں ان کو کچھ میڈیکل سٹور سے ادویات لا کر استعمال کروائیں جس سے ان کو عارضی طور پر افاقہ ہو گیا مگر دو ہفتوں بعد شدید درد ہوئی جس کے بعد انہیں ہسپتال لے کر جانا پڑا۔ میری اہلیہ کے وہاں کچھ ٹیسٹ کیے گئے جس کی رپورٹس آنے پر معلوم ہوا کہ میری اہلیہ کے پتہ میں پتھریاں ہیں جس کی وجہ سے یہ تکلیف شروع ہوئی ہے۔ ڈاکٹر رپورٹس کا معائنہ کرنے کے بعد بتایا کہ اس مسئلے کا حل یہی ہے کہ آپریشن کروالیا جائے ورنہ معاملہ مزید خراب ہو سکتا ہے۔ میری اہلیہ آپریشن کروانے کے لئے تیار نہ تھی۔ ڈاکٹر نے اسے تسلی بھی دی لیکن اس کے باوجود وہ آپریشن کے لئے رضامند نہ ہوئی۔ میں اہلیہ کے ساتھ گھر واپس آ گیا تو میری ساس صاحبہ گھر عیادت کے لئے آئیں تو ساس صاحبہ نے مشورہ دیا کہ ان کے بھی پتہ میں پتھریاں تھیں اس کے لئے انہوں نے عبقری دواخانہ کی پتہ پتھری شفاء استعمال کی جس سے ان کا مسئلہ حل ہو گیا۔ انہوں نے مجھے عبقری کی پروڈکٹس کے آرڈر کے لئے نمبر دیا۔ میں نے اس پر کال کر کے پتہ پتھری شفاء منگوائی۔ جب میں نے بروشر کو پڑھا تو اس میں ایک دوا کا ذکر تھا جو پنسار سے ملتی تھی میں وہ دوا ایک بڑے پنسار سٹور سے خرید لایا۔ اس کے بعد میں نے بروشر پر دی گئی ہدایات کے مطابق اس دوا کا استعمال اپنی اہلیہ کو شروع کروایا۔ اس دوا کے استعمال کرنے کے دو دن بعد ہی اہلیہ کو درد میں کافی افاقہ محسوس ہوا۔ مجھے پھر بھی تسلی نہ ہوئی اور اپنی اہلیہ کے پتہ کا دوبارہ ٹیسٹ کروانے کے لئے ہسپتال لے گیا۔ جب میں رپورٹس کا نتیجہ دیکھا تو حیران رہ گیا کہ چند دن میں پتھری کا مسئلہ بغیر آپریشن کے حل ہو گیا۔ (نواز صدیق، بہاولپور)

بغیر دوا کے اعصابی کمزوری سے نجات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے تین سال سے جسمانی و اعصابی کمزوری کا مرض لاحق ہو گیا تھا۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ مجھے بھوک کی کمی کا سامنا تھا۔ جسم میں بے طاقتی بڑھتی چلی جا رہی تھی۔ ایک دن میں اپنے دوست کے ہمراہ اپنے شہر کی قریبی عبقری ایجنسی گیا وہاں سے اس نے کچھ ادویات خریدیں۔ میں نے وہاں پر "معالج آٹا" دیکھا۔ پوچھنے پر دکاندار نے بتایا کہ یہ خالص دیسی اجزاء سے تیار کیا گیا ہے اگر دو کلو معالج آٹے کو دس کلو گندم کے آٹے میں مکس کر کے استعمال کیا جائے تو اس سے اعصابی و جسمانی کمزوری ختم ہو جاتی ہے۔ میں نے فوراً ایک پیکٹ معالج آٹے کا خرید لیا اور گھر گندم کے آٹے میں مکس کر کے استعمال شروع کر دیا۔ تقریباً تین ہفتوں بعد مجھے اس کے مثبت نتائج ملنا شروع ہو گئے اب مجھے بغیر دوائی کے بھوک بھی لگتی ہے، قبض بھی ختم ہوئی ہے اور صحت بھی بہتر ہو رہی ہے۔ (شاہنواز، نواب شاہ)

دائیاں ہاتھ سر پر رکھیں، چند لمحات میں ہر مصیبت سے حفاظت

تسبیح خانہ لاہور میں ہر ماہ ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں کروائے جانے والے 8 روحانی پیکیج

روحانی پیکیج نمبر 1: خوشبودار روحانی پھوار! نظر بد ختم! امراض سے شفاء۔ روحانی پیکیج نمبر 2: اسم اعظم کا دم شدہ شفائیہ نمک! مریضوں کیلئے خاص تحفہ۔ روحانی پیکیج نمبر 3: جادو شکن ماچس! مشکلات راکھ۔ روحانی پیکیج نمبر 4: حزب البحر کے چلے کا دم شدہ شفائیہ پانی! جادو کا توڑ۔ روحانی پیکیج نمبر 5: نورانی عمل شدہ آٹا، چاول، چینی! صحتمند اور خوشحال گھرانہ!۔ روحانی پیکیج نمبر 6: بے اولادی اور پوشیدہ امراض کیلئے خاص عمل شدہ 16 چھوہارے!۔ روحانی پیکیج نمبر 7: چار رنگی بدنی تعویذ! بیماری، بندش ختم! روحانی پیکیج نمبر 8: اسم اعظم کی دم شدہ روحانی اگربتی۔

اسم اعظم کے دم میں آنیوالوں کیلئے خوشخبریاں

☆ ارطغرلؒ کے مرشد شیخ ابن عربیؒ کے شجرہ کا خاص عمل۔ شجرہ کے عمل سے ہر دعا قبول۔ ☆ لنگر دل کھول کر لائیں۔ مسائل کے حل کیلئے یہ لنگر اسی مجمع میں تقسیم کر دیں ☆ دعا کے بعد شفائیہ نمک پر خاص دم، پھر یہ نمک ہر سعادت مند اور خوش قسمت اپنے ہمراہ لے جائے۔ استعمال کریں اور دکھوں کو مٹتے دیکھیں۔ ☆ دایاں ہاتھ سر پر رکھوا کر چند لمحوں کا طاقتور "ہجویری چلہ" ہر مصیبت سے حفاظت۔ ☆ خاص عمل، پیاروں کی مغفرت، درجات کی بلندی اور آخری وقت میں کلمہ نصیب۔ یہ خاص الخاص بھی عمل ہوگا۔

> 12 ربیع الاول کی سہانی صبح بعد نماز فجر تسبیح خانہ لاہور میں اسم اعظم کا روحانی دم ہوگا۔ اسم اعظم کے دم کے فوری بعد حلقہ کشف المحجوب، محفل، شفائیہ دعا، مراقبہ اور پوری دنیا میں مختلف شعبوں کی خدمت کرنے والوں کا مذاکرہ ہوگا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کر سکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہو سکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں، اجازت عام ہے۔ 7، 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی، بیماری، گھریلو الجھن، کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

ربیع الاول کی نورانی بہاروں میں ایک ایسا نسخہ ایک خاص عمل کے ساتھ دیا جائے گا جو بے اولاد حضرات کے لئے نئی زندگی ثابت ہوگا۔ (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

بالآخر میرے بالوں کا مسئلہ حل ہوگیا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بالوں میں کئی سالوں پرانی خشکی تھی جو ختم نہیں ہورہی تھی۔ میں نے اس کے لئے بہت سے شیمپو اور تیل کا استعمال شروع کیا' اس سے مجھے عارضی طور پر کچھ افاقہ ہوا مگر چند ہی ہفتوں بعد میرے بال تیزی سے ٹوٹنا شروع ہوگئے اور خشکی کا مسئلہ بھی دوبارہ شروع ہوگیا۔ میں بہت پریشان ہوگئی کیونکہ بال مسلسل گر رہے تھے۔ میں نے اس شعبہ سے وابستہ ڈاکٹر کو چیک کروایا تو انہوں نے بتایا کہ غیر معیاری شیمپو استعمال کرنے کی وجہ سے آپ کو یہ مرض لاحق ہوا ہے۔ مجھے انہوں نے بال چھوٹے کروانے اور اس کے بعد ٹوٹتے بالوں کا علاج معالجہ کرنے کا بتایا۔ میں کسی بھی طرح سے اپنے بال کٹوانے پر رضامند نہ تھی کیونکہ میرے بال پہلے ہی بہت زیادہ گر چکے تھے۔ میری ایک ہمسائی تھی جو عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی تھی اور سال میں کئی بار اپنے شوہر کے ساتھ تسبیح خانہ بھی جاتی تھی۔ میں نے اسے اپنی پریشانی کے متعلق بتایا تو اس نے مجھے تسلی دی اور کہنے لگی کہ چند ماہ پہلے میرے ساتھ بھی یہی مسئلہ ہوا تھا۔ مین نے عبقری کا شیمپو استعمال کرنا شروع کیا اور اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کا ہی طب نبوی ہیر آئل بھی استعمال کرنا شروع کردیا۔ جس کے مسلسل استعمال سے چند ہفتوں میں ہی میرے بال گرنا ختم ہوگئے۔ مجھے انہوں نے عبقری پروڈکٹس کے آرڈر کے لئے نمبر دیا۔ میں نے کال کرکے دو عدد شیمپو اور طب نبوی ہیر آئل کا آرڈر کیا جو چار دن بعد مجھے موصول ہوگیا۔ میں نے عبقری کا شیمپو اور طب نبوی ہیر آئل کا استعمال کرنا شروع کردیا لیکن ایک ہفتہ تک مجھے کوئی فرق محسوس نہ ہوا اور تیل بھی بالوں میں بہت زیادہ چبھتا تھا۔ میں نے اپنی ہمسائی جس نے ان کے استعمال کا مشورہ دیا تھا ان سے جب اس معاملے کا ذکر کیا تو انہوں نے مجھے کہا کہ گھبراؤ نہیں یہ دیسی اجزاء سے تیار کیا گیا تیل ہے اس لئے چبھن ہوتی ہے' کچھ عرصہ مزید استعمال کرواں شاءاللہ تمہیں خود فرق محسوس ہوگا۔ میں نے استعمال جاری رکھا اور ایک ماہ کے مسلسل استعمال سے میرے بال گرنا بند ہوگئے لیکن خشکی ابھی بھی بالوں میں موجود تھی۔ میں نے مزید دو بوتلیں طب نبوی ہیر آئل اور عبقری شیمپو کی آرڈر کیں۔ میں نے جب چار ماہ مسلسل عبقری شیمپو اور طب نبوی ہیر آئل کو استعمال کیا تو میرے بالوں سے خشکی بھی ختم ہونا شروع ہوگئی اور بالآخر میرے بالوں کا مسئلہ حل ہوگیا۔ اب میں مسلسل عبقری شیمپو اور بالخصوص طب نبوی ہیر آئل کا استعمال کررہی ہوں جس سے میرے بال مضبوط اور چمکدار ہوگئے ہیں۔ سب سے اہم بات یہ کہ میرے بالوں کی گروتھ کافی عرصہ سے ختم ہوچکی تھی۔ اب الحمدللہ میرے بال پہلے سے بھی زیادہ لمبے ہوچکے ہیں۔ میری ایک خالہ کی بیٹی تھی اس کے بھی بہت زیادہ بال ٹوٹتے تھے۔ اس عید پر جب وہ ہمارے گھر آئی تو میرے بال دیکھ کر وہ حیران ہوگئی اور پوچھنے لگی کہ تم نے بالوں کے لئے کیا چیز استعمال کی ہے مجھے بھی بتاؤ۔ میں نے اسے بھی عبقری شیمپو اور طب نبوی ہیر آئل استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ اس نے اسی وقت مجھ سے نمبر لے کر کال کی اور تین بوتلیں عبقری شیمپو اور طب نبوی ہیر آئل کی آرڈر کیں۔ دو دن پہلے وہ ہمارے گھر آئی اور بہت زیادہ خوش تھی۔ مجھے کہنے لگی کہ میں صرف تمہارا شکریہ ادا کرنے کے لئے آئی ہوں' مجھے تو ایک ماہ میں ہی بالوں کے ٹوٹنے کے مرض سے نجات مل گئی ہے اور میرے بال بھی کالے اور خوبصورت ہوگئے ہیں۔ مزید یہ کہ اب ہم تمام گھر والوں نے عبقری شیمپو اور طب نبوی ہیر آئل کا استعمال شروع کردیا ہے۔ میرے ایک بھائی کے سر پر دانے نکلے ہوئے تھے طب نبوی ہیر آئل استعمال کرنے کی وجہ سے اس کے سر سے وہ تمام دانے ختم ہوگئے۔ اب ہم سب کا یقین اور اعتماد عبقری کی پروڈکٹس پر بن گیا ہے الحمدللہ ہماری کوشش ہوتی ہے کہ عبقری کی پروڈکٹس کو استعمال کیا جائے کیونکہ یہ خالص دیسی اجزاء سے بنتی ہیں جس کے استعمال کرنے کے کوئی مضر اثرات بھی نہیں ہوتے ہیں۔ (شائستہ جاوید' پشاور)

ڈسٹ الرجی کا شکار ہیں تو ضرور پڑھیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے دھویں اور ڈسٹ سے سخت الرجی تھی۔ جہاں کہیں بھی تھوڑا سا دھواں میرے ناک میں چلا جاتا تو چھینکوں کا طوفان شروع ہوجاتا تھا۔ اس وجہ سے میرے لئے موٹر سائیکل پر سفر کرنا سخت دشوار ہوتا تھا۔ اگر کبھی کبھار کسی مجبوری کے تحت والد صاحب کے ساتھ باہر کہیں موٹر سائیکل پر جانا پڑتا تو اگر کسی گاڑی یا رکشہ کا دھواں میرے ناک میں چلا جاتا تو مجھے سخت چھینکیں آتیں اور پھر اکثر اوقات میری طبیعت بھی خراب ہوجاتی تھی۔ اس مرض کی وجہ سے مجھے باہر آنے جانے میں کافی دقت ہوتی تھی اور بھائی میرے ساتھ باہر نہ جاتے تھے کیونکہ میری ان چھینکوں کی وجہ سے انہیں بھی پریشانی ہوتی تھی۔ ایک دن والدہ کے ساتھ بازار میں اپنے لئے کپڑے خریدنے کے لئے گئی اور اچانک وہاں سے ایک رکشہ گزرا جس کا دھواں میرے ناک میں ابھی گیا ہی تھا کہ مجھے چھینکیں آنا شروع ہوگئیں۔ اس دن کافی دیر مجھے چھینکیں آتی رہیں اور اس کے بعد میری آنکھیں سرخ ہوگئیں جس سے سر میں بھی درد شروع ہوگئی۔ اس دکان پر موجود ایک خاتون نے والدہ کو عبقری دواخانہ کا ناک شفاء استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ والدہ کے پوچھنے پر انہوں نے بتایا کہ یہاں بازار کے ساتھ ہی عبقری دواخانہ کی ایجنسی ہے وہاں سے آپ کو یہ دوا مل جائے گی۔ والدہ نے وہاں سے دو ناک شفاء کے ڈراپر خرید لئے جس کے استعمال کرنے سے الحمدللہ مجھے دھوئیں اور ڈسٹ الرجی سے نجات مل گئی۔ (خالدہ شبیر' سیالکوٹ)

خالص شہد کے تلاشی متوجہ ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا بچپن الحمدللہ اس دور میں گزرا جب چیزیں خالص اور معیاری ہوتی تھیں۔ میرے والد ہمیں خالص شہد لاکر دیتے تھے جسے ہم دودھ میں ملا کر استعمال کرتے تھے اور بہت شوق سے وہ شہد سے ملا دودھ پیتے تھے۔ اس کے علاوہ بھی شہد کو مختلف طریقوں سے استعمال کرتے تھے جس سے جسم مضبوط اور طاقتور ہوتا تھا۔ تندرست اور صحت مند ہونے کی وجہ سے ہسپتالوں اور ادویات سے بچے رہے۔ میری شادی ہوگئی اور بچے ہوگئے اور الحمدللہ کسی بڑی بیماری میں مبتلا نہ ہوا۔ اب مسئلہ یہ تھا کہ میں چاہتا تھا کہ اپنے والد صاحب کی طرح اپنے بچوں کو بھی خالص شہد کا استعمال کرواؤں۔ اس کے لئے میں نے کئی کمپنیوں کے مہنگے شہد استعمال کئے مگر کسی میں بھی وہ ذائقہ اور معیار نہیں تھا جو میں اپنے بچپن میں استعمال کرچکا تھا۔ ایک دن اپنے دفتر کے ساتھی کی دعوت پر اپنی فیملی کے ساتھ ان کے گھر گیا تو وہاں انہوں نے کھانے کے بعد دودھ پیش کیا۔ میں نے جیسے ہی وہ دودھ پیا تو مجھے میرا بچپن یاد آگیا اس دودھ میں اسی خالص شہد کا ذائقہ تھا جو میں بچپن میں استعمال کرتا تھا۔ میں نے اپنے دوست سے پوچھا کہ آپ نے یہ شہد کس گاؤں سے منگوایا ہے تو اس نے بتایا کہ کسی گاؤں سے نہیں بلکہ لاہور میں ہی عبقری دواخانہ ہے وہاں سے لیا ہے۔ میں بھی اگلے دن عبقری دواخانہ گیا اور وہاں بیری کا شہد گھر لے آیا۔ یہ واقعی معیاری اور خالص شہد تھا خوشبو اور اس کا ذائقہ بھی وہی تھا جو میرے والد صاحب لاتے تھے۔ (خالد شیخ' لاہور)

اسم اعظم میں کُن فیکون کی تاثیر ہوتی ہے، اللہ کے ناموں اور قرآنی آیات میں اسم اعظم پوشیدہ ہیں۔ اہل معرفت جانتے ہیں، یہ دولت شیخ الوظائف سے باجازت پایئے۔ (مزید صفحہ نمبر 65)

جن کے بچے ہر وقت لڑتے ہیں وہ عمل پوچھ لیں!

(ثوبیہ ہارون، کراچی)

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے اعمال کی برکت سے جو حاصل کیا وہ لکھ رہی ہوں تاکہ مخلوق خدا کو بھی اس کا نفع ہو۔1) میں نے اپنے جڑواں بچوں کی صحت کے لئے آپ کو خط لکھا آپ نے افحسبتم اور اذان کا عمل عطا فرمایا، پابندی اور یقین سے پڑھا تو بچے صحت یاب ہو گئے۔2) ٹریفک جام کے لئے سورۃ الم نشرح کا عمل بے حد مفید ہے3) ہر فرض نماز میں سلام پھیرنے سے پہلے رَبَّنَا هَبْ لَنَا والی دعا پڑھتی ہوں بچے نیک اور فرمانبردار ہیں، آپس میں صلح صفائی سے رہتے ہیں۔ جبکہ پہلے بہت لڑتے جھگڑتے تھے اور یہ دعا میں روزانہ 41 مرتبہ پڑھتی ہوں، اس کی برکت سے بچوں میں نیکی کے آثار ہیں۔4) برکت والی تھیلی پر روزانہ 129 مرتبہ سورۃ کوثر پڑھتی ہوں، میرے شوہر کے کاروبار میں برکت ہے اور گھر میں برکت ہوتی ہے۔

5) عبقری میں وظیفہ پڑھا یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ سَبِّبْ لِی اَلْخَیْر۔ بھائی کو کراچی میں رہائش کا مسئلہ تھا، والدہ نے یہ وظیفہ روزانہ 500 بار پڑھا اللہ پاک نے بھائی کو ذاتی فلیٹ عطا فرما دیا۔6) عبقری میں ٹوٹکہ پڑھا جو بچے بستر پر پیشاب کرتے ہیں۔ انہیں سوتے وقت گڑ کا ٹکڑا چوسنے کے لئے دے دیں، میں نے اپنی بیٹی کے لئے آزمایا بہت مفید پایا۔7) نماز کے بعد جب بھی تسبیحات فاطمہ پڑھتی ہوں تو ساری تھکن دور ہو جاتی ہے اور جسم میں نئی قوت آجاتی ہے۔8) شوگر کے کئی مریضوں کو پانی پر 3 بار سورۃ قدر اور 3 بار سورۃ کوثر پڑھ کر دم کر کے پینے کو بتایا ہے بہت فائدہ ہوتا ہے۔9) بچوں کو تیز بخار ہو جائے تو یٰنَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ 11 دفعہ پڑھ کر دم کرتی ہوں فوراً بخار کم ہو جاتا ہے۔10) سر درد میں 41 بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر دم کرنے سے درد دور ہو جاتا ہے۔11) شوہر کے ساتھ میرا کوئی مسئلہ تھا آپ کا بتایا ہوا اَللّٰھُمَّ الْغْفِرْلِی والا وظیفہ پڑھا مسئلہ حل ہو گیا۔12) ہر کھانے کے بعد 3 بار سورۃ قریش پڑھتی ہوں اللہ نے رزق وسیع کر دیا ہے۔13) گھر سے باہر جاتے ہوئے بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ دعا پڑھتی ہوں، بچوں کو بھی یاد کرواتی ہوں، ہر طرح کی حفاظت ہوتی ہے۔14) صبح و شام ۷ مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیْنِیْ وَ نَفْسِیْ وَ وَلَدِیْ وَ اَھْلِیْ وَ مَالِیْ والی دعا پڑھتی ہوں بچوں اور شوہر پر دم کرتی ہوں حفاظت بھی ہوتی ہے اور دل کو چین بھی ملتا ہے۔

معاشی تنگی سے نجات چاہیے تو عبقری حویلی چلیے!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں بہت سالوں سے دمہ کے مرض میں مبتلا تھا۔ میرے لئے زیادہ دیر تک پیدل چلنا بہت دشوار تھا۔ اگر کسی مجبوری کے تحت تھوڑا چل لیتا تو بہت دیر تک میرا سانس اکھڑتا رہتا تھا۔ سب سے زیادہ مسئلہ رات سوتے وقت ہوتا تھا کیونکہ جب رات کو سونے لگتا تو میرے سینے پر دباؤ پڑنے اور سانس خراب ہونے کی وجہ سے میرے اندر سے بہت زیادہ اونچی آوازیں نکلتی تھیں جس سے آس پاس سوئے ہوئے سب لوگوں کو پریشانی ہوتی تھی۔ میں نے کچھ لوگوں سے عبقری حویلی میں خدمت کرنے کے بہت سے مشاہدات سن رکھے تھے کہ خدمت کرنے سے ان کے مسائل حل ہوئے' بیماریوں سے شفاء ملی۔ میں نے اپنے متعلقہ محکمہ کو ایک ہفتے کی چھٹیوں کے لئے درخواست لکھی جو منظور ہو گئی اور پھر میں عبقری حویلی خدمت کے لئے چلا گیا۔ وہاں پہلے سے کچھ افراد خدمت کر رہے تھے۔ میں نے بھی وہاں ہلکی پھلکی خدمت کرنا شروع کر دی' کبھی پودوں کو پانی لگانے کی سعادت مل جاتی اور کبھی لنگر کی ترتیب میں کچھ معاونت کر دیتا تھا۔ اس کے علاوہ خدمت سے فارغ ہو کر میں اعمال میں مشغول ہو جاتا اور رات کو سوتے میرے سینے سے جو زوردار آواز نکلتی تھی اس وقت اللہ سے مانگتا تھا کہ یااللہ اس خدمت کو اپنی بارگاہ میں قبول فرما اور اس خدمت کے صدقے میری بیماریاں اور پریشانیاں ختم کر دے۔ مجھے خدمت کرتے دو دن ہو چکے تھے لیکن میری طبیعت میں زیادہ بہتری نہ آئی لیکن میں نے یقین اور اعتماد کے ساتھ خدمت جاری رکھی۔ میں نے تقریباً سات دن عبقری حویلی میں خدمت کی جس سے مجھے پہلے کی نسبت کچھ بہتری محسوس ہوئی۔ چھٹیاں ختم ہونے کی وجہ سے مجھے دوبارہ گھر واپس جانا پڑا۔ جب گھر واپس پہنچا تو مجھے خدمت کی برکات ملنا شروع ہو گئیں۔ میں بہت عرصہ کے بعد سکون کی نیند سویا۔ میرے دمہ کا مسئلہ بھی کافی بہتر ہو گیا اور جو رات کو سوتے وقت زوردار سینے اور منہ سے آوازیں نکلتی تھیں وہ بھی خدمت کی برکت سے ختم ہو گئیں یہ سب عبقری حویلی میں خدمت کی برکت سے ہوا ہے۔(رانا زاہد' بہاولپور)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے گھر میں آئے دن لڑائی جھگڑے اور پریشانیاں رہتی تھیں۔ ایک چھوٹی سی بات پر جھگڑا شروع ہوتا اور طول پکڑ جاتا تھا جس سے گھر کے افراد کئی دن تک آپس میں ایک دوسرے سے بات تک نہ کرتے تھے۔ اس کے علاوہ گھر میں جو معاشی تنگی تھی وہ بھی دن بہ دن بڑھتی چلی جا رہی تھی۔ گھر کے حالات اس قدر خراب ہو چکے تھے کہ گھر میں اکھٹے رہنا اب ناممکن نظر آ رہا تھا۔ میں نے اپنی اہلیہ سے مشورہ کیا اور عبقری حویلی چند دن خدمت کے لئے چلا گیا۔ میں ویلڈنگ کے شعبہ سے وابستہ تھا عبقری حویلی پہنچنے پر میں نے وہاں موجود ذمہ داران سے خدمت کی ترتیب پوچھی اور مجھے وہاں اپنے شعبہ سے متعلق خدمت کی سعادت مل گئی جس پر میں نے کام شروع کر دیا اور دوران خدمت میں دل ہی دل میں حالات کی بہتری کے لئے اللہ سے دعائیں مانگتا رہتا تھا۔ اگلے دن جب میں نے گھر رابطہ کیا تو پتہ لگا حالات مزید بگڑ رہے ہیں۔ میں نے ہمت نہیں ہاری اور شیخ الوظائف کی بات مجھے اچانک یاد آئی جو وہ اکثر فرمایا کرتے ہیں کہ خدمت میں ناگوریاں آتی ہیں لیکن جو استقامت اور ادب سے خدمت میں لگا رہتا ہے۔ وہ ضرور منزل کو پالیتا ہے۔ مجھے جو خدمت ملی تھی وہ مکمل کرنے کے بعد جب میں گھر پہنچا تو چند ہی دن بعد معاشی حالات میں بہتری آنے لگ گئی اور گھریلو ناچاقیاں اب الحمدللہ ختم ہو رہی ہیں۔ اب اگر کسی کا جھگڑا ہو بھی جائے تو بہت ہی جلد آپس میں صلح ہو جاتی ہے۔ ورنہ پہلے کئی ہفتوں یہ سلسلہ جاری رہتا تھا۔(صدام حسین' رحیم یار خان)

نوٹ: عبقری حویلی میں ترقی' کامیابی پانے' مسائل مشکلات اور الجھنوں سے چھٹکارے کیلئے چند دن' چند ہفتے وہاں عبادت اور خدمت کیلئے ہمراہ بستر جائیں۔

اس مسواک کی برکت سے آپ کے جسم میں تمام کمزوریاں دور ہوں گی، آنکھوں پر پھیریں نظر تیز ہو گی۔(مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

مہروں اور پٹھوں کے درد میں مبتلا متوجہ ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام! میں طب کے شعبہ سے وابستہ ہوں اس کے علاوہ عبقری رسالہ کا شمارہ بھی ہر ماہ پڑھتا ہوں۔ آپ اس رسالہ کے ذریعے مخلوق کی جو خدمت فرما رہے ہیں وہ قابل رشک ہے۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ آپ کے ساتھ ساتھ اب مخلوق نے بھی اپنے سینے کے راز دینا شروع کر دیئے ہیں جس کی مثال کہیں اور نہیں ملتی۔ اس رسالہ میں بہت پیچیدہ بیماریوں کے لئے آسان ٹوٹکے اور وظائف لکھے جاتے ہیں جسے لوگ آزما کر پھر اپنے مشاہدات عبقری رسالہ میں لکھتے ہیں اور باقی قارئین بھی اس سے استفادہ حاصل کرتے ہیں۔ آج میں بھی ایک ایسا ہی نسخہ عبقری قارئین کی نذر کرتا ہوں جو مہروں اور پٹھوں کے درد کے لئے بہت ہی لاجواب اور آسان نسخہ ہے۔ امید ہے اس سے عبقری قارئین بھرپور فائدہ اٹھا کر اپنے مشاہدات ضرور تحریر کریں گے۔ نسخہ درج ذیل ہے:

نسخہ: گل کاسنی 100 گرام، سونٹھ 100 گرام، اخروٹ گری 100 گرام، شہد صرف عبقری ایک کلو، شہد کے علاوہ تینوں چیزوں کو گرائنڈ کر لیں اور اس کے بعد شہد کو گرم کر کے تینوں چیزیں اس میں ڈال کر مکس کر لیں، دوائی تیار ہے۔ ایک چمچ صبح، ایک چمچ شام یا حسب طبیعت استعمال کریں، کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے یہ نسخہ استعمال کیجئے ان شاءاللہ شفاء ہوگی۔ (راجہ سلیم اختر)

منہ کے چھالے ختم! حیران کن ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک ٹوٹکہ ہے جو میں عبقری قارئین کی نذر کرتا ہوں۔ منہ کے چھالوں کے لیے میں نے آزمایا، بہت مفید پایا، جس توے کے نیچے لکڑی کی آگ جلائی جائے، تو جب ٹھنڈا ہو جائے تو توے کے نیچے کالک لگی ہوگی۔ بس انگلی سے وہ کالک لگا کر منہ کے چھالوں پر لگا دیں، صرف دو سے تین مرتبہ کرنے سے ہی منہ کے تکلیف دہ چھالے ختم ہو جاتے ہیں۔

عبقری ٹوٹکہ سیکشن: قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہو جاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں، عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ: ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کے راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔**

گھر بکنے سے بچ گیا

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ عرصہ پہلے میرے سسرالی رشتہ دار ہمیں تنگ کر رہے تھے کہ گھر بیچ کر حصے تقسیم کریں۔ میں پریشان تھی کہ ہم کہاں جائیں گے اور کوئی ٹھکانہ بھی نہیں۔ میں نے اللہ سے دعا کی اور آپ کا بتایا ہوا عمل اڑھائی کلو گندم لے کر اس میں سے ایک مٹھی نکال کر اللہ الصمد پڑھا۔ اس کی برکت سے اللہ نے سب کے دل بدل دیئے۔ میرا گھر فروخت ہونے سے بچ گیا، اور جو لوگ حصے کا مطالبہ کر رہے تھے وہ بالکل خاموش ہو گئے۔ اللہ کا نظام ہے مختلف آزمائشیں آتی ہیں لیکن میری نظر صرف اللہ پر ہوتی ہے۔ ایک بار مشکل پیش آئی میں نے اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھنے کا عمل شروع کیا، جو سات دن پڑھنا تھا۔ 5 دن میں ہی مراد پوری ہوگئی۔ (حمیرا سعید، پشاور)

علامہ لاہوتی سے ملاقات کے متلاشی متوجہ ہوں!

علامہ لاہوتی سے سات موتی لُوٹ لیں!

لیکن جلدی کریں، لُوٹنے والے بہت! لینے والے بے قرار

کوپن

نام .... عمر ....

والدہ کا نام .... شہر ....

آپ کا/والد یا شوہر کا شعبہ

گھر کے تین افراد کا نمبر

مسئلہ تفصیل سے لکھئے

نوٹ: یہ سات روحانی پیکیج ہیں جو آپ علامہ لاہوتی سے ہر ماہ لیں گے، لینے کے لیے کوپن پُر کرنا ضروری ہے، کوپن کے بغیر آپ کو شامل نہیں کیا جائے گا

کوپن پر کرنے کا وقت اور جگہ .... کلمہ طیبہ کی ایک تسبیح پڑھ کر کوپن پر دم کریں۔

1۔ علامہ لاہوتی سے استخارہ کروائیں، اپنی مشکلات ناکامیوں اور پریشانیوں کا، پھر وہ آپ کو آپ کے استخارے کے مطابق ایک اسم دیں گے۔

2۔ علامہ لاہوتی کو اپنی آمدن میں شریک کریں، یعنی اپنی تنخواہ یا آمدن کے ہر ہزار میں سے سوا آنہ نکالیں، روزانہ یا مہینے کے بعد۔ آج کی کرنسی کے مطابق تقریباً 25 پیسے بنتے ہیں۔ ان پیسوں کو خرچ نہ کیجئے پورا سال اکٹھا کیجئے، سال کے بعد یہ پیسے یا اس سے زیادہ سوال نہ کرنے والے ضرورت مندوں کو دیں۔ یا ان پیسوں کا لنگر پکا کر دس محرم یا 12 ربیع الاول کو صرف تسبیح خانہ لے آئیں اور اپنے ہاتھوں سے تقسیم کیجئے۔

3۔ علامہ لاہوتی سے دعا کروائیں، وہ اپنی خاص تنہائیوں میں مشکل کشا عملیات میں آپ کے مسائل سامنے رکھتے ہوئے آپ کیلئے خصوصی دعا فرمائیں گے۔

4۔ علامہ لاہوتی سے روحانی دوستی کریں اس کیلئے اپنا اور والدہ کا نام لکھ کر بھجوائیں، وہ روحانی عروج اور کمال سے آپ کا ذاتی زائچہ بنائیں گے جو شرک سے پاک ہوگا۔ آپ کو آپ کے نام کے مطابق اسم اعظم دیا جائے گا۔ پھر آپ پر روحانی توجہ رہے گی۔

5۔ علامہ لاہوتی کو اپنی اولاد کی عزت، کامیابی اور ترقی کیلئے اولاد کے نام اور عمر بھیجیں۔ وہ انہیں اپنی خصوصی دعاؤں میں یاد رکھیں گے، ان کے اردگرد حفاظتی نورانی حصار اور دائرہ دیں گے۔

6۔ اپنا گھر، کاروبار، دفتر وغیرہ کا نام علامہ لاہوتی کو لکھیں، وہ نورانی حروف میں اس کو گھیر لیں گے اور پھر قدرت کا مشاہدہ، برکت اور ترقیاں دیکھیں۔

7۔ آپ گورنمنٹ جاب کسی بھی شعبہ میں اپنا سکیل، شعبہ ڈیپارٹمنٹ، پوری وضاحت سے لکھیں، اگر وضاحت سے نہ لکھا تو آپ روحانی سرکل میں نہیں آئیں گے۔ علامہ لاہوتی آپ کیلئے ترقی، کامیابی، عروج اور حاسدین کے شر سے بچنے کے لیے سو فیصد عمل کریں گے۔

یہ تمام چیزیں پانا چاہتے ہیں تو ابھی کاغذ قلم اٹھائیں

علامہ لاہوتی کو یہ تمام چیزیں تحریر کریں اور روزانہ پہلا کلمہ ایک تسبیح پڑھ کر اس تحریر پر دم کریں۔ علامہ لاہوتی کا کوپن اصل رسالہ سے کاٹ کر بھجوائیں کوپن کی فوٹو کاپی ہرگز نہ کروائیں۔

کوپن کو پُر کرنے سے پہلے وقت دیکھنا ہے، جس وقت آپ نے پُر کرنا ہے وہ وقت، وہ دن، وہ جگہ آپ نے لکھنی ہے یہ ساری چیزیں علامہ لاہوتی اپنی خاص ساعتوں میں شمار کریں گے اور پھر کوپن اور تحریر دونوں ساتھ عبقری کو پوسٹ کر دیں

حاسدین کے حسد سے پریشان ہیں، نجات چاہتے ہیں، اپنی تصویر ہمراہ لائیں، خاص نورانی عمل کروائیں، آپ کے لئے سب کے دل سے حسد کینہ ختم ہو جائے گا۔ (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

بیٹی پیدا ہوتے ہی ترقی اور رزق کے دروازے کھل گئے

ہمارے معاشرے کی ستم ظریفی ہے کہ جب کسی کے گھر میں بیٹی پیدا ہوتی ہے تو لوگ شرم محسوس کرتے ہیں، شرم کے مارے ایک دوسرے کو مبارکباد تک نہیں دیتے۔ ایک دوسرے سے آنکھیں چراتے ہیں۔ جس کا سارا گناہ اور قصور بہو کے کھاتے میں ڈال دیا جاتا ہے، بلکہ یہاں تک بھی دیکھنے سننے اور پڑھنے میں آیا ہے کہ بہو کو گھر سے نکال دیا جاتا ہے، نوبت طلاق تک آجاتی ہے اور یوں گھروں میں لڑائی جھگڑے اور فساد برپا شروع ہوجاتے ہیں۔ بعض جگہوں پر شوہر اور سسرال والوں کی طرف سے مختلف طریقوں سے ظلم کیا جاتا ہے۔ اس کے برعکس "ایک روایت میں آتا ہے کہ جب اللہ پاک کسی کے گھر پر نظر کرم فرماتے ہیں تو اس گھر میں بیٹی بھیج دیتا ہے اور فرماتا ہے کہ جا تو اس گھر میں چلی جا، ترے باپ کی ہر طرح کی معاونت میں کروں گا، اس سے پتہ چلتا ہے کہ گھر میں بیٹی کا آنا کتنا بابرکت اور باسعادت ہوتا ہے۔"

اب میں عبقری کے قارئین کو ایک ایسا سچا واقعہ سنانے جارہا ہوں جو سو فیصد سچا ہے اور ہمارے اپنے خاندان کا ہے۔ ہوا یوں کہ میرا چھوٹا بھائی کافی عرصے سے سرگودھا میں ایک کالج میں گریڈ 17 میں لیکچرار ہے۔ سرگودھا شہر ہی میں رہتے ہیں لیکن اس کی بیوی یعنی ہماری بھابھی صاحبہ ایک سرکاری سکول میں ٹیچر ہے اور ان کے دو بچے ہیں۔ ایک بیٹا اور ایک بیٹی دونوں سکول چلڈرن ہیں، حال ہی میں ان کے ہاں دوسری بیٹی ہوئی ہے اور بیٹی بھی کیا بابرکت بیٹی، سبحان اللہ۔ بس اس بیٹی کا گھر میں آنا تھا کہ اس گھر پر برکتوں اور رحمتوں کا نزول شروع ہوگیا۔ ابھی اس بچی کو گھر میں آئے ایک مہینہ بھی نہیں ہوا تھا کہ بھائی جو کافی عرصہ سے گریڈ 17 کی لیکچرار شپ پر گزارا کررہا تھا اس کی اسسٹنٹ پروفیسر گریڈ 18 کے عہدے پر پروموشن ہوگی۔ یوں اس کے رزق میں اضافہ ہوگیا اور پھر صرف یہی نہیں بلکہ جس سیٹ پر وہ لیکچرار تھا وہ سیٹ بھی اپ گریڈ ہوگئی اور بھائی اسی سیٹ پر بھی بطور اسسٹنٹ پروفیسر کام کرنے لگ گیا۔ اگر خدانخواستہ سیٹ اپ گریڈ نہ ہوتی تو بھائی کو کسی دوسرے کالج میں تعینات کردیا جاتا اور ہوسکتا تھا اسے سرگودھا شہر سے باہر دور دراز کسی اور شہر کے کالج میں بھی جانا پڑتا جس سے ان کے گھر میں ایک نیا مسئلہ کھڑا ہوجاتا اور پریشانی کا باعث بنتا تو اس طرح بیٹی کے گھر میں آنے سے اللہ پاک نے ان کے رزق میں اضافہ کردیا۔ سچ کہتے ہیں بیٹی جب گھر میں آتی ہے اپنا رزق اور نصیب ساتھ لے کر آتی ہے۔

یہ دعا ہے کہ اللہ پاک ہر گھر میں کم از کم ایک بیٹی ضرور دے تاکہ وہ گھرانہ اللہ پاک کی رحمتوں اور برکتوں سے محروم نہ رہے اور میری ان والدین سے بھی گزارش ہے کہ خدارا جب ان کے گھر میں بیٹی آئے تو مایوسی کی بجائے اللہ پاک کا شکر ادا کریں کہ اللہ پاک نے ان کے گھر میں اپنی رحمت بھیج دی ہے۔ ذرا ان والدین سے پوچھ کے تو دیکھو جو بیٹی کیلئے ترستے ہیں۔ بیٹا دینا، بیٹی دینا یا کچھ بھی نہ دینا، یہ سب اللہ پاک کی الٰہی قدرت کا ملہ ہے۔ اس میں کسی کا قصور نہیں ہوتا۔ اللہ پاک ہم سب پر رحم فرمائے۔ آمین

(حکیم محمد ظفر اقبال، اسلام آباد)

میت نے آنکھیں کھولیں مسکرائی اور مجھے پیغام دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری قارئین کے لئے آج ایک ایسا واقعہ بتانے جارہا ہوں جو میری آنکھوں دیکھا ہے' آج وہ واقعہ عبقری قارئین کی نذر کررہا ہوں۔

ہر مسلمان کی خواہش ہوتی ہے کہ اس کا خاتمہ بالخیر ہو اور اسے مرتے وقت کلمہ نصیب ہو۔ اسی جذبے کو سامنے رکھ کر ایک مسلمان ساری زندگی عبادت میں مشغول رہتا ہے۔

جب کوئی مسلمان دعا کرتا ہے کہ اس کا خاتمہ ایمان ہو اور مرتے وقت کلمہ نصیب ہو تو شیطان دھاڑیں مار مار کر روتا ہے کہ یہ دعا نہ مانگو اور اس کے علاوہ جو چاہو دعا مانگو۔ اگر یہ دعا قبول ہوگئی اور ایک مسلمان کو مرتے وقت کلمہ نصیب ہوگیا تو اس کی بخشش کی امید کی جاسکتی ہے اور یہ بات کسی بھی طرح شیطان کو گوارہ نہیں کیونکہ اس کی ساری محنت ضائع ہو جاتی ہے۔ اس لئے شیطان لعین آخری وقت تک کوشش کرتا ہے کہ مرنے والے کو کلمہ نصیب نہ ہو۔ میرے ایک عزیز دوست نے بتایا کہ ان کی ساس صاحبہ انتہائی نیک اور سخی خاتون تھیں، ہر وقت باوضو رہتی تھیں اور کوئی بھی فرض نماز قضا نہیں کرتی تھیں۔ جب ان کی عمر 80 سال کو پہنچ گئی تو اس عمر میں بھی وہ پوری کوشش کرتی تھیں کہ رمضان المبارک کے تمام روزے رکھے اور تسبیح ہر وقت ان کے ہاتھوں میں ہو۔ اس کے علاوہ ان کی زبان ہر وقت اللہ کے ذکر سے جاری رہتی تھی۔

زندگی کے آخری ایام

وہ قرآن پاک ناظرہ پڑھی ہوئی تھیں اور باقاعدگی سے قرآن پاک پڑھتی رہتی تھیں۔ ایک شب جمعہ کی محفل میں جب انہوں نے شیخ الوظائف صاحب سے سورۃ مومنون کی آخری چار آیات پڑھنے کے کمالات سنیں تو اپنی نواسی سے کہنے لگی کہ مجھے یہ آیات زبانی یاد کراؤ۔ وہ اپنی زندگی کے آخری ایام میں انہی چار آیات کو حفظ کررہی تھیں۔ موت سے چند دن پہلے ان کی طبیعت میں نقاہت زیادہ بڑھ گئی تو اپنی نواسی سے کہنے لگی کہ بس سورۃ مومنون کی یہ آخری چار آیات پڑھ کر سناؤ۔ ایک دن ایسے ہی انہوں نے اپنی نواسی کی گود میں سر رکھا ہوا تھا۔

نانی اماں نے مرنے کے بعد آنکھیں کھولیں!

ان کی زبان پر اللہ کا ذکر جاری تھا کہ اچانک ذکر کی آواز آنا بند ہوگئی اور ان کی تسبیح نیچے گرگئی۔ ان کی نواسی کا کہنا ہے کہ جب میں نے ان کی نبض چیک کی تو وہ رک گئی تھی۔ میں رونے لگی اور زور زور سے سورۃ مومنون کی آخری چار آیات پڑھنا شروع کردیں۔ نانی اماں نے آنکھیں کھولیں' مسکرائیں۔ گویا وہ اس بات کی تصدیق کررہی تھیں کہ قرآن حق ہے' اللہ کا نام حق ہے اور پھر ہمیشہ کے لئے آنکھیں بند کرلیں۔ یہ وہ موت تھی جس کے بارے میں خاتمہ بالخیر کا کہا جاسکتا ہے۔ ایک انسان نے ساری زندگی اللہ کے ذکر سے اپنی زبان کو جاری رکھا اور خاتمہ بالخیر کے لئے اللہ سے مانگا۔ جس پر اللہ نے بھی اس کی مدد کی اور خاتمہ بالخیر ہوا۔

کیا ہم نے بھی کبھی اس کی کوشش کی ہے۔ کبھی ہم نے بھی خواہش کی ہے کہ ہمارا بھی خاتمہ ایمان پر ہو۔ اب بھی وقت ہے کہ ہم توبہ کریں اور اپنے رب کو راضی کرنے کی کوشش کریں تاکہ ہمارا خاتمہ بھی ایمان پر ہوجائے۔ آمین۔

خواب اور شیخ الوظائف کی روشن تعبیر

جوان بچے آپس میں لڑ رہے ہیں ‖ فرش پر پانچ ہزار کے نوٹ ملتے ہیں ‖ سانپ کی زبان کاٹ رہا ہوں ‖ پریشانی اور مشکلوں سے نجات ملے گی

جوان بچے آپس میں لڑ رہے ہیں

خواب: میں نے دیکھا کہ میرے سامنے پلیٹ میں بھنا ہوا گوشت رکھا ہے اور میں اسے کاٹ کاٹ کر اپنے بچوں کو تقسیم کر رہا ہوں۔ پھر میں نے دیکھا کہ میری شادی ہو رہی ہے' میں سوچتا ہوں کہ میری تیسری شادی ہے۔ پتہ نہیں کیسے گزر اوقات ہو۔ میں تیسری بیوی کو اپنے گھر لے آتا ہوں۔ پھر تھوڑی دیر بعد اپنی بیوی کو موٹر سائیکل پر بٹھا کر اپنے سسرال چلا جاتا ہوں۔ میری بیوی اندر چلی جاتی ہے اور میں ایک کمرے میں بیڈ پر لیٹ جاتا ہوں اور سوچتا ہوں کہ یہاں پر آرام کا موقعہ ملے گا۔ پھر دیکھا کہ میں اپنی بہن کے گھر پر موجود ہوں وہاں اس کے جوان بچے آپس میں لڑ رہے ہیں اور مار رہے ہیں۔ (نوید اکمل' اسلام آباد)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کو متنبہ کیا گیا ہے کہ دنیا کی چاہت اور اس میں التفات کو کم کر کے اپنے رب سے تعلق پیدا کرنے کی فکر کریں کہ زندگی کا اعتبار نہیں ہوتا' آپ استغفار اور کلمہ طیبہ کثرت سے پڑھا کریں۔ واللہ اعلم۔

فرش پر پانچ ہزار کے نوٹ ملتے ہیں

خواب: میں نے خواب میں دیکھا کہ میں گھر میں کمرے سے نکل کر گیلری میں آتی ہوں تو وہاں فرش پر پانچ ہزار' ایک ہزار کے نوٹ پڑے ہوتے ہیں۔ میں وہ پیسے فوراً اٹھا لیتی ہوں۔ میرے ابو بھی قریب کھڑے ہوتے ہیں۔ میں ابو سے پوچھتی ہوں کہ آپ کے پیسے کم تو نہیں ہوئے؟ ابو اپنے پیسے اور چیزیں چیک کرتے ہیں۔ پھر میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ اس سے پہلے بھی میں نے خواب میں دیکھا کہ گلی میں جا رہی ہوں اور مجھے پیسے ملتے ہیں وہ بھی ہزار اور پانچ سو کے نوٹ ہوتے ہیں' میں انہیں فوراً اٹھا لیتی ہوں۔ (نائلہ خان' پشاور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ کہ اچانک کوئی خوشی کی خبر آپ کو ملنے والی ہے اور اس خبر کا تعلق آپ سے اور آپ کے گھر والوں سے ہوگا۔ واللہ اعلم۔

صاف باتھ روم دکھائی دیتا ہے

خواب: میں نے دیکھا کہ میں کالج میں کافی دنوں کے بعد جاتی ہوں۔ میری تمام ساتھی مجھے مل کر بہت خوش ہوتی ہیں اور ہم سب گپ شپ کرتی ہیں۔ پھر منظر بدلتا ہے میں کسی جگہ پر ہوتی ہوں' وہاں پر بہت ہجوم ہوتا ہے۔ تھوڑی دیر بعد میں اپنی دوست سے کہتی ہوں کہ مجھے باتھ روم جانا ہے پھر مجھے کوئی ساتھی لے کر جاتا ہے وہاں ایک قطار میں بہت سے باتھ روم بنے ہوتے ہیں جو کوئی بھی میرے ساتھ ہوتا ہے مگر میں دیکھتی ہوں کہ باتھ روم تو بہت گندا ہے تو میں اندر جانے سے انکار کر دیتی ہوں۔ اسی طرح تین چار باتھ روم جو گندے ہوتے ہیں میں وہاں جانے سے انکار کر دیتی ہوں۔ پھر مجھے اسی قطار میں ایک صاف باتھ روم دکھائی دیتا ہے تو میں اشارہ کر کے اسے بتاتی ہوں کہ یہ باتھ روم صاف ہے' میں وہاں جاؤں گی۔ اس کے بعد پھر میری آنکھ کھل گئی۔ (شازیہ نعیم' کراچی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اندیشہ ہے کہ کسی تکلیف دہ بیماری کا آپ کو سامنا کرنا پڑے گا' تاہم تین چار جگہ سے علاج کے بعد فائدہ پہنچ جائے گا۔ واللہ اعلم۔

پریشانی اور مشکلات سے نجات ملے گی

خواب: میں اور میرے دادا جان (جو وفات پا چکے ہیں) ہم کسی آبشار کے پاس سیر کرنے گئے ہیں۔ وہاں پانی چشمے کی صورت میں تیز بہہ رہا ہے کہ اس میں ایک شخص بہہ گیا۔ وہاں بہت سے لوگ پکنک منا رہے ہیں۔ میں گیلی ریت پر کچھ لکھتی ہوں' اچانک دیکھتی ہوں کہ آبشار کا پانی کم ہو کر ایک چھوٹے سے چشمہ کی صورت میں بہہ رہا ہے۔ میں دادا ابو سے کہتی ہوں کہ آپ یہاں سے اپنے پاؤں دھولیں۔ ان کے پاؤں پر کچھ لگا ہوتا ہے۔ پھر ہم باہر آجاتے ہیں میں ان سے اس آبشار کا نام پوچھتی ہوں' وہ کہتا ہے کہ دیوار پر لکھا ہوا ہے۔ پھر ہم آگے جاتے ہیں ایک بوڑھا شخص شیشے کی بوتلیں بیچ رہا ہے۔ وہاں کچھ اور بھی لوگ بیٹھے ہوتے ہیں۔ میرے دادا ابو کہتے ہیں کہ یہ لیمن کی بوتلیں ہیں آپ نے پینی ہیں؟ پھر میں پرس سے پیسے نکال کر اس بوڑھے شخص کو دیتی ہوں اور بوتل دادا ابو کو دیتی ہوں۔ اس کے بعد میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ (صدف نبیل' فیصل آباد)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کو پریشانیوں اور مشکل حالات سے نجات مل جائے گی اور نہ صرف خوشی و خوشحالی ملے گی بلکہ خاندان کے اور افراد بھی فائدہ اٹھائیں گے۔ واللہ اعلم۔

سانپ کی زبان کاٹ رہا ہوں

خواب: میں خواب دیکھتا ہوں کہ میں کہیں جا رہا ہوں اور سانپ نے میرا راستہ روکا ہوا ہے۔ اس کے بعد میں کچھ مزاحمت کرتا ہوں جس پر وہ سانپ بھاگ جاتا ہے۔ اس کے بعد میں ایک اور خواب دیکھتا ہوں کہ میں ایک سانپ کی زبان کاٹ رہا ہوں مگر وہ بچ جاتا ہے۔ اس کے بعد دیکھتا ہوں کہ کالے رنگ کی بھینسیں مجھے مارنے کے لئے آرہی ہیں لیکن میں ان کے حملے سے بچ جاتا ہوں۔ مجھے خواب میں اکثر گندگی دکھائی دیتی ہے۔ (شہزاد علی' کوئٹہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ دنیاوی اغراض اور اس کی طلب سانپ بن کر اللہ کے راستے سے روکے ہوئے ہیں اور چاہتی ہیں کہ مزید آلودہ کئے جائیں۔ آپ استغفار کثرت سے پڑھیں اور پنج وقتہ نماز کی پابندی سے کوشش کریں اور ہر نماز کے بعد گڑگڑا کر اللہ کے حضور دعا گو ہوں۔ ہو سکے تو کسی اللہ والے متبع سنت و شریعت سے بزرگ سے اپنا اصلاحی تعلق بھی قائم فرمالیں۔ واللہ اعلم۔

برکت کے سنہری اصول

خواب: میں نے دیکھا کہ میرا بیٹا گھی بیچ رہا ہے۔ اسے ایک گاہک کہتا ہے پہلے والا گھی دینا۔ میں اسے آواز دیتا ہوں کہ یہ پہلے والا ہی ہے۔ پھر میں خود چیک کرنے لگتا ہوں' اتنے میں میرا بھائی پوچھتا ہے کتنا گھی بیچا ہے۔ میں اس کو جواب دیتا ہوں بیٹے کو پتہ ہے۔ (آصف اعوان' راولپنڈی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ ایمان داری اور راست گوئی تجارت میں برکت کے سنہری اصول ہیں اور جو رزق رزاق نے مقدر میں لکھ دیا ہے وہ مل کر رہنا ہے۔ خواہ ہم جائز طریقے سے حاصل کریں یا ناجائز ذرائع سے۔ واللہ اعلم

اجڑے گھر، اجڑی زندگی کو آباد کرنا چاہتے ہیں تو یہ مبارک پانی اپنے ساتھ لے جایئے اور گھر اور نسلیں شاد و آباد ہو جائیں گی! (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

دادا' دادی کی صحت مند اور خوشگوار زندگی کا راز

تسبیح خانہ میں آئے احباب کے بتائے آزمودہ ٹوٹکے! عبقری قارئین کے نام

تسبیح خانہ میں آئے احباب نے اپنے آزمودہ ٹوٹکے مخلوق خدا کیلئے بتائے' آئیے آپ بھی آزمایئے اور ان سخیوں کو دعائیں دیں!

اگر آنکھوں کا پانی خشک نہ ہوتا ہو تو یہ آزمائیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں تسبیح خانہ میں سالہا سال سے آرہا ہوں' یہاں مجھے روح کی دنیا کے ساتھ ساتھ اپنی دنیاوی مسائل کا حل بھی ملا اور جسمانی مسائل بھی حل ہوئے۔ میرے پاس ایک ٹوٹکہ ہے جو میں بتانا چاہتا ہوں۔ اگر کسی کی آنکھوں کا پانی خشک نہ ہوتا ہو تو سات عدد چکنی مٹی کی تازہ ٹکیاں بنائیں اور سات بیری کے بڑے خوبصورت پتے لیں۔ اب بانس کی جھاڑو کا پاک صاف تنکا لیں اور ایک ٹکی ایک پتا ملا کر اس تنکے میں پرو دیں' پھر ایک ٹکی ایک پتا اس طرح ان سات ٹکیوں اور سات پتوں کو تنکے میں پرو دیں اور اس پروئے ہوئے تنکے کو چہرے کے سامنے سات بار وار دیں (یعنی سات چکر دیں) اور پھر اس کو سائے میں رکھ دیں۔ جوں جوں پتے خشک ہوتے جائیں گے آنکھوں کا پانی بھی خشک ہوتا جائے گا۔

دادا' دادی کی صحت منداور خوشگوار زندگی کا راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے ہمیشہ اپنے دادا جان اور دادی جان کو صحت مند' ہنستے مسکراتے اور مضبوط دیکھا ہے۔ وہ آج بھی لاٹھی کے بغیر چلتے ہیں' کمر بالکل سیدھی ہے' عمران دونوں کی 75 سال سے لے کر 80 سال تک ہے۔ منہ میں دانت مضبوط ہیں' پیٹ میں آنت مضبوط ہے' ہر چیز کھاتے ہیں۔ میری دادی اماں آج بھی تین سے چار کلومیٹر روزانہ واک کرتی ہیں مگر ایک چیز جو میں سالہا سال سے دیکھ رہا ہوں اور اب بھی میں اپنے دادا جان اور دادی جان کو دیکھتا ہوں کہ یہ دونوں بیر بہت کھاتے ہیں' یقین کیجئے یہ بیر خشک کر کے رکھ لیتے ہیں اور پورا سال بیر کھاتے ہیں۔ میں اگر یہ کہوں کے بیر سے ان دونوں کو دشمنی ہے۔ ان کا بس چلے تو اتنے بیر کھائیں کہ دنیا سے بیر ہی ختم ہو جائیں۔ بیر کا ہی کمال ہے کہ دادا' دادی آج بھی صحت مند اور خوشگوار ازدواجی زندگی گزار رہے ہیں۔

جسمانی تھکاوٹ اور اعصابی کمزوری کے لیے

السلام علیکم! میں تسبیح خانہ میں ہر جمعرات اور ہر اجتماعی ایام میں حاضر ہوں گا' خوب برکات لوٹ کر جاتا ہوں' گھر' کاروبار' اولاد' گھریلو زندگی خوشحال ہوگئی ہے۔ مزید عبقری رسالہ ہمارا پورا گھرانہ پڑھتا ہے' عبقری رسالہ نے ہماری زندگی سے دکھوں کو نکال کر خوشیاں بھر دی ہیں۔

آج اس محفل میں لوگوں کو اپنے مشاہدات بتاتے دیکھا تو میرے پاس ایک کمزوری دور کرنے اور ہشاش بشاش رہنے کا ایک ٹوٹکہ ہے وہ میں یہاں بیٹھے تمام احباب کو بتاتا ہوں۔ ھوالشافی: جو لوگ بہت کمزور ہوں' تھک جاتے ہوں جن کی قوتیں کمزور ہوں۔ کمر' ٹانگوں میں درد' کھچاؤ رہتا ہو تو ایسے میں ایک پاؤ دودھ، سات بادام کی گریاں، تین کھجوریں، ایک چمچ تخم بالنگو' ایک چمچ اسپغول اور ایک چمچ شہد لے لیں۔ شہد کے علاوہ باقی سب چیزیں دودھ میں ڈال کر گرائنڈ کر لیں اور شہد ڈال کر صبح نہار منہ پی لیں۔ ہر قسم کی کمزوری ختم ہو جائے گی۔ چند دن کا استعمال ہی آپ کو اس کا گرویدہ بنا دے گا۔ جسم سے تمام کمزوری' سستی' کاہلی کا خاتمہ ہو جائے گا۔ رنگ نکھر جائے گا' ٹانگوں میں جان' ہاتھ میں مضبوطی آجائے گی۔ انتہائی سادہ اور لاجواب طاقت اور بے مثال ذائقہ۔

خواتین کی پریشانی کا آسان حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس لیکوریا کے لیے ایک انتہائی سادہ سا ٹوٹکہ ہے' بے شمار لوگوں کو کیپسول بھر کر دیئے ہیں' بہت خواتین اس سے شفاء یاب ہو چکی ہیں۔ ھوالشافی: زرد کوڑی حسب ضرورت لے کر اس کو آگ میں اتنا جلائیں کشتہ کی طرح سفید ہو جائے یا کسی مٹی کے کوزے میں بند کر کے اس کے اوپر مٹی لگا کر بہت زیادہ اس کو آگ میں جلائیں۔ پھر اس کو کوزہ سے نکال کر کھرل میں ڈالیں اگر یہ دوائی پچاس گرام ہو تو ایک پاؤ عرق گلاب میں کھرل کریں جب خشک ہو جائے دوائی تیار ہے۔ پھر اس خشک شدہ سفوف کے بڑے کیپسول بھرلیں۔ صبح نہار منہ عرق گلاب آدھ کپ کے ساتھ ایک کیپسول کھائیں۔ صرف پانچ دن میں نامراد مرض سے چھٹکارا ملتا ہے۔

اولاد نرینہ کا انوکھا طبی نسخہ

السلام علیکم! میرے پاس ایک نسخہ ہے' جس نے کھایا اللہ کریم اسے اولاد نرینہ سے نواز دیتا ہے۔ ھوالشافی: بداری کند، بیل گری دونوں کو علیحدہ علیحدہ کوٹ پیس کر پانی کی مدد سے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں اور ان پر چاندی یا سونے کے ورک چڑھا لیں۔ یہ گولیاں غسل کر کے حمل کے 63،62،61 ویں دن ایک صبح' ایک دوپہر' ایک شام گائے کے دودھ کے ہمراہ لیں۔ اس روز بھوک ہو یا پیاس گائے کا دودھ ہی پینا ہے۔ صرف ایک دن کا پرہیز ہے۔ دودھ اس گائے کا ہو جن سے بچھڑا جنا ہو۔ حمل ہوتے ہی بچے کا نام محمد احمد، محمد حامد، محمد محمود تجویز کریں۔ انتہائی سادہ اور پرتاثیر ٹوٹکہ ہے' بچہ صحت مند' خوبصورت اور گول مٹول پیدا ہوتا ہے۔ کافی خواتین نے آزمایا ہے اللہ کریم نے ان کو صحت مند اور خوبصورت بیٹے سے نوازا ہے۔

سیب اور لونگ ہمراہ ضرور لائیں، اس پر شیخ الوظائف دم فرمائیں گے۔ جن کی اولاد نہیں' گھر اداس ہیں، ان کی صحت منداولاد ہوگی گھر میں رونقیں ہوں گی۔ (مزید تفصیلات صفحہ نمبر 65)

625 مرتبہ بسم اللہ کے نقش کی کرامت آنکھوں سے دیکھ لی!

نوٹ: اس مرتبہ تسبیح خانہ میں 625 مرتبہ بسم اللہ لکھنے کا عمل 17 نومبر 2022 کو ہو رہا ہے۔ ضرور شامل ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بہن کا ڈلیوری کیس تھا اس کو ڈاکٹر نے آپریشن بتایا تھا' ہم بہت پریشان تھے۔ بہن بھی آپریشن کا نام سن کر ڈر گئی تھی۔ ہم ہسپتال لے کر گئے تو ڈاکٹر نے بتایا کہ نارمل ڈلیوری کے چانسز بہت کم ہیں، خون کا انتظام کریں' ہم نے بڑے بھائی کا خون چیک کروایا تو بلڈ گروپ میچ ہو گیا۔ ہم نے پھر بھی ڈاکٹر سے کہا کہ کوشش کریں نارمل ہو جائے۔ لیکن ڈاکٹر نے کہا کہ اس وقت جو صورت حال نظر آ رہی ہے اس کے مطابق آپریشن ہی ہو گا، نارمل ڈلیوری کے چانس کم ہیں۔ اتفاق سے اسی جمعرات تسبیح خانہ میں 625 بار بسم اللہ کے تعویذ کا عمل ہو رہا تھا۔ میں نے اس 625 بار بسم اللہ کے تعویذ والے اجتماعی عمل میں شرکت کی اور یہ تعویذ ہاتھ میں پکڑا اور اللہ سے دعا کی کہ اے اللہ جہاں ہماری اور ڈاکٹرز کی تدبیریں ختم ہو جاتی ہیں۔ وہاں تیری مرضی اور تیری تقدیر ہی رہ جاتی ہے۔ ہمارے لئے جو ناممکن ہو لیکن اگر تو چاہ لے تو وہ ممکن ہو جاتا ہے، اے اللہ آپ ہر چیز پر قادر ہیں آپ اپنے اس مبارک نام کے نقش کی برکت سے یہ مشکل ٹال دیں۔ آپ نے حضرت ابراہیم کو نمرود کی جلائی آگ سے بچایا اور آگ کو گل گلزار بنا دیا۔ اب تو اپنے نام کی لاج رکھ لے۔ بس پھر اس کریم نے 625 مرتبہ بسم اللہ کے تعویذ کی برکت سے ایسا کرم فرمایا کہ ڈلیوری بھی نارمل ہوئی اور صحت مند بیٹا پیدا ہوا، اگلے منگل امی جان کو خواب میں اپنے سامنے ایک دم ایک نام 'احمد' نظر آیا اور کافی دیر سامنے رہا، صبح اٹھیں تو بھابی نے کہا امی میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے تو انہیں ہسپتال لے کر گئے اور اللہ پاک نے انہیں بھی نارمل کیس کے ساتھ بیٹا عطا کیا، تو ہم نے اس کا نام محمد احمد رکھا۔ اللہ کریم آپ کے سارے نظام کو وسعت عطا فرمائے اور قیامت تک شاد و آباد فرمائے، ہر فتنے سے حفاظت فرمائے، آمین (مظہر حسین، فیصل آباد)

625 بار بسم اللہ کا نقش موت کے منہ سے کھینچ لایا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم اللہ تعالیٰ آپ کو صحت والی زندگی دے اور آپ کی نسلوں کو آباد رکھے اور تسبیح خانہ سے ہم یوں ہی منسلک رہیں اور اس سے فیض یاب ہوتے رہیں۔ آپ کی ہر جمعرات ہونے والی محفل میں سنا تھا کہ جو شخص 625 مرتبہ بسم اللہ لکھ کر اپنے پاس رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے رزق میں اضافہ کرتا اور اس کی حفاظت فرماتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے رزق میں بھی برکت ڈالی اور ایک دفعہ میرا بیٹا موٹر سائیکل پر اپنی ٹیوشن سے واپس آ رہا تھا تو موٹر سائیکل کی بریکیں فیل ہو گئیں نہ ہی آگے والی بریک کام کر رہی تھی اور نہ ہی پیچھے والی۔ اس کا ایکسیڈنٹ ہوتے ہوتے بچا اور جب وہ گھر آیا تو کہنے لگا' پتہ نہیں میں آج کیسے بچ گیا۔ اس کے بیگ میں 625 مرتبہ بسم اللہ والا نقش تھا یہ اسی کی برکت ہے۔ اس کا یقین اس قدر پختہ ہو گیا کہ وہ ہر جگہ اپنے ساتھ رکھتا ہے۔

عبقری کو میرے تجربات بھیج دینا' والدہ کی نصیحت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کے نسخہ جات اور وظائف کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں۔ میں نے خود بے شمار مرتبہ بہت سے نسخے استعمال کیے اور بھرپور فائدہ اٹھایا۔ میں نے اپنی والدہ ماجدہ کو بھی عبقری رسالہ کا تعارف کروایا' جسے وہ بہت شوق سے پڑھتی ہیں۔ اس رسالہ میں موجود روحانی و طبی نسخہ جات وہ بھی استعمال کرتی ہیں جس کا ان انہیں بہت فائدہ ہوا۔

میری والدہ ماجدہ کئی بار عبقری کے ذریعے اپنے آزمودہ نسخے لوگوں کے تک پہنچانا چاہتی تھیں ان کے پرزور اصرار کے باوجود بھی ان کی زندگی میں تو قلم نہ اٹھا سکی مگر اب جب کہ ان کا اصرار ان کی وصیت بن گیا، تو ان کی زندگی کے آزمودہ تجربات عبقری کی نذر کر رہی ہوں۔

اولاد نرینہ کا خاص عمل

جن والدین کو بیٹے کی خواہش ہو وہ آغاز حمل سے دل میں اس بات کا پکا ارادہ کر لیں کہ بیٹے کا نام محمد رکھیں گے تو ان شاء اللہ بیٹا ہی پیدا ہو گا۔ وہ اکثر حاملہ خواتین کو بتاتی تھیں کہ اگر حاملہ خواتین نہار منہ چوتھائی چمچ کچور پاؤڈر پانی کے ساتھ لے تو اولاد گوری چٹی' موٹی' گول مٹول پیدا ہو گی۔ بچہ چڑچڑا نہیں ہوتا۔ انتہائی کامیاب ترین نسخہ ہے۔

ناف پر تیل لگانے کے کمالات

ناف میں تیل کے فوائد سے تو اب کسی کو بھی انکار نہیں، الرجی والوں کے لئے ناک اور ناف پر تیل لگانا بہت فائدہ مند ہے۔ اگر ناف اور ناک میں رات سوتے وقت چند قطرے زیتون یا سرسوں کے تیل کے ڈال لئے جائیں تو اس سے بہت سے امراض سے شفاء بھی ملتی ہے اور حفاظت بھی رہتی ہے۔ اس چھوٹے سے ٹوٹکے کی وجہ سے انسان ادویات کھانے سے بچا رہتا ہے اور صحت بھی لاجواب رہتی ہے۔ الرجی کا بہترین علاج ہے۔ جسم کی خشکی ختم ہوتی ہے' آنتوں کے مسائل کا لاجواب حل ہے۔ (صائمہ شاہین، راولپنڈی)

آلو کی مرہم سے جلی ہوئی جلد صحت یاب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچن میں دوران کام اگر جسم کا کوئی حصہ جل جائے تو کچن میں موجود آلو کو ابال کر ٹھنڈا کر کوٹ لیں' یہ ایک طرح کی لیپ بن جائے گی۔ پھر اس کو جلی ہوئی جگہ پر لیپ کی طرح لگا دیں۔ تھوڑی دیر میں ہی ٹھنڈک پڑ جائے گی۔ دن میں دو سے تین مرتبہ لگائیں۔ زخم پر جلن بالکل ختم، حتیٰ کہ دوسرے دن بھول بھی جائیں گے کہ یہاں پر کل جسم کا کوئی حصہ جلا بھی ہے۔ انتہائی آسان ٹوٹکہ' گھر میں آلو دستیاب۔ ضرور استعمال کیجئے۔ (ش، لاہور)

...ہر انسان کا اس کے نام کے حساب سے ایک اسم اعظم ہوتا ہے، جس کے ورد سے فوراً غیبی مدد پہنچ جاتی ہے، آپ بھی تسبیح خانہ سے اپنا اسم اعظم لے لیجئے۔ (مزید تفصیل صفحہ ...)

میں بہت برے طریقے سے مالی بدحالی کا شکار تھا، میں نے اپنے دوست سے جو کہ بہت نیک اور شریف انسان ہے ذکر کیا کہ آپ بزرگوں کے پاس جاتے ہیں مجھے بھی کوئی وظیفہ لے دیں کہ میں اس بحران سے نکل آؤں، جس کام میں بھی ہاتھ ڈالتا ہوں ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، چھوٹے چھوٹے بچے ہیں گھر کی ضروریات ہیں، ادھار اتنا لے لیا ہے اب کس کس کے سامنے ہاتھ پھیلاؤں، شرمندگی سے دوچار ہوں۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ آپ فکر نہ کریں اگر تقدیر میں یہ سب لکھا ہے تو دعاؤں سے اللہ پاک تقدیر بھی بدل دیتے ہیں اور اگر آپ پر کوئی حسد اور نظر بد کے اثرات ہیں جن کی نحوست سے آپ کے بنتے کام بھی بگڑ جاتے ہیں تو ان شاء اللہ ان کا بھی سو فیصد توڑ ہو جائے گا۔ آپ ایسا کریں کہ اس اتوار تیار رہیں میں آپ کو اپنے ساتھ تسبیح خانہ لے کر جاؤں گا، وہاں شیخ الوظائف نے دکھی انسانیت کی خدمت کے لئے خاص الخاص روحانی طلسمات کی ترتیب بنائی ہے، مختصر لیکن طاقتور اعمال کرنے سے بڑی بڑی مشکلات اور مصائب ٹل جاتے ہیں، بے شمار لوگ وہاں سے فیض پا رہے ہیں، آپ کا

کس کس کے آگے ہاتھ پھیلاؤں' شرمندہ ہوں

